عثمانیہ
مجلہ

طلبۂ جامعۂ عثمانیہ حیدرآباد دکن کا سہ ماہی رسالہ

شریک مدیر	مہتمم مدیر و مدیر حصۂ اُردو
محمد شہاب الدین	**سید اشفاق حسین**
متعلم ام۔ اے	متعلم ام۔ اے

مطبوعہ شمس المطابع مشین پریس نظام شاہی روڈ حیدرآباد دکن

مجلس انتظامی

جلد (۱۰) — سال تعلیمی ۱۳۴۶ف — شمارہ ۱ اور ۲

مجلہ عثمانیہ

جلد ۱۰ شمارہ (۱) اور (۲)

مجلس مشاورت

قاضی محمد حسین صاحب

ام۔ اے۔ ال ال بی (کینٹب)

نائب معین امیر جامعہ عثمانیہ

مشیر حصۂ اُردو

مولوی عبدالحق صاحب بی۔ اے (علیگ) پروفیسر اُردو جامعہ عثمانیہ

ڈاکٹر سید محی الدین قادری زورؔ ام۔ اے، پی ایچ ڈی (لندن) مددگار پروفیسر جامعہ عثمانیہ

مشیر حصۂ انگریزی

مسٹر ای۔ ای۔ اسپیٹ بی۔ اے (لندن) پروفیسر انگریزی جامعہ عثمانیہ

خازن اعزازی

مولوی حمید الرحمان صاحب بی۔ ایس سی، پروفیسر طبیعیات

معتمد اعزازی

سید اشفاق حسین تعلم ام۔ اے

مہتمم مدیر و مدیر حصۂ اُردو

چندہ سالانہ پیشگی

(۱) سرکارِ آصفیہ و برطانیہ	عـہ/۱۲ روپے
(۲) اربابِ جامعہ، اصحابِ مقتدر اور اداروں سے	مـے/ ،،
(۳) عام خریداروں سے	لـے/۶ ،،
(۴) طلبائے قدیم، رفاہیہ انجمنوں اور دار المطالعوں سے	ص/۵ ،،
(۵) طلبائے کلیہ جامعہ عثمانیہ سے	للعہ/۴ ،،
(۶) ممالک بیرونِ ہند سے	۱۵ شلنگ
(۷) بلادِ یورپ کے طلبائے قدیم کلیہ جامعہ عثمانیہ سے	۱۰ ،،
(۸) فی رسالہ	عـا/۲ روپیہ

ملنے کا پتہ

دفتر مجلہ عثمانیہ جامعہ عثمانیہ حیدرآباد دکن

فہرست مضامین مجلہ عثمانیہ

جلد ۱۰ شمارہ ۱۔ اور (۲)

نشان سلسلہ			صفحہ
۱	نطق ہمایونی		
۲	پیام ہز ہائی نس پرنس آف برار والا شان		
۳	پیامات		
۴	اداریہ	سید اشفاق حسین	
۵	حیدرآباد کی تعلیم اور اردو	پروفیسر عبدالقادر سروری ام اے۔ ال ال بی (عثمانیہ)	۱
۶	عہد عثمانی میں حیدرآباد کی اردو مطبوعات	ڈاکٹر سید محی الدین قادری زور ام۔ اے پی ایچ ڈی	۶
۷	عہد عثمانی میں علوم عربیہ کی خدمات	سید ابوالفضل بی۔ اے	۱۶
۸	حیدرآباد میں فن مرغبانی کی ترقی	محمد عبدالرحیم متعلم سال چہارم	۳۶
۹	بھاگ متی کی آپ بیتی	سید اشفاق حسین	۴۷
۱۰	جامعہ عثمانیہ کے مزدور	محمد احمد سبزواری متعلم سال چہارم	۵۲
۱۱	حیدرآباد میں جدید علمی و ادبی تحریکات	اکبرالدین صدیقی متعلم سال چہارم	۶۴
۱۲	ہمارا آقا	عبدالقیوم خاں باقی ام۔ اے (عثمانیہ)	۷۰

نشان سلسلہ	مضامین	مضمون نگار	صفحہ
۱۳	ظلِ ارشد	صاحبزادہ میر محمد علی خاں میکش (عثمانیہ)	۷۱
۱۴	ذہنی جنبشیں		۷۳
۱۵	رسالہ ماہنامہ زبان اردو	حضرت "ز۔خ۔ش" مرحومہ	۹۵
۱۶	اردو ڈرامہ کا دورِ جدید اور حیدرآباد	مخدوم محی الدین ام۔اے (عثمانیہ)	۹۷
۱۷	اجنتہ	میکش (عثمانیہ)	۱۰۶
۱۸	پریم ناگ کی رومانی کرنیں	سید نذیر حسن (عثمانیہ)	[illegible]
۱۹	جامعہ عثمانیہ	محمد علی نیر	[illegible]
۲۰	حیدرآباد کا ایک یادگار مباحثہ	مہندر راج سکسینہ بی ایس سی (عثمانیہ)	[illegible]
۲۱	عہد عثمانی میں ملک سرکارِ عالی کی دیہی تنظیم	شرف الدین احمد متعلم سال چہارم	[illegible]
۲۲	انجمن اتحاد کابینہ جدیدہ کا انتخاب	محمد شمس الدین متعلم بی۔اے	[illegible]
۲۳	مرقع علی ساگر	سکندر علی وجد بی۔اے (عثمانیہ)	[illegible]
۲۴	نظام ساگر	عبدالباسط بیگ متعلم سال چہارم	[illegible]
۲۵	نئی دنیا	صمد رضوی ساز (عثمانیہ)	[illegible]
۲۶	بھونروں کا قومی گیت	پنڈت ونشی دھر ودیا النکار	[illegible]
۲۷	چاند بی بی	سید جعفر حسین متعلم ام۔اے	[illegible]
۲۸	حیدرآباد میں زرعی وسائل	ریاض الحسن ہاشمی متعلم سال چہارم	[illegible]
۲۹	حیدرآباد سیول سروس	مرزا عبدالرزاق بیگ (عثمانیہ)	[illegible]

نطقِ ہمایونی

لفٹننٹ جنرل ہز اکزالٹیڈ ہائینس، رستم دوران، ارسطوے زمان، سپہ سالار، آصفجاہ، مظفر الملک والممالک، نظام الملک، نظام الدولہ، نواب سر میر عثمان علی خان بہادر، فتح جنگ، سلطان العلوم، جی، سی، ایس، آئی۔ جی، بی، ای،

یار وفادار سلطنت برطانیہ، نظام حیدرآباد و برار

بسم اللہ الرحمن الرحیم

پیام منجانب آصفجاہ سابع ساقی خدمت خلق اللہ

بنام

باشندگان وخیر طلبان سلطنت آصفیہ

آج کا دن میں اپنے حق میں مبارک و مسعود خیال کرتا ہوں [illegible] میں
اپنی عمر کے (۵۰) منازل طے کرچکا ہوں جس میں سے کامل (۲۵) سال میرے دور [illegible] جہانبانی میں
واقع ہوئے ہیں اور اس عرصہ مدت میں میں نے اپنے فرائض منصبی کو جو کہ ایک والی ملک سے تعلق
رکھتے ہیں اپنی بساط کے موافق انجام دیا ہے۔ چنانچہ جو مسرت و بہجت اس سلسلہ [illegible]
یہ خاص اسی کا سبب ہے۔ دوسری طرف میری عزیز رعایا اور برایا نے اس خاص مدت میں جو [illegible]
طریقہ پر بہی خواہی و خیرسگالی کا ثبوت دیا ہے وہ بلاشک آپ اپنی نظیر ہے جس کو میں [illegible]
نظر سے دیکھتا ہوں بلکہ تمام عمر فراموش نہیں کرسکتا۔ اَللّٰھم زد فزد۔

الحاصل درگاہ مجیب الدعوات سے ملتجی ہوں کہ وہ جب تک اس بارگراں کو میرے کمزور دوش پر رکھنا پسند کرے گا تو اس کے ساتھ ہی مجھ کو اس کا متحمل بنانے میں فراخدلی سے بھی کام لیتا رہے گا تاکہ میں مخلوق خدا کی خدمت کا حقہ ادا کر کے اپنے بعد اپنے ملک و خاندان کے لئے ایسی یادگار چھوڑ جاؤں جو کہ میرے آیندہ آنے والی نسلوں کے لئے باعث صد فخر و نازش و قابل تقلید بن سکے۔

زیادہ ماتوفیقی الا باللہ العلی العظیم والسلام علیکم بالمجد والتکریم

یکم ذیحجہ ۱۳۵۵ھ

شرح دستخط مبارک اعلیٰ حضرت بندگان عالی متعالی مدظلہم العالی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جواب اڈریس سرکار دام ظلہ

جس کو کہ مہاراجہ مدار المہام بین السلطنتہ نے عام رعایا کی طرف سے پڑھا تھا

بمقام جوبلی ہال یکم ذی حجہ

سب سے پہلے میں اللہ تعالیٰ جل شانہٗ کا لاکھ لاکھ شکر کرتا ہوں کہ میری تخت نشینی کے پچیس سال جو ختم ہوئے ہیں تو اس مدت میں مجھے اپنی عزیز رعایا کی فلاح و بہبود میں کوشاں رہنے کی توفیق بخشی گئی لہٰذا میں حضار محفل کو یقین دلاتا ہوں کہ میری بقیہ زندگی اپنی عزیز رعایا کی آسائش کے لئے وقف ہے اور خادم خلق اللہ ہونا میرا سب بڑا طرۂ امتیاز ہے اور از منہ گذشتہ سے میرے خانوادہ کا یہ وطیرہ رہا ہے کہ رئیس وقت اپنی رعایا کا دل سے خیر خواہ اور بلا تخصیص قوم ملت ان کی فلاح و بہبودی کو اپنی زندگی کا بہترین مقصد سمجھنے والا ہوتا ہے۔ میں بھی اپنے آبا ؤ نقش قدم پر گامزن ہوں اور اگر میرے زمانہ میں ترقی کی رفتار مقابلتاً کچھ تیز رہی ہے تو یہ میرا کا

[illegible] مجھے آج تک بڑی بہت خدمت ملک کی حاصل ہوئی ہے تو اس کا سب سے بہتر صلہ
[illegible] خوش حالی ہے اور مجھ کو کسی بات سے اتنی دلی مسرت اور خوشی حاصل
[illegible] ہے کہ آج کے دن سپاسنامے اور تہنیت نامے پیش کرنے میں
[illegible] کے لوگ بلا استثنار مذہب وملت اور بغیر امتیاز شریک ہیں۔ یہ وہ نعمت
[illegible] کو نصیب ہوتی ہے۔

[illegible] عایا کے اڈریس کا جواب دیتا ہوں۔

فوج کی وفاداری اور [illegible] عساکر کا جدید اسلحہ سے مسلح اور باقاعدہ تربیت یافتہ ہونا اور
اُن میں سپاہیانہ جوش اور ولولے کا پیدا ہونا یہ سب ملک کے اطمینان اور استحکام کا باعث ہیں
اور [illegible] فرزند اکبر کی خوش قسمتی ہے کہ اُن کو اس طرح سے اپنے ملک اور والد کی خدمتگذاری کا
[illegible] فوج نے جن کے تحت ترقی کی ہے یہ امر بھی باعث مسرت ہے بارکسوں کی تعمیر
[illegible] آسائش کا دوسرا سامان مہیا ہونے سے مجھے ہمیشہ دلچسپی رہے گی۔

اس کے ساتھ فوج بے قاعدہ بھی جس کے اکثر سپاہی ایک جری اور جنگ آزما قوم کی نسل سے
ہیں اپنی [illegible] اور فرض شناسی میں ممتاز رہے ہیں جن کو میں قدر کی نظر سے دیکھتا ہوں۔

سررشتہ [illegible] کی کارگزاری سے بھی میں خوش ہوں جس نے شہر کے غربا کے آرام کے لئے
ارزاں کرایہ پر صحت بخش طرز کے مکانات تعمیر کئے اور میرے دار الخلافہ کو خوشنما بنایا یہ کام میرے

فرزند خورد کو جو ولی عہد کے حقیقی بھائی ہیں اپنے مذاق کے مطابق ملا ہے۔ مجھے [illegible] کر کے کہ غربا کی آسائش کا کام خود میرے ایک فرزند سے متعلق کیا گیا ہے اطمینان [illegible]

کوتوالی اضلاع اور کوتوالی بلدہ دونوں میں اصلاحات عمل میں آرہی ہیں جو ملک کے امن اور رعایا کے جان و مال کی حفاظت کے لئے ضروری ہیں۔

سررشتہ آبکاری کی جدید تنظیم جو عمل میں آرہی ہے اس میں یہ اصول مدنظر رکھا گیا ہے جس کو میں بھی پسند کرتا ہوں کہ حتی الامکان شراب خواری اور نشہ بازی کو ملک میں بڑھنے سے روکا جائے۔

تعلیم ہر ملک کی روح ہے اس کے بغیر ملک ایک بے جان قالب ہے۔ گو کہ میرے زمانے میں اس نے ترقی کی ہے تاہم ابھی بہت کچھ گنجائش باقی ہے۔ میری خواہش بالخصوص یہ ہے کہ ابتدائی تعلیم عام ہو۔ تحتانیہ مدارس اور ان کی عمارتیں زیادہ ہوں اور لوکل فنڈ کی مجالس کے ذریعہ سے عوام کو ابتدائی تعلیم میں دلچسپی لینے اور اس کی ترقی میں کوشش کرنے کا زیادہ موقع دیا جائے۔

جامعہ عثمانیہ مجھ کو بہت عزیز ہے اس کی ترقیاں سن کر میں محظوظ ہوا گو میں چاہتا ہوں کہ اس کی تحقیقات [illegible] نشان امتیاز ہو۔ نیز یہ کہ مردانہ کھیلوں اور اسپورٹس میں یہ زیادہ ترقی کرے۔

نظام ساگر اور دوسرے بڑے کارہائے تعمیر مثلاً پل وغیرہ اور [illegible] عالی شان عمارتیں جو [illegible] تعمیر ہوئی ہیں آنے والی نسلوں کے لئے میرے عہد کی مادی ترقی کی یادگار رہیں گی [illegible] ہے کہ آب رسانی اور ڈرینیج کے انتظامات سے یہ ملک آیندہ قرنوں [illegible]

یقین ہے کہ میری عزیز رعایا کی سہولتوں کے لئے آیندہ سرعت سے کام چلتا رہے گا۔

سررشتہ تجارت و حرفت کو بیرونی نمائشوں میں جو انعامات ملے ہیں وہ قابل مبارک باد ہیں تاہم میں چاہتا ہوں کہ یہ سررشتہ صنعت کی طرف زیادہ متوجہ ہو تاکہ جس جس قسم کی صنعت ملک کے اندر ممکن ہو قایم کی جائے۔ جدید تنظیم تعلیم میں جو صنعت سکھائی جائے گی تو اس اسکیم کی کامیابی بڑی حد تک ملک میں مختلف قسم کی صنعتوں کے قایم ہونے اور فروغ پانے پر منحصر ہے۔

امداد باہمی رعایا کو قرض اور زیر باری سے بچانے کا بہترین ذریعہ ہے مجھے اس تحریک کی ترقی دیکھ کر مسرت ہوئی ہے اور امید ہے کہ دیہی صنعتوں اور زرعی ترقیات میں تحریک امداد باہمی کا فیض ہر حصہ ملک میں پھیلے گا۔

مزارعین کے سود و بہبود اور ان کے مشکلات کا مجھے پورا احساس ہے اس طبقہ کی معاشی اور معاشرتی ترقی کا میری گورنمنٹ اور مجھے خاص طور پر خیال اور اس طبقہ سے مجھے گہری دلچسپی ہے۔ اس تقریب کے موقع پر جملہ بقایا مالگزاری و تقاوی قحط چالیس لاکھ روپیے کی حد تک اور ۴۲ف کے ختم تک باستثنا بقایا پیش کش و تقاوی مال و متفرقات و بعض مدات بقایائے وجوہاتی کے معافی کا اعلان کرتا ہوں۔

خدا کا شکر ہے کہ ملک کی مالی حالت باوجود اس عام کساد بازاری کے جو گذشتہ چند سال سے تمام عالم میں پھیلی ہوئی ہے بہت تشفی بخش ہے اور باوجود ان کثیر مصارف کے جو ہر ایک صیغہ میں

نمایاں [illegible] جو ترقی کے لئے ناگزیر ہے ریاست کا خزانہ معمور اور اس کا ساکھ بڑھا
ہوا [illegible] سر اکبر حیدری کی ان تھک کوشش اور ملک و مالک کی خیرسگالی
[illegible] نے اپنی عمر کا ایک بڑا حصہ صرف کیا ہے ورنہ ظاہر ہے کہ بغیر مالی
استحکام کے کسی قسم کی ترقی کسی ملک میں ممکن نہیں ہو سکتی۔ لہٰذا میں محکمہ متعلقہ کی اس کارگزاری کو بہت
قابل قدر سمجھتا ہوں اور ریاست کی مالی حالت سے مطمئن ہوں جس کی وجہ سے ترقیاں ہر شعبہ میں
ممکن الوجود ثابت ہوئی ہیں۔

برار کے مسئلہ کا جو تصفیہ ہوا ہے اور سیاسی تغیرات کے سلسلہ میں جو گفت و شنید
ہو رہی ہے اس میں حیدرآباد کے موجودہ اصول حکومت کی برقراری اور اس ملک کی دوسری
خصوصیات کے تحفظ کی جو کوشش کی گئی ہے اور کی جا رہی ہے اس سے میں مطمئن ہوں اور
یہ کام (External Relation Committee) کے سپرد ہے جس کے پریسیڈنٹ
سر [illegible] جنگ ہیں جن کے خدمات سے ملک ناواقف نہیں ہے۔

الحاصل اب میں زیادہ تفصیل میں نہیں جاتا بلکہ ریاست کے ان سب چھوٹے اور بڑے عہدہ داروں
[illegible] کی قدر کرتا ہوں جنھوں نے اپنے اپنے سررشتوں میں محنت اور جانفشانی سے کام
کر کے ترقی دکھائی ہے۔

کونسل کے صدر اعظم مہاراجہ سر کشن پرشاد یمین السلطنت ملک کے قدیم خاندان اور بہی خواہ ریاست

امیر ہیں جو پرانی روایات کے حامل اور قدیم وضع کے پابند ہیں جن کے دیرینہ اور خیر خواہانہ خدمات کی میں دل سے قدر کرتا ہوں۔

کونسل کی کارگزاری سے میں خوش ہوں اور اپنے جملہ وزرار پر اعتماد رکھتا ہوں۔ مجھے امید ہے کہ کونسل دیہی اصلاح اور دیہاتی زندگی کو خوشگوار بنانے کی جلد تر کوشش کرے گی لیکن جو کچھ ترقیاں ہوئی ہیں اُن سے ابھی بہت زیادہ ہونا باقی ہے۔ پس مجھے اُمید ہے کہ میرے سب عہدہ دار میری خواہش اور ہدایت کے مطابق اپنے اپنے صیغوں کی حد تک ترقیوں کے عمل میں لانے کی کوشش کریں گے اور ملک کی خدمت کرنے میں مجھ کو اپنی حد تک مدد دیں گے۔

بالآخر میری عزیز رعایا رو برایا نے جوبلی کی تقریب منانے کے لئے ایک معتدبہ رقم جو بطور چندہ جمع کی ہے یہ اس کے خلوص و عقیدت کا بیّن ثبوت ہے جسے میں بہ نظر استحسان دیکھتا ہوں۔ چنانچہ یہ طے کیا گیا ہے کہ رقم مجتمعہ میں سے ایک حصّہ ایسے کام میں صرف کیا جائے جس سے تمام رعایار ممالک محروسہ مساوی طور پر مستفید ہو سکے اس لئے اس رقم پر پہلا بار مرضار امراض شش کے لئے ایک قیام گاہ اور شفا خانہ کا ہوگا جس کی نگہداشت اور سالانہ مصارف کے لئے سرکار عالی گنجائش مہیا کرے گی۔

الحاصل جس جوش عقیدت اور فرط مسرت سے میری رعایا کے مختلف طبقوں نے میری جوبلی کی تقاریب میں حصّہ لیا ہے اس کی میں دل سے قدر کرتا ہوں اور یقین دلاتا ہوں کہ اس وفاشعاری اور

جاں نثاری سے مجھ کو اپنے فرائض کی ادائی میں تقویت ہوگی اور میرے اہل ملک کی ترقی اور فلاح وبہبودی کی مزید کوششوں میں ضعف پیدا کرے گی اور خدا سے مجھے اُمید ہے کہ میری عزیز رعایا امن اور آسودگی سے زندگی بسر کرے گی اور یہ ریاست جو مجھ تک میرے اسلاف سے وراثتاً پہونچی ہے حق تعالیٰ کی مہربانی اور بہی خواہان ریاست کی دُعا اور اشتراک عمل سے دن دونی رات چوگنی ترقی کرتی رہے گی جس سے بڑھ کر کسی والیٔ ملک کو دوسرے قسم کی نعمت حاصل نہیں ہوسکتی جس کی پاسبانی کے لے جب کہ قدرت نے خود اُس کا انتخاب کیا ہو،

بقول حدیث شریف

کُلُّ رَاعٍ مَسْئُولٌ عَنْ رَعِیَّتِہٖ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ

پیام
ہز ہائی نس پرنس آف برار والا شان

ہز ہائی نس جنرل والاشان نواب اعظم جاہ بہادر
پرنس آف برار

ہز ہائی نس پرنس آف برار والاشان کا پیام

نوجوانان حیدرآباد کے نام

اعلیحضرت بندگان عالی متعالی مدظلہ العالی کی سلور جوبلی کے مبارک اور مسعود موقع پر

نوجوانان حیدرآباد کو میرا یہ پیام ہے کہ سب سے پہلے ہم سب خداوند عالم کی بارگاہ میں سربسجود ہوکر باری تعالیٰ جل شانہٗ کے اس بے پایاں فضل وکرم کا شکر بجالانا چاہیئے کہ اس نے حضرت ظل سبحانی خسرو دکن آصف جاہ سابع کے عہد میمنت مہد کے پہلے بست و پنج سال ایسی خیر وخوبی اور اقبال و برکات سے گزارے جس کی نظیر اس پرآشوب زمانہ میں دوسرے ممالک میں کم ہے۔ اور اس زمانے میں عہد ہمایونی ایسی ترقیوں کے ذرائع عطا فرمائے جن سے حیدرآباد کا نام نہ صرف ہندوستان بلکہ اقطاع عالم میں مشہور ہوا اس کے بعد میں نوجوانان ملک کو مخاطب کرکے یہ کہنا چاہتا ہوں کہ خواہ وہ سپاہی ہوں یا سیوطین ملازم سرکار ہوں یا آزاد پیشہ غرض جو کچھ ان کا ذریعہ معاش ہو ان میں ہر ایک کو یہ تصور کرنا چاہیئے کہ

اس معنی میں ایک سپاہی ہے کہ ہر وقت اور ہر لحظہ وہ اپنے ملک اور مالک کی خدمت (جس طریقے سے بھی
اس سے ممکن ہو) بجا لانے کو آمادہ ہے۔ اور اگر ضرورت ہو تو جان و مال بھی اپنے ملک و مالک پر قربان
کرنے کو تیار ہے۔ کیونکہ اس عہد میں جو آسودگی۔ آسایش اور خوش حالی رعایا کو حاصل ہے اور جو علمی تمدنی
اور معاشرتی ترقیاں اہل ملک کو نصیب ہوئی ہیں ان کا عملی شکریہ یہی ہو سکتا ہے کہ جس طرح سپاہی کسی مہم
میں کام آتا ہے اسی طرح ہر شخص اس ریاست ابد مدت کی حفاظت اور اس کے قدیم روایات کی بقا کے لئے
اپنے جان و مال سے کام آنے میں دریغ نہ کرے۔ آخر میں میرا پیام یہ ہے کہ باہمی اتفاق اور اتحاد فراخدلی
اور رواداری ایسے انسانی جوہر ہیں جن کے بغیر خواہ کتنی ہی کوشش کی جائے کوئی ملک کسی قسم کی
ترقی نہیں کر سکتا۔ نہ مالی نہ تمدنی۔ اور نہ سیاسی۔ لہذا سب نوجوانوں کو لازم ہے کہ وہ اتحاد و
اتفاق اور باہمی رواداری سے کام لے کر اپنے بادشاہ کی مثال پر ملک کی فلاح اور ترقی کی بے لوث
اور مخلصانہ کوشش کریں کہ اس میں خود ان کی فلاح اور بہبودی متصور ہے فقط

پیامات

عثمانی نوجوانان دکن!

عثمانی نوجوان ہمارے ملک کے نصف صدی سالہ تعلیمی خواب کی تعبیر ہیں۔ انھوں نے مادری زبان میں تعلیم پاکر اپنی ماں کا دودھ پیا ہے اس لئے ان کی دماغی وجسمانی صحت، طاقت، اور قوت کا پورا یقین ہے اور چند ہی برسوں کے تجربہ میں یہ ثابت ہوگیا ہے کہ ہمارے تعلیمی طبیبوں کا خیال ہر طرح درست ثابت ہوا۔

عثمانی نوجوانو! اٹھو اور عثمانی علم کے زیر سایہ آگے بڑھتے چلو، مستقبل تمہارا منتظر ہے، تم سارے ملک کو ایک زبان، ایک قومیت اور علم وفن کا یکساں خزانہ بخشو۔ جہاں تک آصفی سلطنت کے سیاسی حدود ہیں۔ اس کے علمی وتعلیمی حدود کو وہاں سے آگے بڑھا کر ہمالیہ کی چوٹیوں اور بحر ہند کے کناروں تک پہنچا دو!

والسلام

سید سلیمان ندوی

(ناظم دار المصنفین ومدیر رسالہ معارف)

پیغام بہ فرزندان جامعہ عثمانیہ

عزیزو!

اگر سعادت چاہتے ہو تو علم وفن کی خدمت اور اپنے مربی اعلیٰ واقدس حضرت سلطان العلوم مدظلہ العالی کی ارادت و عقیدت کو اپنا شعار بناؤ۔

عبدالستار صدیقی

(صدر شعبہ عربی وفارسی جامعہ الہ آباد)

مجھے آپ کے خط سے یہ معلوم کر کے بہت خوشی ہوئی کہ آپ "مجلۂ عثمانیہ" کا جشن سیمیں نمبر نکال رہے ہیں میری طرف سے مبارک باد قبول کیجئے۔

جامعۂ عثمانیہ جن شاندار روایات کی علمبردار ہے ان کی حفاظت و صیانت کا کام طلباہی کی محنت اور توجہ سے ہو سکتا ہے۔ مجلۂ عثمانیہ" اس محنت و توجہ کا قابل تحسین مظاہرہ ہے

بشیر احمد

بیرسٹر ایٹ لا

مدیر "ہمایوں"

(سکرٹری انجمن اُردو پنجاب)

طلبۂ جامعہ عثمانیہ کے نام

اعلیحضرت حضور نظام خلد اللہ ملکہٗ کے جشن سیمیں کی مبارک تقریب میں نہ صرف اہل حیدرآباد بلکہ تمام اہل ہند خلوص قلب سے شریک ہیں کیونکہ اعلیحضرت کے عہد حکومت کی برکات اور فیوض صرف ریاست حیدرآباد ہی کے لئے مخصوص ہی نہیں رہے بلکہ تمام ہندوستان اور بیرون ہند میں بھی گوہر بار رہے ہیں۔ یہ وسعت قلب اسلامی تہذیب اور تمدن کی روایات کے عین مطابق ہے کیونکہ اسلام کسی قسم کی تنگ نظری اور نسلی یا جغرافی حدود کا قائل نہیں۔

اس موقع پر مختلف جماعتیں اور ادارے اپنے اپنے طور پر اس جشن میں شریک ہوں گے اور حضور نظام کے عہد حکومت کے مختلف کارناموں پر تبصرہ کیا جائے گا۔ میری رائے میں اس دور کا سب سے پائدار اور زبردست کارنامہ عثمانیہ یونیورسٹی کی تحریک اور اس کی کامیاب تنظیم ہے جو ہند جدید کی تعلیمی تاریخ کا سب سے اہم اور معنی خیز

واقعہ ہے۔ ایک طرف تو تعلیمی نقطۂ نظر سے اس کی اہمیت واضح ہے کیونکہ جب تک مادری زبان کو ذریعہ تعلیم نہ بنایا جائے طلبہ میں تفکر اور تخلیق کے سوتے نہیں پھوٹتے سوائے ان مخصوص اور شاذ افراد کے جن میں زبانیں سیکھنے کی غیر معمولی قابلیت ہوتی ہے باقی تمام طلبہ کی تعلیم محض طوطوں کی سی تعلیم بن جاتی ہے جس کا انحصار الفاظ کے رٹنے پر ہوتا ہے اور بس۔ لہذا تعلیم میں اثر اور واقعیت پیدا کرنے اور طلبہ کو الفاظ کے بجائے علوم اور حافظے کے بجائے غور و فکر کا استعمال سکھانے کے لئے یہ قطعی تبدیلی لازم ہے دیر یا سویر اس کا ہونا ناگزیر تھا مگر عہد عثمانی کو اس بارے میں شرف تقدم حاصل ہے جو اس کے لئے باعث فخر اور ہم سب کے لئے باعث برکت ہے۔

لیکن تمدنی نقطۂ نظر سے عثمانیہ یونیورسٹی کی تحریک اس سے بھی زیادہ اہمیت رکھتی ہے۔ جب تک تعلیم ایک غیر زبان کے ذریعہ دی جاتی ہے اس کا تعلق قومی زندگی اور قومی تہذیب و تمدن کے سرچشمے سے قایم نہیں ہو سکتا۔ ابتدائی تعلیم سطحی اور ناقص رہتی ہے اور اعلیٰ تعلیم طلبہ کو قومی مفاد اور مسائل سے بے تعلق اور بے نیاز کر دیتی ہے۔ وہ ایک خاص جماعت میں محدود ہو کر رہ جاتی ہے اور بہت سے ذہین اور ہونہار لڑکے جن میں دماغی اعتبار سے اس سے مستفید ہونے کی صلاحیت ہوتی ہے اس سے محروم رہ جاتے ہیں۔ اس روشن خیال تعلیمی اقدام کا سب سے زبردست اثر یہ ہونا چاہئے کہ کم از کم تعلیم کے میدان میں وہ انسانی مساوات بھی قایم ہو جائے جس کی آرزو اور تلقین دنیا کے بہترین مصلح اور مفکر کرتے آئے ہیں۔ اس کی وجہ سے حیدرآباد کے عوام کے لئے اعلیٰ تعلیم کے دروازے کھل گئے ہیں تاکہ ان کی اپنی زبان کی وساطت سے علم کی روشنی ان کی تاریک اور محدود زندگی میں راہ پا جائے اور وہ اپنی صدیوں کی محرومیوں کا علاج کر سکیں۔ ہر ملک اور قوم کی ترقی اور تہذیب کا صحیح ترین اندازہ اسی بات سے ہو سکتا ہے کہ اس نے اپنے غریب اور بدنصیب افراد کی خدمت اور بہبود کے لئے کیا وسائل بہم پہنچائے ہیں اس اعتبار سے بھی میں عثمانیہ یونیورسٹی کے قیام کو ایک نیک فال سمجھتا ہوں اور اس کے خوش نصیب طلبہ کو

دو امور کی توجہ دلاتا ہوں یعنی یہ کہ ایک طرف وہ اس اعلیٰ اور صحیح تعلیمی ماحول سے فائدہ اٹھا کر اپنی ذہنی اور علمی ترقی میں کاوش کریں اور دوسری طرف ان تربیت یافتہ قوتوں کو عوام کی خدمت کے لئے استعمال کریں۔ یہ بہترین شکریہ ہوگا اس احسان کا جو حضور نظام نے اس یونیورسٹی کو قایم کرکے موجودہ نسلوں پر کیا ہے۔

خواجہ غلام السیدین
پرنسپل ٹریننگ کالج۔ علی گڑھ

جامعہ عثمانیہ اعلیٰ حضرت نظام دکن کے بہترین کارناموں میں سے ہے اس یونیورسٹی کی ممتاز حیثیت یہ ہے کہ یہ ہندوستانی زبان کی یونیورسٹی ہے میرا عقیدہ ہے کہ ہندوستانی زبان کے معین و مددگار اپنے ملک کی بڑی خدمت کرسکتے ہیں بشرطیکہ وہ ہندوستانی زبان کو فارسی اور عربی کی باندی نہ خیال کریں بلکہ یہ سمجھیں کہ ان کی زبان بجائے خود ایک مستقل زبان ہے اور اپنی شاعری اپنے ادب اپنے صرف و نحو اور اپنے عروض پر خود مختارانہ قدرت رکھتی ہے میں اُمید کرتا ہوں کہ "جامعہ عثمانیہ کے طلبہ اس نکتہ کو اپنے ذہن میں رکھ کر ہندوستان اور ہندوستانی زبان کی ایسی سچی اور صحیح خدمت کریں گے کہ جس سے ہر ہندوستانی کو خوشی حاصل ہوگی اور ہم وطنی کے رشتہ سے ان کی کامیابی پر فخر کرنے کا موقع حاصل ہوگا۔

منوہر لال زتشی

اداریہ

جشن سیمیں کے مبارک و مسعود موقع پر ہمیں یہ سعادت نصیب ہو رہی ہے کہ مجلہ کا جشن سیمیں نمبر پیش کر سکیں۔ مادر علمی بہجت و سرور کے جذبات میں ڈوب کر تہنیت و مبارکباد کے گیت گا رہی ہے۔ جس گلشن علم کا پتہ پتہ بوٹا بوٹا اسی ابر گہربار (ظل اللہ) کی گہر باری سے پروان چڑھا۔ اسی آفتاب کی کرنیں اس کی حیات و نمو کا باعث ہوئیں تو ایسی مسعود تقریب پر اس کی مسرت و خوشی کا اندازہ ہو سکتا ہے: اس کی مسرت بھری تانوں میں فخر و ناز کے سُر ملے ہیں۔ اسے فخر ہے کہ ۲۵ سالہ درخشاں عہد عثمانی کے ایک سبھ گھڑی میں دست شاہانہ نے اس کی تخلیق فرمائی اور جب وہ اپنے مالک کے چرنوں میں پل کر اٹھلانے لگی تو اس کی رعنائیوں کو پھلنے پھولنے کے لئے الطاف شاہی نے اُسے اس طرح نوازا کہ وہ جنت نظر بن گئی۔ ابھی دیکھنے والے اس کی دید سے متحیر ہی تھے کہ نطق ہمایونی کے ان الفاظ نے "**جامعہ عثمانیہ مجھے بہت عزیز ہے**" اسے سربلند کر دیا۔ ان شاہانہ الطاف و عنایات کے لئے مادر علمی کے سینہ میں فخر و ناز کے ساتھ ہمیشہ اپنے فرض کا عزم ایمین بھی پوشیدہ رہا ہے۔

اپنی پیدائش سے لے کر ابھی تک وہ اپنے فرزندوں کے دلوں میں اپنے آقا اور مالک سے وفاداری اور ذات ہمایونی پر سے قربان ہونے کے جذبات کو پرورش دیتی رہی ہے اور اب اس تقریب مسعود نے تو ان جذبات کو اور لہرا دیا ہے۔

اعلیٰ حضرت ظل سبحانی کا یہ ۲۵ سالہ درخشاں عہد حکومت ایک ایسی قوم کی تخلیق کا باعث ہوا جو اپنے مالک کے لئے جذبات

عقیدت و جاں نثاری کا سمندر اپنے سینوں میں موجزن رکھتی ہے اور اپنے ملک کے لئے ایک "حیات نو" کی پیامبر ہے۔ یہ قوم جامعہ عثمانیہ کے آغوش میں پل کر جوان ہو رہی ہے۔ ذات ہمایونی کے نام کا تعلق ہی اس کی مستقبل کی برتری اور ترقی کا ضامن ہے۔ اور اس مبارک نام کی عظمت و وقار کی بدولت وہ ایک درخشاں ماضی اپنے پیچھے چھوڑ آئی ہے۔

ختم ہونے والے عہد عثمانی کے اس جشن مسعود میں حیدرآباد نے شاہ پرستی اور رعایا نوازی کا ایسا نظارہ دیکھا جس کو وہ کبھی بھول نہ سکے گا۔

وہ سپاسنامے جو حضرت اقدس و اعلیٰ کی بارگاہ میں پیش کئے گئے ارادت و عقیدت، جاں نثاری و وفاداری کی یادگاریں ہیں۔ اور ان کا جواب شاہانہ اپنی غریب رعایا سے محبت، اپنے ملک کی ترقی اور رفعت کا خیال اور ہر طبقہ اور ہر فرقے سے تعلق خاطر کی ایسی سند ہے جس پر زمانہ ہمیشہ فخر کرے گا۔ اس جشن مسعود کی تقریب میں دور دور سے معزز مہمان تہنیت اور مبارکباد عرض کرنے آئے تھے مگر سب سے زیادہ متاثر کن اجتماع اس مخلوق کا تھا جو جوق در جوق اور پروانہ دیہاتوں سے اپنے پیارے بادشاہ کا درشن کرنے اور جذبات عقیدت و جاں نثاری کی نذر گذراننے یہاں آئی تھی۔ اس کے جواب میں ذات شاہانہ کے، رعایا کے درد دکھ پر تڑپ اٹھنے والے دل نے انھیں اس طرح نوازا کہ بار بار ظل سبحانی کی زبان مبارک پر "میری عزیز رعایا" کا محبت بھرا کلمہ تھا اور یہی نہیں بلکہ چالیس لاکھ کاشتکاران علاقہ دیوانی کے لئے اور ۲۴ لاکھ علاقہ صرف خاص کے لئے معاف فرما کر ظل اللہ نے انھیں نہال کر دیا اور جب وہ اپنے دیہاتوں کو لوٹ رہے تھے تو ان کے دلوں کا ذرہ ذرہ عقیدت و جاں نثاری کے جذبات سے معمور تھا اور ان کی دعائیں، جشن طلائی دیکھنے کی آرزو پر ختم ہو رہی تھیں۔

طلبائے جامعہ عثمانیہ کی مودبانہ استدعا پر پیشگاہ خسروی سے بذریعہ فرمان مبارک مرقومہ ۵ ذیحجہ الحرام ۱۳۵۵ھ جو ارشاد شرف صدور لایا ہے اور ہز ہائی نس جنرل والا شان حضرت پرنس آف برار نے جو پیام "مجلہ عثمانیہ" کی اشاعت جشن سیمیں کے لئے سرفراز فرمایا ہے اس پر جامعہ عثمانیہ کے طلبا جس قدر فخر و ناز کریں کم ہے۔

حسب ارشاد ہمایونی مجلہ عثمانیہ میں اعلیٰ حضرت ظل سبحانی کا پیام جو یکم ذیحجہ کے جریدہ غیر معمولی میں طبع ہوا ہے نیز باغ عامہ کے پبلک اڈریس کے جواب میں جو نطق ہمایونی شرف صدور لایا تھا، اس کو مجلہ عثمانیہ کی اشاعت جشن سیمیں میں شائع کرنے کی سعادت حاصل کی جا رہی ہے اس کے ساتھ ہی طلبا نوازی اور نوجوانان ملک کی فلاح و بہبود کے لئے ہمارے ہر دلعزیز ہز ہائی نس جنرل والا شان حضرت پرنس آف برار کا روح پرور پیام جو بعد منظوری اشاعت کے لئے سرفراز فرمایا گیا ہے اس کو بھی اعلیٰ حضرت اقدس کے

لطف ہمایونی کے بعد شائع کرنے کی سعادت حاصل کی جارہی ہے۔

ہمیں یقین ہے کہ ان بیانات شاہانہ کے شرف مطالعہ سے نوجوانان ملک عموماً اور فرزندان جامعہ خصوصاً بہرہ مند ہوں گے مجلہ اور طلبائے جامعہ اس امتیاز پر ہمیشہ نازاں رہیں گے کہ ان کی استدعا پر حضرت والاشان ولی عہد بہادر نے ایک ایسا پیام مرحمت فرمایا ہے جو اس سرزمین کی تاریخ میں ہمیشہ یادگار رہے گا۔

اس سے پہلے بھی ایک ایسی ہی سعادت ہمیں نصیب ہوئی تھی جب عثمانیین نے اپنا ایک "ڈرامہ" (مرشد) اسمبلی میں اسٹیج کیا تھا تو اعلیٰ حضرت ظل سبحانی اور شہزادگان والاشان نے اپنی تشریف آوری سے ہمارے دل کے گوشہ گوشہ کو نہال کردیا تھا۔

ہزرائل ہنس ولی عہد بہادر کا پیام حروف زر سے لکھنے کے قابل ہے جس کو جملہ نوجوانان ملک اپنے دلوں پر کندہ کرلیں گے یعنی "سب نوجوانوں کو لازم ہے کہ وہ اتحاد و اتفاق اور باہمی رواداری سے کام لے کر اپنے بادشاہ کی مثال پر ملک کی فلاح و ترقی کی بے لوث اور مخلصانہ کوشش کریں کہ اس میں خود ان کی فلاح و بہبودی متصور ہے"

اس روح پرور پیام نے ہمارے قلوب کو وفاداری سپاس گزاری اور ملک و مالک کی خدمت اور اپنے آقا پر سے قربان ہوجانے کے جذبات میں ایک تازہ روح پھونک دی ہے اور یقین ہے کہ جس طرح ہم میں اس کے مطالعہ سے باہمی اتفاق و اتحاد فراخدلی اور رواداری کے جذبات متحرک ہوگئے ہیں، سارے نوجوانان ملک بھی اسی طرح بہرہ مند ہوں گے اور ہمارے ساتھ اس دعا میں شریک رہیں گے۔ کہ الٰہی اس سلطنت ابد مدت پر آقائے نامدار اعلیٰ حضرت ظل سبحانی حضور پرنور بندگان عالی سلطان العلوم نواب میر عثمان علیخان بہادر خلد اللہ ملکہٗ و سلطنتہٗ کا نیر اقبال ہمیشہ تاباں رہے اور آپ کے سایہ عاطفت میں شہزادگان بلند اقبال اور شہزادیان فرخ فال خوش و خرم و باعظمت و جلال اور اہل ملک آسودہ و خوش حال رہیں۔ آمین ثم آمین

جشن سیمیں کی مسعود تقریب میں جامعہ عثمانیہ کی فضا بھی عقیدت و جذبات وفاداری کے ناؤں سے گونج اٹھی۔ ۱۹ فروردی ۱۳۴۶ف کو اڈیلس ہال میں طلبا اور ارکان جامعہ کا عقیدت مندانہ اجتماع ہوا جس میں طالبات عثمانیہ زنانہ کالج بھی اپنے شاہ ذیجاہ کے لئے عقیدت و جاں نثاری کے ہارلے کر آئی تھیں۔ ہمارے محترم نائب معین امیر جامعہ قاضی محمد حسین صاحب نے پرجوش انداز بیان میں اپنے آقائے ولی نعمت سے جذبات عقیدت و ارادت کا اظہار کیا اور فرمایا "وہ علم ابھی تک نامانوس زبانوں میں مقید تھا۔ ذات شاہانہ کے الطاف سے وہ اس سرزمین میں آزاد کردیا گیا"، طلبا کے وفا شعارانہ جذبات کی نمائندگی محمد بن عمر صاحب متعلم سال چہارم نے کی۔

عثمانیہ طبیہ کالج انجینرنگ کالج زنانہ کالج اور سررشتہ تالیف و ترجمہ کی طرف سے بھی اظہار عقیدت کیا گیا۔ معزز مہمانوں میں ڈاکٹر ضیاء الدین معین امیر جامعہ علی گڑھ، نواب حیدر یار جنگ اور ڈاکٹر ہادی حسن نے تقریریں کیں۔ رات میں اقامت خانوں کی جانب سے عشائیہ ترتیب دیا گیا اور روشنی کی گئی۔ غرض یہ تقریب مسعود جس کے لئے مادر جامعہ اپنے دامن میں عقیدت و ارادت کے پھول لئے ظل اللہ کے حضور میں نذر کرنے کے لئے بیچین تھی۔ شاہ ذیجاہ کے عمر و اقبال کی دعاؤں پر ختم ہوئی۔

مجلہ نے عمر عزیز کے ۹ سال بیت گئے، اب یہ دسویں سال میں قدم رکھ رہا ہے۔ ہمیں مسرت ہے کہ اس کا دسواں سال جشن سیمیں کے مسرت بھرے نغموں سے شروع ہو رہا ہے۔ ان ۹ سالوں میں مجلہ نے علم و ادب کی جس قدر خدمت کی وہ اہل نظر سے پوشیدہ نہیں شاندار ماضی کی طرح مجلہ کا مستقبل بھی تابناک ہے۔

جشن سیمیں کی یہ اشاعت بہت ہی تھوڑی مدت میں پیش کی جا رہی ہے اگر ہمارے محترم نائب معین امیر جامعہ کی شفقتیں ہمارے شامل حال نہ ہوتیں تو یہ شمارہ اس قدر جلد شائع نہ ہو سکتا۔ ہم اپنے محترم اساتذہ مولوی عبدالحق صاحب اور ڈاکٹر سید محی الدین قادری صاحب زور ریڈر حصۂ اردو اور پروفیسر ای۔ ای اسپیٹ ریڈر حصۂ انگریزی کے بھی ممنون ہیں جن کی رہبری نے ہمارے شوق کو تیز کر دیا۔ انتظامی معاملات میں جناب پروفیسر وحید الرحمن صاحب (خازن اعزازی مجلہ) کی نوازشات ہمارے لئے باعث تشکر ہیں۔

معاشیات کے سارے مضامین ہمیں جناب پروفیسر حبیب الرحمان صاحب صدر شعبہ معاشیات و عمرانیات نے عنایت فرمائے ہیں جس کے لئے ہم ان کے مشکور ہیں۔

مولوی الیاس برنی صاحب ناظم سررشتہ تالیف و ترجمہ مولوی ابوبکر خان صاحب خویشگی مہتمم دار الطبع جامعہ اور عصمت اللہ بیگ صاحب نے بلاکس اور سرورق کے بنانے میں ہماری مدد کر کے ہمیں ممنون کیا ہے۔

سید اشفاق حسین

هز اکسلنسی مہاراجہ سر کشن پرشاد بہادر یمین السلطنت صدر اعظم سلطنت آصفیہ
امیر جامعہ۔

حیدرآباد کی تعلیم اور اُردو

بظاہر یہ عجیب بات معلوم ہوتی ہے کہ اُردو یا ہندوستانی زبان اپنے تولد سے میلوں دور دکن میں جہاں ایک سے زیادہ زبانیں بولی جاتی ہیں آج سے چار پانچسو سال پہلے کس طرح اس آسانی کے ساتھ رائج ہو سکی اور نشو و نما پا سکی کہ تھوڑے عرصہ کے اندر اندر یہاں کے رہنے والوں کی رگ و پے میں جذب ہو گئی۔ اس سے بھی زیادہ تعجب انگیز یہ امر معلوم ہوتا ہے کہ اس کے قریب ہی زمانہ میں زبان کے نہ صرف بولنے والے سمجھنے والے دکن کے طول و عرض میں موجود تھے بلکہ اعلیٰ درجہ کے مصنف اور شاعر بھی پیدا ہو گئے تھے۔

زبانوں کے رائج ہونے اور نشو و نما پانے کا درحقیقت یہ ایک آسان اور عام فہم اصول ہے۔ سب سے پہلے یہ بات ذہن نشین رہنی چاہیے کہ یہ زبان ہندوستان کی دو عظیم الشان مگر مختلف الالسان جماعتوں کے مابین تبادلۂ خیال کے آلۂ کار کی ناگزیر مجبوری سے وجود پذیر ہوئی تھی، اس سے ظاہر ہے کہ یہ عوام کی زبان تھی اور اس کے سب سے پہلے معمار عوام ہی ہیں۔

دکن میں جب مسلمانوں کی آمد کا سلسلہ شروع ہوا اور یہاں ان کی حکومتیں بھی قایم ہو گئیں تو حکومت کے عہدہ داروں اور رعایا میں تبادلۂ خیال کی بڑی دقت تھی مسلمانوں کی مادری زبان فارسی تھی اور ان کے تمام کار دبار مملکت اسی زبان کے ذریعہ انجام پاتے تھے۔ سالہا سال سے ہندوستان کے ملکی اور مالی دفاتر میں اس زبان کے رائج ہونے کے سبب اس میں دفتر کی تمام اصطلاحات موجود تھیں لیکن ظاہر ہے کہ دکن کے وسیع خطے میں فارسی کو اس طرح رائج کرنا کہ وہ عوام کی ثانوی زبان بن جائے مشکل اور طوالت طلب کام تھا۔ ان دقتوں نے مسلمانوں کو اپنی مادری زبان چھوڑ کر عامتہ الناس کی اس زبان کو اختیار کرنے پر آمادہ کر دیا جس کے رواج پانے کے یقیناً زیادہ امکانات تھے اور جس کو مسلمان مصنفین اپنی زبان کے مقابلہ میں ہندی یا ہندوی یعنی ہندوؤں کی زبان کہتے تھے۔ اور چونکہ اس کا ادب اور شاعری ابتدائی

زمانے میں یہیں پیدا ہوئی اسلئے اس کو دکھنی بھی کہتے تھے۔

اس میں شبہ نہیں مسلمان فاتح شمال کی طرح کچھ عرصے کی کوشش کے بعد دکن کی علمی زبان فارسی بنا سکتے تھے چنانچہ ابتدائی سنین میں انھوں
نے سرکاری دفاتر میں فارسی استعمال کرکے اس کی کوشش بھی کی کیونکہ جس سرزمین میں ایک سے زیادہ زبانیں رائج ہوں وہاں نووارد
فاتحین کے لئے یہ تصفیہ کرنا دشوار ہو جاتا ہے کہ سرکاری دفاتر کے لئے کونسی زبان اختیار کی جائے۔ عموماً ہر جگہ یہی ہوتا آیا ہے کہ فاتح اپنی
زبان ہی کو اختیار کرتے ہیں لیکن جب نوواردوں کے تعلقات ملک سے قایم ہو جاتے ہیں اور وہ اس کے قدیم باشندوں کے ساتھ گھل مل جاتے
ہیں تو عموماً دونوں کی زبانوں کے خلط ملط سے نئی زبانیں تعمیر پاتی رہی ہیں چنانچہ سیکسن قوم کی فتح انگلستان کے بعد انیگلوسیکسن زبان کا پیدا
ہونا اور آریوں کی فتح ہندوستان کے بعد پراکرتوں کا نشوونما پانا اس حقیقت کا نتیجہ ہے۔ حکومت نے تو اپنی حد تک فارسی کو اختیار کر لیا تھا لیکن
نووارد مسلمان دکن کے باشندوں کے ساتھ رہنے بسنے اور لین دین کی ناگزیر ضرورتوں کے باعث رفتہ رفتہ وہ فارسی کو ترک کرتے گئے اور اس
دیسی زبان کی طرف راغب ہوتے گئے جسے وہ ہندوؤں کی زبان سمجھتے تھے۔ تھوڑے عرصہ کے اندر اندر یہ زبان عوام کی بول چال سے
بڑھ کر تصنیف و تالیف اور شعر و شاعری میں بھی استعمال ہونے لگی۔ جب اس زبان نے ترقی کے آثار ظاہر کئے تو فاتحین بھی رواداری سے
کام لے کر اس کی سرپرستی کرنے پر آمادہ ہو گئے چنانچہ بعض حضرات کی تحقیق کے مطابق عادل شاہی اور قطب شاہی خاندانوں کے چند بادشاہوں نے
اس زبان کو سرکاری دفاتر میں رائج کر دیا تھا جب ضرورت کسی امر کا تصفیہ کر دیتی ہے تو پھر اس کو اٹل سمجھنا چاہئے۔ دکن میں اس زبان
کے جلد ہی ادبی و علمی بن جانے کا بھی یہی سبب ہے۔ شمال سے ان کے تعلقات منقطع ہو جانے کے سبب وہ فارسی کی بجائے ہندوستانی زبان
کو ترقی دینے اور اس میں تصنیف و تالیف کرنے لگے۔ مصنف کے لئے پڑھنے والوں کی ضرورت ہوتی ہے اگر فارسی بولنے والے فارسی ہی
میں تصنیف و تالیف کرتے تو ان کے مخاطب صرف وہی لوگ ہوتے جو ان کے ہمراہ آئے تھے یہ عیسیٰ لکھے موسیٰ پڑھے کے مصداق ہوتا۔ مصنف
کی لازمی طور پر یہ خواہش ہوتی ہے کہ اس کی تصنیف زیادہ سے زیادہ پڑھی جائے اور وسیع سے وسیع حلقوں میں گشت لگائے۔ فارسی بولنے
والوں کا ہندوستانی میں تصنیف و تالیف کرنا خود اس بات کا ثبوت ہے کہ انھیں پڑھنے والوں کا وسیع تر حلقہ اس زبان میں میسر آ سکتا تھا۔ اس
کے علاوہ ابتدائی اُردو کارنامے جو زیادہ تر مذہبی موضوعات پر مشتمل ہیں اس بات کا مزید ثبوت ہیں کہ وہ اپنے ہم مذہبوں کے لئے نہیں بلکہ زیادہ
تر ان نومسلمانوں اور غیر مسلمانوں کے لئے لکھے گئے تھے جن کے لئے وہ اپنے مذہب کی حقانیت اس کے اصول قوانین اور احکام پیش کرنا اپنا
مذہبی فرض سمجھتے تھے۔

تصنیف و تالیف کے بعد دوسرا درجہ تعلیم و تدریس کا ہے ظاہر ہے کہ کوئی چین میں عبرانی بائبل شائع کرنے کی جرات نہیں کر سکتا۔

جو کتابیں عام طور پر ملک میں لکھی جاتیں گی وہی مدارس میں پڑھائی بھی جاتی جائیں لیکن ہندوستان کی تعلیم گذشتہ صدی کے وسط تک زیادہ تر دینیات کے حلقہ کے کتابوں تک محدود بھی انگریزوں کی سلطنت کے قیام تک بھی ہندوستانی تعلیم کا یہی حال تھا۔ حیدرآباد میں جس وقت سے تعلیم کی تنظیم شروع ہوئی اور عام تعلیم کے لئے مدارس قایم ہونے گئے ان کی ترقی میں ہندوستانی زبان نے جو حصہ لیا وہ دوسری تمام زبانوں سے بڑھ کر ہے۔ اس زبان کا تعلق حیدرآباد کی تعلیم سے بھی ایسا ہی قدیم ہے جیسا کہ زبان کے ادبی اور شعری کارنامے اولیں ہیں۔

حکومت کی طرف سے تنظیم تعلیم کی مساعی کے آغاز ہونے سے پہلے جو مدارس ہمارے علم میں آسکے ہیں ان میں قدیم ترین مدرسہ جامع مسجد کا ہے جو مسجد کے ساتھ محمد قلی قطب شاہ کے عہد میں تعمیر ہوا تھا۔ بعد میں جب مولانا حافظ شجاع الدین نے اس مسجد کی خانقاہ میں سکونت اختیار کی تو ان کی کوشش سے یہ مدرسہ از سر نو زندہ ہو۔ اس مدرسہ میں زیادہ تر دینیات کی تعلیم ہوتی تھی اور ملک کے طول و عرض سے طالبان علم حصول علم کے شوق میں آتے تھے تعلیم کے ساتھ طلباء کے رہنے کا بھی انتظام تھا اور کھانا وغیرہ بھی اوقاف مسجد سے ملتا تھا۔ اس مدرسہ میں جو کتابیں پڑھائی جاتی تھیں اس میں شک نہیں کہ فارسی اور عربی کی قدیم درسی کتابیں تھیں لیکن ان کی تعلیم اور تفہیم کا ذریعہ زیادہ تر یہی زبان تھی، چنانچہ اس کا بڑا ثبوت مولانا کی مشہور کتاب "کشف الخلاصہ ہندی" سے ملتا ہے جو مسائل فقہ پر نظم میں لکھی گئی ہے اور مدرسہ کے طلباء کے لئے مقصود تھی لیکن یہ ایسی مقبول ہوئی کہ حیدرآباد کے تمام مدارس میں زمانہ حال تک بھی پڑھائی جاتی تھی۔

دوسرا مدرسہ اس کے کچھ عرصہ بعد کا ہے جو پائیگاہ کے امیر کبیر اور سلطنت کے علم دوست وزیر نواب فخرالدین شمس الامراء ثانی نے ۱۲۵۸ھ میں اپنی ڈیوڑھی میں قایم کیا تھا۔ یہ مدرسہ فخریہ کے نام سے موسوم تھا اور اس میں درس دینے کے لئے ہندوستان کے طول و عرض سے علما بلائے گئے تھے۔ سارے ہندوستان میں اپنی نوعیت کا یہ واحد مدرسہ تھا جہاں مروجہ دینی علوم کے ساتھ ساتھ حکمی علوم کی بھی تعلیم دی جاتی تھی۔ خود نواب فخرالدین خاں کو حکمی علوم سے غیر معمولی شغف تھا چنانچہ اس دلچسپی کی پیشرفت میں انھوں نے ایک ادارہ قایم کیا تھا جس میں حکمی علوم کی کتابوں کے ترجمے انگریزی سے اردو میں کئے جاتے تھے۔ ضرورتاً اصطلاحیں بھی بنائی جاتی تھیں ان کتابوں میں رسالہ شمسیہ بہت مشہور رہی۔ ہیئت کی تعلیم میں اجرام فلکی کے مشاہدات کی غرض سے جہاں نما کی رصدگاہ بھی تعمیر کرائی گئی تھی جو آج تک باقی ہے۔

یہ کتابیں دراصل مدرسہ فخریہ کے طلبا کے لئے لکھی گئی تھیں لیکن مولانا امام خاں تاریخ خورشید جاہی کے مصنف کے بیان سے معلوم ہوتا ہے کہ ملک کے طول و عرض کے طلبا میں یہ ایسی مقبول ہوئیں کہ ہاتھوں ہاتھ لی گئیں۔

حضرت غفران منزل نواب ناصرالدولہ کی سریرآرائی کے آخر زمانے سے تنظیم تعلیم کی سعی شروع ہوئی اور عجیب بات ہے کہ سب سے پہلے جو مدرسہ قایم کیا گیا وہ ڈاکٹری کی تعلیم کا تھا۔ اس مدرسے کے متعلق ایک اہم بات یہ ہے کہ اس میں مغربی طب کی تعلیم اردو زبان میں دی جاتی تھی۔ یہ

اُردو میں طب کی تعلیم دینے کی اولین کوشش تھی اپنے نتائج کے لحاظ سے یہ مدرسہ کس قدر کامیاب رہا اس کے متعلق صرف یہ معلوم کرنا کافی ہوگا کہ نواب لقمان الدولہ مرحوم اور ہمارے زمانے کے ہردلعزیز اور قابل قدر ڈاکٹر عبدالحسین ارسطو یار جنگ بہادر اس مدرسہ کے تعلیم یافتہ ہیں۔ اس تربیت کا اثر ہے کہ ڈاکٹر صاحب کے نسخے آج تک اردو میں لکھے جاتے ہیں۔

ہمارے قریبی زمانے کے مدارس میں سب سے زیادہ قابل ذکر مدرسہ دارالعلوم ہے جس کی نبیاد ۱۲۷۱ھ میں نواب مختار الملک سالار جنگ کے ہاتھوں پڑی تھی۔ اس مدرسہ کا انتظام و نصاب پہلے پہل قدیم درس نظامیہ پر مبنی تھا بعد کو اس میں کچھ تبدیلیاں کی گئیں لیکن اس میں تفہیم و تدریس کا ذریعہ اُردو زبان تھی۔ اس سلسلہ میں یہ امر بھی دلچسپی سے پڑھا جائے گا کہ سالار جنگ مرحوم کا نقطۂ نظر زبان کے معاملہ میں انگریز مدبروں سے ملتا جلتا تھا وہ فارسی کے سخت طرفدار تھے اور اس زبان کے علاوہ کسی اور زبان کو دفاتر میں رائج کرنے کے خیال سے جزبز ہوتے تھے۔ لیکن واقعات کی رفتار کچھ اور ہی چیز ہے۔ کسی ایک شخص یا گروہ کی کوشش سے یہ رک نہیں سکتی۔ چنانچہ سلطنت آصفیہ کے دفاتر میں بھی یہ زبان رائج ہوگئی۔ مدرسہ دارالعلوم میں اگر قصداً اردو زبان رائج کرنے کی کوشش کی جاتی تو سر سالار جنگ شاید اس کو پسند نہ کرتے لیکن یہ چیز بغیر جانے اور بغیر کوشش کے صرف اس لئے رائج ہوگئی کہ معلمین اور متعلمین دونوں کی زبان یہی تھی۔ دارالعلوم کی توسیع کے بعد قدیم مدرسہ فخریہ بھی اس سے متعلق ہوگیا تھا اور دارالعلوم ہی کے نصاب کی یہاں تکمیل کرائی جاتی تھی۔

۱۸۸۳ء میں حیدرآباد کے ایک ہمدرد عالم مولوی امیرالدین نے مدرسہ نظامیہ کی نبیاد ڈالی۔ دارالعلوم کے موجود ہوتے ہوئے اس مدرسہ کا قایم ہونا اس امر کی دلیل ہے کہ اس وقت تک مدرسہ دارالعلوم میں دینیات کے علاوہ بہت سے دنیاوی علوم بھی داخل ہوگئے تھے۔ اس لئے ایک ایسے مدرسے کی ضرورت محسوس کی گئی جو محض دینیات کی تعلیم کے لئے مختص رہے۔ اس مدرسہ میں بھی عربی زبان اور دینیات کی کتابیں پڑھائی جاتی تھیں لیکن درس کا ذریعہ اُردو زبان ہی تھی۔

غرض یہ ایک سرسری خاکہ ہے اس حقیقت کا کہ جس وقت سے حیدرآباد میں عام تعلیم کا چرچا شروع ہوا اور سرکاری طور پر یا خانگی جو مدارس بھی قایم ہوئے وہ معلمین اور متعلمین کی سہولت اور ضرورت کے مدنظر درس کی تفہیم اردو زبان کے ذریعہ ہی کرتے تھے بہ الفاظ دیگر حیدرآباد کی عام تعلیم کی تشریحات ہی سے یہ زبان بطور ذریعۂ تفہیم کے حیدرآباد کے اکثر چھوٹے بڑے مدارس میں رائج رہی ہے لیکن ملکی ضروریات نے جب سے سرکاری دفاتر میں بھی اس زبان کا رواج ناگزیر کردیا۔ اس کا حلقۂ اثر اور بھی وسیع اور مستحکم ہوگیا چنانچہ رفتہ رفتہ ملکی مالی بہ حساب کتاب ریاستی کاروبار اور رسل و رسائل کی اصطلاحات کا ایک بڑا ذخیرہ اس زبان میں پیدا ہوتا گیا جس سے اس کو بڑی تقویت حاصل ہوئی۔

عدالتوں میں اس کے رواج نے اس زبان کو علمی اور جامعی بنانے میں بھی ایک قدم آگے بڑھایا کیونکہ عدالتوں کے کاروبار کے دو رُخ ہیں جن میں سے ایک میں قانون سازی بالکل علمی اور جامعی طرز کا کام ہے۔ اس کے شروع ہو جانے سے ملک کا قانونی علم، شعور اور احساس رفتہ رفتہ اس قدر ترقی کر گیا کہ قانون کی اکثر و بیشتر اصطلاحات اس زبان میں فراہم ہو گئیں مختلف زبانوں کے بولنے والے ایسے قدیم وکلا کی بہار یہاں کوئی کمی نہیں ہے جو انگریزی کا ایک لفظ بھی نہیں جانتے لیکن قانونی علم میں وہ درک رکھتے ہیں جو شاید کم انگریزداں بھی رکھتے ہونگے ایسے وکلا نے ملک کی بڑی بڑی ذمہ داری خدمات بھی انجام دی ہیں حیدرآباد کے لئے جس وقت اعلیٰ تعلیم کے راستے پنجاب کی جامعہ کی طرف سے بند کر دیئے گئے تو ملک میں جامعہ کے قیام کا احساس فطرتاً شدت کے ساتھ پیدا ہو گیا۔ اعلیٰ حضرت سلطان العلوم میر عثمان علی خان بہادر خلد اللہ ملکہٗ و سلطنتہٗ کے سریر آرا ہوتے ہی آپ نے سب سے پہلے ملک کی شدید ضرورت کو محسوس فرما لیا اور جو شغف آپ کو علم سے ہے اس کی بنیں رفت میں اپنی تخت نشینی کی یادگار کے طور پر جامعہ عثمانیہ کے قیام کا حکم محکم صادر فرمایا لیکن ملک کے خاص حالات ضروریات اور قدیم روایات کے احترام میں جامعہ کا ذریعہ تعلیم اردو ہی قرار دیا۔

یہ اہل ملک کے لئے ایک مانوس چیز تھی اس لئے یہ ملک کے قلوب اور دماغوں کے ساتھ ہم آہنگ ہو گئی اور ایک قلیل مدت کے اندر اندر ملک کی علمی جد و جہد کا پورا نقشہ بدل گیا۔ ایک صاحب بصیرت بزرگ کے الفاظ میں گویا۔ علم نامانوس زبانوں میں مقید تھا وہ اس سرزمین میں آزاد کر دیا گیا۔

وہ حضرات جن کو حیدرآباد کے حالات کا بغور مطالعہ کرنے کا موقع نہیں ملا جامعہ کے قیام اور اس کے تھوڑے ہی عرصہ بعد یہاں مستند پایہ کی علمی اور ادبی تصانیف کی کثرت کو ایک معجزہ سمجھتے ہیں لیکن واقعہ یہ ہے کہ یہ تاریخی اور تدریجی ارتقا کا نتیجہ ہے۔ واقعات کی رفتار اور سیلاب کے بہاؤ کے رُخ کو حضرت سلطان العلوم سے بڑھ کر کسی نے نہیں پہچانا۔ آپ نے ملک کو اپنی تخت نشینی کی یادگار میں وہ تحفہ عطا کیا جس کو آپ کی بصیرت افروز نظر نے ملک و قوم کی حقیقی ضرورت سمجھا اور اس تصفیہ ہی میں ملک کی موجودہ علمی چہل پہل اور ترقیوں کا راز پوشیدہ ہے۔

پروفیسر عبدالقادر سروری ام۔ اے ال ال بی (عثمانیہ)

عہدِ عثمانی میں حیدرآباد کی اُردو مطبوعات

اعلیٰ حضرت سلطان العلوم حضرت آصفجاہ سابع شہریارِ دکن و برار خلد اللہ ملکہ و سلطنتہ کے عہدِ حکومت میں حیدرآباد میں ایک نئی چہل پہل پیدا ہوگئی ہے ملک کی جملہ خوابیدہ اور افسردہ قوتیں از سرِ نو بیدار اور شگفتہ ہوگئی ہیں اور اقصائے ملک میں نوجوانوں کی علمی و ادبی ترنگوں کا ذکر ہی کیا بوڑھوں کے قلوب میں بھی سرگرمیوں کی امنگیں موجزن ہوگئیں جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ گذشتہ ربع صدی کے اندر تین چار ہزار کتابیں صرف اُردو زبان ہی میں لکھی اور چھاپی گئیں۔ ان سب پر تبصرہ ایک جداگانہ کتاب کا موضوع بن سکتا ہے۔ چنانچہ اس مبارک عہد کے جملہ خدمت گذاران اُردو پر ایک مستقل کتاب "عہدِ عثمانی میں اُردو کی ترقی" میں راقم الحروف نے نہایت اجمال کے ساتھ تبصرہ کیا ہے اور گذشتہ تین سال سے مجلۂ عثمانیہ کے ہر شمارہ میں التزام کے ساتھ حیدرآباد کی "جدید اُردو مطبوعات" کے عنوان کے تحت ملک کی علمی و ادبی فتوحات کو روشناس کرنے کی کوشش جاری ہے اور اگرچہ جملہ کتابوں پر لکھنا دشوار ہے تاہم جو بھی نظر سے گذرتی گئیں اور کسی نہ کسی نقطۂ نظر سے اہم یا قابلِ ذکر معلوم ہوئیں ان سب پر تبصرہ کیا جاچکا ہے۔

خوش قسمتی سے ہم آجکل ایک ایسے عہدِ آفریں دور سے گذر رہے ہیں جو تصنیف و تالیف کے لحاظ سے دنیائے اُردو کا عہدِ زریں سمجھا جاسکتا ہے۔ اس عہدِ مسعود میں علم و فضل اور شعر و سخن کی جتنی اُردو کتابیں شائع ہوئی ہیں شاید ہی تاریخِ ادبیاتِ اُردو کا کوئی اور دور اس کی نظیر پیش کرسکے۔ ان میں سے بعض کتابیں ایسی بھی ہیں جو اُردو زبان کی ادبیاتِ عالیہ قرار دی جاسکتی ہیں

ان سب کتابوں پر کسی ایک وقت تنقید و تبصرہ کرنا مشکل ہے۔ اس لحاظ سے ہماری یہ کوشش آیندہ کے لئے سہولت کا باعث ہو گی کہ ہم مجلہ کے ہر شمارہ میں حیدرآباد کی چند جدید مطبوعات کو پیش کر رہے ہیں۔ اگر یہی کوشش جاری رہی تو چند سال کے عرصہ میں یہ چیز اس قابل ہو جائے گی کہ بجائے خود اس کا مجموعہ عہد عثمانی کی اردو مطبوعات کے ایک مکمل اور مفید تذکرہ کا کام دے گا۔ اس وقت تک اس سلسلہ میں حسب ذیل کتابوں پر تبصرہ کیا جا چکا ہے

سنہ ۱۳۴۳ ف :-

(۱) پیت کی ریت — نواب صادق جنگ حلم کی ٹھمریوں اور ہندی طرز کے کلام کا مجموعہ

(۲) رباعیات جذب — پنڈت رگھونند راؤ صاحب جذب وکیل کی اردو رباعیوں کا مجموعہ

(۳) حضرت امجد کی شاعری — از مولوی نعیم الدین صاحب ہاشمی

(۴) حکایات امجد — حکیم الشعرا حضرت امجد حیدرآبادی کی نثر کا اعلیٰ نمونہ

(۵) خیالات آزاد — مولوی محمد حسین صاحب آزاد حیدرآبادی کی نظموں کا مجموعہ

سنہ ۱۳۴۴ ف

(۶) بندہ سے خطاب — مولوی رضا حسین خاں صاحب رشید ترابی بی۔ اے (عثمانیہ) کا قومی مسدس

(۷) مصلحان تعلیم — از مولوی فیض محمد صاحب صدیقی بی۔ اے ٹوب اٹیڈ (عثمانیہ)

(۸) ہوش کے ناخن — ایک سماجی ڈرامہ۔ از مخدوم محی الدین ایم۔ اے (عثمانیہ) و میر حسن صاحبان ایم اے (عثمانیہ)

(۹) عصر جدید — عہد عثمانی میں حیدرآباد کی ترقیاں۔ از جناب جانکی پرشاد صاحب

(۱۰) مثنوی رموز العارفین — مرتبہ مولوی سید احمد اللہ صاحب قادری

(۱۱) مختصر تاریخ دکن — مولفہ پروفیسر ہارون خاں شروانی ام۔ اے

(۱۲) نظام علیخان حصہ دوم — مولفہ مولوی سراج الدین صاحب طالب

(۱۳) ابطال مادیت — مولفہ ڈاکٹر میر ولی الدین صاحب ام۔ اے پی اچ ڈی

(۱۴) حیدرآباد دکن کی تعلیمی ترقی — از پروفیسر عبدالقادر صاحب سروری ام۔ اے ال ال بی (عثمانیہ)

۳۴۳ ف

(۱۵) شمیم دعا — مولوی محمد حبیب اللہ صاحب ذکا کی نظموں کا مجموعہ

(۱۶) باغ فردوس — مولوی سید اعظم اللہ حسینی صاحب آمر کے نعتیہ کلام

(۱۷) ذکر نبی — مولفہ مولوی نصیر الدین صاحب ہاشمی

(۱۸) خواص مادہ — مولفہ مولوی سید محمد علیخان صاحب و مولوی سید عبدالرحمان صاحب پروفیسران جامعہ

(۱۹) چمن زار حکایات — مولفہ مولوی عبدالسلام صاحب ذکی بی۔اے

(۲۰) اسباق الاشیاء — مولفہ مولوی ابوالمحاسن محمد محسن خان صاحب متین

(۲۱) فلسفہ جسم — مترجمہ میر حسن الدین صاحب بی اے ال ال بی (عثمانیہ)

(۲۲) فلسفہ یاس — مولفہ ڈاکٹر میر ولی الدین صاحب ام۔اے پی اچ ڈی

(۲۳) اسلکی نشر — مولفہ مولوی حبیب اللہ صاحب فاروقی بی۔اے ڈپ ایڈ

(۲۴) رفتار خیال — جہاں بانو بیگم صاحبہ نقوی بی۔اے (عثمانیہ) کے افسانوں کا مجموعہ

(۲۵) امور خانہ داری — مولفہ ج نقوی صاحبہ بی۔اے (عثمانیہ)

(۲۶) ابن سود — مولفہ فیض محمد صاحب صدیقی بی۔اے ڈپ ایڈ (عثمانیہ)

(۲۷) یورپ کی ڈاک — شہید یار جنگ بہادر شہید کے خطوط یورپ کا مجموعہ

(۲۸) مکتوبات امجد — حکیم الشعرا سید احمد حسین صاحب امجد کے خطوط کا مجموعہ

(۲۹) فطرت انسانی — مولفہ مولوی سید اسد اللہ صاحب بی اے

(۳۰) تمدن عتیق — مولفہ ابوظفر عبدالواحد صاحب ام۔اے و عطاالرحمن صاحب بی۔اے

(۳۱) آصف نامہ جلد ہفتم — مولفہ مولوی محمد حبیب اللہ صاحب ذکا

(۳۲) رموز کائنات — مولفہ مولوی سید ہادی صاحب جعفری

(۳۳) عشق و محبت — مرتبہ مولوی تصدق حسین صاحب تاج

(۳۴) شہاب ماہوار — مدیر مولوی عبدالرزاق صاحب بسمل

(۳۵) الموسیٰ (سہ ماہی) زیر نگرانی مولوی سید محمد اعظم صاحب، مولوی ابوظفر صاحب۔ مولوی سید محمد صاحب

(۳۶) آئینۂ ادب (ماہوار) مدیر مونس احمد صاحب فرزند فصاحت جنگ جلیل

(۳۷) ارشاد (ماہوار) مدیر سید شاہ یوسف الدین صاحب قادری

(۳۸) خلیق (ماہوار) مدیر مرزا امام بیگ صاحب رونق قادری

ان کتابوں اور رسائل کے علاوہ آیندہ صفحات میں اور پانچ کتابوں یعنی خواتین عہد عثمانی، میری شاعری، سیاحت نامہ، داغ دہلوی، اور سراج سخن پر تبصرہ کیا جائے گا۔ اس طرح صرف گذشتہ تین سال کی ترتالیس (۴۳) کتابوں پر تو مجلۂ عثمانیہ ہی میں تبصرہ شائع ہو رہا ہے ان کے علاوہ بیسیوں ایسی کتابیں ہیں جو قابل تبصرہ ہیں، مگر قلت فرصت کے باعث ان سب پر ایک ساتھ تبصرہ کرنا ممکن نہیں۔ یہ ترتالیس (۴۳) کتابیں مشتے نمونہ از خروارے ہیں۔ انہی سے اہل ذوق اندازہ کر سکتے ہیں کہ عہد عثمانی میں حیدرآباد کی فضا علم وفضل اور شعر وسخن کے لئے کس قدر سازگار ہو گئی ہے۔

خواتین عہد عثمانی

مولفہ مولوی نصیر الدین صاحب ہاشمی مددگار ناظم دفتر دیوانی ومال وغیرہ
چھوٹی کراؤن تقطیع ۸ × ۱۹۰ صفحات

یہ کتاب سلسلۂ اصلاح العشیرہ کی چھٹی کڑی ہے اس سے پہلے اس سلسلہ نے جو کتابیں شائع کی ہیں ان میں زیادہ تر مذہبی ہیں مثلاً تحفۃ الاخلاق مولفہ مولوی خلیل اللہ خلف قاضی بدرالدولہ، فوائد بدریہ، اور ریاض النسواں مولفہ قاضی بدرالدولہ وغیرہ۔ غیر مذہبی کتابوں میں عہد سلف مولفہ محمد مرتضیٰ مرحوم قابل ذکر ہے جس میں اسلام کے نشو ونما اور دکن میں اسلامی سلطنت کے قیام پر تبصرہ کیا گیا ہے۔

یہ سلسلہ اصل میں اس خاندان کی انجمن اصلاح العشیرہ کا ترجمان ہے جو ستر سال سے حیدرآباد میں توطن پذیر ہے اور جس کے افراد میں منشی محمد سعید خان، مولوی حسین عطاء اللہ، مولوی عبدالقادر، مولوی صفی الدین، اور مولوی محمد مرتضیٰ وغیرہ نے حیدرآباد میں علم وفضل کی قابل ذکر خدمت کی ہے۔ اسی خاندان کے ایک رکن نصیر الدین ہاشمی صاحب عہد حاضر میں اردو ادب کی خدمت میں سرگرم ہیں اور اگرچہ ملازمت و دفتر کی مشغولیتوں سے انھیں کم موقع ملتا ہوگا تاہم ان کی ہمت قابل ستایش ہے۔

اعلیٰ حضرت سلطان العلوم خسرو دکن وبرار کے پچیس سالہ جشن سیمیں کی تقریب میں ملک کے اہل ذوق ارباب علم نے ملک کی ہمہ جہتی ترقیوں سے متعلق گذشتہ سال ڈیڑھ سال کے عرصہ میں بعض اہم اور پر از معلومات کتابیں شائع کی ہیں جن میں سے چار پانچ مثلاً عہد عثمانی میں اردو کی ترقی، حیدرآباد کی تعلیمی ترقی، عصر جدید، اڈرن حیدرآباد وغیرہ مولوی سید خورشید علی صاحب ناظم دفتر دیوانی وملکی

کی دلچسپی اور توجہ کا نتیجہ ہیں یہ کتابیں اتنی مقبول ہوئیں کہ انہی کے انداز میں اور اصحاب نے بھی کتابیں لکھی ہیں جن میں زیر نظر کتاب خاص کر قابل توجہ ہے۔

مولوی نصیرالدین ہاشمی صاحب نے ایک ایسے موضوع پر قلم اٹھایا ہے جس پر ہمارے ملک میں عرصہ سے کام ہو رہا ہے اور ضرورت تھی کہ اس کے متعلق اب کوئی تفصیلی کتاب شائع کی جائے۔ حیدرآباد میں ابھی اس موضوع پر کتاب لکھنے والے کے لئے سہولتیں پیدا نہیں ہوئی ہیں اور یہی وجہ ہے کہ ہاشمی صاحب کی کتاب کے لئے کافی مواد دستیاب نہ ہوسکا یہاں کے اکثر اصحاب اپنی خواتین کے نام تک ظاہر نہیں کرنا چاہتے۔ اس صورت حال کے لحاظ سے مولوی محمد غوث صاحب نے اس کتاب میں عرض حال کے تحت میں جو لکھا ہے وہ بالکل صحیح ہے کہ

"یہ کتاب ایک ابتدائی کوشش ہے اس امر کی کہ اس مسئلہ پر تعصب اور تنگ نظری سے علیحدہ ہو کر غور کرنے والے اصحاب کے لئے مسالہ اور مواد مہیا ہو جاتا ہے"

ہمیں توقع ہے کہ اگر مولوی ہاشمی صاحب اس موضوع پر اور مواد جمع کرتے رہیں گے تو اس کا دوسرا اڈیشن ہر طرح تشفی بخش ثابت ہوگا۔ موجودہ حالت میں بعض عنوانات کے تحت وہ خواتین کی صرف فہرستیں پیش کرنے پر مجبور ہو گئے ہیں اور اگر وہ کوشش جاری رکھیں تو آیندہ ہر شعبہ زندگی میں خواتین کی خدمات کے نمونے فراہم ہوسکیں گے۔ یہ موضوع ایسا نہیں ہے کہ رواروی اور عجلت میں اس کو یونہی چھوڑ دیا جائے۔

اسباب بیداری کے بیان میں بھی ذرا تفصیل کی ضرورت تھی۔ مولوی محب حسین مرحوم اور مولوی خورشید علی صاحب کی خدمات اور کوششوں کو وضاحت کے ساتھ بیان کرنا چاہئے تاکہ آیندہ کام کرنے والوں کو معلوم ہو سکے کہ اس میدان میں ہم سے پہلے کیا کیا کام ہو چکے ہیں اور اب کن نقاط نظر سے کام کرنے کی ضرورت ہے یہ کام مولوی ہاشمی صاحب سے بہتر کوئی اور نہیں کرسکتا۔ وہ اس تحریک اور اس کے بانیوں سے اچھی طرح واقف ہیں اور ان کے کارہائے نمایاں کے متعلق نہایت تحقیق سے لکھ سکتے ہیں۔ یہ بجائے خود ایک خدمت ہوگی جس کے لئے ملک اور اس موضوع کا ذوق رکھنے والے ہاشمی صاحب کے شکر گذار ہوں گے۔

سیاحت نامہ نواب محمد ظہیرالدین خاں بی۔ اے (عثمانیہ) ڈبل کراؤن تقطیع ۱۰ + ۳۵۵ صفحات۔ تقریباً سو تصاویر۔ نستعلیق ٹائپ دارالطبع سرکار عالی۔ قیمت ۵ روپیے

یہ بلند پایہ ضخیم کتاب ظاہری اور باطنی دونوں خوبیوں کے لحاظ سے عہد حاضر کے بہترین اردو شہ کاروں میں قرار دی جاسکتی

اس کی اشاعت پر حیدرآباد جس قدر ناز کرے کم ہے۔ نہایت اعلیٰ پایہ کاغذ پر سرکار عالی کے ایجاد کردہ ٹائپ میں باتصویر چھپی ہے اس کے مطالعہ سے واضح ہوتا ہے کہ اُردو زبان اور رسم الخط میں ترقی اور زندگی کی قطعی اہلیت ہے۔ جو اصحاب اپنی زبان کی طباعت کے صرف نقائص پر نظر رکھتے ہوں اگر اس کتاب کو ایک دفعہ دیکھ لیں تو ان کی بہت سی غلط فہمیاں دور ہو جائیں۔

یہ خوشنما کتاب جامعہ عثمانیہ کے ایک لائق سپوت نواب محمد ظہیر الدین خاں صاحب بی اے خلف اکبر نواب معین الدولہ بہادر امیر پائیگاہ کے حالاتِ سفر یورپ و امریکہ پر مشتمل ہے جو دوران سفر میں بطور روزنامچہ کے تحریر کئے گئے تھے۔ بڑی خوشی کی بات ہے کہ اس نوجوان اہل ذوق نے یورپ اور امریکہ جیسے ہوش ربا ماحول میں بھی اپنا روزنامچہ لکھنا ترک نہیں کیا۔ اس کے سرسری مطالعہ ہی سے معلوم ہو جاتا ہے کہ مولف نے کتنے بسیط واقعات و حالات روز کے روز قلمبند کر لئے ہوں گے اور یہ کہ حیدرآباد کے امرائے عظام کے خاندانوں میں اب بھی ایسے افراد موجود ہیں جو اپنے اسلاف کے ذوق علم و فضل سے بے بہرہ نہیں ہیں۔

یہ سیاحت نامہ نواب محمد ظہیر الدین خاں کے فطری ذوق ادب کا بہترین ثبوت ہے اور یقین دلاتا ہے کہ اگر ان کا یہی شغف علمی اور دلچسپی جاری رہی تو ان کی ذات اُردو کے لئے باعث فخر ہو سکتی ہے۔ ملک کی بہت سی توقعات ان سے وابستہ ہیں اور کوئی تعجب نہیں اگر وہ اپنے نامور اسلاف کے سچے جانشین ثابت ہوں۔

سیاحت نامہ نو ابواب پر منقسم ہے جن میں ۸ رمئی ۱۹۳۲ء سے ۸ راکٹوبر ۱۹۳۲ء تک (یعنی کل پانچ ماہ) کے حالات سفر درج ہیں۔ ۸ رمئی کو مولف نے حیدرآباد سے کوچ کیا اور ۸ راکٹوبر کو یہیں واپس ہو گئے۔ اس مختصر سی مدت میں اُنھوں نے جو کچھ دیکھا اس کو اس خوبی سے قلمبند کیا ہے کہ بے اختیار تعریف کرنے کو جی چاہتا ہے۔ سفرنامہ شروع سے آخر تک دلچسپ ہے اور پر از معلومات۔

مولف نے اپنی موروثی عقیدہ کی بنا پر اس عظیم الشان کتاب کو ہز ہائی نس پرنس آف برار کے نام نامی پر حسب ذیل الفاظ میں معنون کیا ہے۔

میں اپنے حقیقی جذبہ وفاداری اور پُرخلوص عقیدت مندی کی بنا پر اپنے اس ناچیز سفرنامہ یورپ و امریکہ کو میجر جنرل شہزادہ والا شان حضرت نواب اعظم جاہ بہادر ولی عہد و سپہ سالار دولت آصفیہ کے نام نامی سے معنون کرنے کی عزت حاصل کرتا ہوں۔"

اس سیاحت نامہ کی اہمیت اور اس سے متعلقہ دیگر امور کی وضاحت اس کے دیباچہ کے حسب ذیل اقتباسات سے ظاہر ہو گی

"جب میں یورپ و امریکہ کے سفر کے ارادے سے نکلا تو یہ خیال بھی نہ تھا کہ میرے اس سفر کے حالات شائع ہوں گے۔ میں نے

روزانہ کے حالات و واقعات کو صرف اپنی ذاتی یادداشت کے لئے قلمبند کرنا شروع کر دیا تھا اور اتفاق کی بات ہے کہ یہ کام مستقل طور پر اختتام سفر تک جاری رہا یہاں تک کہ ان سے دو تین ضخیم یادداشتیں تیار ہو گئیں۔

جب میں حیدرآباد واپس ہوا تو ان کو احباب واعزا اور حضرت والد صاحب قبلہ مدظلہ کو دکھانے کا موقع ملا جنھوں کو یہ یادداشتیں اتنی دلچسپ معلوم ہوئیں کہ ان میں سے اکثروں نے ان کو کتابی صورت میں شائع کرنے کا مشورہ دیا۔ میں ابھی پس و پیش ہی میں تھا کہ میرے رفقائے کالج نے مجلہ عثمانیہ میں میرے حالات سفر کے تذکرہ کے ساتھ میری ان یادداشتوں میں سے ایک حصہ اشاعت کے لئے طلب کیا اور اس قدر تقاضے ہوئے کہ مجھے "بالی وڈ کی سیر" کے عنوان سے اس کا ایک ٹکڑا بھیجنا ہی پڑا جو مجلہ جلد دوم شمارہ دوم بابتہ ۱۳۴۳ف میں شائع ہوا۔ اس کا چھپنا ہی تھا کہ چاروں طرف سے مجھ پر تقاضوں کی بوچھار شروع ہو گئی۔ دوسرے رسائل والوں نے خط بھی لکھے اور اکثر حلقوں میں دوست احباب نے سفرنامہ کی اشاعت کی طرف توجہ دلانی شروع کی۔

میرے کالج کے ساتھیوں نے مجھے پھر مجبور کیا اور آخر کار ایک اور حصہ "شکاگو کی صد سالہ نمائش" حاصل کر لیا جو جلد ثانیہ کے بعد کے نمبر میں شائع ہوا۔ بالآخر میں نے اس بارے میں اپنے محترم استاد ڈاکٹر سید محی الدین صاحب قادری زور پروفیسر اردو سے مشورہ لیا تو موصوف نے ان یادداشتوں کو دیکھ کر بے حد اظہار پسندیدگی فرمایا اور ان کو قابل اشاعت قرار دے کر میرے پس و پیش کو دور کرنے کے لئے وعدہ فرمایا کہ چھپتے وقت ضرور ان پر نظر ثانی کریں گے۔

ہر حال میں اپنی یادداشتوں کو بعینہ شائع کر رہا ہوں۔ میں کوئی مورخ نہیں کہ ہر مقام کی تاریخ اور دیگر تفصیلی حالات و واقعات بیان کرتا جاتا۔ اور نہ شاعر کہ مناظر قدرت و دیگر دلچسپیوں کے مبالغہ آمیز مرقعے پیش کرتا۔ میں نے جن جن چیزوں کو جس جس طرح دیکھا اور سمجھا ہے یا ان کی نسبت مقامی لوگوں سے جو روایتیں سنی ہیں انھیں کو بعینہ اپنی زبان میں سادہ طریقہ سے قلمبند کر لیا ہے۔ اگر جغرافیہ یا تاریخ سے متعلق اس میں کوئی غلطی نظر آئے تو میں قابل درگذر ہوں کیونکہ مجھے دوران سفر میں اس قسم کی علمی یا تاریخی تحقیقات کی ضرورت نہ تھی اسی طرح ممکن ہے کہ غیر زبانوں کے بعض غلط طریقے پر لکھ دیئے گئے ہوں اور یہ کوئی تعجب کی بات نہیں کیونکہ مجھے لسانیات دانی پر کوئی گھمنڈ بھی نہیں۔ اس کتاب کی زبان و بیان کے متعلق بھی یہ کہہ دینا ضروری ہے کہ اس میں انشا پردازانہ کمال کے دکھانے کی کوشش کی گئی ہے اور نہ کسی قسم کے تکلف یا آورد سے کام لیا گیا ہے۔"

مولف کے اس اظہار انکسار کے باوجود یہ سیاحت نامہ دلچسپ انشا پردازی کا بھی ایک اچھا نمونہ ہے اور اس میں جو معلومات پیش کی گئی ہیں وہ بھی نہایت مفید اور کارآمد ہیں۔ جامعہ عثمانیہ کے ہر فیض یافتہ کو اس کا مطالعہ کرنا چاہئے۔

داغ نور اللہ محمد نوری (عثمانیہ) چھوٹی کراؤن تقطیع ۲۲ × ۲۱۰ صفحات ۸ تصاویر
قیمت ما

مولوی نور اللہ محمد صاحب نوری جامعہ عثمانیہ کے ان فیض یافتوں میں سے ہیں جن کو شعر و سخن کا بڑا اچھا ذوق ہے اور جو اپنی بساط کے مطابق اپنی زبان اور ملک کی خدمت گذاری میں خلوص اور ایثار کے ساتھ سرگرم عمل ہیں شعر و سخن سے متعلق ان کے متعدد مضامین مجلۂ عثمانیہ و آئینۂ ادب میں شائع ہو چکے ہیں۔ خود بھی ایک رسالہ "مشاعرہ" شائع کیا کرتے تھے جو نا موافق ماحول میں چل نہ سکا۔ نیز انھوں نے انتخاب کلام غالب معہ شرح کے شائع کیا ہے جو ادب کے طلبہ کے لئے ایک نعمت غیر مترقبہ ہے۔ نظم طباطبائی مرحوم اور حضرت جلیل استاد السلطان پر ان کے جو مضامین مجلۂ عثمانیہ میں شائع ہوئے ہیں نہایت دلچسپ اور اعلیٰ پایہ کے ہیں۔ اسی سلسلہ میں انھوں نے داغ پر بھی لکھنا شروع کیا تھا۔ کیونکہ خیال یہ تھا کہ سلسلۂ ادبیات اردو کی طرف سے ان بلند پایہ اساتذۂ سخن کا ایک تذکرہ شائع کیا جائے جنھوں نے دہلی اور لکھنؤ سے ہجرت کر کے حیدرآباد کو اپنا وطن بنا لیا اور آخر کار یہیں کے ہو رہے۔

اثنائے کار میں حضرت جہاں استاد کے متعلق نوری صاحب کو اتنا مواد ہاتھ آ گیا کہ بجائے مضمون کے ایک کتاب تیار ہو گئی جو دلچسپی اور معلومات دونوں نقاط نظر سے قابل قدر ہے۔ حضرت داغ دہلوی کی ہستی اتنی رفیع الشان ہے کہ ان پر ابھی اور لکھنے کی گنجائش ہے اور کیا تعجب ہے کہ خود نوری صاحب اس موضوع پر کام جاری رکھیں اور کسی وقت اسی زیر نظر کتاب کا دوسرا مکمل ایڈیشن شائع کریں جو فصیح الملک نواب مرزا خاں داغ کی مکمل سوانح حیات کا کام دے سکے۔

بحالت موجودہ بھی ادب سے دلچسپی رکھنے والوں کے لئے یہ کتاب بے حد غنیمت ہے اور اہل اردو کو نوری صاحب کا شکرگزار ہونا چاہئے کہ انھوں نے ایک ایسے موضوع کی طرف توجہ کی جو ابھی بہت تشنہ ہے اور ضرورت تھی کہ اس پر قلم اٹھایا جاتا۔

اس کتاب کو دس فصلوں میں تقسیم کیا گیا ہے جن میں داغ کے حالات زندگی، ان کا ماحول، ان کی شاعری کے محرکات، ان کا مقصد اور فلسفۂ زندگی، مقامی عناصر، اسلوب بیان، اور تلامذہ وغیرہ پر وضاحت سے بحثیں کی ہیں۔ ان سب میں دو عنوانات کے تحت (یعنی داغ کی شاعری کا مقصد اور فلسفۂ زندگی اور داغ کا ہندوستانی زبان میں تعمیری حصہ) ضروری اور نئی معلومات خوبی سے پیش کی گئی ہیں حالات زندگی کا حصہ ابھی تشنہ ہے ان کے والد اصل میں رئیس فیروز پور جھرکہ تھے۔ لوہارو کے رئیس ان کے چچا نواب امین الدین احمد خاں تھے۔ نواب شمس الدین احمد خاں لوہارو کے رئیس کبھی نہ رہے۔ اس سلسلہ میں اس امر کی ضرورت تھی کہ داغ کے آباد اجداد کا ذکر وضاحت سے کیا جاتا اور مرزا غالب سے ان کو جو قریبی رشتہ تھا وہ بھی بتلایا جاتا کیونکہ عام طور پر داغ کے خاندان کے متعلق غلط فہمیاں اور بدگمانیاں

پھیلی ہوئی ہیں۔

مولوی نوری صاحب نے اس کتاب کے دیباچہ میں بعض ایسے امور کا تذکرہ کیا ہے جو اس موضوع اور کتاب کے شایان شان نہیں تھے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ مولف نے متن کتاب میں داغ کی جو کچھ خوبیاں بیان کی ہیں اور ان کی شخصیت کو جس قدر عظیم الشان ثابت کیا ہے۔ دیباچہ میں ان سب کا تخلیہ کیا ہے گویا ایک ہی کتاب میں دو مختلف موضوعوں پر مباحثہ پیش کیا گیا ہے۔ کتاب کا موضوع تو یہ ہے کہ ایک اعلیٰ پایہ کا شاعر اپنی زبان اور ملک و قوم کی کس خوبی سے خدمت کر سکتا ہے۔ لیکن دیباچہ میں یہ لکھا ہے کہ بڑے سے بڑے شاعر کے مقابلہ میں ایک معمولی سپاہی کو بھی ادب کی خدمت میں افضلیت حاصل ہوتی ہے۔ نوری صاحب فردوسی اور سلطان محمود غزنوی کا تذکرہ کرکے لکھتے ہیں:

"اس کا (محمود غزنوی کا) ایک ادنیٰ سپاہی بھی ادب کی خدمت کرنے میں فردوسی سے چار قدم آگے تھا"۔ اس عجیب و غریب بحث کو جاری رکھتے ہوئے مولف نے لکھا ہے کہ

"اگر عہدہ دار اور اس کے ماتحتین عمدگی سے اپنے فرایض کو بجالا رہے ہیں تو وہ اپنے ادب اور زبان کی بنیادوں کو مستحکم کر رہے ہیں"

غرض کتاب کا پورا مقدمہ یعنی تقریباً بیس صفحات اسی عجیب و غریب ذہنیت اور انتشار خیال کے نذر کر دئے گئے ہیں اسکو پڑھنے کے بعد کتاب کے متعلق بڑی خراب رائے قایم کرنی پڑتی ہے حالانکہ اصل کتاب نہایت سنجیدہ دماغی اور صحیح نقطہ نظر سے لکھی گئی ہے اور اس قابل ہے کہ اردو شعر و سخن کا ذوق رکھنے والے اس کے مطالعہ سے مستفید ہوں۔ ہمیں توقع ہے کہ دوسرے ایڈیشن میں موجودہ خامیوں کو دور کرکے اصل موضوع کے طرف زیادہ توجہ کی جائے گی۔

سراج سخن یعنی انتخاب کلام سید شاہ سراج الدین اورنگ آبادی:

مرتبہ:- پروفیسر عبدالقادر سروری صاحب ایم اے ال ال بی
۱۵۲ صفحات چھوٹی کراؤن تقطیع۔ قیمت ۱۲ ار

سلسلہ انتخابات شعرائے دکن کے لئے مولوی عبدالقادر سروری صاحب نے حضرت سراج اورنگ آبادی کے کلام کا نہایت دلچسپ اور معیاری انتخاب کیا ہے اور ساتھ ہی دکن کے اس عظیم الشان شاعر کے حالات زندگی اور طرز سخنوری پر نہایت محققانہ اور پُر از معلومات مقدمہ بھی تحریر کیا ہے۔ مولوی سروری صاحب کو شعر و سخن کا بڑا اچھا ذوق ہے اور ہم چشموں میں وہ اپنی سخن فہمی کی وجہ سے خاص شہرت رکھتے ہیں ان کی کتاب جدید اردو شاعری تمام دنیائے اردو سے خراج تحسین حاصل کر چکی ہے اور توقع ہے کہ ان کا انتخاب کلام سراج بھی خاص دلچسپی سے پڑھا جائے گا۔

سلسلۂ انتخابات شعرائے دکن کی طرف سے سراج کے علاوہ اس وقت تک اور تین شاعروں ڈاکٹر احمد حسین مائل بسید رضی الدین حسن کیفی، اور نواب عزیز یار جنگ عزیز کے کلام کے معیاری مجموعے شائع ہو چکے ہیں اور تین شعرا یعنی میر شمس الدین فیض، میر احمد علی عصر اور شیر محمد خاں ایمان، کے انتخابات کلام اس وقت زیر طبع ہیں۔ موخر الذکر دو شعرا کے کلام پر ایک اور صاحب ذوق مولوی سید محمد صاحب ایم اے نے کام کیا ہے۔ توقع ہے کہ یہ کتابیں بھی جلد شائع ہو جائیں گی۔ اس طرح چند سال کے عرصہ میں اس سلسلہ کی طرف سے دکن کے بارہ اساتذۂ سخن کے انتخابات منظر عام پر آجائیں گے جن کی وجہ سے اردو ادب میں اضافہ ہوگا اور اردو کا ذوق رکھنے والے نوجوان ان کے مطالعہ سے اپنے ذوق سخن میں ترقی کر سکیں گے۔

اس سلسلہ کی ہر کتاب میں ابتدا اردوئے دکن کی اردو شاعری سے متعلق ۱۶ صفحات کا ایک دیباچہ عموماً شامل رہتا ہے جس سے اس سرزمین کی خدمات شعر و سخن اور مختلف ادوار کی نسبت ضروری معلومات حاصل ہو سکتی ہیں بعد کے ۱۶ صفحات میں پیش نظر شاعر کے حالات زندگی پر نظر ڈالی جاتی ہے گو بعض دفعہ صفحات کی یہ تحدید مضرت بخش ثابت ہوتی ہے۔ چنانچہ سراج سخن میں اس التزام کی بنا پر مولوی سروری صاحب کو بہت اختصار سے کام لینا پڑا ورنہ سراج اورنگ آبادی کی شاعری پر اس سے زیادہ لکھنے کی گنجایش ہے۔

کتاب میں حضرت سراج کی تحریر کا عکس بھی شائع کیا گیا ہے۔ یہ سلسلۂ انتخابات کی خوش قسمتی ہے کہ اس کو سراج کے اہم دیوان دستیاب ہو گئے۔ جن میں سے ایک پر خود شاعر کے قلم سے چار جگہ حاشیہ پر غزلیں لکھی ہوئی مل گئیں۔ یہ دیوان جو نواب عنایت جنگ بہادر کی ملک تھا سلسلہ کے ایک محسن پروفیسر حسین علی خاں صاحب کے توسط سے مولوی سروری صاحب کو حاصل ہوا۔ اس کی اہمیت کے متعلق خود مرتب نے اپنے مقدمہ میں تفصیل سے لکھا ہے۔ اس لئے اعادہ کی ضرورت نہیں۔

سید محی الدین قادری زور

صفحات انقلابات، سورشوں، ہنگاموں اور خانہ جنگیوں سے بالکل نہیں تو بڑی حد تک خالی ضرور ہیں۔

مندرجہ بالا بیان کی تصدیق کے لئے ہم تاریخی شواہد پیش کرسکتے ہیں جن کے دیکھنے سے یہ بات بالکل ذہن نشین ہوسکتی ہے کہ امن میں وہ قوتیں مضمر ہیں جو جنگ میں نہیں۔ مثلاً سلطنت مغلیہ ہی کو لیجئے۔ ظہیرالدین محمد بابر نے اپنی انتہائی جدوجہد کے بعد اپنی زندگی کے آخری ایام میں صرف اس حد تک کامیابی حاصل کی کہ ایک نئی سلطنت کا بانی کہلائے۔ موقعہ شناس، مردم شناس اور دور اندیش بابر کی عمر بھر کی کمائی کو ناعاقبت اندیش ہمایوں نے تھوڑے ہی عرصے میں غیروں کے حوالے کیا...... لیکن اسی خاندان کی قسمت میں علوم و فنون کی وہ بیش بہا خدمات لکھی تھیں جو آگے چل کر پایۂ تکمیل کو پہونچنے والی تھیں۔

جلال الدین محمد اکبر کے طویل اور پرامن عہد حکومت میں اصلاحات عمل میں آئیں قوانین مرتب ہوئے اور فنون لطیفہ کی ترقی کی جانب پہلا قدم اُٹھایا گیا۔ شاعری میں فیضی، عرفی اور تلسی داس جیسے شیریں سخن ترنم ریزی میں مصروف تھے تو موسیقی میں تان سین جیسا شہرۂ آفاق مغنی نغمہ سنجیوں میں غرق تھا اصلاحات اور ترتیب قوانین میں وزیر اعظم ابوالفضل اور ٹوڈرمل جیسے مدبر مصروف تھے تو سپہ سالاروں میں مان سنگھ اور شہزادہ سلیم اور مراد داد شجاعت دے رہے تھے۔

اس کے بعد جہانگیر کے زمانے میں فنون لطیفہ کی طرف نسبتاً کم توجہ کی گئی۔ پھر شاہ جہاں کا عہد زریں آتا ہے جبکہ ملک کا ہر ایک فرد راہ ترقی پر گامزن ہے۔ ہر شخص کے دل میں اپج اور رفعت کی است خواہش پنہاں ہے۔ فنون لطیفہ کے انتہائی عروج کا یہی زمانہ ہے تاج محل، لال قلعہ، موتی مسجد، دیوان عام اور دیوان خاص؛ فن تعمیر کے اعلیٰ ترین نمونے تیار کئے جاتے ہیں کلیم جیسا شاعر بزم سخن کی روح رواں بنا ہوا ہے۔

دفعتہً محی الدین اورنگ زیب عالمگیر سا عظیم المرتبت شہنشاہ سریر آرائے سلطنت ہوتا ہے۔ مدرسہ نظامیہ کی نبیاد پڑتی ہے۔ بڑے بڑے علما۔ اساتذہ مقرر کئے جاتے ہیں اس عظیم الشان کارنامے کی سارے مشرق میں دھوم ہوتی ہے اور دور دراز سے شائقین علم اس سے مستفید ہونے کے لئے کھنچے کھنچے چلے آتے ہیں۔ یہی وہ زمانہ ہے جس کے علمی کارنامے تاریخ کے صفحات پر آب زر سے لکھے جانے کے قابل ہیں۔ لیکن یہ سب داستان ہے ایک طویل اور پُرامن زمانے کی۔ اسی امن کی بدولت ہندوستان نے اورنگ زیب کے زمانے میں جتنی ترقی کی اس کی ہمسری شاید ہی کسی

زمانے میں ہو۔

یہی حال دنیا کے ہر ملک اور دنیا کی ہر قوم کا ہے۔ ترقی علوم کی مثالوں میں ہسپانیہ کی تاریخ دیکھئے۔ عہد عباسیہ کی علم پروری کا مطالعہ کیجئے یا مصر، عراق، حجاز، شام، فلسطین اور بصرے و کوفے کی علمی مجالس اور ادبی کارناموں کے تذکرے دیکھئے۔ ہر جگہ آپ کو دو امور ہی کار فرما نظر آئیں گے۔ آسودہ حالی اور فیاض سلاطین کی علم پروری!!

تذکرہ بالا بیان سے ہمیں صرف یہ ثابت کرنا مقصود تھا کہ کسی ملک و قوم میں علوم و فنون اس وقت تک ترقی نہیں کر سکتے جب تک کہ وہاں کامل امن اور آسودہ حالی نہ ہو اور جہاں سلاطین اور امراء، عالموں اور ادیبوں کی ہمت افزائی اور قدر نہ کریں۔ اب انھیں امور کی روشنی میں ہم یہ دکھلانا چاہتے ہیں کہ ہمارے بادشاہ **سلطان العلوم نواب میر عثمان علیخان بہادر** کے عہد زریں میں حیدرآباد نے علوم عربیہ کی کونسی حقیقی خدمات بجالائیں۔

تقریباً نصف صدی ہوتی ہے کہ ہندوستان اس عرصے میں ہر قسم کی خانہ جنگیوں اور انقلاب انگیز ہنگاموں کو بھلا چکا ہے۔ اس زمانے میں قابل ذکر بیرونی خدشات بھی نہ رہے جس کی وجہ سے ملک ایک اضطرابی دور سے گزر سکتا بلکہ یہ نصف صدی رعایا کے حق میں مجموعی طور پر خوشحالی کا زمانہ ثابت ہوئی۔ ہر طرف علوم و فنون کے چرچے ہونے لگے۔ رعایا میں حصول علم کی زبردست خواہش پیدا ہوئی جس کا لازمی نتیجہ یہ ہوا کہ حکومت نے عوام کی فلاح و بہبود کی خاطر متعدد یونیورسٹیاں اور کالج، سینکڑوں علمی ادارے اور کتب خانے اور ہزارہا مدارس جاری کئے جن سے تشنگان علم اپنے علم کی پیاس بجھانے لگے اور اسی سے مدد لے کر اپنے مقاصد حیات میں پوری پوری کامیابی حاصل کرنے لگے۔

اسی مبارک دور میں ہمارے ملک حیدرآباد نے بھی ایک کروٹ لی۔ جیسا کہ میں نے ابتداء میں کہا ہے کہ قابل اور فیاض فرمانرواؤں کا وجود ملک کی ہر جہتی ترقی کے لئے از حد ضروری ہے۔ اس خوش نصیب دور کی بھی سب سے بڑی خصوصیت یہی ہے کہ یہاں روشن خیال اور علم پرور بادشاہ تخت سلطنت پر جلوہ فرما رہے غفران مکان **نواب میر محبوب علیخان بہادر** کے عہد میمنت مانوس میں احیاء علوم و فنون کی جانب پہلا قدم اٹھایا گیا۔ شاہ موصوف نے اپنے آباء و اجداد کی طرح تعلیمی ضرورتوں پر بے دریغ روپیہ خرچ کیا اور اسی زمانے میں بعض ایسے مدارس کی بنیاد ریاست حیدرآباد میں پڑی جو یہاں کے مشاہیر کی سوانح عمریوں میں ایک جزو

لاینفک کی حیثیت رکھتے ہیں مثلاً مدرسۂ نظامیہ، مدرسۂ فخریہ، مدرسۂ محمدیہ، مدرسہ دارالعلوم اور آخری عہد میں مدرسۂ عالیہ وغیرہ
نواب میر محبوب علیخان بہادر کے بعد علمی سرپرستی کے لئے ہماری خوش بختی سے نواب میر عثمان علیخان بہادر جیسی علم پرور ہستی ہمیں میسر آئی۔ ملک کی ہر جہتی ترقی سے قطع نظر آپ کے عہد زریں کا لازوال کارنامہ "عثمانیہ یونیورسٹی" کا قیام ہے جو اس قابل ہے کہ آپ کے نام نامی کو علم پرور شاہیر عالم کی صف اول میں جگہ دے اسی کے ساتھ ساتھ ظل اللہ نے اور بہت سے ایسے سرکاری علمی اداروں کو جاری کیا اور خانگی مجلسوں اور انجمنوں کی امداد و سرپرستی فرمائی جس کی وجہ سے آپ کی حقیقی عظمت اہل علم کے قلوب پر مرتسم ہوگئی۔

اس کے ماسوا شاہ ذیجاہ نے ہندوستان اور حیدرآباد کے علاوہ دیگر ممالک کے مشہور عالموں اور قابل ادیبوں کی وقتاً فوقتاً اعانت فرمائی (براہ راست نہ بھی ہو تو جامعہ عثمانیہ کی جانب سے) اور ان کی علمیت اور تبحر سے اہل ملک کو فائدہ اٹھانے کا پورا موقعہ عنایت فرمایا۔ یہی وہ کارنامے ہیں جن کی وجہ سے چند سال پہلے علمار ہند کی جانب سے آپ کی خدمت میں بجا طور پر "سلطان العلوم" کا خطاب پیش کیا گیا۔

اب ہم حیدرآباد کے ان مولفین اور مصنفین کا ذکر کریں گے جنھوں نے اعلیٰ حضرت بندگان عالی کے عہد حکومت میں عربی علوم کی حقیقی خدمات میں اپنی عمریں بسر کیں اور جنھوں نے اپنے پیچھے ایسی قابل یادگاریں چھوڑی ہیں جو صحیح معنوں میں اہل علم کے لئے کارآمد اور نفع بخش ثابت ہو سکتی ہیں۔ اس کے بعد ہم ان اداروں کا ذکر کریں گے جن میں ظل اللہ کی سرپرستی میں علوم و فنون عربیہ کی وہ خدمات جلیلہ انجام پائیں جن کا شہرہ نہ صرف مشرق میں ہے بلکہ جنھوں نے یورپ کے طبقۂ مصنفین میں ایک ہل چل ڈال دی ہے۔

اس سلسلے میں ہم سب سے پہلے جامعہ عثمانیہ کے پروفیسر صاحبین کا ذکر کریں گے جنھوں نے باوجود درس و تدریس کی کش مکش پیہم کے امور علمی میں کچھ نہ کچھ حصہ ضرور لیا۔

مولوی سید ابراہیم صاحب مددگار پروفیسر عربی نے، جو اس زبان کے بہترین شاعر ہیں ابوالعلار المعری کی طرح ایک رسالہ موسوم بہ "رسالۃ الغفران" لکھا ہے۔ انھوں نے اس کی ایک شرح بھی تیار کی ہے جس کو انھوں نے ابھی منظر عام پر لانا پسند نہیں کیا۔ دائرۂ تصنیف و تالیف سے ہٹ کر بھی ان کی شخصیت ہر طرح قابل تقلید ہے ان کی علمیت اور تبحر کی شہرت نہ صرف دکن اور ہندوستان تک محدود ہے۔ بلکہ دیگر ممالک مصر، عرب وغیرہ

میں بھی ان کا نام پہونچ چکا ہے۔ طرز تعلیم اور اصول تفہیم میں یہ مشرقی انداز کے قائل ہیں۔ یہ نہ صرف عربی ادب ہی کے ماہر ہیں بلکہ اسلامی قوانین، فقہ، اصول، حدیث، کلام اور تفسیر وغیرہ پر بھی کافی عبور رکھتے ہیں اور ان کا نام ان اشخاص کی فہرست میں پیش پیش رہنے کے قابل ہے جنھوں نے اپنی زندگی کا مقصد درس و تدریس قرار دیا ہو

ڈاکٹر عبدالحق صاحب پی۔ ایچ۔ ڈی۔ بی لٹ۔ ڈی فل موجودہ صدر شعبۂ عربی نے دیوان ابو تمام پر ایک بسیط تنقید کی ہے اور اس کی ایک شرح بھی لکھی ہے جو زیور طباعت سے ابھی آراستہ نہیں ہوئی۔ آپ علوم عربیہ کے لئے جدید طریقۂ تعلیم کو مفید تصور کرتے ہیں۔ آپ طلبا شعبۂ عربی کی ترقی کے سرگرم ممد اور جامعہ میں جدید عربی ادب کے علمبردار ہیں۔

مولوی سیف بن سلطان حسین صاحب ایم۔ اے ایل ایل۔ بی (عثمانیہ) لکچرر عربی جامعہ عثمانیہ نے دو کتابیں تیار کی ہیں جو عنقریب شائع کی جائیں گی۔ ایک علم نحو سے متعلق ہے جس کا نام "جامع النحو" ہے اور دوسری کا نام "نوح المدام عن رباعیات الخیام" ہے۔ یہ حکیم عمر خیام نیشاپوری کی رباعیات کا منظوم ترجمہ ہے۔ انھوں نے عربی رباعیات میں بھی اسی خوبی، سلاست پاکیزگی اور ندرت خیال کو قایم رکھا ہے جو خیام کی رباعیات میں ہے۔

مولوی عبدالقدیر صاحب صدیقی سابق پروفیسر دینیات جامعہ عثمانیہ نے بھی عربی زبان کی کچھ کم خدمات انجام نہیں دیں۔ تیس پینتیس سال تک نیاز مندان علم کو اس کے حقایق سے آگاہ کرتے رہے۔ دن اور رات شغل علم ہی میں کٹتے۔ کلیہ کے علاوہ گھر پر بھی شائقین علم و ادب کی رہبری کرتے۔ آپ نے دو کتابیں تصنیف کی ہیں جن میں ایک کا نام "الدین" ہے جو حدیث سے متعلق ہے اور دوسری کا نام "التعلیم الطبعی فی اللسان العربی" ہے آپ اس زبان کے شاعر بھی ہیں اور حال ہی میں ایک دیوان بھی شائع کیا ہے جس کا نام "زفرات الاشواق" ہے۔

مولوی غلام نبی صاحب سابق مددگار پروفیسر عربی جنھوں نے اسی سال وظیفہ پر علحدگی اختیار کی، حقیقتاً بے حد قابل اور ہر دلعزیز اساتذہ میں سے تھے۔ عربی نظم کو آپ اس خوش اسلوبی سے ذہن نشین کرا دیتے تھے کہ مدتوں وہ نکات طالب علم کے ذہن کا عزیز ذخیرہ بن جاتی تھی۔ فارسی اور عربی شاعری پر یکساں عبور ہونے کی وجہ سے آپ مطالب کے سمجھانے میں دونوں کے امتزاج سے وہ دلچسپی پیدا کرتے کہ بس لطف اٹھایا کیجیے!!

سابق پروفیسر صاحبین میں مولوی سید اشرف صاحب شمسی کا نام خاص طور پر قابل ذکر ہے۔ ان کی کینت

ابو شریف ہے سنہ ۱۲۸۰ھ میں پیدا ہوئے۔ فرقہ مہدویہ سے تعلق تھا۔ ابتدا ہی سے حصول علم کا چسکا لگ چکا تھا۔ مدرسۂ محمدیہ میں تعلیم پائی جس کو مولوی انوار الاصفیہ صاحب نے اپنے فرزند علامہ نواب ضیار یار جنگ بہادر کی تعلیم کے لئے قائم کیا تھا اور سنہ ۱۳۰۴ھ میں مکہ مسجد میں علماء کے ایک جلسہ میں دستار فضیلت آپ کے سر باندھی گئی۔ آپ کے اساتذہ میں مولوی محمد عباس علیخان صاحب علی پوری، خان علامہ اور مولانا عبدالصمد صاحب قندھاری خاص طور پر قابل ذکر ہیں

آپ کی تصانیف حسب ذیل ہیں:۔

نام تصنیف و تالیف	مضمون تصنیف	زبان جس میں کتاب لکھی گئی	کیفیت
مقدمہ تفسیر لوامع البیان	تفسیر	عربی	یہ ان کی زبردست تفسیر کا مقدمہ ہے
لوامع البیان فی تفسیر القرآن	″	″	یہ معرکۃ الآرا تصنیف چار جلدوں میں ہے اور ہر جلد ہزار ہزار صفحات کی ہے۔
تلخیص النحو	نحو عربی	اردو	جو کافیہ، مفصل اور مغنی کی ضرورتوں کو پورا کرتی ہے
رسالۃ المعراج	متعلق بہ معراج	″	×
العقائد	مذہب سے متعلق ہے	عربی	یہ بھی چار ضخیم جلدوں میں ہے اس میں عقائد کو نہایت وضاحت اور تفصیل سے قلمبند کیا گیا ہے
توضیح الکلام	علم کلام سے متعلق ہے	″	×
القول المختصر فی رکعتی الفجر	فقہ	اردو	چھوٹا سا رسالہ ہے
اللوامع المشرقہ فی کشف شرح الواحدۃ المطلقہ	تصوف	عربی	×
القول الاظہر فی شرح الفقہ الاکبر	کلام	″	×
کتاب الشہادۃ	×	اردو	×
خلاصہ اصول الشاشی	اصول فقہ	″	×
خلاصہ شمسیہ	منطق	″	×

نام تصنیف و تالیف	مضمون تصنیف	زبان جس میں کتاب لکھی گئی	کیفیت
رسالہ منطق	منطق	عربی	×
بانتہ فی شرح الامانتہ	تفسیر	اُردو	×
توضیح المرام فی قرأۃ الفاتحہ خلف الامام	حدیث	"	×
القول الاسلم فی تلخیص السلم	منطق	عربی	×
توضیح المنطق	"	اردو	×
تبیان الحقائق	تصوف	"	×
انوار رحمانی فی شرح مکتوب ملتانی	کلام	"	×
تنویر الدرایہ فی شرح اصول الروایہ	اصول	عربی	×
الایضاحات	کلام	"	×
القول المفید فی التجوید	تجوید	اُردو	×
الحکمیۃ العملیہ	اخلاق	"	×
رسالہ عروض وقافیہ	عروض	"	×
رسالہ تجوید	تجوید	"	×
تقریر الفوائد فی تحریر العقائد	کلام	عربی	×
رسالہ ضرورت مہدی	حدیث	اُردو	×
تنویر الہدایہ	"	"	×
القول المبین فی المصرمین	کلام	"	×
رسالہ ایصال ثواب	×	"	مختصر سا رسالہ ہے
شرح توضیح الکلام	کلام	"	×
الواح الذہب فی شرح معدن الادب	"	عربی	×

نام تصنیف و تالیف	مضمون تصنیف	زبان جس میں کتاب لکھی گئی	کیفیت
رسالہ کشف المنطق	منطق	عربی	×
الحیات بعد الممات	×	اُردو	×
آئینہ سوز و ساز شمسی	دیوان	فارسی	ضخیم دیوان ہے
مجموعۂ غم طراز شمسی	"	"	"
" طربات شمسی	"	"	"
دیوان شمسی	"	"	دیوان غزلیات جو مدون کیا گیا ہے
بیاض شمسی	"	"	"
داستان ناز و نیاز شمسی	"	"	یہ آخری بیاض ہے
رسالۂ دعا	حدیث	اُردو	×

شمسی صاحب کی تصانیف نہ صرف تعداد کے لحاظ سے بلکہ بلحاظ علمیت بھی ان کے نام نامی کو زندہ جاوید بنانے کے لئے بہت کافی ہیں وہ فارسی اور عربی دونوں زبانوں کے اعلیٰ پایہ کے شاعر تھے چنانچہ ان کی بہترین شاعری کا بیشتر حصہ ابھی منظر عام پر نہ آنے کی وجہ سے ان کی حقیقی عظمت لوگوں کے دلوں پر اچھی طرح مرتسم نہیں ہوسکی۔ طوالت کے خیال سے ہم ان کے ولولہ انگیز کلام کی کوئی مثال پیش کرنے سے قاصر ہیں البتہ صرف ایک چھوٹا سا قطعہ پیش کریں گے جس کو انھوں نے اپنے وظیفہ پر علیحدہ ہونے سے کچھ ہی دن پیشتر کہا تھا اور جو اپنے اندر جذبات عالیہ کی ایک بیمثال دنیا پوشیدہ رکھتا ہے جس کے ہر ہر لفظ سے علمی تجسس اور ادبی ذوق کی وہ امٹ خواہش ٹپکی پڑتی ہے جو مصنف کے دل میں آخری وقت تک پنہاں تھی۔ اور جس میں وہ جامعہ عثمانیہ اور اپنی تعلیمی خدمات پر فخر و مباہات کرتے ہیں۔

ولست بدار العلم البث ساعۃ اذا کنت لا تدری مکانی و محتدی

فھا ان ذا منی قریض نفثۃ کما نفث النفاث فی کل معقد

و اقرأت طلب العلوم بدارھا مقاصدھا من کل باب و مقصد

اتانی طلاب من دیار بعیدۃ فزودتھم بالعلم خیرا لتزوّد
فاوصلتھم من مولوی فاضل الی کامل حتی ارتقوا کل مصعد
فاھدا اھم قلبی الی خیر بغیۃ وارشدھم درسی الی خیر مرشد
انا البارغ العلام فی کل مبحث انا فارس لمقدام فی کل مشھد
وانی اصادی لنفس فی کل مرقب وانی اواسی القلب فی کل مرصد
وما تبتغی نفسی غنی المال والثری لان الغنی بالعلم لی خیر مقصدی

واجزح من ذالبیت قبل وداعکم
اذا لم یکن فیہ قیامی بسرمد

ان کے فرزند بھی عربی قابلیت میں اپنے والد کے قدم بقدم نکلے تھے لیکن عین جوانی میں ان کا انتقال ہوا جس کی وجہ سے نہ صرف ان کے والد کو بڑھاپے میں ناقابل برداشت صدمہ پہنچا بلکہ میدان عمل سے ایک قابل ہستی گم ہو گئی جس کا جتنا افسوس کیا جائے کم ہے۔ ان کا نام سید علی تھا اور کنیت ابوالحسن۔ انھوں نے دیوان زہیر ابن ابی سلمیٰ کی شرح اردو زبان میں لکھی ہے جو شائع ہو چکی ہے اور بہت سارے عمدہ قصائد بھی عربی زبان میں تحریر کئے ہیں ان کا انتقال ۱۳۴۷ھ میں ہوا۔

اساتذہ بیرون جامعہ میں ڈاکٹر زاہد علی صاحب پروفیسر عربی نظام کالج کا نام خاص طور پر لینے کے قابل ہے۔ آپ نے حال ہی میں دیوان حسن ابن ہانی کی نہایت مفصل شرح لکھی ہے جو جدید ادب میں یقیناً ایک قابل قدر اضافہ ہے۔

مولوی سید نبی صاحب پروفیسر جامعہ عثمانیہ جنھوں نے ادب عربی کی تکمیل مولوی سید ابراہیم صاحبؒ کی ہے موجودہ زمانے کے اچھے شعراء میں شمار کئے جاتے ہیں۔ ان کے قصائد عراق، فلسطین اور حجاز میں بھی کافی شہرت رکھتے ہیں۔ انھیں عربی صرف و نحو کے سمجھانے میں ید طولیٰ حاصل ہے۔ قدیم طریقوں سے گر یز حفظ کرانے کے یہ سخت مخالف ہیں عربی میں بہت سے مقالے، تنقیدیں اور علمی مضامین لکھ چکے ہیں۔ اب درسی کتب تیار کر رہے ہیں۔ انتہائی اچھے خیالات آدمی ہیں طالب علموں پر بے حد مہربان رہتے ہیں۔

مولوی وحید الدین صاحب عالی مرحوم جنھوں نے حال ہی میں انتقال کیا عربی زبان کے بہترین شاعر تصور

کئے جاتے تھے۔ انھوں نے عربی زبان میں بعض نہایت عمدہ کتابیں لکھی ہیں تصنیف و تالیف کے میدان میں یہ بھی مولوی اشرف شمستی کے ہم پلہ تھے۔ افسوس ہے کہ ان کے مفصل حالات اور کتابیں ہمیں اس مضمون کی تیاری کے وقت مل نہ سکیں۔

متذکرہ بالا مصنفین و مولفین کے علاوہ بہت سے ایسے اشخاص بھی دکن میں موجود ہیں جن میں علوم و فنون عربیہ سے بے حد دلچسپی ہے ان میں نواب مہدی یار جنگ بہادر بالقابہ کا نام نامی خاص طور پر قابل ذکر ہے کیونکہ آپ نے اس علوم کے احیاء اور اس کی سرپرستی میں کوئی دقیقہ فروگذاشت نہیں کیا۔ آپ نے متعدد بار اپنی تقاریر اور خطبات میں ان علوم کی تحصیل اور ترقی پر بہت زور دیا ہے اس لحاظ سے آپ کا نام عربی ادب کے محسنین میں شمار کیا جاسکتا ہے۔ آپ ہی کی طرح نواب بہادر یار جنگ بہادر کی بھی قابل تقلید شخصیت ہے جو فدائیان ادب عربی کی فہرست میں شامل کی جاسکتی ہے۔

کسی زبان کی خدمت صرف اسی وقت خدمت نہیں کہی جاسکتی جبکہ اس کا خدمت کرنے والا اس کا ماہر اور اسی کا علمبردار ہو بلکہ اس زبان میں اگر اس کی دلچسپی بہ نسبت دوسری زبانوں کے زیادہ ہو اور اس کی نشر و اشاعت میں وہ ہر وقت حصہ لیتا رہے خواہ وہ کسی طریق پر ہو تو یہ بھی اس کی بڑی خدمت تصور کی جائیگی۔ گمنامی سے خدمت پر کوئی اثر نہیں پڑسکتا اور اگر حقیقتاً کسی زبان کے سچے خادموں کو ڈھونڈھنا ہو تو شاید ہی آپ کو بلند بانگ دعوے کرنے والوں میں کوئی سچا خادم مل سکے۔ عالم کو شہرت کی پرواہ نہیں ہوتی بلکہ وہ خاموش اپنا کام کرتا رہتا ہے حتیٰ کہ شہرت خود اس کو ڈھونڈھ نکالتی ہے۔ حیدرآباد میں بھی ایسے کام کرنے والوں کی کمی نہیں بلکہ بعض فدائیان علم وادب نے گمنامی ہی میں اس دار فانی سے کوچ کیا اور دوسروں کو اس کی خبر بھی نہ ہونے پائی۔ اگر یہی قابل افراد آزاد ملکوں میں پیدا ہوتے تو آسمان شہرت پر مہر و ماہ کی طرح جلوہ گر رہتے لیکن وہ زمانہ بعید نہیں جب حیدرآباد بھی اپنے ان مشتاقان علم وادب کے کارناموں کو روشنی میں لائے اور جس شہرت و نیکنامی کے وہ اپنی زندگی میں مستحق تھے، گو بعد از وقت سہی انھیں اس سے متصف کردے۔

یہاں ہم یادرفتگان سے اپنے مضمون کو طویل کرنا نہیں چاہتے لیکن ان خادمان ادب کے نام پیش کردینا چاہتے ہیں جو گمنامی میں ہیں لیکن اپنی سعی پیہم سے باز نہیں آتے۔ حیدرآباد کی موجودہ علمی سرگرمیوں سے یہ اُمید ہو چلی ہے کہ ایک نہ ایک دن ان کے کارنامے ادبی دنیا کے آگے پیش ہوں گے اور انھیں بام رفعت پر پہنچا کر ہی رہیں گے

علوم و فنون کی فہرست میں سب سے بڑا رتبہ شاعری کو حاصل ہے۔ کوئی شاعر اس وقت تک عمدہ شعر نہیں کہہ سکتا

جب تک کہ وہ اس زبان پر پوری طرح حاوی نہ ہو جس میں شعر کہنا چاہتا ہے۔ حیدرآباد میں بہت سے ایسے قابل افراد گزر چکے ہیں اور موجود ہیں جو عربی میں عمدہ شعر کہہ سکتے تھے اور کہتے ہیں اور یہ اسی طرح پر اس زبان کی خدمت میں حصہ لیتے رہے ہیں ان میں مولوی بہاء الدین صاحب، مولوی محمد جعفر صاحب سروری، برادر محمد عبدالقادر صاحب سروری لکچرار اردو جامعہ عثمانیہ حبیب ابوبکر ابن شہاب سابق مددگار مدرس مدرسہ دارالعلوم، مولوی حکیم ہیبت اللہ صاحب وغیرہ خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔

سرکاری اداروں میں ہم مختصراً ان کا حال تحریر کرکے اس مضمون کو ختم کرتے ہیں۔ پہلا تو شعبۂ تالیف و ترجمہ جامعہ عثمانیہ ہے جس میں شعبۂ تراجم عربی نے اس عہد میں بے حد شہرت حاصل کی ہے۔ مولوی عبداللہ عمادی صاحب مترجم کتب عربی نے ترجمہ کے کام کے علاوہ تصحیح اور پروف پر نظرِ ثانی کرنے کی خدمات بھی انجام دیں۔ جامعہ عثمانیہ کا یہ زرین کارنامہ ہر لحاظ سے عظیم الشان ادبی خدمات میں شمار ہو سکتا ہے۔

اس کے بعد ادارۂ دائرۃ المعارف ہے اس کو نواب عماد الملک مرحوم نے ۱۲۹۷ف میں بہ سرپرستی حضرت اقدس و اعلیٰ حضور نظام خلد اللہ ملکہ و سلطنتہ قایم کیا۔ اس ادارہ کا قیام اس لئے عمل میں آیا تھا کہ ان مشہور و معروف علمار سلف اور ادبار سابق کی نادرہ کار تصانیف کو تلف ہونے سے بچایا جائے جو دست بردِ زمانہ سے تقریباً فنا ہو جا رہی تھیں۔ اس میں آٹھویں صدی ہجری تک کی اعلیٰ تصانیف شامل ہیں۔ اس مجلس نے جو کارہائے نمایاں انجام دیئے ہیں انھیں ہم تفصیلاً بیان کرنا چاہتے ہیں۔ آسانی کے لئے ان مطبوعہ کتب کا جدول پیش کیا جاتا ہے جو دائرۃ المعارف سے طبع ہو کر عوام کے ہاتھوں میں پہونچیں جن میں تصنیف اور مصنف سے متعلق ہی ذکر ہوگا۔

جب غفران مکان نواب میر محبوب علی خان بہادر آصف جاہ سادس کے عہد زرین میں ضرورت اس امر کی داعی ہوئی کہ ایک ادارہ قایم کیا جائے جس کے ذریعے ابتدائے اسلام سے لے کر آٹھویں صدی ہجری تک کی بیش بہا تصانیف کو جو تقریباً معدوم ہو چلی تھیں زیورِ طباعت سے آراستہ کرکے اہل علم کی صحیح رہنمائی کی جائے تو دائرۃ المعارف کے قیام کی تحریک کی گئی اور منظور ہو گئی۔ چنانچہ اس کے قیام کے وقت جو رپورٹ تیار کی گئی تھی اس میں اس کے بانین کے متعلق ہمیں حسب ذیل الفاظ ملتے ہیں:۔

اول من اعتنیٰ بتأسیس هذه الجمعیة مولانا السید حسین البلگرامی

المخاطب بالنواب عماد الملک ناظر معارف الدولۃ الآصفیہ وکاتب السر لحضرۃ السلطان النظام السادس والعلامۃ الجلیل المولیٰ عبد القیوم احد اساطین الشرعیۃ وذو المحاسن الظاہرۃ والباطنۃ مولانا انوار اللہ خان المخاطب بالنواب فضیلت جنگ شیخ الاسلام فی البلاد الآصفیہ غفر اللہ لھم اجمعین فضلاً وعنایۃ...... ولا ریب ان ھؤلاء الزعماء بذلوا غایۃ الجھود باخلاص النیۃ وحسن الطویۃ فی ترصیص ھٰذہ الجمعیۃ فطیب اللہ ثراھم۔"

اس زمانے میں ادارے کے بعض معاونین میں مفتی محمد سعید مدراسی، سید التحریر مظفر الدین، محقق، مولانا شیخ عبد الحق خیر آبادی، مولانا شبلی نعمانی، ڈاکٹر سر سید احمد خاں، نواب سر وقار الملک، نواب سر عماد الملک، نواب محسن الملک منشی انوار اللہ خان، مولانا عبد القیوم، نواب اقبال یار جنگ بہادر اور نواب رفعت یار جنگ بہادر جیسی مشہور علم دوست ہستیاں نظر آتی ہیں۔ اس کے سب سے پہلے صدر نواب وقار الامراء ہی تھے لیکن غفران مکان کے عہد میں صرف چند ہی کتب مہیا ہوئیں جو دائرۃ المعارف سے طبع ہو کر نکلیں۔

اس کے بعد آصف جاہ سابع سلطان العلوم نواب میر عثمان علیخان بہادر کے عہد میمنت مانوس میں اس ادارے کو بے حد اہمیت حاصل ہو گئی اور اس میں ایک نئی روح پھونکی گئی۔ آپ کے دور زرین کی ابتداء میں جب اس کی تنظیم جدید ہونے لگی تو بعض مشہور علم نواز شخصیتیں بھی اس کی اعانت میں شریک ہو گئیں۔ حالیہ رپورٹ سے اس کی موجودہ حالت کا ایک خاکہ ہماری نظروں کے سامنے آ سکتا ہے مثلاً:-

"فی عھد حضرۃ الملک النبیل السلطان الاکبر میر عثمان علی خان نظام الملک آصف جاہ السابع ازھر اللہ ایامہ الحمیدۃ"

"لما تفجرت ینابیع العلم فی ھذا العھد المیمون بتأسیس الجامعۃ الکبریٰ العثمانیہ واقامۃ دار التالیف والترجمۃ وافتتاح المدارس الفنیۃ والمعاھد الادبیۃ بذل سلطاننا الاشرف الاعرف بسلطان العلوم

عناية الجميلة الى هذه الجمعية العلمية وشرفها بالخطاب والمعونة العظيمة واشار فى توقيعه الملوكى المؤرخ غرة جمادى الاخرة ۱۳۲۸ھ الى مقاصدها الجليلة وامر بافتتاح دار تصحيح للكتب القديمه من العلوم العربية۔ فامتثالا لامره الكريم تجدد هذا المعهد بمساعدة الوزير الكبير النواب السير حيدر نواز جنگ بهادر وزير المالية والنواب عماد الملك رئيس الجمعية والنواب مسعود جنگ عميد الجمعية"

اس ادارے کے بعض مشہور معاونین اور علم دوست ہستیوں میں دکن، ہندوستان اور دیگر ممالک کے حسب ذیل مشاہیر خاص طور پر قابل ذکر ہیں:۔

مولانا احسان اللہ سندھی، ڈاکٹر سالم کرنکوی پروفیسر جامعہ بون (جرمنی) مولانا سید سلیمان ندوی، مولانا ابو عبداللہ محمد سورتی، ڈاکٹر ایچ۔ ریٹر، علامہ ابو الاشبال احمد محمد شاکر مصری، پروفیسر جامعہ ازہر، مولانا ابو الوفا افغانی استاد مدرسہ نظامیہ (دکن) ڈاکٹر آغناطیوس پروفیسر جامعہ لینن گراڈ (روس) مولانا عبدالوہاب صدر مدرس مدرسہ جالیہ مدراس مولانا عنایت اللہ پروفیسر جامعہ جھنگ (پنجاب) الحاج مولانا معین الدین ندوی صدر مدرس مدرسہ اسلامیہ باقی پور، ڈاکٹر نکلسن پروفیسر جامعہ آکسفورڈ، مولانا محمد اسعد برادہ ناظر دار الکتب (مصر) ڈاکٹر شادہ پروفیسر جامعہ ازہر (مصر) ڈاکٹر میکس مایرہوف (مصر) ڈاکٹر داؤد چلبی مدیر امور طبیہ، (بغداد) مولانا شیخ محمد نصیف (جدہ) علامہ بہجتہ البیطار (دمشق)

اس کی مجلس علمی کے عہدہ داروں میں حسب ذیل نام خاص طور پر قابل تذکرہ ہیں۔ اس کے صدر علامہ نواب محمد یار جنگ ہیں اور مولانا محمود حسن صاحب، مولوی عبداللہ عمادی صاحب رکن دار الترجمہ، مولوی مناظر احسن صاحب گیلانی پروفیسر جامعہ عثمانیہ، مولوی عبدالقدیر صاحب صدیقی سابق پروفیسر جامعہ، مولوی سید عباس حسین صاحب اور مولوی سید زین العابدین صاحب دیگر عہدہ دار ہیں اس کے سرپرستوں اور معاونین میں نواب سر حیدر نواز جنگ بہادر بالقابہ، نواب مہدی یار جنگ بہادر بالقابہ، نواب ناظر یار جنگ بہادر، مولوی حسین عبدالمنعم صاحب، مولوی خان فضل محمد خاں صاحب اور سید ظہور الحق صاحب ہیں۔

عہد عثمانی کے اس بست و پنج سالہ مبارک عہد میں علمائے سلف اور ادبائے قدیم کی حسب ذیل نادرہ کار تصانیف کی طباعت اور اشاعت پایۂ تکمیل کو پہونچ چکی ہے جس کی شہرت اور حقیقی عظمت کی دھاک نہ صرف ہندوستان اور ایشیا کے علمی و ادبی حلقوں میں بیٹھ چکی ہے بلکہ یورپ اور دیگر ممالک کے سارے اہل علم اس سودمند کتب سے بہرہ اندوز ہو رہے ہیں:۔

اسمائے کتب مع مختصر حالات

اسم تصنیف یا تالیف	اسم مصنف یا مولف	تعداد جلد و صفحات	مصنف کا سنہ وفات	قیمت سکہ عثمانیہ	کیفیت
الکہف والرقیم فی شرح بسم اللہ الرحمن الرحیم	علامہ شیخ عبدالکریم سبط شیخ عبدالقادر جیلانی	۴۰ صفحات	.	۵ر	بسم اللہ کی بہترین شرح ہے
اعجاز البیان فی تاویل ام القرآن	شیخ صدرالدین محمد بن اسحاق قونوی	۳۵۸ ، ایک جلد	۶۷۲ھ	۱ع ۶ر	سورۂ فاتحہ کی عدیم المثال تفسیر ہے
عمل الیوم واللیلۃ	علامہ ابن السنی رحمۃ اللہ	.	۳۶۴ھ	زیر طبع ثانی	رسول مقبول کے دن رات کے تمام اوراد و وظائف کو حسن و خوبی سے یکجا جمع کیا ہے
مشکل الآثار	امام طحاوی	۴ جلد صفحات ۱۶۹۰	۳۲۱ھ	للعہ ۱۲ر	علامہ موصوف نے نہایت وضاحت سے متعارض حدیثوں کے اعتراضات کو دلائل سے باطل قرار دیا ہے
جامع المسانید	قاضی القضاۃ ابوالمؤید محمد بن محمود خوارزمی	دو جلد صفحات ۱۱۹۴	۶۶۵ھ	لے	ان تمام مسانید کو جو امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کے محاسن و فضائل مرتب کیے نہایت عمدگی سے یکجا جمع کیا ہے
کنز العمال	مصنف علامہ سیوطی و مولف شیخ علی المتقی	۸ جلد صفحات ۲۸۴۳	۹۷۵ھ	عـہ ۱۴ر	مخزن حدیث ہے۔ علامہ سیوطی کی بہترین تصنیف ہے ترتیب بلحاظ حروف تہجی ہے
المستدرک مع التلخیص	امام ابو عبداللہ الحاکم	۴ جلد مجموعہ صفحات ۲۵۵۰	.	۵۰ر	علامہ موصوف کی تصنیف حدیث اور علم حدیث کے سارے مسائل اور مباحث پر حاوی ہے
المعتصر من مشکل الآثار	تصنیف امام طحاوی تلخیص قاضی یوسف بن موسیٰ	ایک جلد صفحات ۴۶۲		عہ ۱۲ر	تلخیص کے ساتھ ساتھ سارے اعتراضات کے جوابات نہایت عمدگی سے دئے ہیں۔
کتاب الاعتبار	علامہ محمد بن موسیٰ حازمی	ایک جلد صفحات ۲۵۲	۵۸۴ھ	۸ر	احادیث ناسخ و منسوخ میں بہترین تصنیف ہے
القول المسدد فی الذب عن مسند احمد	حافظ ابن حجر عسقلانی	ایک جلد صفحات ۱۰۴	.	۱۰ر	روایات مسند کے اعتراضات کے مدلل جوابات دئیے ہیں
الجوہر النقی فی الرد علی البیہقی	علامہ علاء الدین الماردینی ترکمانی	دو جلد صفحات ۶۵۲	۷۵۰ھ	صر ۲ر	سنن بیہقی پر جرح و تنقید کی ہے حدیث اور اصول حدیث کے اہم مباحث مندرج ہیں
مسند ابو داؤد طیالسی	سلیمان بن داؤد البصری	ایک جلد صفحات ۴۰۶	دوسری صدی ہجری	صر ۶ر	مسانید میں پہلی یا دوسری کتاب ہے مصنف ایک جلیل القدر محدث اور عالم تھے
احادیث قدسیہ	علامہ شیخ مدنی	ایک جلد صفحات ۲۴۸	.	۴ر	بلا واسطہ کسی فرشتے کے اللہ تعالیٰ کا رسول مقبول پر جو احادیث نازل ہیں ان کا بہترین مجموعہ ہے

اسم تصنیف یا تالیف	اسم مصنف یا مولف	تعداد جلد و صفحات	مصنف کا سنہ وفات	قیمت سکہ عثمانیہ	کیفیت
شرح تراجم ابواب البخاری	مولانا شاہ ولی اللہ دہلوی	ایک جلد صفحہ ۱۵۱	۰	۱۴ر	ابواب صحیح بخاری کے ہتمول کو نہایت بہترین پیرائے میں حل کیا ہے۔
الاستیعاب فی معرفۃ الاصحاب رضی اللہ عنہم	علامہ ابن عبد البر رحمۃ اللہ علیہ	دو جلد ۱۳۶۶ صفحات	۰	لعہ ۲/	تمام صحابہ و صحابیات رضی کے حالات درج ہیں فن رجال میں اس کا درجہ سب پر مقدم ہے
کتاب الکنی والاسماء	علامہ ابو البشر دولابی	دو جلد صفحہ ۴۸۰	سنہ ۳۱۰ھ	صہ ر	علامہ ممدوح نے ایک کنیت کے جتنے صحابہ... رواۃ حدیث ہیں ان کے ناموں کا شمار کیا ہے
تجرید اسماء الصحابہ رضی	علامہ ذہبی تلخیص اسد الغابۃ	جلد دو ۸۲۸ صفحات	۰	ے ۴ر	اسد الغابہ کی تلخیص کے علاوہ اور بہت سے صحابہ رض کے اسماء کا اضافہ فرمایا ہے
کتاب الجمع بین رجال الصحیحین	علامہ ابو الفضل مقدسی المعروف بابن القیسرانی	جلد ۲ صفحہ ۶۷۰	۰	۸/	علامہ موصوف نے اپنی معرکۃ الآرا تصنیف میں رواۃ صحیحین کو یکجا جمع کیا ہے
قرۃ العین فی ضبط رجال الصحیحین	علامہ عبد الغنی بن احمد البحرانی الشافعی	جلد ۱ صفحہ ۶۴	۰	۱۱ر	رواۃ کے متعلق چند اصول کے علاوہ اشتباہ رواۃ صحیحین کو دور کیا ہے
تعجیل المنفعۃ فی رجال الائمۃ الاربعہ	حافظ ابن حجر عسقلانی	جلد ۱ صفحہ ۵۷۰	سنہ ۸۵۲ھ	ے ۱۲ر	ائمہ اربعہ کے ان رواۃ کو جمع کیا ہے جو صحاح ستہ کے علاوہ ہیں
تہذیب التہذیب	علامہ ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ	بارہ جلدوں میں ہے	۰	۳۳ ر	صحاح کے رواۃ کے علاوہ دیگر رواۃ کو بالاستیعاب جمع کیا ہے فن رجال کی بہترین تصنیف ہے
لسان المیزان	" " "	جلد ۶ صفحہ ۳۲۶۰	۰	لعہ ۲/	علامہ ممدوح نے اس کتاب میں ان راویوں کا ذکر کیا ہے جن پر متقدمین کو اختلاف تھا تنقید بھی کی ہے
الجواہر المضیئۃ	علامہ محی الدین ابو محمد عبد القادر القرشی	جلد ۲ صفحہ ۹۸۰	سنہ ۶۹۶ھ	ے ر	اسماء باری تعالیٰ و اسماء نبوی پر تفصیلی طور سے بحث کی ہے حنفی علماء کے حالات بھی ہیں
تذکرۃ الحفاظ	امام ذہبی	جلد ۵ صفحہ ۱۴۷۰	۰	لعہ ۱۲ر	حفاظ حدیث کو طبقات کے ترتیب پر مرتب کرکے لکھا ہے صحابہ کرام کے حالات بھی ہیں
رسائل خمسہ اسانید	مختلف علماء	رسائل ۵ صفحہ ۲۲۳	۰	ے ۴ر	مختلف کتابوں کو رسائل کی شکل میں علماء نے اسناد کے لئے جمع کیا ہے
دلائل النبوۃ	علامہ ابو نعیم اصبہانی	جلد ۱ صفحہ ۲۳۹	سنہ ۴۳۰ھ	ے ۴ر	اس میں مصنف نے آنحضرت کے حالات دلائل نبوت اور آپ کے متعلق جملہ پیشینگوئیوں کو یکجا جمع کیا ہے
الخصائص الکبریٰ	علامہ سیوطی	جلد ۲ صفحہ ۵۹۰	۰	معہ ۶ر	آنحضرت کے تمام معجزات خصائص کو مع حوالہ کتب حدیث یکجا جمع کیا ہے

مناقب امام اعظم رحمۃ اللہ	موفق بن احمد مکی	جلد ۲ صفحہ ۵۳۸	سنہ ۵۶۶ھ یا سنہ ۶۶۰ھ مشتبہ ہے	۱۰ر	امام اعظم کے حالات شرح وبسط کے ساتھ بیان کئے ہیں اس کے ذیل میں امام اعظم کے مناقب نامی علامہ کردری کی کتاب بھی شامل ہے۔
سنۃ کتب العقائد مع شرح الفقہ الاکبر	چھ کتابوں کا مجموعہ ہے جس میں (۱) شرح فقہ اکبر مصنفہ شیخ ابو منصور ماتریدی (۲) " مصنفہ شیخ ابو المنتہی احمد مغنیاوی (۳) شرح وصیت امام ابو حنیفہ (۴) کتاب الابانہ امام ابو الحسن اشعری (۵) جواب اعتراضات وارد " "	ایک جلد صفحات ۵۳۹	.	۱۴ر	چھ کتابوں کا بے حد مفید مجموعہ ہے فقہ اکبر کی شرحوں کے علاوہ اعتراضوں کے جوابات اور ضمیمہ کتاب الابانہ نہایت عمدگی کے ساتھ لکھے گئے ہیں
الروضۃ البہیۃ	علامہ شیخ ابی عذبہ احمد اللہ	جلد ۱ صفحہ ۸۰	.	۱۰ر	علامہ موصوف نے اشاعرہ اور ماتریدیہ کے مسائل مختلفہ کو بیان کیا ہے
السمط المجید	علامہ صفی الدین احمد بن محمد مدنی قشاشی	جلد ۱ صفحہ ۱۸۴	.	۸ر	صوفیائے کرام کی طریقۂ بیعت خرقہ اور تلقین وغیرہ کا احادیث اور آثار سے ثبوت دیا ہے
الصارم المسلول	علامہ ابن تیمیہ	جلد ۱ صفحہ ۶۰۰	.	۶ر	علامہ ممدوح کی مہتم بالشان تالیف انبیاء علیہم السلام کی عظمت وفضیلت بہت وضاحت سے بیان کی ہے
شفاء السقام	علامہ شیخ تقی الدین سبکی	جلد ۱ صفحہ ۱۹۰	.	۱۴ر	آنحضرت صلعم کی زیارت کو احادیث وآثار صحابہ اور اقوال ائمہ سے ثابت کیا ہے
کتاب الروح	علامہ ابن قیم	جلد ۱ صفحہ ۴۴۸	سنہ ۷۵۱ھ	۷ر	روح کی حالت کو شریعت اور مذہب کی پوری طرح بیان کیا ہے قبر کی حالتیں بھی بیان کی ہیں
الذخیرہ	علامہ علاء الدین طوسی	جلد ۱ صفحہ ۲۷۲	سنہ ۸۷۷ھ	۱۴ر	سلطان محمد خان فاتح کے حکم سے غزالی کی کتاب تہافۃ الفلاسفہ اور دیگر کتب پر محاکمہ کیا ہے
استحسان الخوض	امام شیخ ابو الحسن اشعری	جلد ۱ صفحہ ۲۱	.	۴ر	صفات باری تعالیٰ اور زمانہ کے متعلق غور وخوض کرنے کو صحیح ثابت کیا ہے۔

اسم تصنیف یا تالیف	اسم مصنف یا مولف	تعداد جلد و صفحات	مصنف کا سنہ وفات	قیمت سکہ عثمانیہ	کیفیت
الرسائل التسعة	علامہ سیوطی	رسائل ۹ صفحہ ۲۸۰	.	عـہ ۴ر	ثابت کیا ہے آنحضرت کے والدین پر از جہنم حرام ہے یہ کہ آنحضرت صلعم بعد وصال زندہ ہیں امام اعظم کے مناقب بھی ہیں
فتح المتعال فی مدح النعال	علامہ احمد بن محمد المغربی	جلد ۱ صفحہ ۴۲۰	سنہ ۱۰۳۹ھ	عـہ ۴ر	تمام محدثین اور مورخین کے اقوال نبی کریم کے نعال مبارک کے متعلق جمع کئے ہیں
الاقتراح	علامہ سیوطی	جلد ۱ صفحہ ۱۹۰	.	۳ر	اصول نحو کی پہلی نادر الجواب کتاب ہے
مصداق الفضل	حضرت کعب بن زہیر رضی اللہ عنہ	جلد ۱ صفحہ ۲۴۲	صحابی تھے	۴ر	آپ کے مشہور قصیدے بانت سعاد کی شرح ہے جو شروع سے صرف و نحو و معانی و عروض بحث کی ہے
الفائق	علامہ ابو القاسم زمخشری	جلد ۲ صفحہ ۴۸۶	.	۱۲ر	لغات حدیث میں بہترین تالیف ہے
المغرب	علامہ ابو الفتح الحنفی	جلد ۲ صفحہ ۶۵۱	سنہ ۶۱۰ھ	۲ر	لغات اور اصطلاحات فقہ کو حل کیا ہے
کتاب الازمنة والامکنة	ابو علی مرزوقی	جلد ۲ صفحہ ۴۳۹	.	۷ر	زمان، مکان، افلاک، کواکب اور بروج وغیرہ پر نہایت تفصیلی بحث کی ہے
النفائش الارتضیه	ارتضا علی خاں	جلد ۱ صفحہ ۸۸	.	۱۴ر	رسالۂ عزیزیہ مصنفہ شاہ عبد العزیز دہلوی کی شرح مع تفصیل بیان و معانی
المنحة السراء	”	جلد ۱ صفحہ ۱۴۴	.	۴ر	مصنف نے اس میں سیارہ ہاری تعالیٰ کے معانی اور ہر ایک کی تاثیر تفصیلاً تحریر کی ہے
مفتاح السعادة	علامہ احمد بن مصطفےٰ المعروف بہ طاش کبری زادہ	جلد ۲ صفحہ ۱۲۳	سنہ ۹۶۲ھ	۷ر	جس میں علوم و فنون کی تعریف غرض و غایت اور ہر فن کی منتخب کتابوں کا جامع ذکر ہے
دستور العلماء	”	جلد ۴ صفحہ ۱۵۲۸	”	۱۳ر	اس میں مختلف علوم و فنون کے اصطلاحات و محاورات اور تاریخ کو بیان کیا ہے
شرح السیر الکبیر	علامہ سرخسی	جلد ۴ صفحہ ۱۵۸۵	.	۱۶ر	یہ سیر کبیر مصنفہ امام محمد کی بے نظیر شرح ہے فقہ حنفی کا بے بہا ذخیرہ اور الحرب اور جہاد پر عمدہ مباحث ہیں
دول الاسلام	علامہ ذہبی	جلد ۲ صفحہ ۵۶۶		۴ر	فن تاریخ میں بیش بہا تصنیف ہے۔

مرآۃ الجنان	علامہ ابو محمد عبداللہ ابن اسعد یافعی	جلد ۴ ص ۲۰۹۶	سنہ ۶۶۷ھ	عـہ ۸ر	یہ کتاب غزوات شمائل، معجزات نبوی، مناقب صحابہؓ اور صوفیائے کرام کی کرامتیں اور ان کے حالات بحوالہ تاریخ درج کئے گئے ہیں۔
التحفۃ النظامیہ	"	جلد ۱ ص ۱۵۱	"	عـہ ۲ر	مختصر رسالہ ہے جس میں مترادف الفاظ کا فرق تبلایا ہے۔
رسالہ فی فضیلۃ العلم والصناعہ	امام ابو نصر فارابی	رسالہ ص ۱۴	.	۴ر	اس کتاب میں علم و صنعت کی فضیلت پر بحث کی ہے
الفقہ الاکبر	امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ	جلد ۱ ص ۱۶	.	۹ر	عقائد و کلام کا بہترین رسالہ ہے آخر میں امام اعظم کے مفصل حالات درج ہیں
کتاب المجتنی	علامہ ابن درید	جلد ۱ ص ۱۰۰	.	عـہ ۴ر	نادر الوجود تصنیف ہے ادبی نقطہ سے احادیث علمائے کرام اور دیگر فصحا کے اقوال کو جمع کیا ہے
مباحث مشرقیہ	امام فخر الدین رازی	جلد ۲ ص ۱۲۹۵	.	۳ر	علم کلام کی عظیم الشان کتاب ہے تمام مسائل کلام پر تنقیح اور فیصلہ کیا ہے۔
جمہرۃ اللغۃ	علامہ ابن درید	جلد ۳ ص ۱۱۰۴	.	للعـہ	علم لغت کی بہت ہی مستند اور قابل قدر کتاب ہے تمام کتب لغت عربیہ کا ماخذ ہے
السنن الکبریٰ للبیہقی مع الجواہر النقی	امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی	دس جلدیں ہیں طبع شدہ چھ جلد	.	پہلی پانچ جلدوں کی قیمت ۱۲	علم حدیث اور حدیث سے متعلق حقیقی تنقیدیں ہیں ان میں یہ شاہکار ہے اس کے الجواہر النقی کا رسالہ بھی ہے
حماسۃ ابن الشجری	ابو السعادات ہبۃ اللہ ابن الشجری العلوی الغری	جلد ۱ ص ۳۲۷	.	۸ر	جامعیت اقوال میں حماسہ ابو تمام سے بازی لے گئی ہے۔ یورپ سے حاصل کی گئی۔
رسالہ اثبات المفارقات	حکیم ابو نصر فارابی	ص ۸	.	۴ر	فلسفہ طبیعیات کا بہت اچھا رسالہ ہے۔
رسالہ مسائل متفرقہ	"	ص ۲۷	.	۷ر	مختلف مسائل کے جوابات نہایت خوبی سے ادا کئے گئے ہیں
رسالہ نصوص الحکم	"	.	.	۶ر	تصوف و حقائق الٰہیہ میں مختصر مفید رسالہ ہے
رسالہ تحصیل السعادۃ	"	ص ۴۷	.	۱۲	علم طبیعیات اور معرفت میں نادر الوجود رسالہ ہے
السیاسات المدنیہ	"	ص ۴۶	.	۸ر	تہذیب و تمدن میں عدیم المثال رسالہ ہے۔
رسالہ التنبیہ علی سبیل السعادۃ	"	ص ۲۶		۶ر	حصول سعادت پر نہایت عالمانہ بحث کی ہے۔

اسم تصنیف یا تالیف	اسم مصنف یا مولف	تعداد جلد و صفحات	مصنف کا سنہ وفات	قیمت سکہ عثمانیہ	کیفیت
رسالہ تعلیقات فارابی	حکیم ابو نصر فارابی	صفحہ ۲۶	.	۶/	مسائل امور عامہ و طبیعیات پر نہایت عمدہ پیرایہ میں روشنی ڈالی ہے۔
کتاب التیجان	علامہ ابو محمد عبدالملک بن ہشام صاحب السیرۃ	جلد ا صفحہ ۴۹۵	.	عہ/	علم تاریخ میں معتبر کتاب ہے جس میں ملوک حمیر کے احوال نہایت تفصیل سے بیان کئے ہیں
الدرر الکامنۃ فی اعیان المائۃ الثامنۃ	علامہ ابن حجر عسقلانی	جلد ۴	.	[illegible]	آٹھویں صدی کے سلاطین امرا اور علما کے حالات میں علم رجال کی عمدہ کتاب ہے
الامالی لابن الشجری	علامہ ضیاء الدین المعروف بابن الشجری	جلد ۱ صفحہ ۵۸۵	.	[illegible]	مصنف نے اس میں نحو، صرف، بیان، بدیع، کلام، معانی وغیرہ کے اہم مسائل بیان کئے ہیں
تنقیح المناظر	علامہ کمال الدین ابی الحسن الفارسی	جلد ۲ صفحہ ۱۰۱۴	.	[illegible]	علم مرایا و مناظر میں لاجواب تصنیف ہے اور ان کے علوم کے اختلافات کو اشکال اقلیدس کے ذریعہ حل کیا ہے سب سے پہلی کتاب ہے جو دائرہ میں طبع
رسالۃ الدعاوی القلبیہ	.	.	.	۳/	مسائل فلسفہ و تہذیب جامع طریق پر بیان کئے ہیں
رسالہ مقالۃ فی اغراض ما بعد الطبیعۃ	.	.	.	۲/	مسائل ما بعد الطبیعیہ کو دلچسپ پیرایہ میں حل کیا ہے
رسالہ زینون الکبیر	.	.			علم کلام پر محققانہ بحث کی گئی ہے
تذکرۃ النوادر					مختلف علوم و فنون کی قدیم ترین اور نادر الوجود تصنیفات ہیں جو مشہور مقامات اور وہاں کے مکاتب کے پتے بھی درج ہیں
فہرست الجمہرۃ	ابن درید	صفحہ ۸۷۲	سنہ ۳۲۱ھ	[illegible]	مواد اسماء، شعراء، اسماء بقاع و اماکن وغیرہ جدید اصول انڈکس کو پیش نظر رکھ کر تیار کی گئی ہے جس سے متن کو پڑھنا نہایت آسان ہو گیا ہے۔
نزہۃ الخواطر	مولانا حکیم عبدالحی لکھنوی مرحوم	صفحہ ۲۱۴	.	[illegible]	آٹھویں صدی ہجری کے علما، شعرا اور سلاطین کے مفصل حالات تحریر کئے ہیں۔
کتاب الامثال	.			عہ/	مصنف نے مفید امثال اور ان کی شرح بہت عمدہ طور پر تحریر کی ہے پانچویں صدی ہجری کی تصنیف ہے کتاب الکامل کی تقلید ہے۔
صحح الامکنۃ	.				نزہۃ القلوب کی مانند جغرافیہ ... مقامات اور رجال کے اصطلاحات [illegible]

ان کتب کے علاوہ بہت ساری قدیم کتب زیر تصحیح ہیں جن میں علامہ ابونعیم المتوفی ۴۳۰ھ کی حلیۃ الاولیاء علامہ ابن جوزی المتوفی ۵۹۷ھ کی صفۃ الصفوۃ سخاوی کی الضوء اللامع فی اعیان القرن التاسع علامہ سید عبدالقادر کی تصنیف "النور السافر اعیان القرن العاشر" علامہ ہلال ابن یحیٰی کی تصنیف "احکام الوقف" علامہ ابوالبرکات کی کتاب کتاب المعتبر علامہ زید ابن رفاعۃ کی تصنیف "الاربعین للرازی" خاص طور پر قابل تذکرہ ہیں۔

مندرجۂ بالا تصانیف کے علاوہ جدید الطبع رسائل میں شیخ الرئیس ابوعلی ابن سینا کے حسب ذیل رسائل بھی طبع ہو چکے ہیں۔

(۱) رسالۃ الفعل والانفعال

(۲) رسالہ فی سر القدر عن معنی قول الصوفیہ

(۳) رسالہ عرشیہ

(۴) رسالہ فی السعادۃ

(۵) رسالہ فی اسباب الرعد والبرق

(۶) رسالہ فی الحث علی الذکر

(۷) رسالہ فی الموسیقی فقط

سید ابوالفضل بی۔اے

متعلم ایم۔اے (عربی)

حیدرآباد میں فنِ مُرغبانی کی ترقی

یہ مضمون بزم معاشیات و عمرانیات کے ایک جلسہ میں پڑھا گیا

وہ تمام غذائیں جو انسان کے استعمال میں آتی ہیں تین بڑے اجزا پر مشتمل ہوتی ہیں جن سے تغذیہ بدن ہوتا ہے یا جو ضائع شدہ انسانی تار و پود کو بنانے یا اس کی مرمت کرنے یا حرارت و طاقت پیدا کرنے میں مدد معاون ہوتی ہیں وہ تین اجزا یہ ہیں۔

(۱) پروٹیڈ (*Proteid*) (۲) کاربوہائیڈریٹ (*Carbo Hydrate*) (۳) چربی (*Fat*)

تحقیق سے یہ امر پایۂ ثبوت کو پہنچ چکا ہے کہ انڈے میں جو غذائی مادہ ہوتا ہے وہ بمقابل دودھ کے زیادہ ہوتا ہے۔ مثلاً ایک عدد انڈا جس کا وزن تقریباً ۲ اونس ہوتا ہے نسبتاً زیادہ غذائی مادہ رکھتا ہے۔ اتنے ہی ہم وزن دودھ سے حیات انسانی کی بقا کے لئے ۱۰۰ کیلوری[۱] حرارت درکار ہے[۲]

	پروٹیڈ	چربی	کاربوہائیڈریٹ	پانی	نمک	فضلہ	مقدار حرارت جو اس سے پیدا ہوئی
انڈا	۱۳/۱	۹/۳	۰	۶۵۵	۹/	۱۹/۲	۶۳۵
دودھ	۳/۳	۴۰	۵	۸۷.	۷/	۰	۳۱۰

[۱] کیلوری مقدار حرارت کا نام ہے ایک کیلوری میں تقریباً اتنی ہی حرارت ہوتی ہے جتنی کہ نصف سیر پانی کو چار درجہ فارن ہائیٹ پر پہنچانے کے لئے درکار ہو۔

[۲] رہنمائے صحت لکھنؤ بابت مارچ سنہ ۱۹۳۶ء

متمدن ممالک میں انڈے بطور غذا کے زیادہ تعداد میں استعمال ہوتے ہیں اندازہ لگایا گیا ہے کہ صرف شہر پیرس میں ہر شخص ۲۰۰ انڈے سالانہ بطور غذا کے استعمال کرتا ہے۔ ہندوستان میں آبادی کی اکثریت انڈے کو ایک غلیظ و ناپاک چیز سمجھتی ہے۔ مسلمان، پارسی، کرسٹان اور نیچ طبقے کے ہندو انڈے استعمال کرتے ہیں۔ اس طرح اگر ہم ایک سرسری اندازہ لگائیں تو معلوم ہوگا کہ ہر ہندوستانی کے استعمال میں سالانہ بمشکل ۲۰ انڈے آتے ہیں۔

ترقی یافتہ ممالک میں انڈے نہ صرف بطور غذا کے استعمال ہوتے ہیں بلکہ بہت سی صنعتوں میں بھی کام آتے ہیں مثلاً ممالک متحدہ امریکہ میں سالانہ ۴۰۰ ملین انڈے کیالیکو کی چھپوائی میں صرف ہوتے ہیں۔ ۲۴۰ ملین جلد بندی اور دوسرے چمڑے کی صنعت میں۔

انڈے بطور غذا اور صنعتوں میں استعمال کے بعد بھی زیادہ تعداد میں بچ جاتے ہیں تو وہ آمدنی کا بھی ایک ذریعہ ہیں۔ تخمینہ کیا گیا ہے کہ جزائر برطانیہ میں سالانہ ۶ کروڑ ۵۰ لاکھ روپیوں کے انڈے صرف ہوتے ہیں جن میں سے ۴۰ فی صدی بالعموم چین، مصر، جنوبی افریقہ اور آسٹریلیا سے درآمد ہوتے ہیں بالفاظ دیگر یہ ممالک ۳۰ کروڑ ۶۰ لاکھ روپے سالانہ برطانیہ سے انڈوں کی تجارت کے ذریعہ کماتے ہیں۔[1]

ریاست حیدرآباد ان چند ہندوستانی حصوں میں سے ہے جہاں فن مرغبانی کم و بیش عام طور پر جاری ہے۔ حیدرآباد کا اصیل مرغ قدیم زمانے میں بہت مشہور اور ترقی یافتہ حالت میں تھا۔ اس زمانہ میں اس کو عام طور پر لڑائی کے لئے سدھایا جاتا تھا۔ اس کو زوال میں آئے حال کی بات ہے۔ اب بھی بعض مقامات پر اس نسل کی اچھی مرغیاں نظر آتی ہیں۔ دیسی مرغی حیدرآباد میں عام طور پر پائی جائیں گی بمشکل سے کوئی گاؤں ایسا نہ ہوگا جہاں یہ نظر نہ آتی ہو۔

دیہاتی آبادی ہی زیادہ تر مرغیاں پالتی ہے۔ بمشکل کوئی شخص ریاست حیدرآباد میں ایسا ملے گا جس کا اصل یا ثانی پیشہ مرغبانی ہو بلکہ یہ ایک ذیلی پیشہ ہے۔ ہماری دیہاتی آبادی جس بری طور پر ان مرغیوں کی رکھ رکھاؤ کرتی ہیں وہ ناگفتہ بہ ہے۔ صبح ہوتے ہی مرغیوں کو کھولا جاتا ہے اور پھر انہیں باہر چگنے کے لئے نکال دیا جاتا ہے اور شام ہوتے ہی پھر انہیں بند کر دیا جاتا ہے۔

مرغیاں جو بند کی جاتی ہیں وہ یا تو جھانپ میں یا مٹکہ میں یا کرڈاڑا میں۔ ان تین طریقوں میں صرف اول الذکر طریقہ (یعنی جھانپ میں بند کرنے کا) ایسا ہے جس میں ہوا کے گذرنے کے لئے کافی گنجائش ہوتی ہے۔ بقیہ دو تو قیدخانہ سے کچھ کم نہیں۔ صفائی کا کچھ خیال نہیں رکھا جاتا۔ اس طرح مرغیاں نہایت ہی ناموافق حالات میں پلتی ہیں اور جب کوئی وبا پھیلتی ہے تو آسانی کے ساتھ اس کا شکار

---

[1] Hyderabad Poultry Survey Report By Nizamuddin Hyder

ہو جاتی ہیں۔

بہ حیثیت مجموعی مرغیوں کو کوئی غذا انہیں دی جاتی صرف چوزوں کو باجرہ یا جوار چھڑکا جاتا ہے۔ جوں ہی کہ وہ ذرا بڑے ہو جاتے ہیں انھیں بھی ان کی ماں کے ساتھ گھینے اور اپنی غذا آپ تلاش کرنے کے لئے باہر نکال دیا جاتا ہے جس طرح ہمارے مویشیوں کو اطراف و اکناف میں چرنے کے لئے چھوڑ دیا جاتا ہے بعینہ یہ ہی حالت مرغیوں کی بھی ہے۔ انھیں گھر پر رکھ کر گرد سے کچھ خرچ کرکے غذا دینا بار معلوم ہوتا ہو یہ نہیں سمجھا جاتا کہ مرغیاں بھی ایک طرح کا اصل (Capital) ہیں ان پر پیسے خرچ کرنے سے بعد میں چل کر معاوضہ ملتا ہے۔

مرغیوں کے اقسام:۔ مرغیوں کے حسب ذیل چار اقسام ہیں۔

(۱) کم اور میعادی انڈے دینے والی کڑک ہونے والی مرغی مثلاً دیسی مرغی، اصیل، چٹا گانگ، آرپنگٹن وغیرہ

(۲) زیادہ اور ہمیشہ انڈے دینے والی اور کڑک نہ ہونے والی مرغی مثلاً وائٹ لگ ہارن، سیاہ منارکہ، بصرہ کی مرغی وغیرہ

(۳) اپنے وزن کو بڑھانے والی موٹی مرغی مثلاً اوڈآئی لینڈ اوڈ، پلائی موتھ وغیرہ۔

(۴) نمائشی مرغی مثلاً پالٹس، سلیمانی وغیرہ۔

دیسی اور ولایتی مرغیوں کا مقابلہ:۔

دیسی مرغی	ولایتی مرغی (وائٹ لیگ ہارن)
۱۰ سے ۱۲ انڈے دینے کے بعد کڑک ہو جاتی ہے	کم از کم ۲ سال تک برابر انڈے دینے کے بعد کڑک ہو جاتی ہے
ایک سال میں ۵۰ سے ۱۰۰ تک انڈے دیتی ہے	ایک سال میں ۲۰۰ سے ۳۰۰ تک انڈے دیتی ہے۔
اس کے انڈے کا وزن ۳/۴ چھٹانک تک ہوتا ہے	اس کے انڈے کا وزن ایک چھٹانک ہوتا ہے
اس کے انڈے کی قیمت ۲ پیسے سے ۵ پیسے تک ہوتی ہے	اس کے انڈے کی قیمت ۶ر سے ۱/۲ ۱ر تک ہوتی ہے
اس مرغی کی قیمت ۸ر سے ۱/۲ ۱ر تک ہوتی ہے	اس مرغی کی قیمت ۳ روپیے سے ۶ روپیے تک ہوتی ہے۔
اس کے بازو اور دم کے پر ۲ر سے ۹ر سینکڑہ تک بک جاتے ہیں	اس کے بازو اور دم کے پر ۸ر سے ۱/۲ ۱ر سینکڑہ تک فروخت ہوتے ہیں
یہ مرغی بھدی ہوتی ہے	یہ خوبصورت اور گدگدی ہوتی ہے۔
اگر اس کو پکڑا جائے تو مشکل سے قابو میں آتی ہے	بآسانی پکڑی جاتی ہے
یہ مرغی ۵ سال کے بعد بوڑھی ہو جاتی ہے	یہ تین سال کے بعد بوڑھی ہوتی ہے

دیسی مرغی

اس کا گوشت لذیذ اور طاقتور ہوتا ہے

یہ بچے پالنے میں ماہر ہوتی ہے

ولایتی مرغی (وائٹ لیگ ہارن)

اس کا گوشت لذیذ اور طاقتور نہیں ہوتا۔

یہ مرغی بچے خود نہیں پالتی۔

شہریوں کی بہ نسبت دیہاتیوں کے لئے بعض سہولتیں

(۱) دیہاتیوں کو مرغیوں کی پرورش اور رہائش کے لئے کشادہ میدان اور دوسرے ذرائع بکثرت موجود ہیں جو شہریوں کو نصیب نہیں۔

(۲) دھوپ، سایہ، صاف ہوا اور کھلی روشنی یہ تمام اہم چیزیں جو ایک مرغی خانہ کے لئے ضروری ہیں دیہاتیوں کو نسبتاً زیادہ حاصل ہیں۔

(۳) دیہاتیوں کو خوراک پر کچھ زیادہ خرچ کرنا نہیں پڑتا اس لئے کہ اطراف واکناف کے کھیتوں اور میدانوں میں خود مرغیاں کیڑے کوڑے وغیرہ چگ کر پیٹ بھر لیتی ہیں دوسرے یہ کہ خود کاشتکار اپنے غلہ میں سے بآسانی تھوڑی مقدار مرغیوں کو دے سکتا ہے

(۴) مرغیوں کے متعلقہ تمام ضروری کاروبار موسم سرما میں ہوتے ہیں اور یہ ہی موسم کاشتکاروں اور زمینداروں کی فرصت کا ہوتا ہے کیونکہ اس موسم میں باہر کھیتوں میں کسانوں کے لئے بہت تھوڑا کام رہ جاتا ہے۔ اس لئے یہ مفید تجارت ہمارے دیہاتی ربیع کی فصل بونے کے بعد نہایت سہولت اور اطمینان سے اختیار کرسکتے ہیں۔ نیز اس فصل کے گذر جانے کے بعد جب زراعتی ضروریات ان کو باہر کھیتوں پر رہنے کے لئے مجبور کرتی ہیں تو گھر کی عورتیں یہ کام بخوبی انجام دے سکتی ہیں۔

چند خاص نسل کی مرغیاں اور اُن کی خصوصیات

وائٹ لگ ہارن:۔ وائٹ لگ ہارن نسل کے پرند نہایت خوبصورت ہوتے ہیں اور ان کے سفید اور خوبصورت پروں کی سُرخ آنکھیں اور زرد چونچ دیر نہایت دلکش ہوتے ہیں۔ معمولی وائٹ لگ ہارن نسل کی کلغی سادہ ہوتی ہے۔ مرغ کی کلغی کھڑی رہتی ہے اور مرغی کی ایک طرف لٹک جاتی ہے۔

طبعاً پھرتیلے اور سرگرم ہونے کے باعث اپنی روزمرہ کی غذا کا نصف تو وہ خود میدانوں میں اِدھر اُدھر گھوم گھام کر مہیا کر لیتے ہیں

---

۵ زمین کی دولت مرتبہ سید انعام اللہ صاحب حیدرآباد اڈیشن

اس لئے وائٹ لگ ہارن کی پرورش میں زیادہ کفایت ہے۔

اس نسل کی مرغیاں اپنی زیادہ انڈے دینے کی صفت کے باعث دنیا بھر میں مشہور ہیں۔ انڈوں کی تعداد فی پرند سالانہ ۲۰۰ سے ۳۰۰ تک ہے اور ہر ایک انڈا تقریباً ایک چھٹانک کا ہوتا ہے۔

وائٹ لیگ ہارن پرند سخت جان ہوتا ہے اور حیدرآباد کی آب و ہوا میں کامیابی کے ساتھ پرورش پاتا ہے۔

اوڈ آئی لینڈ روڈ: یہ مرغیاں بہت قدآور ہوتی ہیں۔ زیادہ تر جاڑوں اور شروع گرمیوں میں انڈے دیتی ہیں۔ یہ نسل یورپ میں بہت عام ہے رنگ کے لحاظ سے اس کی چند قسمیں ہیں مثلاً سرخ، خاکستری اور سبزی مائل۔ چونکہ یہ وزنی جانور ہے اس لئے یہ کراس بریڈ Cross Breed کے لئے موزوں ہے۔

بلیک منارکہ: یہ مرغی دراصل چین کی ہے لیکن یورپ کے اکثر ممالک میں اس کو پالا جاتا ہے۔ انگلستان میں یہ بکثرت پائی جاتی ہے رنگ کے لحاظ سے اس کی کئی قسمیں ہیں مثلاً سفید، خاکی، کالی وغیرہ۔ اس کا قد وائٹ لیگ ہارن سے کچھ نکلتا ہوا ہوتا ہے اس کے نر کی کلغی کھڑی اور مادہ کے ایک طرف جھکی ہوئی ہوتی ہے کلغی کا رنگ سرخ، ٹانگوں کا رنگ سیاہ اور کان کا سفید ہوتا ہے انڈے دینے میں یہ مرغی وائٹ لیگ ہارن کا مقابلہ نہیں کرسکتی یہ مرغی تین سال تک متواتر انڈے دینے کے بعد کڑک ہو جاتی ہے۔ اس کے جوڑے کی قیمت ۱۲ سے ۱۵ روپے تک ہوتی ہے۔

سوسکس: یہ ایک انگریزی نسل کی مرغی ہے۔ دیکھنے میں نہایت خوبصورت اور مناسب قد و قامت کی ہوتی ہے۔ یہ نسل انگلستان میں بہت عام ہے۔ یہ مرغی وزنی اور انڈے زیادہ تعداد میں دیتی ہے۔ یہ سفید، سرخ اور خاکی رنگ کی ہوتی ہے۔

دیسی مرغی: یہ ہندوستان کی مرغی ہے اور اسے آسانی کے ساتھ پالا جاسکتا ہے۔ اس کے نر کا وزن ایک سیر سے دو سیر تک اور مادہ کا تین پاؤ سے ڈیڑھ سیر تک ہوتا ہے۔ رنگ کے لحاظ سے اس کی کئی قسمیں ہیں مثلاً کالی، سفید، خاکی، زردی مائل وغیرہ۔ سال میں ۵۰ سے ۱۰۰ تک انڈے دیتی ہے۔ اس کا گوشت ولایتی مرغیوں کے بہ نسبت لذیذ اور قوت بخش ہوتا ہے اس کا کوئی مرغی خانہ نہیں۔ عام طور پر گھروں میں پالا جاتا ہے۔ اس کے جوڑے کی قیمت ۱۲ سے ۱۴ تک ہوتی ہے یہ مرغی نہایت سخت جان ہوتی ہے باوجود انتہادرجہ ناموافق حالات کے پلتی اور زندہ رہتی ہے۔

اصیل مرغی: یہ مرغی نسلاً ہندوستانی ہے۔ حیدرآباد کی اصیل قدیم زمانے میں بہت مشہور تھی اور عام طور پر اس زمانے میں اس کو لڑائی کے لئے سدھایا جاتا تھا گو چونکہ اب مرغبازی کا شوق باقی نہ رہا اس لئے اس کی طرف کوئی زیادہ توجہ نہیں کی۔ یہ بہت طاقتور اور بے حد

جنگجو پرند ہے۔ دیسی، ولایتی اور امریکی مُرغ اس کے لڑنے کی تاب نہیں لاسکتے۔ رنگ کے لحاظ سے اس کی قسمیں ہیں کالا سفید اور سُرخ اس کا نر نسل بڑھانے کے لئے اچھا ثابت ہوا ہے۔ اس کی ٹانگیں بہت مضبوط ہوتی ہیں۔ نر کا وزن تین سیر سے پانچ سیر تک اور مادہ کا وزن دو سیر سے ۲½ سیر تک۔ نر کا قد ڈیڑھ فیٹ سے دو فٹ تک ہوتا ہے۔ یہ مرغی ۱۰ سے ۱۴ تک ایک مرتبہ انڈے دیتی ہے۔ اس کے انڈے بعض دواؤں میں کام آتے ہیں۔ اس نسل کی مرغیاں کھلے میدانوں میں خوب پرورش پاتی ہیں۔ اس کے چوزے کا گوشت لذیذ ہوتا ہے۔ اس کے جوڑے کی قیمت ۱۰ روپے سے ۵۰ روپے تک ہے۔

بیماریاں اور ان کا علاج:۔ ان میں تمام قسم کی بیماریاں پائی جاتی ہیں مثلاً کالرا، پلیگ، کھانسی، سکتہ، حلق کپنا، ہیضہ، ٹک فیور، زہرباد سرسام وغیرہ عام طور پر کالرا اور چیچک میں مرغیاں زیادہ بیمار رہتی ہیں اب ہم ان بیماریوں کا ذکر تفصیل سے کریں گے جو عام ہیں۔

مرض کالرا:۔ بیٹ سبز رنگ کی ہو جاتی ہے اور دستوں کی صورت میں تھوڑی تھوڑی دیر سے آتی ہے پیاس کی زیادتی ہو جاتی ہے اور آنکھیں گڑھوں میں گھس جاتی ہیں۔ چہرہ نڈھال ہو جاتا ہے منہ اور پاؤں پتلے ہو جاتے ہیں اس بیماری کی انتہائی مدت ۵ یا ۶ روز ہے اکثر مرغیاں ۳ روز کے اندر ہی ہلاک ہو جاتی ہیں یہ بیماری وبا کی طرح پھیلتی اور ہزارہا مرغیوں کا صفایا کر جاتی ہے۔

چیچک:۔ یہ چوزوں کا مرض ہے اور بہت تکلیف دہ بیماری ہے جسم میں گندے مواد کی موجودگی سے یہ بیماری پیدا ہوتی ہے۔ جانور سُست ہو جاتا ہے۔ کلغی، ڈاڑھی اور چہرے پر دانے نکل آتے ہیں۔ جن کا رنگ سیاہ ہو جاتا ہے پھر بڑے ہو کر پھوٹ جاتے ہیں

ٹک فیور:۔ یہ ایک مہلک بیماری ہے جو مرغیاں اس مرض میں مبتلا رہتی ہیں اُن میں ۸۰ فیصدی مر جاتی ہیں۔ دیسی ساخت کے ڈربوں میں رکھنے سے مرغیوں کے جسم میں جوئیں پیدا ہوتی ہیں جو ان کا خون چوس چوس کر بیمار کر ڈالتی ہیں خون میں کمی ہو جاتی ہے اور مرغی کو بخار آتا ہے۔ اس مرض میں مبتلا ہونے کے بعد مرغی ہر وقت پروں میں چونچ ڈال کر کریدتی رہتی۔ بیٹ زیادہ ہوتے ہیں۔ ہر وقت کسی گوشے کی تلاش میں رہتی ہے اس مرض کی مدت ۶ ماہ ہے۔

بمبل فوٹ:۔ یہ بیماری عموماً مرغیوں میں پیدا ہوتی ہے جس کی وجہ سے مرغیاں اپنی آرام گاہ سے جو زمین سے اونچی واقع ہوتی ہے۔ کودنے سے ہوتی ہے۔ اگر اس بیماری سے غفلت برتی جائے تو اس کا نتیجہ مرغی کو لنگڑا بنا دینا ہے۔

مرضِ حلق:۔ اس مرض کا سبب یہ ہے کہ چھوٹے کیڑے حلق کی نلی میں پیدا ہو جاتے ہیں جس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ جانور کو سانس لینا دشوار ہو جاتا ہے۔

کھُردرے پاؤں یعنی پاؤں کی بیماری:۔ یہ نہایت تیزی سے سرایت کرنے والی بیماری ہے۔ اس بیماری والے پرندے کو دوسرے پرندوں سے فوراً علیحدہ کر دینا چاہئے۔

عام طور پر مرغیاں اللہ کے رحم و کرم پر چھوڑ دی جاتی ہیں۔ ان کا کوئی معقول علاج نہیں ہوتا۔ چیچک کا علاج یہ کیا جاتا ہے کہ نیم کے پتے پیس کر زخم پر لگائے جاتے ہیں۔ دوسری بیماریوں کی صورت میں لسن باریک پیس کر اجوائن کے پانی کے ساتھ مرغیوں کو دیا جاتا ہے اکثر مرغیاں پالنے والوں کو اس امر کی شکایت ہے کہ وقتاً فوقتاً بیماریوں کے پھیلنے کی وجہ سے انھیں نقصان ہوتا ہے۔ ظاہر ہے کہ یہ صورت فن مرغبانی کی ترقی کے لئے مضر ہے۔ اکثر دیکھا گیا ہے کہ موسم باراں کے اوائل میں جبکہ خود رو گھاس اگتی ہے۔ مرغیاں کھاتے ہی بیمار ہو جاتی ہیں اور کثرت سے مرنا شروع ہوتی ہیں۔ تحقیق سے یہ پتہ چلا کہ مرغیوں کے اس طرح ایکدم خوب گھانس کھانے کی وجہ سے بیمار ہو جاتی ہیں اور یہ بیماری بڑھتے بڑھتے کالرا مرض کی صورت میں تبدیل ہو جاتی ہے

ان امراض کی وجہ سے مرغیاں پالنے والوں میں ایک غیر یقینی حالت سی پیدا ہو گئی ہے جس کی وجہ سے وہ مرغیوں کی ہلاکت کے ڈر سے ایک دم تمام مرغیاں ارزاں داموں فروخت کر دیتے ہیں۔ اکثر حضرات نے دیکھا ہوگا کہ اوائل موسم برسات میں مرغیاں ارزاں داموں بکثرت فروخت ہوتی ہیں۔

پیداوار:۔ مرغیاں جو انڈے دیتی ہیں وہ مختلف ہیں بعض سالانہ ۵۰ اور بعض سالانہ ۱۰۰، اس طرح ہم بہ حیثیت مجموعی اوسط نکالیں تو ۹۰ انڈے ہوتے ہیں۔ جہاں تک کہ انڈوں کی فروخت کا تعلق ہے تھوڑی مقامی طور پر فروخت ہو جاتی ہے اور کثیر تعداد حیدرآباد اور سکندرآباد فروخت کے لئے لائی جاتی ہے ان دو مقامات پر دیہات کے بہ نسبت کچھ زاید قیمت مل جاتی ہے۔

عام طور پر انڈے بھوسہ یا چاول بھرے برتن میں محفوظ رکھے جاتے ہیں عموماً لوگ موسم گرما میں انڈے کم استعمال کرتے ہیں اور یہی وجہ ہے کہ اس موسم میں ۴ر فی درجن دیہات میں اور بلدہ میں ۸ر فی درجن فروخت ہوتے ہیں۔ بقیہ موسموں میں اوسط شرح قیمت ۶ر فی درجن دیہات میں اور ۱۰ر فی درجن بلدہ میں رہتی ہے۔ اعلیٰ اور متوسط طبقہ میں انڈوں کا استعمال زیادہ ہے اور یہ ہی حالت گزشت کی بھی ہے ۱۳۴۱ف میں ۶۰۵۷،۱۹۵ مرغیاں حیدرآباد سے برآمد کی گئیں جن کی مجموعی قیمت ۳ لاکھ ۷۰ ہزار روپیے وصول ہوئی۔ مگر یہ تعداد گذشتہ سال یعنی ۱۳۴۰ف کے اعداد سے کم ہے۔ ۱۳۴۰ف میں ۶۰۶۹،۱۹۱ مرغیاں برآمد کی گئی تھیں[۱]،، جو پرندے برآمد کئے جا رہے ہیں ان کی سالانہ اوسط تعداد تقریباً ۷ لاکھ ۶ ہزار ہے اور انڈوں کی تقریباً ۲ لاکھ ۱۳ ہزار برآمد کی جملہ مالیت ۴ لاکھ ۴۰ ہزار روپیہ ہوتی ہے۔ بجز آسام اور مشرقی بنگال کے ہندوستان میں کوئی صوبہ ایسا نہیں۔ جہاں مرغیوں کی پرورش اس قدر عام ہو[۲]،،

---

[۱] Administrative Report of the Customs department

[۲] از مضمون ریاست حیدرآباد میں مرغیوں کی پرورش، حیدرآباد فارمر بابتہ شہریور ۱۳۳۲ف

نسل کشی :۔ انڈوں کی تھوڑی تعداد جو بچ رہتی ہے اُسے نسل کشی کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔ سال تمام انڈے بٹھائے جاتے ہیں مگر زیادہ تر موسم سرما میں ایک وقت میں ۸ سے ۱۳، ۱۴ انڈے سینے کے لئے رکھے جاتے ہیں۔ سینے کے لئے انڈوں کا کوئی انتخاب نہیں کیا جاتا اور نہ یہ دیکھا جاتا ہے کہ انڈے آیا خراب ہیں یا اچھے، عموماً ۲۱ روز بعد بچے نکل آتے ہیں۔ اس دوران میں مرغی کو جوار بطور غذا کے دی جاتی ہے۔ یہ اکثر دیکھا گیا ہے اس طرح کہ بٹھائے ہوئے انڈوں میں ۵ یا ۶ خراب ہو جاتے ہیں۔

خانگی پولٹری فارم :۔ امجد پولٹری فارم :۔ نواب امجد علیخاں صاحب کا پولٹری فارم ہے صاحب موصوف کو اچھی نسل کے مرغیاں پالنے کا بہت شوق ہے اور انھوں نے کثیر رقم اس شوق کے لئے صرف کی ہے۔ ہر سال نمائش باغبانی و مرغبانی میں ۳، ۴ انعامات حاصل کرتے رہتے ہیں۔ مگر صاحب موصوف کا پولٹری فارم تجارتی اصول پر نہیں ہے۔

دوسرا خانگی پولٹری فارم حیدرآباد گلشن پولٹری فارم واقع آصف نگر ہے یہ نواب تراب علی خاں صاحب کا ہے چند دنوں پہلے تک نواب صاحب موصوف کو مرغیوں کی پرداخت کا بہت شوق تھا۔ کثیر رقم صرف کرکے اچھی اچھی نسل کی مرغیاں باہر سے منگوائی گئی تھیں۔ نمائش باغبانی و مرغبانی میں کئی مرتبہ انعام بھی حاصل کرچکے ہیں۔ اعلیٰ نسل کے جوڑے اور انڈے فروخت بھی ہوتے تھے مگر اب نواب صاحب موصوف کا شوق اس جانب سے ہٹ گیا ہے اور سوائے دو یا تین مرغیوں کے جوڑے کے اب کوئی مرغی نہیں۔ مرغی خانہ ویران پڑا ہوا ہے۔

سرکاری پولٹری فارموں میں حمایت ساگر، ٹینچرو اور پربھنی کے پولٹری فارم قابلِ ذکر ہیں۔ حکومت سرکارعالی نے جب دیہی ترقی کے لئے مراکز قایم کئے تو اس کے ساتھ ساتھ پولٹری فارم کا قیام بھی عمل میں آیا تاکہ حیدرآباد میں فن مرغبانی کو ترقی ہو۔ پٹن چرو کا پولٹری فارم اس بارے میں بہت کچھ کام انجام دے رہا ہے۔ وقتاً فوقتاً پمفلٹ اُردو و انگریزی میں شائع کئے جاتے ہیں عوام کو بتلایا جاتا ہے کہ وہ کن اصولوں پر عمل پیرا ہو کر اچھی نسل کے مرغیوں کو ترقی دے سکتے ہیں۔ دیہی آبادی میں مرغبانی کے شوق کو بڑھانے کے لئے وائٹ لگ ہارن کے انڈے مفت تقسیم کئے جاتے ہیں۔ عام طور پر لوگوں میں فن مرغبانی کے شوق کو بڑھانے اور اس کی ہمت افزائی کرنے کے لئے محکمۂ زراعت کی جانب سے دس ہزار روپیہ کے خرچ سے سالانہ نمائش باغبانی و مرغبانی ہوتی ہے۔ اچھی نسل کے مالکان مرغی کو انعامات دیئے جاتے ہیں اس نمائش کے سرپرست والاشان حضرت اعظم جاہ بہادر ولی عہد حیدرآباد ہیں اس نمائش کی ابتدا سلسنہ ۱۹۳۱ء میں ہوئی تھی سنہ ۱۹۳۵ء میں کل ۱۰۵ پرندے نمائش میں داخل کئے گئے جس کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

وائٹ لیگ ہارن	بلیک منارکہ	روڈ آئی لینڈ روڈ	اصیل
۶۲	۷۰	۱۰۱	۶۰

اصلاح کی تدابیر:- بیماریوں کی تحقیق کی جانی چاہئے اور اس کے لئے موزوں علاج تجویز کئے جائیں۔ حمایت ساگر پولٹری فارم نے تحقیق سے آسان ادویات معلوم کی ہیں جو تھوڑے سے پیسے خرچ کرنے سے بآسانی حاصل ہوسکتی ہیں۔ ضرورت اب اس امر کی ہے کہ پروپگنڈے کے ذریعہ ان دواؤں کو عوام تک پہنچایا جائے۔ صرف علاج کر دینے سے کچھ نہیں ہوتا تا وقتیکہ عوام اس سے باخبر نہ ہوں۔ حفظ ما تقدم کے طور پر بیماریوں سے بچنے کے لئے ہر ہفتہ مرغیوں کو ایک مرتبہ فنائل میں ڈبو دیا جائے۔ دو چھٹانک فنائل سے کر دس سیر پانی ملا کر مرغی خانے کے کھانے پینے کے برتن وغیرہ کو دھو دیا جائے۔ مرغی خانہ کو ہمیشہ پاک صاف رکھنے کی کوشش کی جائے۔

انڈوں کی فروخت کے لئے ایک ڈپو قایم کیا جائے۔ ڈپو مختلف مراکز سے انڈے حاصل کرے اور اس کے فروخت کا انتظام کرے پہلے اس طرح کا ایک ڈپو قایم تھا مگر معلوم نہیں کن اسباب کی وجہ سے یہ ڈپو برخاست ہوگیا۔ اس ڈپو کی از سر نو تجدید کی جائے اور اسے حیدرآباد فارمنگ ایسوسی ایشن کے زیر انتظام کر دیا جائے۔ انڈوں کو محفوظ رکھنے کے لئے سائنٹفک اصول اختیار کئے جائیں۔

پیکنگ کا معقول انتظام نہ ہونے کی وجہ سے ایک تہائی سے زیادہ انڈے پھوٹ جاتے ہیں۔ عام طور پر ٹوکروں میں گھاس ڈالی جاتی ہے اور اس پر انڈے رکھ دیے جاتے ہیں اُدھر کپڑا باندھ دیا جاتا ہے۔ اس غرض کے لئے بمبئی، کلکتہ، کراچی اور دہلی میں موٹے گتے کے بنے ہوئے خانہ دار ڈبے ملتے ہیں۔ ہر ایک انڈے کو موم دار کاغذ میں لپیٹ کر خانہ میں رکھا جاتا ہے اور خانہ کو کاغذ کی کترنوں سے بھر کر ڈھکنا بند کر دیا جاتا ہے یا ایک دو دیے کا ڈبہ لیا جائے اُس میں بھوسہ بھر کر انڈے رکھ دیئے جائیں۔ اگر یہ بھی نہ ہوسکے تو خالی سگریٹ کے ڈبے اس غرض کے لئے استعمال کئے جاسکتے ہیں۔ اس بارے میں انجمن امداد باہمی اپنے فرائض میں انڈوں کی فروخت کا بھی انتظام کرے

انڈا گرم ہونے کی وجہ سے موسم گرما میں بہت کم بطور غذا کے استعمال کیا جاتا ہے۔ اس موسم میں انڈے کی تھوڑی مقدار استعمال کی جانی چاہئے۔ اس غرض کے لئے زردی اور سفیدی کو دھوپ سکھا لیا جائے۔ مکھیوں سے محفوظ رکھنے کے لئے ایک باریک کپڑا اس کے اوپر باندھ دیا جائے اس طرح یہ خشک ہو کر ٹھوس مادہ بن جاتا ہے۔ موسم گرما میں اس کی تھوڑی مقدار دودھ میں ملا کر استعمال کی جائے تو نہایت مقوی ثابت ہوگی۔ اس طریق کا دوسرا فائدہ یہ ہے کہ انڈے خراب یا گندے نہ ہونے پائیں گے۔ مزید براں اس طرح کا خشک پکا ہوا ٹھوس مادہ چمڑے کی رنگوائی اور ہوائی جہاز کی پینٹنگ میں بھی آسکتا ہے۔ بطور نمونہ حمایت پولٹری فارم میں یہ چیز موجود ہے۔

مرغیوں کی فروخت کے لئے ایک مرکز قایم کیا جائے۔ سالانہ تقریباً ۳ لاکھ روپے کی مالیت کے مرغیاں حیدرآباد سے برآمد کی جاتی ہیں۔ مرغیاں بھیجنے کے طریقے نہایت ناقص اور ظالمانہ ہیں ایک ٹوکرے یا پنجرے میں ۶۰، ۷۰ مرغیاں ٹھوس دی جاتی ہیں۔ پیکنگ کے کم خرچ اور آسان طریقے معلوم کئے جائیں۔

انڈے محفوظ رکھنے کا بہترین طریقہ یہ ہے کہ ۴ گیلن اُبلتے ہوئے پانی میں ایک پونڈ سوڈیم سلیکٹ (Sodium-Slicate) ملا لیا جائے اور اس محلول کو ایک روغنی برتن میں ڈال کر اس میں انڈے رکھ دیئے جائیں۔ اس طرح جو انڈے رکھے جائیں گے وہ باسانی ایک سال تک اچھے رہ سکتے ہیں یا دوسری صورت یہ ہو سکتی ہے کہ ۱۵ اونس چونا ۳ گیلن صاف پانی میں ملا کر ایک روغنی برتن میں ڈال دیا جائے۔ اس طرح سے محفوظ کئے ہوئے انڈے ۶ ماہ تک اچھے رہ سکتے ہیں۔

جب مرغی بیمار ہو تو فوراً قریب کے ڈاکٹر کے پاس رجوع کرایا جائے۔ پروپگنڈے کے ذریعہ عوام کو انڈے استعمال کرنے کی ترغیب دی جائے۔ بچے نکالنے کے لئے ایک مشین ایجاد ہوئی ہے جسے پیرسن انکوبیٹر مشین (Pearson Incubator machine) کہتے ہیں۔ اس مشین میں ایک لیمپ ہوتا ہے۔ انڈے سینے کے لئے جتنی حرارت چاہیئے اتنی حرارت اس لیمپ کے ذریعہ پہنچائی جاتی ہے اس مشین میں بیک وقت ۱۰۰ تا ۲۰۰ انڈے رکھے جا سکتے ہیں۔ اس طریق سے بچے نکالنے کا فائدہ یہ ہے کہ انڈے خراب ہونے نہیں پاتے اگر کوئی انڈا خراب ہو گیا تو آلہ کے ذریعہ سے فوراً معلوم کیا جا سکتا ہے۔ عموماً جو انڈے مرغی کے نیچے بٹھلائے جاتے ہیں اُن میں ۵، ۶ ضرور خراب ہوتے ہیں پھر کڑک مرغی کے لئے بڑی دقت ہوتی ہے کئی دفعہ مرغی انڈوں پر سے اُٹھ جاتی ہے۔ اکثر مرتبہ خاص طور پر سینے کے لئے ایک نئی کڑک مرغی خریدنا پڑتی ہے۔ یہ تمام دقتیں دور ہو جاتی ہیں۔ اگر پیرسن انکوبیٹر مشین کے ذریعہ سے بچے نکالے جائیں۔ اس مشین کی قیمت ۱۵۰ روپیے ہے ظاہر ہے کہ ہر شخص اسے خرید نہیں سکتا۔ اس لئے عوام کے فائدے کے لئے یہ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ انھیں امداد باہمی مقامی طور پر ایک مشین خرید کر رکھے اور عوام سے فی انڈا کچھ دام لے کر بچے نکال کر دے۔ سرکاری پولٹری فارموں پر جہاں جہاں یہ مشین ہے ان کو چاہیئے کہ عوام کو مفت مشین کے ذریعہ سے بچے نکال کر دیں۔

زیادہ تعداد میں انڈے حاصل کرنے کے لئے یہ ضروری ہے کہ مرغی کو اچھی اور کافی مقدار میں غذا دی جائے۔ عام طور پر اس بارے میں بہت ہی لاپروائی برتی جاتی ہے۔ مرغی کے لئے بہترین اور سستی غذا حسب ذیل ہے۔

چار حصے گیہوں کا بھوسہ، دو حصے گیہوں کا آٹا، دو حصے چنے کا آٹا، اور آدھا حصہ السی کا سفوف ان سب کو ملا کر آمیزہ بنا لیا جائے اور دن میں تین مرتبہ دیا جائے۔ سیپیاں، گار کے پتھر، کوئلے کے ٹکڑے مرغیاں شوق سے کھاتی ہیں اس لئے ان چیزوں کو باریک پیس کر بطور زائد غذا کے مرغی خانے میں رکھا جائے۔

عموماً اگسٹ سے اکٹوبر تک مرغیوں کے پر جھاڑنے کا زمانہ ہوتا ہے۔ ہندوستان میں مرغیوں کے پروں کو کوئی اہمیت نہیں دی جاتی اور کوڑے کرکٹ میں ضائع کر دیے جاتے ہیں حالانکہ دوسرے ممالک مثلاً انگلستان، جاپان، ڈنمارک وغیرہ میں عمدہ سفید پر جا بجا معمولی

سفید ۵ اور رنگدار ۸ روپیہ سینکڑہ کے حساب سے فروخت ہوتے ہیں۔ پروں سے مختلف قسم کی اشیا تیار ہوسکتی ہیں۔ مثلاً گدیاں، گدیلے، پھول، برش، ٹوپیاں، شٹل کاک، کھلونے ڈسٹر وغیرہ۔[1]

عام طور پر مرغیوں کی بیٹ پھینک دی جاتی ہے۔ یہ ایک اچھی کھاد ہے خصوصاً پھلدار درختوں کے لئے اور پھول والے پودوں کے لئے تو اکسیر ہے۔ کاشتکار اگر ذرا توجہ کرے تو ایک اچھی کھاد اس طرح حاصل کرسکتا ہے

جب مرغی کڑک ہوجاتی ہے تو کڑک توڑنے کے لئے عام طور پر اس کی ناک میں جبراً ٹھونس دیا جاتا ہے یہ ایک ظالمانہ طریقہ ہے کڑک توڑنے کی آسان ترکیب یہ ہے کہ ایک تار کی جالی کا پنجرا بنالیا جائے۔ اور اس میں مرغی کے کھانے پینے کا تمام سامان رکھ کر مرغی کو پنجرے کے اندر بند کردیں اور درخت کی کسی شاخ میں لٹکادیں۔

جہاں تک مرغیوں کو بند کرنے کا تعلق ہے اس کے لئے مرغی خانہ تیار کیا جائے۔ اس مرغی خانہ میں ایک کھڑکی ضرور ہو تاکہ ہوا کا گذر اچھی طرح ہوسکے۔ روزانہ اندر کی مٹی نکال دی جائے اور تازہ مٹی ڈالی جائے۔

ہمارے نوجوان تعلیم یافتہ بیروزگار بھائی جو ملازمت کی تلاش میں دفاتر کے اطراف چکر لگاتے پھرتے ہیں اگر ذرا اس طرف توجہ کریں تو وہ بآسانی ماہانہ ۶۰، ۷۰ روپیہ کما سکتے ہیں۔ مرغبانی کے کاروبار کے ساتھ (Dairy. Products) کا بھی کاروبار کیا جائے تو بہت مناسب ہے۔ دونوں کاروبار تھوڑے سے سرمایہ سے جاری کئے جاسکتے ہیں جب تعلیم یافتہ نوجوان اس طرح کاروبار میں ہاتھ ڈالیں گے تو امید ہے کہ بہت سے کاروباری نقایص دور ہوجائیں اور کاروبار منفعت بخش طور پر چل سکے۔ صرف ایثار اور محنت کی ضرورت ہے۔

محمد عبدالرحیم متعلم سال چہارم

---

[1] "زمین کی دولت" مرتبہ سید انعام اللہ صاحب حیدرآباد

پروفیسر قاضی محمد حسین ایم اے۔ ال۔ ال۔ بی (اینٹب)
نائب معین امیر جامعہ

بھاگ متی کی آپ بیتی

میں نے یہ افسانہ محترمی ڈاکٹر زور صاحب کی دلچسپ کتاب "سیر گولکنڈہ" پڑھنے کے بعد لکھا ہے۔ اس کتاب میں یوں تو سارے افسانے بہت اچھے ہیں مگر "چچلم کی رقاصہ" مجھے بہت پسند آیا جس میں بھاگ متی اور شہزادہ قلی کی داستان عشق بیان کی گئی ہے۔ اس افسانے کے پڑھتے ہی بھاگ متی کی تصویر میری آنکھوں کے سامنے کھنچ گئی۔ ذیل کی سطور میں اس داستان عشق کو میں نے بھاگ متی سے لکھوایا ہے۔

(۱)

میں نئی نویلی، اپنے پیشہ کی زندگی سے ناآشنا جوانی کی لغزشوں میں کھوئی ہوئی، شعور شباب کی بدمستیوں میں بہی چلی جا رہی تھی میں کیا تھی ایک نازک سلونی بھولی بھالی کمسن لڑکی جو زمانہ کی ناسازگاریوں میں پلی تصنع اور تکلف میں جوان ہوئی اور ——— پھر پرشور موجوں کے دھارے پر تنہا چھوڑ دی گئی۔

مجھے آئینے کے سامنے گھنٹوں بٹھا کر دوسروں کو گھائل کرنے کے درس دیئے جاتے، مجھے بتایا جاتا کہ آنکھوں سے کس طرح تیر چلائے جاتے ہیں۔ سینہ کو ابھار کر کس طرح جذبات میں تلاطم پیدا کیا جا سکتا ہے، چال میں مستانہ پن کی ایک جھلک کس طرح قیامت برپا کر سکتی ہے، اور مسکراہٹ سے کتنی بجلیاں گرائی جا سکتی ہیں مگر میں اس مکتب کی ایک کند ذہن طالب علم ثابت ہوئی ———

گھر والے ناراض تھے ——— مجھ میں اپنے آبائی پیشہ کی استادانہ خصوصیات مفقود تھیں۔ میں اس اسٹیج پر ایک ناکام اداکار تھی۔ جب کبھی میں آئینہ سامنے لئے اپنے دن بھر کے سبق کو دُہراتی تو اپنے دلنواز تبسم کے سوا مجھے اپنی کوئی چیز نہ بھاتی۔

ماں کہتی "تیری نگاہوں میں جادو ہے، ذرا جادو چلانا سیکھ جا تو ساحرہ بن جائے گی"

اُستاد جی کہتے "تیری جوانی کا رس چاند کی کرنوں سے دُھلا ہے۔ اس میں ذرا صبح کی صباحت آجائے تو امرت بن جائیگا"

اور میں کہتی ——— میرا دل کہتا، میں کچھ نہیں!

مگر اپنے سینہ کے اُتار چڑھاؤ میں ایک جگہ ایسی بھی رکھتی تھی جہاں ارمانوں اور آرزوؤں کی پرورش ہوتی ہے۔

(۲)

رقص و سرود کی محفلوں میں گھڑیاں کاٹتے کاٹتے دو سال ہونے آگئے مگر میری زندگی بے سہارا ہی رہی۔ زندگی کے اس طوفان میں میری کشتی ڈگ مگ کرتی چلی جارہی تھی۔ اور ساحل پر کھڑے رہنے والے تماشہ بین چیخ چیخ کر مجھے اپنی طرف بلا رہے تھے اپنے تنومند مردانہ ہاتھوں کو ہوا میں جنبش دے دے کر بھنور کی طرف اشارہ کر رہے تھے ——— اس بھنور سے بچانے کی ہمت کسی میں نہیں تھی۔

اس دو سال میں کتنے نفرت انگیز جذبات میرے دل میں اُٹھا کئے مگر میں اس نفرت کو مسکراہٹ کے پردوں میں چھپاتی رہی۔ ایک مرتبہ ساری رات محفل عیش میں گذار کر صبح ہوتے ہوتے میں گھر آئی تو تھک کر چور ہوگئی تھی ——— آئینہ دیکھا تو میری مسکراہٹ میں افسردگی تھی، میں کملائی جارہی تھی، میرے کان اپنی تعریف سُنتے سُنتے پک گئے۔ میرے حسن کی میری اداؤں کی میرے ایک ایک عضو کی تعریف میں استعاروں اور تشبیہوں کی ساری نزاکتیں ختم ہو چکی تھیں ——— مگر میں تماشہ بینوں کے اس تصنع اور تکلف کی گفتگو سے تنگ آگئی تھی۔ مجھے کوئی اب تک اپنا بنانے والا ——— مجھ پر چھا جانے والا نہیں ملا تھا۔

(۳)

ایک رات میں نے خواب دیکھا۔

آسمان پر اُڑی جارہی ہوں، میرے پیروں سے نور کی کرنیں پھوٹ کر زمین تک پہنچ رہی ہیں۔ یک بیک اوپر نظر جو کی تو دیکھا کہ روشنی کی شعاعیں آسمان کا دامن چیر کر مجھ تک آرہی ہیں۔ ایسا معلوم ہوا جیسے میں نہا رہی ہوں نور کی بارش میں میرے جسم کی کثافتیں دور ہو رہی ہیں اور آخر میں ——— میں نے یہ محسوس کیا کہ میں خود ایک کرن بن گئی ہوں۔

آنکھ کھل گئی، میرا دل گدگدا اُٹھا۔ میں نے ایک جھرجھری سی محسوس کی، آئینہ سامنے رکھا تھا، دیکھا تو میرا چہرہ دمک رہا تھا آنکھیں خمار آلود تھیں، مگر اس میں سے مسرت کی ہلکی کرنیں آئینہ پر بکھر رہی تھیں۔ دل کی اس شگفتگی نے ہونٹوں کی کلی کھلوا دی اور ایک انگڑائی کے ساتھ میں نے ہاتھ جو اُٹھایا تو تبسم کی ایک لہر آئینہ کی سطح پر پھیل گئی ایک انجان خواہش دل میں پیدا ہوئی کہ کاش اس وقت مجھے پیچھے سے کوئی دیکھتا! مگر اس خواہش کے ساتھ ہی میں شرما گئی ———— ایک آخری مرتبہ نیند سے بوجھل ہوتی آنکھوں سے آئینہ کو دیکھا مگر اس میں کچھ اندھیرا اندھیرا سا نظر آیا —— پڑ کر سو رہی۔

(۴)

شاہی محل میں محفل نشاط منعقد ہوئی میرے پیشہ کی ساری اُستاد عورتیں وہاں بلائی گئی تھیں۔ جانے سے پہلے ماں نے میرا خوب بناؤ سنگھار کیا اور جب میں سنور کر پہلی مرتبہ شاہی محل میں آئی تو میرا دل زور زور سے دھڑک رہا تھا۔ محفل میں مجھے تیسری نشست ملی۔ پہلے ایک اُستاد گانے والی کی باری تھی۔ اس کا نام اصل میں روشن تھا۔ مگر روشنی کے نام سے مشہور تھی۔ امرا اور وزرا پر اس کے سحر نغمہ کا جادو چل چکا تھا، خود ظل اللہ بھی اس کا گانا سننے کے مشتاق رہا کرتے۔ ناچنا وہ جانتی نہیں تھی یوں ہی پیروں کو جنبش دے کر گھنگروؤں کو بجایا کرتی تھی۔ مگر گانے میں وہ سب پر بھاری تھی۔

شاہی حکم کے ساتھ ہی اس نے پہلے اُٹھ کر ظل اللہ کو سات سلام کئے اور گانا شروع کیا۔ اس کے آواز کے درد اور رسیلے پن نے ایسا اثر کیا کہ ساری محفل جھوم گئی۔ صاحب دل اور اہل ذوق امرا کا یہ اجتماع مسحور ہو کر رہ گیا۔ ظل اللہ بھی کبھی کبھی بے اختیار تعریف کر دیتے۔ اس کا گانا ختم ہوا، دوسری مانکہ بائی تھی اپنے فن میں یہ بھی کچھ کم نہ تھی مگر آج اس کا رنگ نہ جم سکا۔

اب میری باری تھی۔

دھڑکتے ہوئے دل اور لڑکھڑاتے پیروں سے اُٹھ کر میں نے ظل اللہ کو سلام کیا ———— میرے ہاتھ تھرتھرا رہے تھے۔ مجمع پر ایک نگاہ غلط انداز ڈالتی ہوئی محفل میں آئی پسینہ کا ایک قطرہ پیشانی سے ڈھلک کر میرے رخسار پر آگیا، ماں کی طرف دیکھا تو اس نے آنکھوں ہی آنکھوں میں ہمت بندھائی ———— میں نے اپنا رقص شروع کیا۔

گھنگروؤں کی جھنکاریں واہ واہ کی آوازنے مجھ پر کچھ ایسا اثر کیا کہ میں ایک غیر معمولی قوت کے ساتھ فنکارانہ ضربیں لگاتی رہی ناچتے ناچتے میں نے دیکھا ———— میں نے یہ دیکھا کہ دو پُر شوق نگاہیں میرے دل کی گہرائیوں میں گھسی جا رہی ہیں۔ جذبات کی لہروں نے میرے سینہ کے اُتار چڑھاؤ میں ارتعاش پیدا کر دیا میرے جسم کا ذرہ ذرہ مجسم رقص بن گیا ————

اور خدا شہزادہ کس درجہ مسرور ہو کر مجھے دیکھ رہا تھا۔ زندگی میں پہلی مرتبہ میرے دل میں ایک میٹھا درد اٹھا ——— میرا رقص ختم ہو گیا میں جذبات کی دنیا میں جھومتی ہوئی گر پڑی۔

دوسرے دن شہزادے نے باریابی کا شرف بخشا۔ میری قسمت جاگ گئی۔ میرے دل کی دنیا جگمگا اٹھی۔ شہزادہ مجھ پر قربان ہونے کو تیار تھا اور میں — — — میری ہزار زندگیاں شہزادے کی ایک محبت بھری نظر کی قیمت نہ ہو سکتی تھیں۔ دنیا نے مشہور کر دیا کہ شہزادہ مجھ پر عاشق ہو گیا۔ ماں پھولی نہیں سماتی تھی، میری ہم پیشہ عورتیں حسد سے جلی جارہی تھیں اور میں تھی کہ آسمان پر اڑی چلی جارہی تھی ہوتے ہوتے یہ خبر ظل اللہ تک پہنچی، شہزادے کو حسین لڑکیوں کے جھرمٹ میں بالا حصار میں قید کر دیا گیا تاکہ وہ مجھے بھول جائے شہزادہ مجھ تک آ نہیں سکتا تھا اور میں مجبور اپنی جھونپڑی میں کانٹوں پر لوٹ رہی تھی۔

ایک دن شہزادے کا قاصد خط لایا۔ لکھا تھا۔

محمد قلی کی طرف سے حسن کی شہزادی بھاگ متی کے نام

بالا حصار میں، شوخ و طرار لڑکیوں میں قید کر دیا گیا ہوں۔ یہ کم سن بھولی بھالی لڑکیاں میرے دل کو مستقل بار نشانہ بنا کر وار پر وار کرتی چلی جارہی ہیں ——— مگر جو دل نشانہ بن چکا ہے اور جس کا زخم ابھی دھویا بھی نہیں گیا تو یہ غریب لڑکیاں کس طرح اسے مجروح کر سکیں گی۔ بھاگ متی! یہ دل صرف تیرا ہے اور ہمیشہ تیرا رہے گا۔"

خط پڑھ کر میرا رواں رواں شہزادے کو دعائیں دینے لگا ——— میرا جذبۂ محبت امنڈ آیا۔ خوشی اور اپنی کم قیمتی اور نارسائی کے دو آنسو آنکھوں سے ٹپک پڑے۔ میں نے شہزادے کو جواب میں لکھا۔

حضور شہزادے کی خدمت میں غریب بھاگ متی کی طرف سے

اپنے مالک کے چرنوں میں آنکھیں ملنے کی آرزوؤں کے ساتھ

حضور میرا خیال چھوڑ دیں۔ میں جو حضور شہزادے کی داسی بننے کے بھی قابل نہیں، کس منہ سے محبت کا اظہار کر سکتی ہوں۔ حضور نے پہلی مرتبہ جس محبت بھری نظروں سے دیکھا ——— صرف اسی کی قیمت میں اپنی جان کا نذرانہ بھی حقیر سمجھتی ہوں۔ تو اب حضور جب میری محبت میں دیوانے ہو رہے ہیں تو میرے پاس کیا ہے جو نذر کر سکوں! میں ساری عمر شہزادے کے نام کی مالا جپ کر گذار دوں گی۔ شہزادہ جب ایک مرتبہ

عرش سے اتر کر ایک خاک نشین کو نواز چکا تو گھڑی گھڑی عرش سے اترنا کیا ضرور۔"

قاصد کے ہاتھ خط بھیج کر میں کچھ مطمئن سی ہو گئی۔ میرے دل کی وسعتیں وسیع تر ہو گئیں۔ دو دن گذرے تیسرے دن آدمی خبر لایا کہ شہزادہ میری محبت میں بے چین ہے۔ ہر لمحہ اس کی زبان پر میرا ہی نام رہتا ہے ——— یا اللہ میں اب کیا کر سکتی تھی!

(۵)

اس زور کی بارش ہوئی کہ ندی نالے ایک ہو گئے بجلی کی چمک اور بادل کی گرج سے دل بلیوں اچھل رہا تھا، بارش ختم ہی نہیں ہو رہی تھی ——— ندی کے پانی کی آواز زور زور سے آنے لگی ——— اس کے ساتھ چیخ و پکار کی آوازیں آئیں اور ایک کہرام مچ گیا۔ ندی میں سیلاب آیا اور قریب قریب کے مکانات اجڑتے جا رہے تھے بچوں اور عورتوں کی چیخوں سے سارا محلہ گونج اٹھا سیلاب بڑھتا جا رہا تھا ——— اپنے لئے میری جان کی کچھ قیمت نہ تھی مگر شہزادہ! ——— مجھے شہزادہ کا خیال آیا۔ سیلاب قریب آ رہا تھا۔ میرے ہمسایہ کے دو چار گھروں سے پانی ٹکرانے لگا۔ میں دروازے پر کھڑی ہو گئی۔ کتنا ہیبت ناک منظر تھا اتنے میں بجلی چمکی ——— میری آنکھوں نے دیکھا کہ شہزادہ تن تنہا گھوڑا دوڑائے چلا آ رہا ہے۔ اس طوفان میں اس زور کے سیلاب میں شہزادہ ندی پار کر کے مجھ تک آیا تھا۔ پانی میں تر بتر شہزادے کا گھوڑا میرے دروازہ پر رکا۔ بے اختیار میرے منہ سے ایک چیخ نکل گئی میں دوڑ کر گھوڑے کے پیروں پر گر گئی۔

اشفاق

جامعۂ عثمانیہ کے مزدور

ذیل کا مضمون بزم معاشیات و عمرانیات کے تحقیقاتی مضامین کے سلسلہ میں لکھا گیا تھا اور اس کے ایک جلسہ میں پڑھا گیا۔ اگرچہ میں نے اپنی اکثر معلومات کو اس میں درج نہیں کیا ہے مگر پھر بھی امکان ہے کہ بعض حضرات کو اس مضمون میں ایسی باتیں معلوم ہوں جن کو عامیانہ خیال کیا جائے۔ لیکن عمرانی تحقیق میں اخلاقیوں اور بداخلاقیوں دونوں کا ذکر ضروری ہے اور کسی چیز کی اصلاح کی طرف اس وقت تک ہرگز کوئی قدم نہیں اٹھایا جا سکتا تاوقتیکہ تصویر کے دو رُخ پیش نظر نہ ہوں۔ فقط

ہم جس وقت پُرجوش تقریریں کرتے ہیں اور اعلیٰ پایہ کے مضامین لکھتے ہیں تو اس وقت عموماً افریقہ اور امریکہ کے وحشیوں اور پست ماندہ اقوام کا ذکر بڑے افسوس کے ساتھ کرتے ہیں۔ ہم کو ان انسانوں کی حالت پر رحم آتا ہے جو نیم برہنہ تنگ و تاریک جھونپڑوں میں رہتے ہیں جن کے بچے سردی و گرمی میں لباس سے بے نیاز رہتے ہیں جن کی غذا جنگلی پھل اور پھول یا معمولی اور ادنیٰ فصلیں ہوتی ہیں۔ یہ صحیح ہے کہ ایسی پست ماندہ اقوام کا حال سُن کر ہمدردی کا پیدا ہونا لازمی ہے کیونکہ ہمدردی کے واسطے کسی قوم یا فرقے کا امتیاز ضروری نہیں مگر اس جوش اور ہمدردی میں ہم خود اپنے ملک کی حالت بھول جاتے ہیں اور ہمیں اس کا احساس بھی نہیں ہوتا کہ ہمارے یہاں بھی اس صدی میں ایسی اقوام آباد ہیں جو کسی طرح افریقہ اور امریکہ کے وحشیوں اور جنگلیوں سے کم نہیں ہیں۔

آج میں آپ کو ایسی ہی چند پست قوموں کا کچھ حال سناتا ہوں۔ یہ اقوام اگرچہ جنگلی ہیں مگر میں نے جہاں ان کے حالات، عادات واطوار، طرز رہائش، اور طرز معاشرت کا مطالعہ کیا ہے وہ کوئی جنگلی یا دور افتادہ مقام نہیں ہے بلکہ یہ شہر کے اطراف کا ذکر ہے جو ہندوستان کا چوتھا شہر ہے اور ایک وسیع اور ترقی یافتہ دیسی ریاست کا دارالخلافہ ہے جہاں کشادہ سڑکوں، عالیشان بنگلوں خوشنما دکانوں اور اعلیٰ قسم کی موٹروں کی کثرت ہے۔ جہاں ہر سال "تعیشاتی اشیا" پر کئی لاکھ روپیہ صرف ہوتا ہے۔ یہ لوگ اس شہر سے ۶، ۷ میل کے فاصلہ پر رہتے ہیں اور شہری زندگی سے بہت کم متاثر ہوتے ہیں ان سے میری مراد وہ مزدور ہیں جنھوں نے جامعہ عثمانیہ کے عارضی اور مستقل عمارات کی بنیادیں ڈالی ہیں۔

جس وقت اڈیکمیٹ کی سنگلاخ، پتھریلی اور نشیب و فراز زمین پر اس عظیم الشان جامعہ کی بنیاد رکھی جارہی تھی اس وقت یہاں ۶، ۳ ہزار مزدور کام کرتے تھے مگر جس وقت مجھے ان لوگوں کو دیکھنے کا موقع ملا اس وقت ان کی بڑی تعداد اپنا کام ختم کرنے کے بعد واپس جاچکی تھی اور یہاں صرف ½ ۱ ہزار مزدور موجود تھے۔ اگر ابتدائی زمانہ میں ان کے حالات کا مطالعہ کیا جاتا تو بہت سی معلومات فراہم ہوسکتی تھیں۔

جامعہ عثمانیہ کے کیمپ میں رہنے والے مزدوروں کو ہم کام کرنے کی صلاحیت کے اعتبار سے دو حصوں میں تقسیم کرسکتے ہیں۔ پہلے طبقہ میں عمدہ کام کرنے والے شامل ہیں یہ لوگ فن تعمیر سے بھی تھوڑی بہت واقفیت رکھتے ہیں یہ لوگ عموماً جنوبی ہند کے اضلاع مدورا، تنجور، رام ناتھ اور ان کے ملحقہ علاقوں کے ہوتے ہیں۔ پتھر تراشنے والے بعض پشاوری پٹھان بھی اس طبقے میں آجاتے ہیں اس طبقہ میں وہ لوگ بھی شامل ہیں جو پتھروں کو صاف اور چکنا کرکے اُس کو آئینہ کے مماثل بنا دیتے ہیں نسلی اعتبار سے یہ سب لوگ بہت طاقتور اور مضبوط ہوتے ہیں۔

دوسرے طبقے میں وہ مزدور شامل ہیں جو معمولی کام کرتے ہیں۔ مثلاً بڑے بڑے پتھر پہاڑوں سے تیر گاہ تک لانا، مٹی ڈھونا، سڑکیں بنانا، پتھر کوٹنا وغیرہ۔ ان میں وڈر، لمباڑے، دھیڑ، مانگ، لوگانی وغیرہ فرقے شامل ہیں۔ اب میں ان لوگوں کا حال الگ الگ تفصیل سے بیان کروں گا۔

__وڈر__ یہ لوگ ایک گرم ملک کے باشندے ہیں۔ پھر جنگلوں میں رہتے ہیں، محنت حد سے زیادہ کرتے ہیں۔ غذا معمولی کھاتے ہیں صفائی کا مطلق خیال نہیں کرتے اس وجہ سے ان کا رنگ پختہ سیاہ ہوجاتا ہے۔ یہی حال عورتوں کا ہے ایک مرتبہ میں نے ان کے بوڑھے آدمی کو دیکھا جو طاقتور اور مضبوط تھا اور صرف ایک اونچی دھوتی پہنے ہوئے تھا۔ سر پر چھوٹے چھوٹے بال تھے۔ داڑھی کے

بال کھرے تھے سینہ پر بھی لمبے لمبے بال تھے۔ مجھے یہ آدمی دیکھ کر ڈارون کی "گمشدہ کڑی" یاد آگئی۔ اگر دنیا میں اس قسم کے انسانوں کے ایک عظیم اکثریت مل جائے تو غالباً کسی کو ڈارون کے نظریہ ارتقا میں شک نہ رہے۔

میں جس وقت ان کے کیمپ میں گیا تھا مجھے افریقہ کے زولو اور زنبو قوم کی وہ جھونپڑیاں یاد آگئیں جن کی تصویر اکثر رسالوں اور اخباروں میں نظر سے گذری تھیں۔ کیمپ کے چھوٹے بڑے کتوں نے مجھ ایسے اجنبی کو دیکھ کر اس زور شور سے بھونکنا شروع کیا کہ گویا وہ مجھ کو انسان ہی نہیں سمجھتے۔ چاروں طرف سے ننھے ننھے ننگ دھڑنگ سیاہ بچوں، نیم برہنہ مرد اور عورتوں نے مجھے گھیر لیا۔ چند لمحوں تک حیرت و استعجاب سے دیکھنے کے بعد وہ اپنی زبان میں جس سے میں قطعاً ناواقف ہوں میرے متعلق خیال آرائیاں کرنے لگے۔ میں اس منظر میں ایسا کھو گیا کہ کچھ دیر کے لئے بالکل بھول گیا کہ میں افریقہ کے کسی حصہ میں ہوں یا ہندوستان کے!

یہ قوم جب جنگلوں میں رہا کرتی ہے تو پکی جرائم پیشہ ہوتی ہے۔ اور آدمی کو چند روپیوں کے حاصل کرنے کے خیال سے مار ڈالنا بالکل معمولی بات سمجھتے ہیں۔ وہاں ان کے مکانات میں جو "گرسی" کہلاتے ہیں قدم رکھنے کی جرأت کرنا کوئی آسان بات نہیں ہے ان کے پاس بڑے بڑے جنگلی کتے بھی ہوتے ہیں جو ان کو جرائم میں مدد دیتے ہیں مگر شہروں میں آکر یہ جرائم نہیں کرسکتے کیونکہ باقاعدہ پولس کی نگرانی میں رکھے جاتے ہیں۔ اگرچہ ان کو شہروں میں جنگلوں سے زیادہ آمدنی حاصل ہوتی ہے مگر اس لحاظ سے کہ ان کی آزادی میں فرق آجاتا ہے۔ یہ شہروں کی زندگی کو پسند نہیں کرتے۔ جامعہ عثمانیہ کے ڈاروں کے دو فرقے ہیں۔ ایک راچوری وڈر کہلاتے ہیں اور دوسرے مٹی وڈر۔ طور و طریق، طرز معاشرت میں دونوں یکساں زندگی بسر کرتے ہیں۔ البتہ بعض چھوٹی چھوٹی باتوں میں اختلاف ہے

یہ لوگ آٹھ، دس جھونپڑیاں ایک ساتھ ملا کر اس طرح بناتے ہیں کہ ایک گول دائرہ بن جاتا ہے یعنی جھونپڑیاں دور تک دور دیہ چلی جاتی ہیں۔ ہر جھونپڑی کے باہر مٹی کے دس بارہ برتن پڑے نظر آتے ہیں۔ یہ لوگ پانی کے برتن باہر ہی رکھتے ہیں کیونکہ جھونپڑی میں ان کے رکھنے کی گنجائش نہیں ہوتی۔ ان کے جھونپڑے دور سے مرغیوں کے ٹاپے کی مانند نظر آتے ہیں بعض جھونپڑیاں بیضوی شکل کی ہوتی ہیں۔ دروازہ اس قدر چھوٹا ہوتا ہے کہ آدمی بیٹھ کر اس کے اندر جاسکتا ہے۔ یہ جھونپڑیاں تاڑ کے پتوں سے بنائی جاتی ہیں۔ بارش میں ٹپکنے کا خوف نہیں رہتا۔ بیضوی شکل کی جھونپڑیوں میں چاروں طرف ایک فٹ کچی مٹی کی دیوار کھڑی کرکے اس پر دو چار بانسوں کے پتلے پتلے ٹکڑے کرکے مثل کمان کے لگا دیتے ہیں اور ان پر پتے ڈال کر جھونپڑیاں تیار کرلیتے ہیں۔ جھونپڑی میں اتنی جگہ نہیں ہوتی کہ آدمی کھڑا ہوسکے۔ گول جھونپڑیوں کا قطر عموماً چھ فٹ ہوتا ہے۔ دوسری قسم کی جھونپڑیاں چھوٹی بڑی ہوتی ہیں بعض ایسی بھی جھونپڑیاں ہیں جن کا طول ۵ فٹ اور عرض ۴ فٹ ہے۔ راچوری وڈروں کی جھونپڑیاں ذرا اچھی ہوتی ہیں۔ اور

ان میں چاروں طرف دیواریں بھی ہوتی ہیں۔ بعض دیواروں پر سفیدی بھی موجود ہے اور گیرو (سرخ رنگ) سے معمولی پھول بیل بنائے گئے ہیں۔ یہ لوگ اپنی بعض جھونپڑیوں میں بیچ میں ایک دیوار کھڑی کرتے ہیں اور اس طرح جھونپڑی کے دو حصے ہو جاتے ہیں دائرہ میں کسی جگہ یا نمایاں جگہ پر مقدم کی جھونپڑی ہوتی ہے اس کو جھونپڑا کہنا مناسب ہے کیونکہ اس میں آدمی کھڑا ہو سکتا ہے۔ اس میں روشنی بھی آتی ہے مقدم اور راجگوری دڈروں کی جھونپڑیوں کے علاوہ اور کسی جھونپڑی میں اتنی روشنی نہیں ہوتی کہ آدمی کتاب پڑھ سکے۔ مقدم کے جھونپڑے کے سامنے ایک چھپر بھی ڈال دیا جاتا ہے یہ گویا اس کے دفتر کا کام دیتا ہے۔ مقدم کے جھونپڑے کو دیکھنے سے پتہ چلتا ہے کہ اس کا معیار زندگی دوسرے لوگوں سے بڑھا ہوا ہے کیونکہ اس کے یہاں ایک معمولی پلنگ، الگنی کا صندوق، پیتل کے برتن، چھوٹی قندیل اور اسی قسم کی چند اور چیزیں نظر آتی ہیں۔ بعض شوقین مقدموں کے یہاں کنگی کے کیلنڈر۔ اور کپڑوں کے تھانوں کی تصویریں بھی چپکی ہوئی نظر آتی ہیں۔ برسات کے علاوہ دوسرے موسموں میں اپنا کھانا جھونپڑیوں کے باہر پکاتے ہیں مگر برسات میں کھانا بھی اندر پکتا ہے۔ یہ لوگ اپنے اوڑھنے بچھانے کے کپڑے، اور پہننے کے کپڑے بالسوں پر ٹانگتے ہیں۔ جھونپڑیاں اندر سے گوبر سے لیپی جاتی ہیں۔ اور باہر بھی کچھ لیپ دیا جاتا ہے۔ ایک جھونپڑی میں عموماً میاں بیوی اور اس کے دو تین بچے رہتے ہیں یہ لوگ سور اور مرغیاں بھی پالتے ہیں، اور ان کے لئے بھی اپنی جھونپڑیوں کے قریب چھوٹی چھوٹی جھونپڑیاں بنا دیتے ہیں ان لوگوں کے کیمپ کے آس پاس پتھروں اور چٹانوں میں بڑی تعداد میں چھوٹے چھوٹے گڑھے نظر آتے ہیں جو مرچیں کوٹنے کے لئے استعمال ہوتے ہیں۔

ان کی عام غذا چاول ہے مگر یہ بہت معمولی قسم کا چاول کھاتے ہیں جس کی رنگت سرخ ہوتی ہے۔ ان چاولوں کو اُبال کر ان کے ساتھ سرخ پسی ہوئی مرچیں بڑی کثرت سے استعمال کرتے ہیں۔ املی کا کھٹا بھی چاولوں سے کھاتے ہیں۔ بینگن، دالیں، جوار بہت کم کھاتے ہیں۔ جنگلات میں ان کو جنگلی مرغیاں اور ان کے انڈے آسانی سے مل جاتے ہیں اس لئے یہ ان کو بڑے شوق سے کھاتے ہیں مگر شہروں میں یہ چیزیں نایاب ہونے کی وجہ سے میسر نہیں آتیں۔ بٹی وڈر سور بھی کھاتے ہیں یہ لوگ سیندھی کے بڑے شوقین ہوتے ہیں لیکن ایک عجیب بات ہے کہ جنگلوں میں یہ سیندھی صرف تہوار اور شادی بیاہ کے موقعہ پر پیا کرتے تھے مگر شہروں میں چونکہ ان کو اُجرت کافی ملتی تھی اس لئے عادی ہو گئے ہیں اور روزانہ آمدنی کا ایک اچھا خاصہ حصہ اس کی نذر ہو جاتا ہے۔ ان کے یہاں ایک آدمی ۲۰ سیر سیندھی ۲۴ گھنٹے کے اندر پی سکتا ہے۔

ڈوڈر موٹے کپڑے کا ایک مشلوکا پہنتا ہے۔ سر پر ایک چھوٹی سی پگڑی باندھتا ہے۔ دھوتی گھٹنوں سے اونچی ہوتی ہے عموماً مرد سر منڈاتے ہیں البتہ بعض انگریزی بال بھی رکھتے ہیں۔ عورتیں ایک ساری باندھتی ہیں اور یہ ساری بھی دھوتی کی طرح باندھی جاتی ہے۔ اوپر کوئی کپڑا نہیں پہنتی بلکہ ساری کا ایک پلو کندھے پر سے جاکر اس طرح ڈال لیتی ہیں کہ ان کا سینہ چھپ جاتا ہے۔ ایک کندھا اور سر کھلا رہتا ہے۔ روایت مشہور ہے کہ اس قوم میں آج تک کسی عورت نے سینہ بند (چولی) نہیں پہنا، اور ان کا عقیدہ ہے کہ وہ اگر یہ بدعت کریں تو ان پر کوئی مصیبت نازل ہوگی۔ عورتیں جوڑا باندھتی ہیں۔ ہاتھوں میں سیسے کی ایک ایک چوڑی اور کہنیوں سے اوپر بھی ایک چوڑی پہنتی ہیں۔ پاؤں میں بھی ایک موٹی چوڑی پڑی رہتی ہے۔ گلے میں سُرخ، سفید اور کالے دانوں کے معمولی قسم کے ہار ہوتے ہیں۔ انگلیوں میں موٹی موٹی انگوٹھیاں پہنتی ہیں۔ مردوں سے زیادہ عورتیں چپل کا استعمال کرتی ہیں۔ اور مقامی چمار ان لوگوں کے لئے موٹی اور بھدی چپلیں تیار کرتا ہے۔ مرد، عورت اور بچے بیڑی کے بڑے شایق ہیں۔ یہ بیڑی کافی موٹی ہوتی ہے اور ہمارے سگار سے ملتی جلتی ہوتی ہے۔ ایک بیڑی کو متعدد مرتبہ پی کر ختم کیا جاتا ہے۔ عورتوں کے کان چھدے ہوئے ہوتے ہیں اور ان میں چوڑے پھول یا سلاخ دار پھول پہنتی ہیں ناک دونوں جانب سے چھدی ہوئی ہوتی ہے۔ بعض عورتیں کمر میں چاندی کی پیٹی بھی ڈالے رہتی ہیں۔

ڈوڈر مختلف طبقوں میں تقسیم ہوتے ہیں اور ہر طبقہ کا ایک پنچ یا سردار ہوتا ہے جس کو "مقدم" کہتے ہیں۔ جو ان ہی کے ساتھ رہتا ہے۔ اور ان کے خانگی معاشی اور معاشرتی جھگڑوں کا فیصلہ یہی کرتا ہے۔ بعض جگہ مقدم گتہ لے لیتا ہے اور پھر اپنے طور ان لوگوں سے کام لیتا ہے۔ ان کے یہاں طلاق کا رواج ہے۔ اگر شوہر اپنی بیوی کو طلاق دینا چاہے تو وہ مقدم سے شکایت کرتا ہے اور مقدم دونوں کے بیانات سن کر فیصلہ کر دیتا ہے۔ عموماً طلاق کے وقت بیوی کو شوہر سے وہ رقم واپس دلوائی جاتی ہے جو شادی کے موقع پر بیوی کے والدین نے داماد کو ادا کی تھی۔ اگر مقدم کے خیال میں شوہر کا رویہ نامنصفانہ ہے تو وہ اس پر کچھ مزید جرمانہ بھی کر دیتا ہے۔ یہ جرمانہ مقدم کو ادا کیا جاتا ہے اور اس قسم کے جرمانوں کو رفاہ عام کے کاموں شلاً مندر بنوانا، محتاج اور غریبوں کی مدد کرنا کنویں بنوانا یا ساری برادری کو سیندھی پلوانا وغیرہ پر خرچ کیا جاتا ہے۔ مطلقہ عورت کو دوبارہ شادی کرنے کا حق رہتا ہے۔ مقدم ان تمام مقدمات، جن کو ہم فوجداری اور دیوانی کے معاملات کہہ سکتے ہیں فیصلہ کرتا ہے اور اس کو اس کا فیصلہ تسلیم کرنا پڑتا ہے۔

شادی ہندوانہ رسم و رواج کے تحت ہوتی ہے اور اس میں کافی رقم صرف ہوتی ہے۔ شادی کے وقت

لڑکی کے والدین لڑکے کو کچھ رقم بھی دیتے ہیں جس کی تعداد ۴ روپیہ سے ۱۴ روپیہ تک ہوتی ہے اور لڑکی کے والدین بہت زیادہ صاحب حیثیت ہوں تو رقم میں اور زیادہ اضافہ ہوجاتا ہے۔ شادی بچپن ہی میں ہوجاتی ہے۔ شادی کے بعد دولہا دلہن ماں باپ کے ساتھ نہیں رہتے بلکہ ان کے لئے ایک جھونپڑی بنادی جاتی ہے۔ بیوہ عورت کی دوبارہ شادی ہوسکتی ہے۔ وڈروں کے بعض طبقے اپنے مردوں کو جلاتے ہیں اور چھوٹے بچوں کو دفن کرتے ہیں مگر بعض کے یہاں جلانے کی رسم موجود ہی نہیں۔ دیوالی کے موقعہ پر یہ لوگ سیندور، خوشبودار عرق، پانی، پھول، اور سیتاپھل کی ڈالیاں لے کر اپنے قبرستان میں جاتے ہیں اور قبروں کے اوپر ڈالیاں گاڑ کر سیندور اور عرق وغیرہ چھڑکتے ہیں پھر عورتیں ہر قبر پہ خوب چیخ چیخ کر روتی ہیں۔ روتے وقت سر قبر پر رکھ لیا جاتا ہے۔

ان کے دیوتا مختلف ہوتے ہیں زیادہ تر ان کے یہاں ونیکٹ ور، پوچم اما اور رام اما کی پوجا ہوتی ہے۔ ہر کیمپ کے پاس ان دیوتاؤں کے ۲، ۳½ فٹ اونچے اور ۲، ۲½ فٹ چوڑے دیول نظر آتے ہیں۔ دیول میں کوئی مورت یا بُت نہیں ہوتا اپنے دیوتاؤں پر پسی ہوئی سُرخ مرچیں، پسی ہوئی ہلدی، ناریل، پیاز، گیرو، پیسے، بکروں اور مرغوں کی ٹانگیں اور اسی قسم کے دوسری چیزیں بطور چڑھاوے کے چڑھائی جاتی ہیں۔ ۵۰ فی صدی وڈروں نے مذہب عیسوی اختیار کرلیا ہے مگر اس سے ان کی طرز رہائش اور طرز معاشرت میں کسی قسم کا کوئی فرق نہیں آیا تقریباً ہر جمعے کو دو تین کنواریاں (Nuns) یہاں آتی ہیں اور چھوٹے چھوٹے بچوں سے دعا منگواتی ہیں اور ان کو سلام کرنا اور دوسری مفید باتیں سکھاتی ہیں۔ اور ترغیب و تحریص کے لئے مٹھائی بھی تقسیم کرتی ہیں۔

اگر یہ کسی کام کا ارادہ کر رہے ہوں اور لومڑی کی آواز آجائے یا کوئی چھینک دے تو ان کے خیال میں کام پورا نہیں ہوسکتا۔ چیچک، کالرہ، اور دوسری مہلک بیماریوں کو دیوتاؤں کا غضب مقرر کرتے ہیں۔ اور بجائے حکیم یا ڈاکٹر کے پاس رجوع ہونے کے دیوتاؤں سے دُعا مانگتے ہیں۔ جس سال بارش نہ ہو اور قحط سالی کے آثار نمایاں ہونے لگیں تو ۲۰، ۲۵، ایک دائرہ کی شکل میں کھڑے ہوتے ہیں بیچ میں ایک بتی یا چراغ روشن کرتے ہیں اور اس کے گرد گھوم گھوم کر گیت گاتے ہیں جس میں رام لچھمن اور سیتا جی کی تعریف و توصیف ہوتی ہے۔ ان کا خیال ہے کہ اس عمل سے دیوتا خوش ہوتے ہیں اور بارش شروع ہوجاتی ہے۔

ان سب کی زبان تلنگی ہے۔ مگر اُردو بولتے اور سمجھ سکتے ہیں۔

لمباڑے میرے رہنما نے بتلایا کہ ان کی خاصیت آہو کی سی ہے جس طرح وہ گوشۂ تنہائی کو پسند کرتا ہے اس طرح یہ لوگ مل جل کر رہنے کے عادی نہیں ہیں۔ جس وقت ہم ان کے کیمپ میں پہونچے تو ایک لمباڑن چلانے لگی "میاں اجنبیوں کا کیا کام"۔ مگر رہنما کے اثر سے بہت جلد وہ اس قدر مہربان ہوگئی کہ اس نے اپنی بھاوج کو جس کی شادی ایک روز پہلے ہوئی تھی ہمیں دکھلا دیا۔ ایک دن کی دلہن کا نام سن کر یہ معلوم کیا گیا تھا کہ آرائیاں ہونگی مگر یہ دلہن ہماری دیکھی بھالی دلہنوں سے مختلف تھی ایک بارہ تیرہ سالہ لڑکی اپنے مخصوص نئے قومی لباس میں باہر بیٹھی تھی ہم کو اپنی طرف آتا دیکھ کر اپنی نئی جھونپڑی میں چلی گئی۔ اور جب اس کی نند اس کو باہر لائی تو اس نے گھونگٹ نکال لیا تھا۔ اور جب اس کی نند نے گھونگٹ اٹھا کر اس کا سیاہ فام معصوم چہرہ ہمیں دکھلایا تو شرم سے اس نے آنکھیں بند کرلیں تھیں۔ ایشیائی شرم و حیا ہماری جنگلی اقوام میں بھی موجود ہے۔

مردوں کے لباس میں شلوکا، دھوتی اور پگڑی شامل ہوتی ہے ان کی عورتیں اونچا لہنگا پہنتی ہیں اور بدن پر ایک شلوکا جس میں سینہ اور پیٹ کے حصہ پر شیشے کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے لگے رہتے ہیں۔ یہ محض خوبصورتی کے لئے لگائے جاتے ہیں۔ سر پر دوپٹہ اوڑھتی ہیں جس کو یہ لوگ "ٹکڑی" کہتے ہیں۔ یہ دوپٹہ اس طرح اوڑھا جاتا ہے کہ اس کا کچھ حصہ لہنگے میں دبا کر پیچھے ڈال دیا جاتا ہے اور باقی سر پر آجاتا ہے۔ ان کا سارا لباس ایک ہی قسم کے کپڑے کا ہوتا ہے اس کپڑے پر پختہ رنگ کے پھول بیل بنے ہوتے ہیں یہ ان کی قوم کا مخصوص لباس ہے اور ہر بچی ۴، ۵ سال سے زندگی بھر یہی لباس پہنتی ہے اور اپنے اس مخصوص لباس کی وجہ سے لمباڑنی ہر جگہ آسانی سے پہچانی جاسکتی ہے عورتیں اپنے بالوں میں گوند لگا کر ان کو جما لیتی ہیں اور کانوں کے اوپر کے بال موڑ کر کانوں کے سامنے لاتی ہیں۔ ان بالوں میں دونوں طرف ۵، ۶ تولہ وزن کی جھمکیاں پہنتی ہیں جو تقریباً ٹھوڑی تک لٹکتی رہتی ہیں۔ بعد میں یہ لٹیں کانوں کے نیچے سے جاکر چوٹی میں مل جاتی ہیں۔ یہ جوڑا نہیں باندھتی بلکہ ان کی چوٹی کھلی رہتی ہے اور چوٹی میں کوڑیاں بھی باندھتی ہیں ہاتھوں میں نصف انچ چوڑی سفید چوڑیاں پہنتی ہیں اور ان کا سلسلہ کہنی تک جاتا ہے پھر کہنی سے اوپر بھی ۲، ۳ چوڑیاں اسی قسم کی پہنی جاتی ہیں۔ پاؤں میں ایک قسم کا پیتل زیور پہنتی ہیں جو پاؤں سے بالکل چپکا رہتا ہے مگر یہ اندر سے کھوکھلا ہوتا ہے اور اس میں دانے یا پتھر کے چھوٹے ٹکڑے بھرے رہتے ہیں اور اس کی وجہ سے چلنے میں آواز پیدا ہوتی ہے۔

گو ان کی مادری زبان تلنگی ہے مگر یہ اردو خوب صاف بولتے اور سمجھتے ہیں۔ یہ لوگ شیو کی پوجا کرتے ہیں پوجا کے لئے کوئی دن مقرر نہیں ہے۔ پوجا کے وقت آگ جلائی جاتی ہے اور جب شعلے کافی بہت بلند ہوجاتے ہیں تو گھی چھڑکتے ہیں اور ڈنڈوت کرتے ہیں۔ غیر معمولی موقعوں پر پوجا کے وقت بکرا بھی ذبح کرتے ہیں ان کے سردار کو "نایک" کہا جاتا ہے اور نایک کو وہی تمام

حقوق حاصل ہوتے ہیں جو مقدم کو حاصل ہیں۔ ان کے یہاں لڑکی کی شادی کی عمر ۱۱، ۱۲ سال اور لڑکے کے لئے ۱۳، ۱۴ سال مقرر ہے اور عموماً اسی زمانہ میں شادی ہوجاتی ہے۔ بیوہ اور مطلقہ دونوں دوبارہ شادی کرسکتی ہیں لیکن پہلی صورت میں سوا سو روپیہ اور دوسری صورت میں ۳۰۰ سے ۵۰۰ روپیہ تک شادی کرنے والے مرد کو عورت کے خاندان والوں کو دینا پڑتا ہے۔ ان کے یہاں مرد ۷، ۸ شادیاں کرسکتا ہے مگر آجکل عموماً دو سے زیادہ شادیاں نہیں کی جاتیں۔ مرد سنگ تراشی یا اسی قسم کا کوئی اور کام کرکے روپیہ ڈیرھ روپیہ روز کما لیتے ہیں، عورتیں چونہ وغیرہ ڈھوتی ہیں اور ان کو ۸ ؍ یومیہ مزدوری مل جاتی ہے۔

ان کی غذا جوار، دالیں، چاول ہیں۔ جوار کی روٹی اُلٹے توے یا ٹھیکرے پر پکائی جاتی ہے اور بینگن یا دال کے ساتھ کھائی جاتی ہے۔ یہ اپنا کھانا مٹی کے برتنوں میں پکاتے ہیں۔ ان کی جھونپڑیاں وڈروں کی جھونپڑیوں سے مختلف ہوتی ہیں۔ ایک طرف سے بالکل کھلی ہوئی ہوتی ہیں۔ اور یہی رُخ ان کے دروازے کا کام دیتا ہے۔ اس میں روشنی اور ہوا بخوبی آسکتی ہے رات کو دروازے کے سامنے ٹٹی کھڑی کرلی جاتی ہے اور اس طرح جھونپڑی محفوظ ہوجاتی ہے۔ یہ لوگ گوشت بھی کھاتے ہیں اور شراب وسیندھی بھی پیتے ہیں۔ توانائی کے لحاظ سے یہ وڈروں سے کوئی نسبت نہیں رکھتے۔ یہ لوگ کالرہ سے بہت جلد متاثر ہوجاتے ہیں اور ہر سال اس مرض سے ان کے یہاں کافی تعداد مرجاتی ہے۔

ان کا خیال ہے کہ اگر کسی کام کو جاتے ہوئے کوئی چھینک دے، یا کتا کان ہلادے، یا پیچھے سے گیدڑ آجائے، یا بکری آواز نکالے تو کام خراب ہوجاتا ہے۔ اور اس لئے کچھ دیر بعد اس کام کا ارادہ کرنا چاہئے۔ البتہ اگر گیدڑ سامنے سے آجائے تو ان کا مقصد پورا ہوجائے گا۔ اگر بارش نہ ہو تو چند آدمی مل کر ایک گیت جو کافی طویل ہے گاتے ہیں اور ناچتے ہیں اور ان کا عقیدہ ہے کہ اس عمل سے بارش ضرور ہوتی ہے۔ ان کی عورتوں کو گانا اور ناچنا بہت اچھا آتا ہے اور عموماً ہولی کے موقعہ پر دس بارہ لمباڑنیوں کی ایک جماعت ایک ساتھ ناچتی اور گاتی ہے۔ اور اس کے ذریعہ سے اس تہوار پر کافی آمدنی بھی حاصل کرلی جاتی ہے۔

دھیڑ اور مانگ اسی قوم کے ایک پنڈت یا عالم نے بتایا کہ یہ لوگ اچھوت ہیں۔ منو کی رو سے ان کا کام کاشتکاروں کو کھیتی باڑی کے معاملات میں مدد کرنا تھا۔ ان کے دوسرے کام جوتے بنانا، لاشیں ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرنا۔ گاؤں کی صفائی کی ذمہ داری۔ بیماریوں کے زمانہ میں دیوتاؤں کو خوش کرنے کے لئے اعلیٰ ذاتوں کی طرف سے بھینسوں کی قربانی کرنا ان کے فرائض میں شامل تھا۔ آج کل بھی یہ لوگ دیہات میں اسی طرح زندگی بسر کرتے ہیں۔ ممالک محروسہ سرکار عالی میں ان کو ”انعام داروں“ میں شامل کیا جاتا ہے اور عموماً حکومت کی جانب سے تین روپیہ سال کی معافی ان کو دی جاتی ہے۔ گاؤں میں جب

کوئی افسر آتا ہے تو ان کا فرض ہے کہ اس کی ضروریات کی تکمیل کرائیں. کاشتکار بھی ان کو فصل کے موقعہ پر کچھ دے دیتے ہیں۔
جامعہ عثمانیہ کیمپ میں یہ آپ محنت مزدوری کرتے ہیں. مرد معماری، سنگ تراشی اور اینٹیں بنانے کا کام کرتے ہیں. عورتیں مٹی ڈھونا، چونا ڈالنا یا اسی قسم کے اور دوسرے کام انجام دیتی ہیں. یہ ہر قسم کی چیزیں کھا سکتے ہیں. ان کی غذا میں چاول، جوار اور ترکاریوں کے علاوہ مختلف کیڑے مکوڑے، انڈے، سور، اور مردہ جانور بھی شامل ہیں. یہ سب دیوتاؤں کو مانتے ہیں اور ان کی پوجا کرتے ہیں چنانچہ جو لوگ مسلمان پیروں کو مانتے ہیں وہ شراب مردہ اور اسی قسم کی دوسری چیزوں سے پرہیز کرتے ہیں. ان کی زبان تلنگی ہے مگر ۵ فی صد کے قریب اردو بول اور سمجھ سکتے ہیں ان کا سردار مقدم کہلاتا ہے اور تمام جھگڑوں کا فیصلہ وہی کرتا ہے۔
ان کے یہاں عموماً جھگڑوں کا فیصلہ پنچایت کے ذریعہ سے ہوتا ہے. اور اس پنچایت میں ۴، ۵ مقدم شامل ہوتے ہیں. اگر کسی معاملے میں پنچایت فیصلہ نہ کرسکے یا کوئی فریق اس کے فیصلہ کو تسلیم نہ کرے تو پھر انسپکٹر (جو حکومت کی جانب سے ان کی نگرانی کرتا ہے) اس کا تصفیہ کرتا ہے۔

مردوں کے لباس میں دھوتی، پگڑی، اور شلوکا شامل ہے بعض لوگ جوتا اور کوٹ بھی پہنتے ہیں. عورتیں آستین دار چولی پہنتی ہیں جس کے دو پتے سامنے آتے ہیں اور سینہ کے بیچ میں ان کو باندھ لیا جاتا ہے. اس چولی کا مقصد صرف سینے کو چھپانا ہوتا ہے ورنہ پیٹ کا نچلا حصہ کھلا رہتا ہے. اونچی ساڑھی دھوتی کی طرح باندھتی ہیں اور اس کا ایک پلو سر پر ڈال لیتی ہیں. ناک، کان میں زیورات بھی پہنتی ہیں. ماتھے پر بندی ضرور لگاتی ہیں. گلے میں موتیوں کا ہار، ہاتھوں اور پاؤں میں چھلے بھی استعمال کرتی ہیں۔
شادی ہندوانہ رسوم کے تحت بڑی دھوم دھام سے ہوتی ہے اور شادی کے موقعہ پر برادری کو دعوت دی جاتی ہے جس میں ۱۰۰ روپیہ سے ۴۰۰ روپیہ تک خرچ ہوتے ہیں. بیوہ اور مطلقہ عورت کی شادی ہوسکتی ہے. اگر کوئی شادی شدہ عورت کسی دوسرے مرد سے تعلقات قایم کرلے، اس صورت میں یہ دیکھا جاتا ہے کہ قصور کس کا ہے. اگر غیر مرد کا قصور ثابت ہوجائے تو اس کو عورت کے شوہر کو وہ اخراجات دینا پڑتے ہیں جو اس نے اپنی شادی میں کئے تھے اور اس کے بعد عورت آزاد ہوجاتی ہے اور وہ جس سے چاہے شادی کرسکتی ہے. بعض لوگ اس بنا پر کہ ان پر دیوتاؤں کا فضل رہے اپنی کم عمر لڑکیوں کو دیوی کی بھینٹ چڑھا دیتے ہیں. ان لڑکیوں کو "مرلی یا جوگی" کہا جاتا ہے. ان کی شادی نہیں ہوتی. البتہ ان کی شادی کی رسم اس طرح ادا کی جاتی ہے کہ ایک تلوار کو ہار پھول پہنا کر اس کے ساتھ لڑکی کی شادی کردیتے ہیں. بہرحال عمر بھر انھیں عصمت فروشی کے ذریعہ اپنی زندگی گذارنا پڑتی ہے. حکومت کی جانب سے اب لڑکیوں کو مرلی بنانے کی ممانعت ہوچکی ہے چنانچہ اس کیمپ

میں اب کوئی باقاعدہ مرلی نہیں ہے۔

نوگانی یہ لوگ شولاپور کے رہنے والے ہیں اور قوم کے مرہٹے ہیں۔ ان کی زبان مرہٹی ہے مگر اردو بھی بول سکتے ہیں۔ یہ لوگ بڑے محنتی اور جفاکش ہوتے ہیں۔ چٹانوں سے پتھر کاٹنا اور اس کو تراشنا ان ہی کا کام ہے۔ اس وقت کیمپ میں ان کی تعداد ۲۶ کے قریب ہے۔ ان کو ایک روپیہ روزانہ اُجرت ملتی ہے۔ ان کا کیمپ سب سے الگ ہے۔ ان کی خاص غذا جوار ہے۔ چاول بہت کم کھاتے ہیں کیونکہ ان کا خیال ہے کہ جوار کھانے سے انسان میں طاقت آتی ہے اور اس کی توانائی میں اضافہ ہوتا ہے۔ ان کے یہاں عورتیں باہر کام نہیں کرتیں بلکہ گھر کا کام ہی کرتی ہیں۔ جوار یہ خود ہی پیستی ہیں۔ ان کے یہاں لڑکی کی شادی ۱۲ برس اور لڑکے کی ۱۸ برس کے سن میں ہوتی ہے۔ مرد قمیص، دھوتی، اور پگڑی باندھتے ہیں، عورتیں ساری اور شلو کا پہنتی ہیں یہ لوگ وشنو، کرشن، اور شنکر جی کی پوجا کرتے ہیں۔ سیندھی اور شراب کے عادی نہیں ہیں البتہ تہواروں، میلوں اور شادی بیاہ میں خوب پیتے ہیں، مچھلی، انڈے اور بکری کا گوشت بھی کھاتے ہیں۔ جھونپڑیاں اگر ان کی بھی معمولی ہیں مگر ان میں ساز و سامان کچھ زیادہ نظر آتا ہے۔ اور اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ان کا معیار زندگی بہت زیادہ گرا ہوا نہیں ہے۔ ان کے یہاں اوڑھنے اور بچھانے کے لئے سلیقے کے کپڑے نظر آتے ہیں۔

جامعہ عثمانیہ کے اکثر حصوں میں آلات و اوزار تیز کرنے کے لئے متعدد بھٹیاں قائم ہیں جہاں لوہار کو ۸ روپیہ، بھٹی دھونکنے والے کو ۴ روپیہ، اور آلات و اوزار ادھر سے ادھر لانے والے کو بھی ۴ روپیہ مزدوری ملتی ہے ان بھٹیوں میں عموماً پھنکیہ چلانے کا کام عورتیں کرتی ہیں اور ان کو بھی ۴ روپیہ اُجرت ملتی ہے۔

جامعہ عثمانیہ کے مزدوروں کو اگرچہ اُجرت کافی ملتی ہے اور پھر خاندان کے سب افراد کچھ نہ کچھ کما لیتے ہیں اور اس طرح مجموعی آمدنی میں بہت زیادہ اضافہ ہو جاتا ہے مگر اس کے باوجود ان کے پاس کچھ پس انداز نہیں ہے اور بلکہ بعض مزدور تو سیٹھ ساہوکاروں کے قرضدار ہیں۔ اس رقبہ میں اکثر شمالی ہند کے لوگوں نے چائے خانہ یا دوکانیں کھول رکھی ہیں۔ مگر حقیقتاً وہ روپیہ کا لین دین کرتے ہیں اور ان سے ۱۲ ر سینکڑہ ماہوار سے ڈھائی روپیہ ماہوار تک سود لیتے ہیں گویا شرح سود ۹ فی صد سے ۳۰ فی صد تک ہوتی ہے۔ قرض عموماً شادی بیاہ یا اسی قسم کے اور دوسرے غیر مفید کاموں کے لئے لیا جاتا ہے کیمپ میں چند لوگ ایسے بھی ہیں جن کے پاس پس انداز بھی ہے یہ یا تو دیوار میں کوئی سوراخ کرکے اس میں ایک برتن گاڑ دیتے ہیں۔ یا چولے کے نیچے ایک گڑھا کھود کر اس میں اپنا سرمایہ دفینہ کی شکل میں رکھ دیتے ہیں۔

جامعہ عثمانیہ کے مزدوروں کا (Chorus) "ہائی سو" ہے جب وہ کوئی سخت محنت کا کام کرتے ہیں تو چلا چلا کر یہ کہتے جاتے ہیں۔ اور اس طرح ان کی توجہ دوسری طرف بٹ جاتی ہے۔ بعض وقت ایک یا دو آدمی مل کر کچھ گاتے ہیں اور جب ان کا ایک مصرعہ ختم ہو جاتا ہے تو دوسرے تمام لوگ اس فقرہ کو دوہراتے ہیں۔

حکومت اور مزدور

سب سے پہلی چیز تو یہ ہے کہ حکومت نے ان کے لئے رہنے کا انتظام کیا۔ ان سے نہ صرف زمین کا کوئی کرایہ نہیں لیتی بلکہ ان کو جھونپڑیاں بنانے کے لئے سامان وغیرہ بھی مفت دیتی ہے۔ دوسری چیز پانی کا انتظام ہے۔ چنانچہ ان کے ہر کیمپ کے پاس نل لگے ہوئے ہیں جہاں سے عمدہ صاف پانی پینے کے لئے مل جاتا ہے۔ اب یہ بات دوسری ہے کہ نل ایسی جگہ لگے ہوئے ہیں جہاں غلیظ پانی کی نکاسی کا کوئی انتظام نہیں ہے اس وجہ سے پانی کسی نشیب یا گڑھے میں جمع ہو جاتا ہے اور مچھر وغیرہ پیدا ہو کر مختلف بیماریاں پیدا ہو جاتی ہیں چونکہ یہ لوگ صاف پانی کی قدر نہیں جانتے اس لئے بعض اوقات وہ غیر مصفا پانی جو درختوں میں دینے کے لئے استعمال ہوتا ہے اس کو بھی پینے کے لئے استعمال کرتے ہیں اور عموماً کپڑے تو سب ایک گندہ نالہ میں دھوتے ہیں۔ حکومت نے ان کے لئے ایک دواخانہ بھی قایم کر رکھا ہے جہاں ایک ٹرینڈ ڈاکٹر موجود ہے اور یہاں نہ صرف ان کو طبی امداد مفت حاصل ہوتی ہے بلکہ دوا بھی مفت دی جاتی ہے اور بعض اوقات بیماری کے زمانہ میں غذا اور کپڑوں کا انتظام بھی حکومت کی جانب سے کیا جاتا ہے۔ جب کبھی امراض متعدی مثلاً چیچک، طاعون وغیرہ کا زور رہتا ہے تو ان کو اور ان کے بچوں کو ٹیکہ بھی دیا جاتا ہے۔ چنانچہ چیچک کا ٹیکہ بہت سے بچوں کے لگ چکا ہے۔ حکومت کی جانب سے یہاں ایک مدرسہ بھی قایم ہے۔ جس میں ابتدائی تعلیم مفت دی جاتی ہے۔ مدرسہ میں تلنگی، اردو، حساب وغیرہ پڑھانے کا انتظام ہے مگر اس مدرسہ میں ان مزدوروں کے بچے بہت کم پڑھتے ہیں۔

حکومت کی جانب سے اس رقبہ میں ایک بازار بھی قایم ہے جو "بازار مزدوران" کہلاتا ہے۔ یہاں متعدد دکانیں ہیں اور مزدوروں کی روزمرہ کی ضروریات مثلاً آٹا، ڈال، نمک، چاول، جوار، گیہوں، لکڑی، ترکاری، گوشت، بیڑی، مٹی کے برتن موجود رہتے ہیں۔

حکومت کی جانب سے بازار میں برقی روشنی کا انتظام کیا گیا ہے۔ اس مقام پر ہر جمعہ کو دن کے ۱۲ بجے سے شام کے ۶ بجے تک ایک بڑا بازار بھرتا ہے اور اس دن چونکہ مزدوروں کی چھٹی ہوتی ہے اس لئے وہ آسانی سے خرید و فروخت کر سکتے ہیں۔ خرید و فروخت میں مرد اور عورت برابر کے شریک ہوتے ہیں بلکہ عورتوں کی تعداد کچھ زیادہ ہی رہتی ہے۔

جمعہ کے بازار میں چھوٹے چھوٹے دوکاندار یہاں آجاتے ہیں۔ منہیاری والوں کے پاس چھوٹے بڑے، کالے پیلے، سرخ سفید موتیوں کی لڑیں، ڈبیاں، آئینے، کنگھے، بٹن تالے، بٹوے، چوڑیاں، چھلّے اور ایسی ہی معمولی چیزیں ہوتی ہیں جن میں سب سے زیادہ فروخت چوڑیاں، چھلّے اور موتیوں کی ہوتی ہے۔

خوانچہ والے معمولی مٹھائی اور مٹر، گڑ کے گلگلے، اور پاپڑ لاکر فروخت کرتے ہیں مگر مٹھائی بہت کم بکتی ہے۔ اس کے علاوہ اس دن تمباکو، املی، سڑے گلے پھل، پیسہ والی سوڈے کی بوتلیں، جھینگے، چھوٹی چھوٹی سوکھی مچھلیاں بھی بکثرت فروخت ہوتی ہیں۔

کپڑے والے نئی دھوتیاں، ساریاں، سلے ہوئے قمیص لے کر آتے ہیں مگر خرید و فروخت مستعمل کپڑوں کی زیادہ ہوتی ہے۔ دوکاندار متوسط اور اچھے گھرانوں سے یہ کپڑے حاصل کرتے ہیں اور ان کو درست کرکے رنگ لیتے ہیں اور غریب مزدوروں کو چونکہ یہ چیزیں نئے کپڑوں کے مقابلہ میں ارزاں مل جاتی ہیں اس وجہ سے وہ ان ہی کو خرید لیتے ہیں۔

محمد احمد سبزواری متعلم سال چہارم

"میں کسی اور ملک سے واقف نہیں جہاں محبت اور رحم پر اس فصاحت سے گفتگو کی جاتی ہو جیسی کہ ہندوستان میں"۔

(ٹگور جی)

حیدرآباد میں جدید علمی و ادبی تحریکات

یہ مضمون بین الکلیاتی کانفرنس جامعہ عثمانیہ میں پڑھا گیا

یہ امراب کسی دلیل کا محتاج نہیں رہا کہ حیدرآباد آج چارسو سال سے اُردو ادب کی ہر طرح سے خدمت کرتا آرہا ہے نہ معلوم "معراج العاشقین" مصنفہ حضرت سید محمد گیسو دراز کے بعد سے آج تک کتنی ہزار کتابیں کن کن علوم پر لکھی گئیں اور ایسے کتنے مصنفین ہیں جو اپنی یادگاریں چھوڑنے کے باوجود اب بھی قعر گمنامی میں پڑے ہیں۔ سلطان محمد قلی قطب شاہ، وجہی غواصی اور پھر ولی، سراج، ایمان وغیرہ نے ادب کا پایہ بلند کرنے میں جو حصہ لیا ہے اس سے آج دنیائے اُردو واقف ہے لیکن درحقیقت عہد عثمانی اردو کی سرپرستی کا وہ تابناک اور درخشندہ زمانہ ہے کہ اُردو کے نشاۃ ثانیہ کا آغاز اسی سے ہوتا ہے۔ اور اس دور کو حیات دوام بخشنے والی تحریک جامعہ عثمانیہ ہے۔ جہاں کی تعلیمی زبان اردو ہی جامعہ عثمانیہ کے قیام کے بعد اس قلیل عرصہ میں اُردو ادب نے راہ ترقی پر جس سرعت کے ساتھ گام زنی کی ہے دنیا میں آج شاید ہی کوئی زبان اس کے مقابلے میں پیش کی جاسکے۔ یہ محض جامعہ عثمانیہ کی تحریک تھی کہ دارالترجمہ اور مجلس وضع اصطلاحات کا قیام عمل میں آیا۔ اور ان اداروں نے وہ مہتم بالشان امور انجام دے کہ جن اشخاص کو آج سے بیس بائیس سال پہلے اُردو کی تنگ دامانی کی شکایت تھی اب وہ اس کی وسعت پر نازاں ہیں آج اگر غالب زندہ ہوتے تو انہیں ع

مولوی عبدالحق بی۔اے (علیگ) صدر شعبہ اردو

مشیر حصہ اردو

فارسی ہیں ؛ بر بینی نقش ہائے رنگ رنگ

کہنے کی ضرورت داعی نہ ہوتی۔ اس تنگ دامانی کا علاج ایک میحا النفس نے کر دیا اور اب اس کو حیات دوام حاصل ہوگی۔ اس ترقی اور اوج پر پہنچ جانے کے باوجود اب بھی گیسوئے اُردو اور زیادہ محنت و سرعت سے سنوارے جا رہے ہیں اور وہ دن دور نہیں کہ اُردو ہندوستان بھر کی واحد ادبی اور قومی زبان ہوگی۔

ان اداروں کا ذکر ضروری ہے جنھوں نے خاص طور پر اس کی ترقی میں حصہ لیا ہے۔ ان میں دو قسم کے ادارے ہیں ایک سرکاری یعنی جنھیں سرکار کی سرپرستی حاصل ہے اور دوسرے غیر سرکاری جو محض اُردو کی خدمت کے لئے دامے، درمے، قدمے، سخنے قلمے، ہر طرح امداد کر رہے ہیں۔ ایسے ادارے کوئی فنی کتاب شائع کرنے سے قاصر ہیں کیونکہ وہ اس کی لاگت کے متحمل نہیں ہوسکتے البتہ ان اداروں نے ادبی کتابوں کی اپنی ہمت سے زیادہ اشاعت کی اور کرتے جا رہے ہیں

سرکاری اداروں میں دارالترجمہ ہندوستان میں ایک واحد ادارہ ہے جو فنی کتابوں کے تراجم و تالیف کی اشاعت میں مصروف ہے۔

اس کی ایک دھندلی سی تصویر ہمیں اس کے قیام سے سو سال پیشتر ہی نظر آتی ہے حیدرآباد کے مشہور علم دوست نواب محمد فخرالدین خان بہادر شمس الامرائے ثانی نے اس اہم ضرورت کو محسوس کرکے مختلف علوم وفنون پر لائق مترجمین و مولفین سے پچاس سے زیادہ کتابیں لکھوائی تھیں غرض دارالترجمہ کی بدولت اس شکایت کا دفیعہ ہوگیا کہ اُردو میں سوائے ادبی کتابوں کے اور کچھ نہیں چونکہ یہ نہایت اہم ادارہ ہے اس لئے اس کی تفصیل یہاں بے جا نہ ہوگی ادارہ میں ایک تو تنخواہ یاب مترجمین ہیں جن کا کام صرف یہ ہے کہ جو کتاب ترجمہ کے لئے مجلس نصاب متعلقہ میں پیش ہوکر منظور ہو جاتی ہے اس کا ترجمہ کر دیں۔ ترجمہ کی تیاری کے بعد اس کو ناظر ادبی اور ناظر مذہبی کی اجازت سے شائع کیا جاتا ہے تاکہ اس میں کوئی ادبی نقص باقی نہ رہے اور نہ کوئی ایسی تحریر ہو جس سے کسی مذہب کو ٹھیس لگتی ہو۔

دوسرے ایسی کتابیں جو دنیا میں اپنے اعلیٰ امتیاز کے باعث خصوصیت اختیار کر گئی ہیں ان کا بھی ترجمہ کیا جاتا ہے اور کثرت کار کے سبب سے ان کے ترجمہ کے لئے باہر کے قابل افراد کی خدمات حاصل کی جاتی ہیں اور اس کا انھیں معقول بلکہ بہت زیادہ صلہ دیا جاتا ہے۔

دارالترجمہ کا قیام ۱۳۳۶ف میں عمل میں آیا اور ابتدائے امرداد ۱۳۴۴ف تک اس نے ۲۲۶ کتابیں ۳۱ علوم سے

متعلق شائع کیں۔ ۲۰ کتابیں زیر طبع اور ۸۰ زیر ترجمہ ہیں اور ۱۰۵ کتابوں کے ترجمہ کے لئے مجلس نصاب نے منظوری دے دی ہو

دوسرا ادارہ مجلس وضع اصطلاحات دارالترجمہ سے متعلق ہے اس کے اجلاس روزانہ منعقد ہوتے ہیں جس میں اُردو زبان کی موجودہ ضرورتوں کے لحاظ سے علمی اور فنی اصطلاحیں وضع کی جاتی ہیں۔ اور ان میں مترجمین کے علاوہ اُردو، فارسی اور عربی کے اساتذہ بھی رہتے ہیں جن کی معاونت مترجمین کے لئے نہایت ضروری ہوتی ہے مجلس کے قیام کے بعد سے امرداد ۱۳۴۴ف تک ۲۲، ۴۰ اصطلاحیں وضع کی گئی ہیں اور اب ان کی طباعت کا بھی انتظام کیا گیا ہے عنقریب طبع ہوکر شائقین کے ہاتھوں پہنچ جائیں گی

غیر سرکاری اداروں میں انجمن ترقی اُردو کسی تعارف کی محتاج نہیں۔ اس انجمن نے قدیم تذکروں اور دوسری کتابوں کی اشاعت میں بہت بڑا حصہ لیا ہے۔ اگر اس کی کتابوں کو اردو ادب کے خزانہ سے علیحدہ کیا جائے تو مجسمۂ اُردو عریاں نظر آئے گا

دوسرا ادارہ جو نہایت سرعت کے ساتھ تصنیف و تالیف اور ان کی اشاعت میں مصروف ہے ”سلسلۂ ادبیات اُردو“ ہے اس کا اہم مقصد یہ ہے کہ اُردو ادب کے خزانے میں موجودہ ضروریات کے مطابق کتابوں کا اضافہ کیا جائے اور ان نئے انشا پردازوں کی مدد کی جائے جو اس میدان میں گامزن ہونا چاہتے ہوں یا اپنی تصنیف و تالیف کی اشاعت سے قاصر ہوں۔ اس کی باگ ملک کے ایک ہونہار اور اس مادر علمی کے قابل سپوت ڈاکٹر سید محی الدین صاحب قادری زورؔ کے ہاتھوں میں ہے اس کو وجود میں آئے ابھی زیادہ عرصہ نہیں گذرا لیکن اس نے اب تک کئی کتابیں شائع کیں جن میں مرقع سخن، ورڈ سورتھ اور اس کی شاعری اور ٹیگور، اُس کی شاعری خاص اہمیت رکھتی ہیں۔

ادبی رسالوں میں مجلہ کے بعد شہاب صرف ایک ایسا رسالہ ہے جو وقت کی پابندی کے علاوہ اپنا ادبی معیار قائم رکھے ہوئے ہے ایک نیا ماہوار رسالہ ”داستان گو“ صرف افسانوں کو پیش کرنے کے لئے جاری کیا گیا تھا لیکن اب اس نے اپنی شکل بدل دی ہے۔ اس کے معاونین اپنے مقصد کو دوسرے طریقہ پر ظاہر کر رہے ہیں یعنی اب داستان گو بالالتزام نہیں نکلے گا بلکہ جب کبھی ۱۰۰ صفحے کی ضخامت کے افسانے جمع ہو جائیں گے ایک کتاب شائع کر دی جائے گی۔ چنانچہ اس سلسلہ کی پہلی کڑی ”راز“ شائع ہو چکی ہے۔ یہ غالباً اپنی نوعیت کا واحد رسالہ ہے جو ایسے اعلیٰ مقصد کی تکمیل میں سرگرم رہے۔

قدیم کارنامے:۔ جامعہ عثمانیہ کے قایم ہوتے ہی قدیم ادب کی چھان بین شروع ہوگئی اور محققین نے کئی کتب خانے چھان ڈالے اُردو شاعری کا باوا آدم ولی اور شاہجہاں آباد کا دربار گہوارۂ اُردو غلط ثابت ہو گئے۔ اُردو کی قدامت اور ادبیت آشکارا ہو گئی

اس کا سہرا عام طور پر دکن اور بالخصوص فرزندان جامعہ عثمانیہ کے سر رہا اس کے علم برداروں میں حسب ذیل اشخاص کے نام زرین حروف میں لکھے جائیں گے۔

مولوی عبدالحق صاحب ڈاکٹر سید محی الدین صاحب قادری زور نصیر الدین صاحب ہاشمی

اور سید محمد صاحب۔ انھیں کی کتابیں تھیں جنھوں نے اردو کی قدامت کا ثبوت دیا اور اس کے قدیم شاہکاروں کو جو اب تک قعر گمنامی میں پڑے تھے منظر عام پر جلوہ گر کیا۔ اب تک بھی ان جواہر پاروں کی تفتیش و تحقیق جاری ہے۔

اصولی تنقید کے متعلق مستند کتاب ایک بھی نظر نہ آتی تھی لیکن اس کمی کو بھی ڈاکٹر سید محی الدین صاحب قادری زور نے "روح تنقید" اور "تنقیدی مقالات" کی اشاعت سے پورا کر دیا اور یہ کتابیں جو مقبولیت اور ہر دلعزیزی حاصل کر چکی ہیں اس کے اظہار کی ضرورت نہیں۔ یہ کہنا بہت کافی ہے کہ یہ ہندوستانی جامعات کے نصابوں میں شامل ہیں۔

افسانوں پر جو کام حیدرآباد میں ہوا ہندوستان اس کی نظیر نہیں پیش کر سکتا۔ مولوی عبدالقادر صاحب سروری نے "دنیائے افسانہ" اور افسانے سے متعلق دوسری کتابیں لکھ کر اردو میں افسانوں کو جو اہمیت دی اور ان کے صحیح اصول سے واقف کرایا وہ اردو کی حیات تک باقی رہے گی۔ افسانوں کے نہ صرف اصول بتلا دیئے گئے بلکہ ان اصولوں کی روشنی میں دنیا کی مشہور زبانوں کے افسانے اردو میں منتقل کئے گئے اور ہزار شاہکار افسانے کی صورت میں وہ اردو دنیا میں جلوہ گر ہوئے۔

جامعہ میں جب سے تحقیقات کا کام آغاز ہوا اس کو اردو کی تاریخ کا ایک جداگانہ باب تصور کیا جا سکتا ہے۔ اس میں جو تحقیقاتی مقالے لکھے گئے وہ نہ صرف اس اعتبار سے اہم ہیں کہ اردو میں بیش بہا اضافہ ہیں بلکہ ایک اور اہم اور نمایاں خصوصیت یہ ہے کہ وہ الفاظ جن کو مجلس وضع اصطلاحات نے وضع کیا ہے اس بے تکلفی کے ساتھ استعمال کئے گئے ہیں کہ مروجہ الفاظ معلوم ہوتے ہیں۔

تحقیقی ادب سے بعض اصحاب نے خاص دلچسپی لی ہے اور ایک مقررہ موضوع پر تحقیق کرتے جا رہے ہیں۔ چنانچہ اس سلسلے میں مولوی عبدالمجید صاحب صدیقی پروفیسر تاریخ کا نام پیش پیش رہے گا جنھوں نے تاریخ دکن کی تحقیق کا بیڑا اٹھایا ہے آپ کے بعض مقالے مختلف جلسوں میں پڑھے جا چکے ہیں اور تعلیم یافتہ طبقہ ان کی اہمیت اور عظمت کا قائل ہو چکا ہے۔

ڈرامہ نگاری:۔ یوں تو حیدرآباد میں اس سے پہلے بھی ڈرامے لکھے گئے جن میں منشی محمد امیر حمزہ صاحب کا نام حیدرآباد کے ڈرامہ کی تاریخ میں ہمیشہ زندہ رہے گا لیکن جدید معاشرت کے لحاظ سے اعلیٰ پایہ کے ڈرامے لکھنے اور ان کو منظر عام پر لانے میں جامعہ عثمانیہ کے

سپوتوں نے جو حصہ لیا ہے اس کی نظیر ہندوستان کی کوئی اور جامعہ پیش نہیں کر سکتی۔ انجمن اتحاد کلیہ جامعہ عثمانیہ ہی وہ سب سے پہلی انجمن ہے جس نے ہندوستانی اسٹیج کو جو عرصہ تک قعر ذلت میں پڑی رہی بام ترقی پر پہنچا دیا اس کا سب سے پہلا ڈرامہ "کالج کے دن" ڈرامہ کی تاریخ کا پہلا باب کہلایا جا سکتا ہے۔ یہ ایک جشن یوم جامعہ کے سلسلہ میں پیش کیا گیا تھا اور توقع سے زیادہ کامیاب ہوا۔ دوسرے سال ہماری اس قابل قدر انجمن نے مشہور المانوی ادیب گوئٹے کا ترجمہ "فاوسٹ" پیش کیا اور پھر "ہوش کے ناخن" دکھایا گیا غرض اس فن کی جانب اس سرعت کے ساتھ قدم بڑھائے گئے کہ اس تین چار سال کے عرصہ میں کئی انجمنیں قایم ہو گئیں۔ اور انھوں نے ایسے اعلیٰ معیار کے ڈرامے پیش کئے کہ اس کا جواب باہر کی ناٹک یا ڈرامہ کی کوئی کمپنی نہیں دے گی۔ ان میں بزم تمثیل اور انجمن ترقی ڈرامہ خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔ اوّل الذکر نے مستقبل، زندگی، اور زمانہ اور دوسرے نے نئی روشنی، غلط اور غلط، ظاہر باطن، حشرات الارض وغیرہ دکھائے۔ انجمن طیلسانین بھی اپنی سالانہ کانفرنس میں ایک ڈرامہ پیش کرنے کا اہتمام کرتی ہے۔

حیدرآباد ڈرامیٹک اسوسی ایشن کے ڈرامے صید زبون اور پردۂ غفلت بھی منظر عام پر آ کر مقبولیت حاصل کر چکے ہیں۔

فن ڈرامہ نگاری پر سید بادشاہ حسین صاحب نے ایک کتاب لکھی جو اردو میں اپنی نوعیت کی پہلی کتاب ہے۔

شاعری: حیدرآباد کی فضا شعر و سخن کے لئے ہمیشہ روح پرور رہی اور ایسے ایسے شاعر پیدا کئے جن کے نام اردو دنیا میں اس کی بقا تک رہیں گے زمانہ حال میں بھی جب کہ حیدرآباد کے نوجوان علم و فضل اور فنون کی تحصیل اور تحقیق میں مشغول ہیں متعدد ایسے صاحب ذوق بھی پیدا ہوتے جا رہے ہیں جنھیں شاعری سے فطری لگاؤ ہے اور یقین ہے کہ اگر یہی رفتار ترقی جاری رہی تو یہ اردو شاعری کی کائنات میں اپنے لئے ایک مستقل اور اہم جگہ پیدا کر لیں گے۔ یہ امر خوش آیند ہے کہ حیدرآباد کے مختلف شعرا غزل گوئی کے ساتھ ساتھ اعلیٰ پایہ کی نظمیں لکھ رہے ہیں اور یہ نظمیں صرف دقیانوسی خیالات اور معتقدات کی حامل نہیں ہیں بلکہ زمانہ کی موجودہ رفتار اور ملک کی نت نئی ضروریات کے مطابق لکھی جا رہی ہیں یہ وہ خصوصیت ہے جو ایک شاندار مستقبل کی پیشینگوئی کرتی ہے اور معلوم ہوتا ہے کہ حیدرآباد کا مستقبل بنانے اور ایک اٹھتی ہوئی قوم کی صحت مند نشو و نما میں ان نوخیز شاعروں کا ولولہ انگیز کلام خاطر خواہ حصہ لینے والا ہے۔ ہمارے شاعروں کی نظمیں جو عام طور پر ہندوستان کے معیاری رسالوں میں شائع ہوتی ہیں اس قدر مقبولیت حاصل کر رہی ہیں کہ نہ صرف حیدرآباد کے لاسلکی نشرگاہ سے ان کو آئے دن نشر کیا جاتا ہے بلکہ دہلی کی نشرگاہ کے ارباب حل و عقد نے بھی اپنے یہاں سے نشر کرنے کے لئے ان کو طلب کیا ہے۔

ہماری شاعری میں گذشتہ ربع صدی سے ہندی عنصر بھی بڑھتا رہا ہے لیکن وہ ہندی نہیں جو آج کل ایک خاص طبقہ میں بولی اور لکھی جا رہی ہے۔

اس کے محرک غلام طیب صاحب اور عظمت اللہ خاں مرحوم ہیں جنھوں نے ہندی طرز کی نظموں کی ابتدا کی عظمت اللہ خاں مرحوم کی یہ نظمیں:-

(۱) مجھے پیت کا یاں کوئی پھل نہ ملا

(۲) مرے حسن کے لئے کیوں مرے تھیں لینے تھے نہیں یوں مرے

اور (۳) چنبیلی

وغیرہ نے ہمارے موجودہ نوجوان شعرا پر بھی اثر ڈالا اور ساز، بیکش، مخدوم اور ظہیر صاحبان کی نظمیں اس سے متاثر نظر آتی ہیں۔

ہم جب ان نوجوان شعرا کی نظموں کا مطالعہ کرتے ہیں تو ایک کیف طاری ہوتا ہے اور بعض نظمیں تو اس بات کا ثبوت دیتی ہیں کہ حیدرآباد کے معاشرہ میں ایک انقلاب پیدا ہو رہا ہے اور ہماری سماج کروٹ بدل رہی ہے۔

اکبر الدین صدیقی متعلم سال چہارم

زبان کا کوئی وطن نہیں اسکا کوئی مذہب نہیں، اس کی کوئی ذات نہیں جو کوئی اسے بولتا پڑھتا اور سلیقے سے استعمال کرتا ہے اسی کی زبان ہے، خواہ وہ کوئی ہو اور کہیں کا ہو۔

(عبدالحق)

ہمارا آقا

خسروِ فقر آشنا، تاجورِ پاکباز
صاحبِ ایماں کا دل، سینۂ مومن کا راز

صاحبِ تاج و نگیں، حاملِ صدق و یقیں
حامیِ دینِ مبیں، سالکِ راہِ حجاز

شاعرِ رنگیں سخن، صاحبِ صد علم و فن
جہل کا ارماں شکن، علم کا آئینہ ساز

رہبرِ عصرِ رواں، مالکِ صد کارواں
جس کی صدا دلکشا، جس کی نظر دلنواز

پھونک دی اس عہد میں جس نے حقیقت کی روح
توڑ دیا جس نے آج رنگِ طلسمِ مجاز

جس کی نظر روز و شب راہبرِ زندگی
شام و سحر جس کا دل ذوقِ عطا سے گداز

شوکتِ ناپائدار جس کی نظر میں نہیں
عشرتِ بے کار سے جس کا ہے دل بے نیاز

نرم دمِ گفتگو، گرم دمِ جستجو
جلوۂ تمکینِ ناز، مظہرِ شانِ نیاز

مالکِ طبل و علم، والیِ خیل و حشم
صاحبِ جود و کرم شاہِ زمانہ نواز

گو ہے ترے فرق پر تاجِ زرِ خسروی
فقر ہے تیرا وضو، درد ہے تیری نماز

حاملِ خلقِ عظیم، سادہ لباس و کریم
مسندِ الطاف پر ناز سے جلوہ طراز

علم کے پیاسوں کی ہے، شام و سحر یہ دعا
تجھ کو ملے دہر میں خضر کی عمرِ دراز

جشن یہ سیمیں ترا تجھ کو مبارک رہے
رحمتِ یزداں سے تو اور بھی ہو سرفراز

حبیب شفیع خان تابی
(بی اے عثمانیہ)

ظل اللہ

بلندی کی طرف اُٹھتی ہوئی جب چشمِ پستی تھی — دکن کی سرزمیں سیراب ہونے کو ترستی تھی

شعاعیں علم کی بے تاب تھیں جب پھیل جانے کو — دکن کے قلب میں ذوقِ عمل بن کر سمانے کو

نئے پیرِ مغاں کو ڈھونڈتے تھے میکدے والے — کہ پی کر بادۂ علم و عمل بن جائیں متوالے

اُبلنا چاہتے تھے نورِ سلطانی کے فوارے — چمکنا چاہتے تھے آسمانِ علم پر تارے

اندھیری رات کا اک صبحِ صادق کی نشانی تھا — دکن والوں کی خاموشی میں بھی جوشِ جوانی تھا

سکونِ خواب میں ایک جوش تھا کروٹ بدلنے کا — سلیقہ آگیا تھا گرنے والوں کو سنبھلنے کا

تھی کوئی مردنی سی جینے والوں میں مگر دم تھا
تھا کوئی خواب لیکن نیم بیداری کا عالم تھا

ہر اک گل تھا بہشتی رنگ کا جوڑا پہننے کو
گلستانِ دکن بے چین تھا فردوس بننے کو

خموشی میں لئے اک محشرِ خاموش بہتی تھی
ہوا نغموں میں بسنے کے لئے بے چین رہتی تھی

دکن جب بھی رواداری کے سندر گیت گاتا تھا
جہاں میں آفتابِ ہند بن کر جگمگاتا تھا

مگر اہلِ دکن کو ایک طرزِ نو، دکھاتا تھا
اسی دنیا میں رہ کر اک نئی دنیا بساتا تھا

بہ اندازِ دگر اہلِ دکن میں عید ہوتی تھی
دکن کے طالعِ بیدار کی تجدید ہوتی تھی

رکا تھا دستِ جود و فیض دامانِ طلب بھر کر
نئے انداز کی تھیں خواہشیں لب ہائے سائل پہ

برس کر تھم گیا تھا مینھ کہ پھر ابرِ بہار آیا
دکن کی سرزمیں پر رحمتوں کا جوبار آیا

سراپا خادمِ مخلوق، اک مخدوم کو دیکھا
نگاہِ دل نے ظلِ اللہ کے مفہوم کو دیکھا

دعائیں اک تقدس سے لبِ خاموش پر آئیں
اٹھیں گہوارۂ دل سے، اثر کے دوش پر آئیں

کہ یارب شاہ عثمان ظلہ ایک مدت تک رہیں زندہ
یہی خواہانِ دولت کا ہے ان سے بخت تابندہ

(صاحبزادہ) میر محمد علیخان میکش (عثمانیہ)

ارضی جنّتیں

دکن کے چند دلفریب مقامات

ساحل مرینہ (مدراس)

مرینہ کا رتیلا ساحل، مدراس کا مایۂ ناز تفریح گاہ ہے، جس کے کناروں پر اونچی، اونچی موجیں ایک ہنگامۂ تلاطم کے ساتھ ٹکرا کر فضائے بسیط کو اپنی ترنم ریزیوں میں غرق کر لیتی ہیں۔ نگاہوں کے سامنے آب وار لہروں کا ہیبت ناک، غیر منقطع سلسلہ، اپنے آغوش میں دنیائے نظارہ لئے اٹکھیلیاں کرتا ہے۔

اس سحر آفریں مقام کو صبح میں دیکھا نسیم سحری اتراتی پھر رہی تھی حسن صبیح کی جلوہ گری تھی۔ نور کا سیلاب تھا۔ سمندر کے کنارے لب سے نیلگوں آسمان کے کنارے پیوست ہو کر رازدارانہ انداز میں گفتگو کر رہے تھے اور ہم ایک روح پرور کنج میں بیٹھے اپنی بے تاب روح کے لئے لذائذ سرود کا سامان مہیا کر رہے تھے۔ شفق آلود، افق کے آبی پردے سے، ایک دلفریب شان کے ساتھ، ایک جہاں سوز حسن نمائی کے ساتھ، ایک ناز آفریں نقاب کشائی کے ساتھ آفتاب عالم تاب نے اپنا چہرہ دکھایا۔ لیکن اس میں ابھی شان نخوت نہیں تھی۔ اس کا حسن ابھی خیرہ کن نہ تھا۔ اس کا جمال ابھی جلالی شان کا آئینہ دار نہیں تھا۔ جیسے جیسے دن

بڑھتا گیا، غرورِ حسن کا نشہ بھی چڑھتا گیا۔ یہاں تک کہ آنکھ اٹھا کر دیکھنا مشکل ہو گیا۔ وہ اپنی دلربائیوں کے ساتھ، رعنائیوں کے ساتھ آتشیں جلوہ ریزیوں کے ساتھ چمکتا رہا۔ اور ہم نے سمندر کے سکونِ مطلق پر، ماحول کے سناٹے پر، متین و سنجیدہ شعاعوں پر ایک حسرت آمیز نظر ڈالی اور چلے گئے۔

سرِ شام اس وسیع ساحل کی باریک ریت پر ہزاروں نظارہ پرست انسانوں کا سیلاب نظر آیا۔ مختلف شکل و صورت، مختلف وضع و لباس، مختلف قوم و ملت کے لوگوں کا مجمع تھا۔ مرینہ روڈ پر موٹر کاریں قطار اندر قطار کھڑی تھیں۔ سواریوں میں اور پیدل آدمیوں کی آمد کا تانتا بندھا تھا۔

وسط میں نشرِ صوتی آلہ اپنی نغمہ سازیوں اور سامعہ نوازیوں سے موسیقی کے جادو جگا رہا تھا۔ ہم، ساحل کی مسلسل جھومنے والی موجوں کے قریب پہونچے اور کھڑے ہو گئے۔ امواج ایک اندازِ دلربائی کے ساتھ آکر ہمارے قدم چوم رہی تھیں اور ایک شانِ استغنا کے ساتھ لوٹ جا رہی تھیں۔ تھوڑی دیر تک ان سے مسرت اندوز ہوتے رہے اور پھر ذرا دور ساحل پر کھڑے ہو گئے تیز ہوا نے گیلے کپڑے خشک کر دیے۔

شام کی تاریکیاں بڑھنے لگیں۔ ہر طرف اندھیرا چھا گیا مگر ہماری شوق وارفتگی سے سرشار آنکھیں سمندری مناظر پر گڑی رہیں۔ سامنے پردۂ تلاطم تھا جس میں سے انقلابِ طوفان کی جھلکیاں نظر آ رہی تھیں۔ جہاں تک آنکھیں کام کرتی تھیں نگاہیں دوڑائیں۔ ایسا معلوم ہوا کہ نورانی اژدہے تاریک سایہ میں لہراتے ہوئے ہماری طرف آتے ہیں۔ وہ مستانہ وار آتے ہیں لیکن جب ساحل کے کناروں سے متصادم ہوتے ہیں تو پاش پاش ہو جاتے ہیں۔ نگاہیں بھی ان کے ساتھ آتی ہیں۔ اور ان نورانی مجسموں کو ظلمت کی گھٹاؤں میں غرق ہوتے دیکھ کر پھر آگے بڑھتی ہیں تو وہی منور لہروں کے سلسلے۔

ہم اسی طرح فطرت کی وسعت میں محو تھے کہ چاند کی ہلکی ہلکی شعاعیں افق سے نمودار ہوئیں۔ پھر تخیل کی دنیا میں ایک سبک جنبش ہوئی، ایک نازک لرزش۔ سمندر کا مد و جزر فزوں ہوتا گیا۔

آہ۔ وہ سمع شکن شور کے ترنم آفریں نغمے
وہ موجوں کا اٹھ اٹھ کر چاند سے اٹکھیلیاں کرنا
وہ منظر کا نور ——— وہ نور کا منظر

نندی ہل (بنگلور)

صبح کے کوئی ساڑھے چار بجے، جب کہ عالم پر ایک پُر کیف سرشاریت کا غلبہ رہتا ہے۔ ہم نندی ہل کی جانب روانہ ہوئے۔ ہر قدم پر دل کش مناظر اور روح افزا کیفیتیں، ہمارا خیر مقدم کر رہی تھیں، ہر معمولی چیز میں ہمیں مسرت و شادمانی کی جھلکیں نظر آ رہی تھیں۔ اندھیرا ہمارے سامنے چھٹتا گیا۔ نور ہمارے سامنے پھیلتا گیا۔ شفق ہمارے سامنے پھولی۔ مہر عالم تاب ہمارے سامنے طلوع ہوا۔ الحاصل آٹھ بجے منزلِ مقصود پر پہونچے۔

اوپر نظر ڈالی۔ جرأت آزما چڑھائی تھی ہمت کر لی اور بغیر کسی مدد کے پا پیادہ جانے پر تیار ہو گئے۔ رگوں میں دوڑنے والے نوجوان خون نے مجبور کیا کہ اس مہم کو ذرا اور دلچسپ بنایا جائے۔ لہذا سب سے پہلے انتہائی چڑھائی پر جانے والے کو انعام دینا قرار پایا۔

سطح زمین سے ڈھائی میل بلند دنیا پر ہر طرف پہاڑیاں اور جنگل نظر آئے۔ البتہ ان میں، مسافر بنگلہ، دواخانہ، پولس اسٹیشن، اور تین رہائشی مکانات، دیول اور ٹیپو کی تاریخی عمارتیں، انسانی بستیوں کے مظہر ہیں۔

انواع و اقسام کے درخت اور گل ہائے رنگارنگ، خاص طور پر قابلِ ذکر ہیں۔ اس تفریح میں ہماری چار شخصی جماعت نے پھول جمع کرنے کا دلچسپ مشغلہ اختیار کیا۔ ہم نے (۵۰) قسم کے تازہ بہ تازہ، نو بہ نو پھول جمع کئے۔

مولسری کے درختوں کے عطر بار سایہ میں بیٹھ کر شراب نکہت بار سے مخمور ہوئے۔ فلک بلند درختوں کے تلے فرشِ خاکی پر دراز ہو گئے۔ دیواریں پھاندیں۔ بھاگ دوڑ کی۔ بیت بازی کا مقابلہ کیا۔ غرض اس "یوم مسرت" کو "محبوب مشاغل" میں گذار کر سر مغرب ابر کی چھاؤں میں نیچے اترے۔

اس جنت مقام کا چپہ چپہ حسن آباد ہے۔ چڑیوں کی شیریں لحنی، پھولوں کی نکہت آفرینی، موسم کی خوشگواری جذبات جو مضمحل تھے، موسیقی کی جاذبیت سے ہیجان میں آ گئے، تسلی آمیز احساسات کے سرچیون چشمے کی بندشیں ابل پڑیں۔ دنیا کے تصنع سے بیزار آنکھیں کشش فطرت کے باعث، ہمہ تن پیکر بن کر رقص کرنے لگیں۔

تمدن کی ساری ہنگامہ خیزیاں، اس تصنع نا آشنا سادگی پر قربان!

جی چاہتا ہے کہ یہی نشۂ وارفتگی رگ رگ میں سرایت کر جائے۔ جو اس چھوٹی سے دنیا کے ذرہ ذرہ سے ہویدا ہے

آبشارِ کاویری (میسور)

میسور کے اس باصرہ افروز اور نظر فریب مقام پر جب ہم پہونچے ہیں۔ اس وقت نیلگوں آسمان پر اودی اودی گھٹائیں چھائی ہوئی تھیں۔ شام کی زرد اور اذیت نا آشنا، شرمیلی دھوپ، چھاؤں کے ساتھ آنکھ مچولی کھیل رہی تھی کبھی ابر کی چادروں میں روپوش ہو جاتی۔ ابابیل قبل از وقت، آشیانوں سے نکل کر نور آمیز دھندلی فضا میں توازنِ پرواز کے ساتھ، فلک پیمائیاں کر رہے تھے۔ کبھی کبھی زاغ دشتی کی ٹولیاں، زناٹے سے سائیں سائیں کرتی ہوئی۔ گذر جا رہی تھیں، دور، نگاہوں سے مستور، آموں سے چھائے ہوئے بن سے کوئل کی کوکو نوازیاں، فردوسِ گوش بن رہی تھیں۔ حسنِ موسم کی یہ ننھی مطلوب معنوی اپنے کنج خلوت سے اعترافِ شوق کے نغمے الاپ رہی تھی۔ لہریں لیتی ہوئی ہوا میں اس کی والہانہ جذبات سے معمور شیریں آواز، نقشِ ترنم مرتسم کر رہی تھی۔

ابر کے ٹکڑوں نے اپنی خانہ بدوش آوارگیوں سے بیزار ہو کر آخر پڑاؤ، ڈال ہی دیا۔ قوس قزح اپنی رنگا رنگیوں کے ساتھ جلوہ گر ہو گئی۔ ہم نے ناہموار پگڈنڈی پر سے نیچے کا رخ کیا۔ بےتاب نظریں، پرشوق وارفتگی کے ساتھ، آسودہ آنکھوں سے نکلیں اور محو نظارہ ہو گئیں۔

پہاڑوں کا زمردین سلسلہ حد نظر بن گیا۔ ان کا نشیب و فراز، تارِ نظر کو اپنی ناہمواریوں سے ہچکولے دینے لگا۔ کہیں ان کی سربلند نکیلی چوٹیاں، کہیں ان کے تنگ آغوش درختوں کا سکوت بےقرار ترنم پاش تھا۔ پودوں کا سکونِ اضطرار، نغمہ بدوش، خوابیدہ سبزے کی لہلہاہٹ، سازِ بےآواز۔ خاموشی میں بہار کی شیریں راگنیاں۔ غرض حسن خاموش تھا اور نغمہ بےتاب۔

آبشار کی شور آفریں روانی، اس کے تموج کا ترنم اور اس کے ترنم کا تموج۔ فضا میں آبشارِ نغمہ کا سماں نظر آنے لگا۔ افقِ بعید سے شفق کے پیمانے، ارغوانی شراب چھلکانے لگے۔ آئینہ تمثال سطحِ آب پر اس کی آتش رنگیاں، آتشیں پلکوں کا دھوکا دینے لگیں۔

ہم پہاڑ کے ناہموار، راستوں سے نیچے کی طرف اترتے ہی گئے اور انجام کار، اس چٹان کے قریب پہونچ گئے۔ جہاں پانی کسی حرماں نصیب کی طرح اپنا سر پھوڑ رہا تھا۔ دونوں طرف سے پانی گر رہا تھا اور دونوں کا پُر طاقت بہاؤ، ہم آہنگ ارتعاش کے ساتھ مس کر کے ایک ہی جانب بہہ جا رہا تھا۔

سنگین فرش پر، ہم حسن کی لامحدود وسعتوں اور فطرت کی وسیع حسن نمائیوں سے حظ اٹھاتے رہے۔ دفعتاً کسی نے کہا،

ذرہ دیکھو، سب کی نگاہیں، یہ یک وقت اٹھیں۔ آبشار سے کچھ دور کوہستانی سلسلے کے ایک غیر مسطح گوشے میں ایک سفید چبوترہ نظر آیا۔ اور اس پر کسی کا مزار۔ گرد و پیش کی اشیا نے زبانِ بے زبانی سے کہا۔

سب کہاں کچھ لالہ و گل میں نمایاں ہوگئیں
خاک میں کیا صورتیں ہوں گی کہ پنہاں ہوگئیں

منظر کی اس درخشانی میں، حسن کی اس ہم آہنگی میں، فطرت کی ان غیر مکلف محفلوں میں، ماحول کی ان نازک و لطیف دلفریبیوں میں آزاد اور سچی موسیقی کی ان روح نوازیوں میں جانے کون محوِ خوابِ ابدی ہے؟ اُف دنیا سے کنارہ کش ہونے کے بعد بھی یہ خلوت زائیاں۔ یہ تنہائی پسندیاں۔ دنیوی علائق سے یہ بیزاریاں!!

آسمان سے ننھی ننھی بوندیاں گر کر موتیوں کی طرح بکھرنے لگیں۔ تھوڑی دیر تک بھیگتے رہے جب مینھ کی تیزی بڑھتی گئی تو بچاؤ کا خیال ہوا۔ نیچے سے اوپر آنا، جب کہ بارش نے پتھروں کو چکنا دیا تھا، ایک جرأت آزما کام تھا۔ بچتے بچاتے سہارا لیتے اور سہارا دیتے، اوپر چڑھ گئے۔ جہاں ٹین کا بنا ہوا ایک چھوٹا سا سائبان تھا۔ اس سائبان میں کھڑے ہو گئے۔ بارش سے محفوظ بھی رہے اور منظر سے لطف اندوز بھی ہوئے تھوڑی دیر کے بعد پانی ختم ہوگیا۔ گرد و غبار صاف ہوگیا۔ حسنِ فطرت کی منظر آفرینی میں گویا چار چاند لگ گئے۔

رات کی تاریکیاں، اپنا بھیانک چہرہ دکھانے کو تھیں اس لئے بادلِ نخواستہ، منظر کی دلچسپیوں سے، فطرت کی جلوہ نمائیوں سے، روح پرور موسیقی کی لذتوں سے دیدہ و دل نے نگاہیں ہٹائیں اور ہم بس میں سوار ہو کر اپنی جائے رہائش کو روانہ ہوئے

کرشنا ساگر (میسور)

طے پایا کہ کرشنا ساگر کی سیر کے لئے "شاہ پسندوں" کی خدمات حاصل کی جائیں۔ چنانچہ روانہ ہوئے بس اور شاہ پسند میں جو فرق ہے، ظاہر ہے۔ وہ تیز رفتار، یہ سست رفتار۔ اس کے چلانے والے خاموش اور کم سخن۔ اس کے چلانے والے باتونی اور لفاظ۔

خاموش اور صاف سڑکوں پر سے ہمارے شاہ پسند ٹانگے گزر رہے تھے اور ٹانگے چلانے والے گفتگو کے سلسلے کو کسی طرح منقطع کرنے کے روادار نہیں۔ ہر عنوان پر گل افشانیاں ہو رہی تھیں۔ ساگر کے نام سے ہمارے تخیل کی دنیا میں "عثمان ساگر" کے حدود کے

نقوش اپنا عکس ڈال رہے تھے۔ نگاہوں کے سامنے تالاب کی سیال خاموشی کا سیلاب موجزن ہوگیا۔ دُور تک پانی ہی پانی نظر آنے لگا۔ تخیل کی نزاوینوں اور گنگناہٹ کے لامتناہی سلسلوں کے لئے گرشنا ایک روک ثابت ہوا۔ شاہ پسند ایک جنبش آمیز تڑپ کے ساتھ رکے اور ہم اشتیاق آفریں انداز میں اتر پڑے صدر دروازہ پر ٹکٹ خریدا اور اندر داخل ہوئے۔ اس حد تک ہمارا تخیل، ہمیں بالکل صداقت کے آغوش میں تفریح سے لطف اندوز کر رہا تھا: "کٹے" کی سڑک "تالاب کی لہروں کا خاموش اضطراب" دور تک پانی کی چادروں کی لہریں۔ لیکن ہم اس منظر کو چھوڑ کر "کٹے" کے دوسرے کنارے پر پہنچے اور نیچے کی طرف اس کے زینے طے کرنے لگے۔

آنکھوں نے کیا دیکھا؟

حسن کی دُنیا!

پلکوں کے گہوارۂ جنبش میں ارتعاشِ نگاہ جھومنے لگا۔

سبزہ کے زمردیں میدانوں میں چھوٹی چھوٹی سڑکیں بہار دے رہی تھیں۔ اس ارضی فردوس کے نشیب وار تختے دل فریب تھے۔ ایک میدان اس پر چھوٹا سا چمن مختلف اشکال و اوضاع کے حوض اور حوضوں میں گل ہائے آبی نچھاور کرنے والے فوارے پھر اس سے نشیب میں دوسرا میدان۔ ان دونوں میدانوں کو ملانے والی سیڑھیوں کے وسط میں ایک سنگین آبشار سے پانی کی مستانہ روانی۔ دوسرے میدان میں بھی وہی جنت نمائیاں اور اسی طرح دوسرے میدان۔

ان میدانوں کو طے کرکے ہم ایک مقام پر پہونچے، جہاں قدرت اور صنعت کا امتیازی فرق نمایاں نظر آتا ہے، پانی برقی سرعت اور پُرشور تلاطم کے ساتھ بہہ رہا تھا۔ امواج کا تصادم عجیب موسیقی آمیز ہنگامے برپا کر رہا تھا۔

فواروں کی سرور آگیں پھواریں اور پانی کے اس طوفان خیز بہاؤ کو دیکھتے ہوئے ہم کھڑے رہے۔ مغرب ہوگئی۔ آفتاب غروب ہوگیا۔ برقی قمقمے جگمگانے لگے۔ ان مناظر کو اوپر سے دیکھنے کے لئے ہم "کٹے" پر چلے گئے۔ ایک طرف پانی کے ناپیدا کنار وسعت اور دوسری طرف حوضوں کی دلفریبیاں، چمن کی خوشنمائیاں، فواروں کی گوہر بیزیاں۔

اس والہانہ جذبہ کے رقص پیہم میں کون ہے؟ جو اپنے آپ کو نہیں کھو دیتا۔ مظاہر قدرت کے اس محبوب و حسین منظر کی کیف آفرینی میں کس کی آنکھیں محو نہیں ہو جاتیں؟ موسیقی کی زہرہ گداز اداؤں میں کس کے کان واجد نغمہ نہیں ہو جاتے؟ یہی وہ ارضی جنتیں ہیں جہاں انسان سرور سے سُکر اور سُکر سے سرشاریت کی انتہا تک پہونچ جاتا ہے۔

چومنڈی ہل (میسور)

رات کے گیارہ بجے، جی چاہا کہ چومنڈی ہل کی تفریح سے دن بھر کی تھکاوٹ دور کی جائے۔ موٹر ٹیکسیاں لیں اور چلے پہاڑیوں، غاروں اور درختوں کے درمیان سڑکیں بنی ہوئی تھیں۔ یہ سڑکیں پیچ و خم کھاتی ہوئی اوپر چلی گئی تھیں۔ مگر اس موٹر توڑ والے خطرناک راستے پر، رات کی تاریکیوں میں موٹر راں عجیب اطمینان، دلجمعی اور استقلال سے زود رفتاری کے ساتھ گاڑیاں چلا رہے تھے کہ حیرت ہوتی تھی۔ شاید مشق متواتر نے ان کا خوف زائل کر دیا ہے۔

رات کی اُمنڈ پڑنے والی تاریکیوں میں ہم راستہ طے کرنے لگے جیسے جیسے بلندی کی طرف بڑھتے گئے۔ سرد ہوا کی اذیت رسانی بھی اپنی قوت بڑھاتی گئی۔ ایسا معلوم ہوتا تھا کہ سطح جسم پر ہوا کی چنگاریاں چرکے لگا رہی ہیں۔

ایک مقام پر ہماری موٹر کاریں رکیں اور ہم دیکھنے لگے۔ ایک طرف تیرہ و تار فضا میں رات اپنا سیاہ اور ڈراؤنا چہرہ دکھا رہی تھی اور دوسری طرف، میسور اپنے منور منظر کی دوشیزگی کا اظہار کر رہا تھا۔ سطح زمین پر نورانی گل کاریاں اپنی سادگی میں ڈوبی ہوئی ظلمت ریزیوں اور بے ترتیب دستوں سے سیمابی شباب کا نکھار پیش کر رہی تھیں کہیں روشنی کا ایک خط مستقیم دور تک چلا گیا ہے، کہیں روشنی کا دائرہ ضو افگن ہے۔ کہیں کچھ ہے، کہیں کچھ، ان کے درمیان، قصر مہاراجہ کے سُرخ قمقموں کی لال روشنی بڑی بھلی لگتی ہے۔

غفلت و خواب کی کروٹوں میں بسر کرنے والوں کو نیند کے ماتے تھپک تھپک کر سُلاتے رہے لیکن ہماری بیداریوں نے ہمیں حسن فطرت کے عمیق مطالعہ سے دلکشی کی گہرائیوں میں غرق کر دیا دور تک سُنہری برقی قمقمے بہار دے رہے تھے ایسا معلوم ہوتا تھا کہ شہر کو کسی نے آگ لگا دی ہے۔ آسمان پر جگمگاتے تارے اور زمین پر درخشاں قمقمے۔ ان دونوں کی درمیانی فضا میں ہم ایستادہ تماشا بینی اور منظر پرستی میں مستغرق۔ خاموشی کی ان محفل طرازیوں میں میسور ایک پیکر ضیا تھا ایک مجسمہ نور۔

ہماری موٹریں پھر بلندی کی طرف روانہ ہوئیں اور اس بلند و حسین دیول کے قریب جا کر رکیں جو چومنڈی ہل کی انتہائی بلندی پر وقوع پذیر ہے۔ دیول تعمیر کاری کی جان ہے اور حسن کاری کی روح۔ ماحول نے اس کو اور بھی خوش منظر بنا دیا ہے۔ روشنی کی ہر جیتی ضیا پاشیوں نے تو سونے پر سہاگہ کا کام کیا ہے۔ دیول گویا روشنی میں نہائی ہوئی تھی۔

سردی اس بلا کی تھی کہ جسم بید لرزاں کی طرح کانپ رہا تھا۔ دانت سے دانت بج رہے تھے۔ زیادہ ٹھہرنا تکلیف دہ اور تمنائے دید بے تاب اسی اضطراب انگیز کشمکش میں واپسی پر مجبور ہوئے۔ جاتے جاتے پھر جائزہ حسن کی آخری ساعت میں

اپنے دقیقہائے شوق کو تحلیل کر دیا۔

باب الہند (کلمئی)

کاروباری دنیا کی ہنگامہ آرائیوں سے نکل کر جب ہم اس مقام پر پہونچے تو سکون ناآشنائی نے یہاں بھی ہمارا ساتھ دیا۔ ہر طرف شور و شغب تھا۔ روحانی لذائذ کی وسعتیں مادی حیثیتوں کی حدوں سے ٹکرا کر ارتعاش خیال کا باعث بن رہی تھیں ایک طرف سمندر کی امڈی ہوئی وسعت تھی اور دوسری طرف حسن انسانی کا رنگین سیلاب۔

کتنا جمیل وقت تھا؟ جب کہ دو شامیں مل رہی تھیں افسردگی آمیز سرور کی سی کیفیت، فضا میں پھیلی ہوئی۔ سمندر کا سکون مطلق، بے تاب تلاطم لیکن دلوں کی دھڑکنیں اضطراب بدوش!

حسن کی ان رنگا رنگیوں میں کون ہے جس کی نگاہ شوق مخمور تماشا نہیں ہوجاتی؟ رنگین قہقہے، ہلکی مسکراہٹیں، نرم و نازک گفتگو، گداز رفتار جھینپی ہوئی نگاہیں، بے باک ادائیں۔

کبھی تو ہم نے گنگنایا۔

تم نے کیوں انجمن ناز میں تیور بدلے
دل دھڑکنے کی صدا ہے کوئی فریاد نہیں

اور کبھی، گایا۔

شرمگیں آنکھ، نگہ بے قرار، چتون شوخ
تم اپنی شکل تو پیدا کرو حیا کے لئے

لیکن شکستہ بربط کے ان ٹوٹے ہوئے نغموں نے کسی پر مائل کرم کیا نہ کسی کو شرمندہ سکوت۔ وہی محشر بپا ہوا کئے اور وہی قیامتیں اٹھا کیں۔

بمبئی کی تاجرانہ سرگرمیاں اس تفریح گاہ میں بھی ختم نہیں ہوتی رہ رہ کر آوازیں آرہی تھیں۔ یہ لیجئے اور وہ لیجئے بعض دلکش پیرایہ میں چیخ رہے تھے اور بعض وہی دقیانوسی انداز میں۔

ہم نے اسٹیمر کے ذریعہ سمندری تفریح کی۔ ہماری کشتی پانی کی نازک لہروں سے کھیلتی ہوئی لہرا رہی تھی۔ دوسری

تفریحی کشتیاں بھی ادھر ادھر پھر رہی تھیں کچھ دور آگے جانے کے بعد ہمیں جہاز ملے۔

کشتی میں بیٹھ کر جہاز کا نظارہ ——

اس بحری دنیا میں بھی وہی کمتری اور عظمت کے امتیازات ہیں۔ چھوٹی لہریں بہت نازک انداز میں مچلتی ہیں لیکن جب ایک بڑی موج شور انگیز انداز میں اٹھتی ہے تو ان چھوٹی لہروں کو فنا کر دیتی ہے۔ وہی درس فنا ہے۔ کئی حباب ابھرتے ہیں لیکن آنکھ جھپکنے تک فنا ہو جاتے ہیں۔ کئی حلقے بنتے ہیں لیکن بننے نہیں پاتے کہ مٹ جاتے ہیں۔

باب الہند اپنی آغوش میں انسانوں کی متحرک دنیا لئے ہوئے دعوت نظارہ دے رہا تھا۔ لوگ ادھر ادھر پھر رہے تھے۔ اس کی سیڑھیوں سے کئی کشتیاں نکل رہی تھیں اور کئی اس کی طرف واپس ہو رہی تھیں۔ ہر ایک کے لئے یہی ساحل تھا۔ تاج محل ہوٹل اپنے غرور تعیش کے ساتھ ہماری طرف دیکھ رہا تھا۔ اس کے حسن میں ایک نشۂ دولت تھا۔ ایک آمرانہ گھمنڈ۔

اتوار بمبئی میں اپنے ساتھ اسباب مسرت کا ایک سیلاب لاتا ہے۔ برقی قمقموں کی جگمگاہٹ ادھر گیسوئے شب پر موتیوں کی طرح چمکنے لگی۔ ادھر آراستہ اسٹیمر نے سمندر میں اپنا لنگر ڈالا۔ اسٹیمر کو بوقلموں رنگ کاریوں سے سجایا گیا تھا۔ اس میں دعوت قلب دگوش کا سامان بھی تھا۔ ادھر سازندوں نے سریلے نغموں سے لطافت پیدا کی، ادھر مہوشان فرنگ نے رقص شروع کیا۔ رقص نغمہ ہی کیا کم تھا کہ نغمۂ رقص برپا ہوا موسیقی پر حسین اداؤں کی رنگینیاں اور ہر اداۓ رنگین پر موسیقی کی بارش، اسٹیمر ایک فرد رقصاں کی طرح سمندر کی لہروں پر حسن بکھیرتا ہوا اور فضاؤں میں موسیقیاں پھیلاتا ہوا جا رہا تھا۔

وہ جب منظر میں اپنی رنگینیاں بکھیر کر لوٹا تو کنارے پر وہی حسن کی وسعتیں تھیں اور شوق کی پابندیاں۔

رات گئے حسن کی ان بے پایاں رنگینیوں سے جن کو روحانیت کے اجزا نے کیف سامان بنا دیا تھا۔ جب ہم لوٹ کر بازار پہنچے تو وہ دنیوی مکروہات، وہی سمع شکن چیخ و پکار، وہی ہنگامہ خیز چہل پہل۔

وقت کبھی دنیا کو خارزار بنا دیتا ہے، کبھی گلستاں۔

آسودگی کے چند لمحے غنیمت ہیں اگر قسمت یاوری کرے۔

مقبرہ رابعہ دورانی (اورنگ آباد)

رابعہ دورانی کا مقبرہ، فرخندہ بنیاد کے لئے باعث ناز ہے۔ اس کو دیکھ کر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ کوئی دوشیزہ

نثار حسن میں انگڑائیاں لے رہی ہے۔ شاید سطح ارض پر کوئی فردوسی محل ہے جو مرمریں پردوں میں فرشتوں کا تقدس لئے اپنے حسن کی بالیدگی کا انتظار کر رہا ہے۔ صبح کی روپہلی کرنیں جب اس کا بوسہ لیتی ہیں تو ایسا معلوم ہوتا ہے کہ کوئی مست شباب اپنے گیلے بالوں کو شرمیلی دھوپ میں سکھا رہا ہے۔ اس کا نکھار منظر میں ایک کیف پھیلاتا ہے۔

نظارہ پرست اس کیف میں ڈوب کر اپنے آپ کو سرشاریت کی اس بلندی پر دیکھتا ہے جسے بیخودی کہتے ہیں۔ دوپہر کے تمتماتے ہوئے آفتاب کی شعاعیں جب اس پر پڑتی ہیں تو ایسا معلوم ہوتا ہے کوئی نازک عورت تپتے ہوئے چٹانوں پر ننگے پاؤں چل رہی ہے۔ چاندنی کی لطیف کرنیں جب اس کو ردائے زریں اڑھاتی ہیں تو ایسا معلوم ہوتا ہے کوئی نئی نویلی دلہن اپنے رنگین گھونگٹ میں عروسانہ حجاب کے انتہائی جذبات لئے شرما رہی ہے۔ بارش کی ننھی ننھی بوندیاں جب اس کو نہلاتی ہیں تو ایسا محسوس ہوتا ہے کہ کوئی شرم و حیا کی دیوی کسی کو دیکھتا پاکر بدن چرا رہی ہے۔

سرو کے درخت صحن میں کھڑے خاموشی کے ساتھ اس کے جلوہ کی بہار لوٹ رہے ہیں۔ فوارے اچھل اچھل کر اس پر نثار ہو جانا چاہتے ہیں لیکن آمن ضبط انہیں قدم بڑھانے نہیں دیتے اور وہ تڑپ کر رہ جاتے ہیں۔ آسمان کا ہر تارا اور زمین کا ہر ذرہ اس سے اکتسابِ حسن کا آرزومند ہے۔

صحن مقبرہ گلستاں بدوش ہے۔ سرو کے آغوش میں مستطیل حوضوں کے رقصاں فوارے گوہر آب پھینکتے ہیں۔ ہریالی کی سبزی آنکھوں میں طراوت پیدا کرتی ہے پھولوں کی رنگین قبائیں منظر کی وسعتوں پر چھا جاتی ہیں۔

ایک طرف مسجد ہے۔ ان کیف افزا منظر آفرینیوں میں ذوق جبہ سائی، لذتِ بندگی کی سرشاری کا ایک لطیف جذبہ ہے

ہم نے بدر کامل کی چاندنی رات، مقبرہ کی روح افزا فضا میں گذاری۔ یہ ایک یادگار رات ہے جس کے اثری نقوش ہمیشہ دیدہ و دل پر مرتسم رہیں گے۔ مہتاب کا انتہائی نور، مقبرہ کی حسین عمارت، منظر کا سکوت آفریں انداز۔

بہت دیر تک چمن میں طویل حوض کے کنارے خاموشی کے ساتھ بیٹھے حسن مقبرہ کے نکھار کی پرستش کی۔ ہر طرف وجدانی کیفیت تھی۔ سناٹا تھا اور اس سناٹے میں ایک خاموش موسیقی تھی۔ ماحول لطیف تھا جو بھیگی چاندنی کے نور سے مجسم شعریت بن گیا تھا۔ چاند ضیا پاش تھا۔ اس کے اطراف چند تارے ٹمٹما رہے تھے۔ مینار پر ایک تارا البتہ پوری آب و تاب کے ساتھ چمک رہا تھا۔ زبان پر بے ساختہ یہ شعر آیا ؎

محبت میں ایک ایسا وقت بھی آتا ہے انساں پر … ستاروں کی چمک سے چوٹ لگتی ہے رگ جاں پر

ان لطافتوں میں ہمارا ہر سانس ایک پیغام حسن تھا، جو فطرت دے رہی تھی۔ اس پُر سکون فضا میں جو زرین لمحے گذرے ہم اس کو اپنی زندگی کا بہترین حصہ تصور کرتے ہیں۔

نظام ساگر (نظام آباد)

نظام ساگر پر جب ہم پہنچے ہیں، آفتاب غروب ہو رہا تھا۔ اس کے سطح آب پر عجیب گنگا جمنی کیفیتیں رونما تھیں۔ ابتدائے شام کی دھندلی نور پاشیاں، منظر کی خلد نمائیاں اور شعریت پسند طبیعت کی ترنگیں ان سب کے باہمی امتزاج نے ہمیں نظارہ فردوس کا سنہری موقع دیا۔

"ساگر نما" ایک جرمن وضع کا ہفت پہلو بنگلہ ہے جس میں نظام ساگر کے خوشنما مناظر کی تصویریں سلیقہ سے لگائی گئی ہیں۔ ساگر ولیو کی چاندنی پر چڑھ کر اطراف کے لطیف احول کا جائزہ لیا جائے تو عجیب فردوسی مناظر دکھائی دیتے ہیں۔

اس خطۂ شعر و موسیقی کا چپہ چپہ شباب حسن کی غمازی کرتا ہے۔ ایک طرف پانی کا سیال سمندر ہے جو ناپیدا کنار انداز میں حد نظر بنا ہوا ہے اور دوسری طرف اہم پیٹ کا چھوٹا سا تالاب زبان حال سے اپنی بے بضاعتی کا اظہار کر رہا ہے۔ سر سبز کھیتوں کے درمیان پانی کے چشمے چھلک رہے ہیں۔ جھلسا دینے والی دھوپ میں لہلہاتے ہوئے کھیتوں کی شادابی نظام ساگر کی مسیحا نفسیوں کا خاموش ترانہ گا رہی ہے۔

ہموار اور صاف سڑک سے اتر آنے کے بعد ایک مثلث نما پارک ملتا ہے جو ندرت اور سلیقہ کا مظہر ہے۔ فرش زمردیں پر پھولوں کے تختے کسی حسین گل اندام کی طرح مسکرا رہے ہیں۔

"ٹکٹے" پر سے ایک طائرانہ نگاہ ڈالی تالاب کیا تھا؟ ایک چادر سیاب، ایک سمندر رنگین، جہاں موسیقی رقصاں اور شعریت عریاں دکھائی دیتی ہے۔ پانی میں لنگم پلی کی گڑھی، ڈوبی ہوئی بستیوں کی دبی زبان سے نمائندگی کرتی نظر آتی ہے۔

دوسرے دن سویرے ہم گلگشت کی سیر کے لئے روانہ ہوئے طلوع آفتاب کا نظارہ وجد آفرین تھا گلگشت کی منظر آفرینیاں من موہ رہی تھیں۔ آفتاب کی دوشیزہ کرنیں، فضا کی رنگینیاں، صبح کا سہانا پن، منظر کی صبیح لطافت، غرض ع

کرشمہ دامن دل می کشد کہ جا ایں جاست

نہر نظام ساگر بھی قابل دید ہے جو اژدہا کی طرح بہت دور تک چلی گئی ہے۔ ایک مقام ایسا بھی ہے جہاں سطح زمین پر ندی ہے

اس پر نہر بہہ رہی ہے اور نہر پر ایک پل ڈالا گیا ہے تاکہ عبور و مرور میں آسانی ہو۔

اس ارضی جنت کا جوبن تو کچھ ساون کی رُت میں دیدنی ہوتا ہوگا۔ گرما کی محشر زائیوں میں جب یہ عالم ہے تو برسات کی کیف سامانیاں خدا جانے کیا رنگ لاتی ہیں۔

عثمان ساگر (حیدر آباد)

عثمان ساگر۔ ایک ایسا منظر آفریں مقام ہے جو شہر سے نزدیک بھی ہے اور دور بھی۔ جب کبھی کاروباری سرگرمیوں سے جی اُچاٹ ہو جاتا ہے تو ہم اس کے روح پرور گوشوں میں جو یائے سکون ہوتے ہیں۔

ساگر کے کنارے خوشنا باغ سلیقے سے لگائے گئے ہیں، جن کی شادابیاں روح منظر بنی رہتی ہیں روپہلی لہریں ترنم آفریں تڑپ کے ساتھ آ کر سرنگیں پہاڑیوں سے ٹکراتی ہیں، چٹانوں کے درمیان، سطح آب پر خوب صورت مچھلیاں لہرا کر حسن کارانہ انداز میں حلقے بناتی ہیں۔

چمن کے گوشہ میں جھولے پڑے ہیں جہاں بے ساختہ پن کے ساتھ موج منانے کو جی چاہتا ہے۔ فضا میں شعر و شباب کی اتنی رنگینیاں ہیں کہ جدھر نظر پڑتی ہے حسن کا ایک دریا چڑھتا ہوا نظر آتا ہے۔ کشکول نگاہ میں ہر ذرہ کائنات حسن بن کر چمکتا ہے چاندنی راتوں میں، برسات کی کیف آفرینیوں میں اور شام کے شفق پرور دہ مناظر میں ہم نے کئی مرتبہ جی بہلایا۔ نگاہ منظر پرست کے لئے ہر زحمت نظارہ۔ سکون کی سینکڑوں کروٹیں لئے ہوئے آئی اور اضطراب دل کی بیداریاں چھوڑتی گئی۔

دنیا بھی اک بہشت ہے اللہ رے کرم
کن نعمتوں کو حکم دیا ہے جواز کا

میکش

اگر ادب انسانیت سے ہم آہنگ نہ ہو تو وہ ناکام اور نامراد رہے گا۔

(ٹیگور)

سپاسنامۂ زبانِ اُردو

بحضور پُرنور اعلیٰ حضرت خسروِ دکن سلطان العلوم خلد اللہ ملکہ و سلطنتہ

بانیٔ جامعۂ عثمانیہ

نتیجۂ فکر محترمہ "زخ ش" مرحومہ

ولادت سنہ ۱۸۹۶ء　　وفات سنہ ۱۹۲۲ء

(۱)

"میں شانہ سے در گذری، آئینہ سے باز آئی　　وہ دل ہی نہیں جس میں ہو ذوقِ خود آرائی
ہرچند کہ صورت میں ہوں نور کی مورت میں　　ناظر نہ ہو جب کوئی، کس کام کی رعنائی
ایک چاند ہوں بدلی میں، ایک لعل ہوں گدڑی میں　　ایک حسن ہوں دیہاتی، ایک پھول ہوں صحرائی
مشاطہ اگر کرتی، آراستگی و تزئین　　ہر اہلِ خرد ہوتا اس زلف کا سودائی

"ہوں بزم حریفاں میں جوں آئینہ حیراں میں — با ایں ہمہ زیبائی با ایں ہمہ رعنائی
"اس دُھن میں کہ ہاتھ آئے دامن کسی کامل کا — اس دُھن میں کہ ہو جائے شاید کہیں شنوائی
"ہر منہ میں زباں ہو کر میں چلتی رہی برسوں — کُل ہند کی وسعت میں کی بادیہ پیمائی
"پر اہلِ زباں میرا اس طرح تھے منہ تکتے — دی ہی نہیں خالق نے گویا انھیں گویائی
"گر ہو بھی گیا مائل پردیس میں کوئی دل — گھر والوں کی نخوت نے کی حوصلہ فرسائی
"دلّی کی یہ نمکینی، یہ لکھنوی شیرینی — تھیں وقفِ سخن چینی، کیا ذکر دل افزائی"

(۲)

"آخر درِ محسن تک قسمت مجھے لے آئی — ہاں تجھ کو بشارت ہو، اے ذوقِ جبیں سائی
"جوں شمس و قمر روشن ہے اسمِ شریف اس کا — ہے نام خدا جس میں نورین کی یکجائی
"ہے آج بصد زینت ہر کان کا آویزہ — عثمان علی خان خلد اللہ ملکہٗ کا آوازۂ یکتائی
"عثماں کی "حیا" نے کی آکر میری غمخواری — دیکھی نہ گئی اس سے یہ ذلت و رسوائی
"کی بن کے "غنی" آخر شاہانہ ادا ظاہر — ایک جامعہ کی یعنی تاسیس ہے فرمائی
"جاں از سرِ نو بخشی میرے تنِ مردہ میں — پھر زندہ کیا اس نے اعجازِ مسیحائی"

قاصد ہوں ایک اردو کی، اے شاہ نہیں مجھ کو
دعوائے زباں دانی، مشقِ سخن آرائی

زرخ ش، ۱۹۱۷ء

عطا کردہ پروفیسر ہارون خان شیروانی صدر شعبہ تاریخ

ڈاکٹر سید محی الدین قادری زور ایم۔اے (عثمانیہ)
پی۔ایچ ڈی (لندن) پروفیسر ادبیات اردو
[illegible] اردو

اُردو ڈرامہ کا دورِ جدید اور حیدرآباد

سنہ ۱۹۱۴ء سے سنہ ۱۹۳۶ء تک

گو سنہ ۱۹۱۴ء کے بعد اور دس سال تک ناٹک کمپنیاں دورے کر کے تماشے دکھلاتی رہیں مگر اس زمانہ میں ان میں وہ اگلی سی قوت اور طمطراق باقی نہ رہا تھا البتہ یہ کمپنیاں طوفان کے بعد کی ہلکی لہروں کی شکل میں گذشتہ دور کی یاد تازہ کرتی تھیں۔

سینما کی پیدائش اسٹیج کی موت تھی۔ سنہ ۱۹۱۲ء میں جب ہندوستان میں سینما آیا تو آہستہ آہستہ عوام نے تھیٹروں سے بے رخی برتنا شروع کیا۔ ابتدا میں فلم خاموش تھے مگر ان قصوں میں اداکاری اور پس منظری تزئین کے اعتبار سے زوال یافتہ اسٹیج ہی کی نقل کی جاتی تھی اور پھر تھیٹر کے مقابلہ میں کئی گنا کم داموں میں سامان تفریح فراہم ہو جاتا تھا۔ اس لئے رفتہ رفتہ سینما کو عروج اور مقبولیت حاصل ہوتی گئی یہیں سے اردو تھیٹر جس کی عمارت تجارت پر کھڑی ہو گئی تھی گرنے لگی۔ پانچ سات سال کے عرصہ میں یہ بنیا کے برابر ہو کر رہ گئی جس پر بولتے فلم نے اپنی نئی عمارت کھڑی کی۔

سنہ ۱۹۱۲ء سے سنہ ۱۹۱۷ء تک کا دور اردو اسٹیج کی سکرات کا دور تھا جس میں ایک طرف تو معاشی اور تجارتی اسباب ایسے پیدا ہو گئے تھے جس نے اسٹیج کو لب گور پہنچا دیا دوسرے جامعات کے قیام اور جدید تعلیم کی نشر و اشاعت نے ناٹک کمپنیوں کی زبون اور

بتذل حالت کے خلاف شدید جذبہ منافرت پیدا کیا۔ جدید تعلیم یافتہ طبقہ اسٹیج اور ڈرامہ کی اہمیت اور افادیت کا ایسا ہی معتقد تھا جیسے کہ مغرب ہے مگر وہ اُردو ناٹک کمپنیوں کی غیر ادبی طرز روش کو توڑ کر مغربی ڈرامہ کی طرح اُردو ڈرامہ کو بھی ادبی بنانا چاہتا تھا۔

اسٹیج اور ڈرامہ میں جسم اور روح کا سا تعلق ہے۔ یہ ایک دوسرے سے ایسے وابستہ ہیں کہ بغیر اسٹیج کے ڈرامہ کا اور بغیر ڈرامہ کے اسٹیج کا تصور نہیں کیا جا سکتا۔ ڈرامے اگر اسٹیج نہ ہو سکیں تو وہ ڈرامے نہیں ہیں۔ اگر کوئی ڈرامہ نویس اسٹیج اور گرد و پیش کی دقتوں کو پیش نظر رکھے بغیر ڈرامہ لکھے تو اس کا یہ عمل بے فیض اور فضول ہوگا۔ اس عقیدہ کا ایک امام اس دور کا انگریزی ممتاز ڈرامہ نویس جیمس بری ہے جو ڈرامہ کی طباعت کا بھی مخالف ہے۔

جدید اُردو ڈرامہ نے زبان کی صفائی مکالموں کی برجستگی کے لحاظ سے ناٹک کمپنیوں کے مقابلہ میں قابل لحاظ ترقی کی کیونکہ اس تحریک کے حصہ دار ایسے تعلیم یافتہ تھے جو مغربی اور مشرقی علوم و فنون میں کافی دستگاہ رکھتے تھے۔ مگر اس دور کے ابتدائی ڈرامے فنی نقطۂ نظر سے نسبتاً کمزور اور اسٹیج کئے جانے کی کم اہمیت رکھتے ہیں۔ کردار سازی میں ایک حد تک لحاظ رکھا جاتا تھا مگر دوسرے ان اجزا کی جس سے ڈرامہ تشکیل پاتا ہے کمی ہے۔ مثلاً عمل۔ واقعات کا انتظار۔ ذہنی اور عملی کشمکش۔ قصہ کا تدریجی ارتقا اور پلاٹ کا توازن)

۱۹۰۸ء کی اصلاحی تحریک دراصل پیش خیمہ تھی اس جدید دور کا جو عبدالماجد کے ڈرامہ "زود پشیماں" سے شروع ہوتا ہے اُردو ڈرامے میں زبان۔ خیال اور فنی اعتبار سے جس قسم کے تغیرات واقع ہوئے ان پر اس مضمون میں بحث کی جائے گی۔

"زود پشیماں" از عبدالماجد (ناظر) ۱۹۱۱ء

مولوی عبدالماجد نے یہ ڈرامہ اس وقت لکھا ہے جبکہ اُردو ڈرامہ ناٹک کمپنیوں کے ہاتھوں ابتذال کی آخری منزلیں طے کر چکا تھا۔ معاشرہ کا رنگ یہ تھا کہ کسی شائستہ انسان کا خود کو ڈرامہ سے منسوب کرنا نہایت ہی معیوب اور بتذل سمجھا جاتا تھا مولوی عبدالماجد چونکہ مغربی ادب سے آشنا اور فن ڈرامہ کے حقیقی مرتبہ سے واقف تھے وہ یہ جانتے تھے کہ تمام اصناف ادب میں ڈرامہ ہی ایک ایسی صنف ہے جو کم سے کم وقت میں زیادہ سے زیادہ افراد معاشرہ کو ذہنی غذا پہنچا سکتی ہے۔ ناظر نے اجتہاد سے کام لے کر تمام مصنوعی، رواجی اور رسمی معتقدات کی بندھنوں کو توڑ کر فن ڈرامہ نویسی کو جو اس زمانہ میں تمام اصناف ادب میں سب سے زیادہ بتذل اور حقیر سمجھی جاتی تھی اپنے لئے پسند کیا اور "زود پشیماں" لکھا۔

یہ ایک معاشرتی حزنیہ ہے جو تین ابواب پر مشتمل ہے اس کا نفس مضمون (Theme) انتخاب ازدواج ہے۔

معاشرتی مسائل کو ناظر سے پہلے کسی نے سنجیدہ ڈرامہ کا موضوع نہیں بنایا تھا۔ ان سے پہلے کے تمام ڈرامے ہندو دیو مالا۔ اسلامی قصص شکسپیر اور دوسرے مغربی مصنفین کی ناولوں اور ڈراموں سے ماخوذ ہوتے تھے۔ ہم عصر سماج پر اگر تنقید ہوتی بھی تو ردہ نقلوں میں۔ زود پشیماں اُردو کا پہلا ڈرامہ ہے جس میں ہماری زندگی کے ایک اہم مسئلہ کو واقعات کے پیرایہ میں پیش کیا گیا۔

مغربی تعلیم کی اشاعت کی وجہ سے ہمارے قدیم تمدن کا جدید مغربی تمدن سے ایسا تصادم ہوا کہ زندگی کے ہر شعبہ میں انتشار انقلاب پیدا ہو گئے۔ مذاہب کی تنقیح ہونے لگی اور معاشرت کی ہر رسم ناقدانہ نظر سے دیکھی جانے لگی تعلیم یافتہ گروہ نے ہر اس چیز کو جو غیر معقول تھی اپنے معتقدات اور اپنی معاشرت سے نکال پھینکنے کا تہیہ کر لیا اور نئے سانچوں پر معاشرہ کو ڈھالنا چاہا۔ "زود پشیماں" اس ذہنی کش مکش کا ایک اچھا آئینہ ہے۔

اس ڈرامہ کا مرکزی کردار یوسف ایک تعلیم یافتہ نوجوان ہے جس پر عقلیت کا نشہ چڑھا ہوا ہے۔ شادی کو معاشرتی ضرورت سمجھتا ہے مگر ساتھ ہی ساتھ اس کا یہ بھی ایقان ہے کہ انفرادی نقطۂ نظر سے اگر کوئی شخص خود کو علمی کام میں مشغول رکھ کر معاشرہ کی خدمت کرنا چاہتا ہو تو اس کے لئے تجرد ضروری ہے۔

حسنی ہیروئین ہے جو بچپن سے اپنے چچازاد بھائی مشرف سے منسوب ہے۔ حسنی اسکول میں تعلیم پاتی ہے انتخاب ازواج کے معاملہ میں آزاد خیال ہے۔ گانا بجانا بھی جانتی ہے اسے داغ کی غزلوں میں مزہ آتا ہے۔ مثنوی زہر عشق سے بھی دلچسپی ہے مشرف سے (small talk) کا کام لیا گیا ہے۔ حسنی جتنی شایستہ اور اعلیٰ مذاق لڑکی ہے مشرف اسی مناسبت سے بے وقوف اور بدتمیز ہے مشرف کو خود اس کی زبان سے ظاہر کرنے میں ناظر کامیاب نہیں ہوئے۔

حسنی سے ملنے کے بعد یوسف کی معقولیت اور عقلیت جذبۂ عشق کے سیلاب میں تنکے کی طرح بہ جاتی ہے۔ جب ناکامی ہوتی ہے یوسف خودکشی کر لیتا ہے۔

جہاں یوسف پر عقلیت غالب ہے وہاں ناظر برناڈ شا کے پیرو معلوم ہوتے ہیں اور جہاں جذبات کی حکومت ہے وہاں شکسپیر کا اثر نمایاں ہے۔ اور معلوم ہوتا ہے کہ مصنف اس وقت رومیو اور جولیٹ سے متاثر ہے۔ مکالے روزمرہ میں ہیں بعض اوقات خود کلامی سے کام لیا گیا ہے جو بیسویں صدی میں متروک ہے۔

یوسف کے کردار کی تکمیل میں بہ ظاہر ڈرامہ نگار کامیاب نظر آتا ہے ہیرو کی خودکشی کا فعل اس کے عالمانہ کردار کی عظمت کو زبردست دھکا پہنچاتا ہے۔ وہ شخص جس پر مدرسہ کی راہبانہ زندگی کا زبردست اثر ہو جو ہر بات کی علمی توجیہہ

کرکے زندگی کو اپنے خیالات و معتقدات کے محور پر چلایا کرتا ہو۔ اس کا جذبات سے مغلوب ہو کر مایوسی سے یوں اثر لینا اور
اور اس کا خودکشی کی صورت میں انجام پانا افسانوی حیثیت سے کوئی غیر معمولی فعل نہ سہی مگر یوسف جیسے کردار کے لئے اجنبی
ضرور ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ خاتمہ بالکل رومیو اور جولیٹ کو پیش نظر رکھ کر لکھا گیا۔

ابتدا میں ڈرامہ جس قدر واقعی اور روزمرہ زندگی سے قریب تھا آخر میں اتنا ہی تصوری اور شاعرانہ اور غیر واقعی ہو گیا ہے
اس ڈرامہ میں مروجہ عوامی دلچسپیاں نہیں ہیں اس لئے تجارتی اسٹیج پر پیش نہیں کیا جا سکا۔

جن محرکات کی بنا پر جدید ڈرامہ کا آغاز ہوا تھا اس کا نتیجہ تھا کہ دوسرے ممتاز اردو دانش پردازوں نے بھی اس صنف
ادب کی طرف توجہ کی۔ ان میں مولانا شرر، کیفی، کشن چند، زیبا، امراؤ علی اور شوق قدوائی قابل ذکر ہیں جن کے ڈراموں میں اس
وقت معاشرتی اور سیاسی اضطراب کی بھی جھلکیاں نظر آتی ہیں۔

شرر کی ناولوں کا محبوب موضوع تاریخ اسلام رہا ہے۔ معتقدات کے لحاظ سے یہ جدید تحریکات کے ہم نوا تھے۔
ان کے دو ڈرامے "شہید وفا" اور "میوۂ تلخ"۔ ان دونوں خصوصیات کی نمائندگی کرتے ہیں۔ "شہید وفا" حسن و عشق کی چاشنی
کے ساتھ اسپین کی اسلامی تہذیب کا آئینہ دار ہے۔ اس پر ڈرامہ کی بجائے ناول کا زیادہ اطلاق ہوتا ہے۔ میوۂ تلخ کا
موضوع زود پشیماں کی طرح انتخاب ازدواج ہی ہے شادی کے معاملہ میں لڑکیوں کی رضامندی، نکاح ثانی، تعلیم نسواں
جیسے معاشرتی مسائل جن پر رسم و رواج کا ایسا رنگ چڑھ گیا تھا کہ اصلی شرعی ہیئت باقی نہیں رہی تھی شرعی حدود میں رہ کر انھیں
مسائل کی اصلاح اس ڈرامہ کا پیام ہے۔

شرر نے اس ڈرامہ میں حسینہ اور صغریٰ کی دو متضاد زندگیوں کے تقابل سے اپنے پیام کی تلقین میں کامیابی تو حاصل کی
ہے مگر ڈرامہ کا عملی اور اظہاری پہلو کمزور رہ گیا۔ اصلاح کے بعد اسٹیج کیا جا سکتا ہے۔ بہ شرطیکہ ناظرین اپنی دلچسپی کا زیادہ خیال
نہ رکھیں۔

پنڈت برج موہن دتاتریہ کیفی کو اردو ڈرامہ سے خاص دلچسپی ہے۔ آپ شاعر ہونے کے علاوہ ڈرامہ کے نقاد اور ڈرامہ نویس
بھی ہیں راج دلاری اور مراری دادا دو ڈرامے آپ کی جدت طبع کا نتیجہ ہیں۔

راج دلاری ایک معاشرتی ڈرامہ ہے جس میں مغربی اور مشرقی تمدن کے اختلاط کے باعث پیدا شدہ مختلف النوع
معاشرتی پیچیدگیوں کو موضوع بنایا گیا ہے۔ پردہ۔ تعلیم۔ گانا۔ بجانا۔ رفاہ عام۔ ہمدردی۔ آزادی نسواں جیسے مسائل زیر بحث

لائے گئے ہیں۔

وحدت موضوع برقرار نہ رہنے کی وجہ سے مجموعی طور پر عام دلچسپی اور اثر آفرینی مجروح ہو گئی ہے۔ کردارکشی میں واقفیت نہیں ہے اس ڈرامہ کا ہیرو اخلاق و عادات کے اعتبار سے ایسا بے عیب اور پاک ذات ہے اور اس میں زندگی کے تمام محاسن اپسے چن چن کر شامل کئے گئے ہیں کہ وہ انسان نہیں معلوم ہوتا۔ اسٹیج کے جانے کے لئے اس ڈرامہ میں بھی تنسیخ و ترمیم کی ضرورت ہے۔

شوق قدوائی نے اپنے شاعرانہ عروضی کمالات کے مظاہرہ کے لئے ڈرامہ کو بھی آلہ بنایا۔ قاسم و زہرہ آپ کا ایک منظوم ڈرامہ ہے چونکہ یہ ابواب اور مناظر پر منقسم ہے اس لئے ڈرامہ کہلایا جاتا ہے ورنہ ایک عشقیہ مثنوی میں اور اس میں کچھ فرق نہیں۔ شوق اچھے شاعر ہیں مگر یہ ضروری نہیں کہ ہر شاعر اچھا ڈرامہ نگار بھی ہو۔ اس ڈرامہ کی صرف تاریخی اہمیت ہے رسوا کے مرقع لیلیٰ مجنوں کی طرح یہ ڈرامہ بھی لسانی اصلاح کے سلسلہ میں یاد کیا جا سکتا ہے۔

جدید دور در اصل اردو ڈرامہ میں تحریک رومانیت کا آغاز تھا۔ مغربی اثر کے تحت شاعری اور دیگر اصناف ادب میں نمایاں انقلاب پیدا ہو چکا تھا۔ ملک کی اجتماعی ضرورتیں ادب پر اثرانداز ہو رہی تھیں گرد و پیش کے سماجی اور سیاسی تغیرات سے ملک کا ہر صاحب بصیرت شخص ذہنی طور پر متاثر تھا۔ جس کا اظہار اس دور کے بعض ڈراموں میں بھی ہوتا ہے تین ڈرامے، زخمی پنجاب' 'بیداری' اور 'البرٹ بل' اس باب میں خاص اہمیت رکھتے ہیں۔

'زخمی پنجاب' کشن چند زیبا کی تصنیف ہے سیاسی ہونے کی وجہ سے حکومت کی جانب سے ضبط کیا گیا۔ اور ملک کا مرکز توجہ بن گیا۔
'بیداری' ۔ سالہ تحریک کے مدیر حکیم اطہر دہلوی کی تصنیف ہے جو شائستہ مزاح اور طنز کا اعلیٰ نمونہ ہے۔ یہ ایک نیم تشبیہی اور نیم واقعی ڈرامہ ہے جس میں مسٹر ہارش۔ مسٹر براڈ، مسٹر اینگر اور مسٹر پربجوڈس اور چنڈال بابو کے پردے میں انگریزوں اور ہندوستانیوں کی کمزوریوں کو لطیف طنزیہ انداز میں منکشف کیا گیا ہے۔

زبان اور موضوع کے اعتبار سے تغیر پیدا ہونے کے بعد اردو ڈرامہ ارتقار کی منزلیں طے کرتا ہوا زبان اور خیال کے ساتھ ساتھ فن کارانہ کمال بھی حاصل کرتا گیا۔ جامعاتی تعلیم کے زیر اثر ایک ایسا طبقہ اردو انشاپردازوں کا پیدا ہو جو عروض ڈرامہ کی واقفیت میں اپنے پیش رو بزرگوں کے مقابلہ میں زیادہ ممتاز ہے۔ ادبی تحریکات میں ریاضی کی طرح قطعی صدود کا تعین کرنا تقریباً ناممکن ہے۔ ہم آسانی کے لئے متذکرہ بالا بیان کو دور جدید کے بانیوں سے تعبیر کر کے ذیل میں جدید ترین دور کا ذکر کریں گے جو طبعزاد ڈراموں کے علاوہ مغربی تراجم پر مشتمل ہے مگر ان میں اپنے پیشروں کے مقابلہ میں زیادہ مہارت فن اور صحت ترجمہ کا خیال رکھا گیا ہے۔

جامعہ عثمانیہ کے قیام کے بعد سے (۱۹۱۹ء) اُردو ادب اور زبان نے جس سُرعت اور اعتماد کے ساتھ ترقی کی اس کی مثال نہ ہم عصر زبانوں میں ملتی ہے اور نہ خود اُردو کے ماضی میں۔ اُردو زبان کی وسعت و ترقی کی اس مستحکم اور باقوت کوشش نے احیائے علوم و ادب کی ایک ایسی وسیع تحریک پیدا کر دی کہ ملک میں نشر و اشاعت کے متعدد مرکز قائم ہوگئے جس میں حیدرآباد۔ پنجاب اور یوپی کو خاص اہمیت حاصل ہے انہیں مقامات پر اور اصناف ادب اور مختلف علوم و فنون کی اشاعت کے ساتھ ساتھ صنف ڈرامہ میں ترقی ہونے لگی۔ ہم عصر اور قدیم اساتذہ مغرب کے شاہکار تصانیف اور تراجم کے علاوہ جدید اصولوں پر طبعزاد اچھے ڈرامے بھی لکھے اور شوقیہ اداکاروں کے ذریعہ کالجوں اور مدرسوں میں دکھلائے جانے لگے۔

موجودہ دور میں کوئی ایسا تھیٹر نہیں ہے جو تجارتی اور پیشہ ورانہ طور پر ان جدید ڈراموں کو پیش کرتا ہو۔ عموماً کالجوں کے طالب علم کالجوں ہی میں سیدھے سادے ساز و سامان کے ساتھ ان تماشوں کو دکھلاتے ہیں۔ ایسے مظاہرے پنجاب کے کالجوں میں بھی ہوتے ہیں مگر اس ضمن میں جس قدر منظم کوشش حیدرآباد میں جامعہ عثمانیہ کے طلباء کی جانب سے ہو رہی ہے وہ ملک کے کسی اور مقام پر نظر نہیں آتی۔ حیدرآباد کی شوقیہ انجمنوں نے جامعہ کی حدود سے قدم بڑھا کر شہر کے تعلیم یافتہ طبقہ۔ امرا۔ روسا۔ اور خود خانوادہ شاہی کی سرپرستی حاصل کی ہے۔

- دیگر صوبوں کے مقابلہ میں پنجاب کو اُردو صحافت کے سلسلہ میں قیادت کا درجہ حاصل ہے۔ ماہوار رسالوں نے اردو ڈرامہ کو فروغ دینے میں بہت حصہ لیا۔ یوں تو کوئی رسالہ بھی ڈرامہ کے ذکر سے خالی نہیں رہتا مگر خصوصیت کے ساتھ رسالہ تحریک اور ہزار داستان کی خدمات قابل ستائش ہیں جو بالکلیہ اردو ڈرامہ کی ترقی کے لئے وقف تھے۔

ڈرامہ کی جدید تحریک کی تبلیغ میں "ہزار داستان" اور اس کے مدیر احمد شجاع اور ان کے رفقائے کار امتیاز علی تاج سالک اور پطرس جیسے نوجوان انشا پردازوں کا زیادہ حصہ ہے۔

پارسی اور جدید دور کی حدود کا مقام اتصال ہم احمد شجاع کی ذات کو قرار دے سکتے ہیں جن کے ڈراموں میں جدید اور قدیم دونوں عناصر کا اشتراک ہے یہ امتیاز علی تاج کی طرح انقلابی نہیں ہیں جنھوں نے پرانے اصولوں اور روایات کو خیرباد کہہ جدید روشنی پر "انار کلی جیسا ڈرامہ لکھا بلکہ آغا حشر اور جدید طرز کے بین بین رہ کر ایسے ڈرامے لکھے جو خاص و عام کی دلچسپی کا سامان بن سکیں جس کی اچھی مثال ان کا ڈرامہ " باپ کا گناہ" ہے۔

"باپ کا گناہ" تمثیل نگار کے پیش نظر یہ بات تھی کہ جو تبدیلی مدارج و منازل سے بے نیاز ہو مقبول عام نہیں ہو سکتی۔

خود مصنف کے الفاظ میں اس ڈرامے میں "طرز تحریر اور بیرونی حیثیت میں بہت زیادہ تغیر روا نہیں رکھا گیا۔ گو اس تمثیل میں بڑی حد تک رسمیات سے گریز کیا گیا ہے مگر ایسا کہ دیکھنے والوں کو یہ روش اجنبی معلوم نہیں ہوتی۔

ڈرامہ مکالموں۔ ڈرامائی لمحات، کش مکش۔ کردار انکشاف اور تناسب کے اعتبار سے ایک دل آویز مجموعہ ہے۔ مکالمے متعملی اور واقعی طرز میں نہیں لکھے گئے بلکہ غیر معمولی شاعرانہ طریقۂ اظہار اختیار کیا گیا ہے روزمرّہ زندگی کی غیر دلچسپ گفتگو کی بجائے تصوری گفتگو نے ڈرامہ کے اثر کو بہت بڑھا دیا ہے۔ جذبات کو انتہائی قوت احساس سے محسوس کرکے پُر زور انداز میں بیان کرنے کی وجہ سے کم سے کم وقت اور کم سے کم الفاظ میں زیادہ سے زیادہ واقعات اور حرکات و سکنات پیش نظر ہو جاتے ہیں۔

اس ڈرامہ میں بعض بعض جگہ عبارت مقفیٰ اور مسجع بھی ہو گئی ہے اور ہر کردار پرانی طرز میں نثر کے بعد کچھ اشعار بھی کہتا ہے مگر جہاں جہاں شعر استعمال کئے گئے ہیں خوب ہیں اکثر مقامات پر فلسفیانہ اور شاعرانہ خیالات کا اظہار ماہرانہ طریقہ پر کیا گیا ہے جس کی وجہ سے نہ صرف پڑھنے میں بلکہ اسٹیج پر بھی لطف آسکتا ہے اکثر فقرے اور اشعار اس قابل ہیں کہ انھیں اپنی بیاض میں نقل کر لیا جائے۔

قدیم اسلوب کی تقلید میں اس ڈرامہ میں دو مختلف پلاٹ خود کلامی اور اسائڈ بھی استعمال کئے گئے ہیں۔ یہ ڈرامہ قدیم و جدید اثرات کا ایک خوشگوار مرکب ہے۔ اس ڈرامہ کو الگزنڈرا کمپنی نے بمقام لاہور ۱۹۲۳ء میں پیش کیا۔ مصنف کے دوسرے ڈراموں میں بہارت کا لال، آخری فرعون، جاں باز۔ مشہور ہیں جن کی قیمت خوش نما اور تار بنگالی ڈراموں کے ترجمے ہیں۔

انارکلی :۔ از امتیاز علی تاج

اردو ڈرامہ کی صنف میں "انارکلی" کا بہ حیثیت فن و اسلوب بیان ممتاز درجہ ہے۔ تاج اس دور کے انشا پردازوں میں اپنی تخلیقی کارگذاریوں کی وجہ سے خاص امتیاز رکھتے ہیں اُن کی شاعرانہ اور ادیبانہ توانیوں کی نمایش کی اچھی مثال خود "انارکلی" ڈرامہ ہے جو اردو ادب میں مستقل قدر و قیمت کی چیز ہے۔

یہ عشقیہ حزنیہ شہزادہ سلیم اور انارکلی کے دل گداز واقعۂ عشق پر مبنی ہے تاریخی صحت و عدم صحت سے یہاں بحث نہیں ان روایات کو جو اس رومانس کے متعلق عوام میں مشہور تھے۔ تاج نے خیال آفرینی اور شاعرانہ قابلیتوں کی مدد سے ڈرامہ کا لباس پہنایا۔ انتخاب موضوع۔ روایات کے فراہم کرنے، ان کو حسن کارانہ انداز میں ترتیب دینے حذف و اضافہ کانٹ چھانٹ میں مصنف نے آٹھ سال صرف کئے ۱۹۲۲ء میں تاج نے اس ڈرامہ کو لکھنا شروع کیا اور ۱۹۳۰ء میں کہیں جاکر یہ ڈرامہ طبع ہوا۔ اس سے پتہ چلتا ہے کہ

یہ کتنے محتاط آرٹسٹ ہیں۔

انارکلی ایک مرصع غزل اور عہد مغلیہ کی شاہی زندگی کی زندہ تصویر ہے۔ سوز و گداز جو عشق کی جان ہے اس ڈرامہ میں جاری و ساری ہے۔ تاج کو مکالموں کے ذریعہ پس منظری فضا پیدا کرنے میں کمال حاصل ہے جس کی مثالیں جابجا اس ڈرامہ میں ملتی ہیں۔ شاہان مغلیہ کی تمام افسانوی فضا آنکھوں کے سامنے پھر جاتی ہے۔ دوسرے کرداروں سے ہلکی شوخی اور ظرافت پیدا کی گئی ہے جو بہت دلنواز اور لطیف ہے۔ مکالموں کی زبان پاکیزہ ہے ان کا توازن اور تناسب کہیں بھی گرنے نہیں پاتا۔ پلاٹ چست ہے جس کی وجہ سے شروع سے آخر تک دلچسپی قایم رہتی ہے۔

ڈرامہ طویل ہے بعض منظروں کا اسٹیج پر پیش کیا جانا بہت مشکل ہے۔ جیسے آئینہ خانہ کا منظر ابھی ہندوستان کے اسٹیج نے اتنی ترقی نہیں کی جو اس شدید جزئیہ کو اپنے صحیح ماحول اور پس منظری آرایش کے ساتھ پیش کر سکے۔ خاموش فلم کے زمانہ میں اس کا فلم بن چکا ہے جس میں خود تاج نے اکبر کا پارٹ کیا تھا۔

تاج کے دوسرے ڈراموں میں دلہن اور سکندر اعظم قابل ذکر ہیں۔ سکندر اعظم غیر مطبوعہ ہے انگریزی کی وساطت سے آپ نے ایک باب کے چھوٹے چھوٹے دلچسپ ڈراموں کے ترجمے کئے ہیں

احمد حسین خاں ، مدیر شباب اردو نے ایک ڈرامہ "حسن کا بازار" لکھا جو یکم مارچ سنہ ۱۹۲۴ء کو گلوب تھیٹر میں اسٹیج ہوا۔

چترا: عبدالمجید سالک نے ٹیگور کی متعدد نظمیہ تصانیف کے ترجمے کئے ہیں انھیں میں چترا کا ترجمہ بھی ہے۔

[1] چترا: شباب شعر اور موسیقیت سے بھرا ہوا اعلیٰ ترین کارنامہ ہے جو مہابھارت سے ماخوذ ہے کھیل کے ابتدائی منظر میں چترا کو مدن (خدائے محبت) اور وسانتا (خدائے شباب) سے محو مکالمہ بتلایا گیا ہے۔ چترا ان سے کہتی ہے کہ وہ ندی کے کنارے ہرن کے تعاقب میں پھر رہی تھی تو اس نے ایک نوجوان کو دیکھا جو سوکھے پتوں پر ایک درخت کے نیچے سو رہا تھا بعد میں معلوم ہوا کہ یہ قوم کا ہیرو ارجن ہے جس کا خیال ہمیشہ چترا کے دل و دماغ پر چھایا ہوا رہا کرتا تھا۔ اسے یہ بھی معلوم تھا کہ ارجن نے بارہ سال تک راہبانہ زندگی گذارنے کی قسم کھائی ہے۔ ایک جنگی عورت ہونے کی وجہ سے چترا کی یہ آرزو تھی کسی نہ کسی روز مردانہ لباس میں ارجن سے مقابلہ کرے مگر پہلی ہی نظر میں یہ دل دے بیٹھتی ہے جب ارجن وہاں سے اٹھ کر جانے لگا تو چترا کے منہ سے ایک حرف بھی نہ نکل سکا۔ وہ دم بخود دیکھتے ہی دیکھتے رہ گئی۔

---

[1] راقم الحروف کی تصنیف "ٹیگور اور اس کی شاعری" سے ماخوذ صفحہ ۵۶ مکتبہ ابراہیمیہ حیدرآباد دکن

دوسرے دن وہ اپنا مردانہ لباس پھینک دیتی ہے اس کا وہ مردانہ گھمنڈ نسائی انفعالیت اور اعتراف شکست میں تبدیل ہوجاتا ہے چوڑیاں، کڑے، کرپٹا۔ گلناری کی ساری زیب تن کئے مجسم نسائیت بن کر دھڑکتے ہوئے دل سے ارجن کی تلاش میں شو کے مندر میں جاتی ہے۔ اپنے محبوب کو مغلوب کرنے کے لئے اپنی ترکش کے پورے تیر چلاتی ہے مگر ارجن پر کچھ اثر نہیں ہوتا۔ آخر وہ اپنی قسم یاد دلاتا ہے۔ چترا دل میں شکست اور خجالت کا احساس لئے ہوئے مدن کی بارگاہ میں سر بسجود ہوکر مدد مانگتی ہے وہ ارجن کو اس کے قدموں پر لاڈالنے کا وعدہ کرتا ہے وہ وسانت کے حضور میں پہنچ کر التجا کرتی ہے کہ کم از کم ایک ہی دن کے لئے اس سے مردانہ پن چھین کر نسائی رعنائی عطا کرے تا کہ وہ اپنے مرکز محبت اور اپنی تمنا کو پاسکے چترا کے دعائیہ کلمات یہ ہیں۔

صرف ایک دن کے لئے مجھے حسین ترین بنا دے مجھے مکمل حسن کا صرف ایک ہی دن عطا فرما۔ بڑی محنت اور کامیابی کے ساتھ سالک نے اس کا ترجمہ کیا ہے اردو ادب میں اچھا اضافہ ہے

بنگالی ترجموں کے سلسلہ میں علاوہ احمد شجاع اور سالک کے سدرشن کی خدمات بھی قابل ذکر ہیں۔ آنریری مجسٹریٹ۔ قوم پرست۔ ماں کی پرتگیا۔ عورت کی محبت، بنگالی ڈراموں کے ترجمے ہیں جو بعض کالجوں میں پیش کئے جاچکے ہیں

اشاعت تعلیم نے مغربی ادب کے تمام ذخائر سے مستفید ہونے کے دروازے کھلوا دیئے تھے اس کا نتیجہ تھا کہ یورپ کے اعلیٰ مفکرین۔ ادیب۔ شاعر اور ڈرامہ نویسوں کے نتائج فکر سے اردو میں معتدبہ اضافہ ہوا جہاں اور اصناف ادب کے تراجم اور مغربی اثرات اردو ادب میں منتقل ہوتے گئے وہیں مختلف مقبول اور مستند ڈرامہ نویسوں کے شاہکار سے اردو روشناس ہوئی۔

شکسپیر کا عہد ختم ہوچکا تھا جدید دور میں شلر۔ گوئٹے۔ مولیر۔ ابسن۔ شا۔ گالسوردی۔ وائلڈ۔ ایٹس۔ میٹرلنک۔ اور سامرسٹ ام وغیرہ نے اپنا اثر قایم کیا۔ جس سے نہ صرف نئے خیالات اور اسلوب کا اردو میں اضافہ اور جدید مغربی ڈرامہ سے واقفیت حاصل ہوئی بلکہ اس سرمایہ نے نمونہ بن کرادروں سے ڈرامے بھی لکھوائے جو فن کارانہ حیثیت سے ترقی یافتہ ڈراموں کی صنف میں شامل کئے جاسکتے ہیں۔

ترجمہ اور تلخیص

شلر :- رابرس - محمد عمر نور الٰہی صاحبان نے "قزاق" کے نام سے ترجمہ کیا جسے حیدرآباد کی ایک شوقین انجمن نے پیش کیا۔

گوئٹے :- فاسٹ - مصنفہ گوئٹے - ڈاکٹر عابد حسین نے راست جرمن سے اس کا ترجمہ کیا ہے اس ڈرامہ کو جامعہ عثمانیہ کے طلبا نے اسٹیج کیا۔

مولیر :- مولیر کے ڈراموں کو کئی حضرات نے اردو میں منتقل کیا۔ خواجہ بالجبر کی بیوی وہاج الدین (جامعہ عثمانیہ) نے مولیر کے ڈرامہ "فورسڈ میاریج" سے تلخیص کی جس میں فلسفی کردار کو کامیابی کے ساتھ اردو میں منتقل کیا گیا ہے۔

زبان ڈرامائی اور پرشوکت ہے اصل ڈرامہ کی ظرافت ترجمہ میں مجروح نہیں ہوئی۔ اس خوبصورتی اور مہارت سے اردو کا جامہ پہنایا گیا کہ ترجمہ نہیں بلکہ طبعزاد معلوم ہوتا ہے۔ اس ڈرامہ کو اورنگ آباد کے عثمانیہ کالج اور جامعہ عثمانیہ کے طلبا نے کامیابی کے ساتھ پیش کیا۔ وہاج الدین صاحب کا ایک اور ڈرامہ "انسپکٹر جنرل" گوگل سے ماخوذ ہے۔

جان ظرافت :- مولیر کے ڈرامہ لینگ کو فارسی کی وساطت سے محمد عمر نور الٰہی صاحبان نے اردو میں "جان ظرافت" کے نام سے ماخوذ کیا۔

تین ٹوپیاں :- از محمد عمر نور الٰہی صاحبان - یہ بھی مولیر کے کسی ڈرامہ سے ماخوذ ہے۔

تعلیم زدہ بیوی :- از فضل حق قریشی - یہ ڈرامہ بھی مولیر سے ماخوذ ہے جس میں ظرافت کے ساتھ اصلاحی عنصر بھی شامل ہے۔

طبیب حاذق :- از مرزا ظفر الرحمٰن (عثمانیہ) مولیر سے ماخوذ - اس ڈرامہ کو جامعہ عثمانیہ کے طلبا نے اسٹیج کیا۔

لینگ - "ناتن دردانا ہے" کو محمد نعیم الرحمٰن نے راست جرمن سے ناتن کے نام سے ترجمہ کیا جو ہندوستانی اکاڈمی کی طرف سے شائع ہو چکا ہے۔ ڈرامہ طویل ہے۔

اسکروائلڈ :- موجودہ دور میں وائلڈ کی تحریروں سے اردو ادب کافی متاثر ہوا ہے اس کی اکثر نظموں افسانوں اور ڈراموں کے ترجمے اردو میں ہو چکے۔ ڈورین گرے کو اکثر حضرات نے اردو میں منتقل کرنا چاہا مگر ان کی مساعی بار آور نہ ہو سکیں۔ وائلڈ ایک ناقابل تقلید طرز نگارش کا مالک تھا اس کی تمام تر تصنیف مرصع سادگی رنگینی اعلیٰ تفکر ہلکی ظرافت اور

اسلوب بیان کے اچھوتے پن سے مملو ہیں۔ فطرت کی نزاکتوں اور موزوں رنگوں کی آمیزش سے لطیف اور دلکش تصویریں بنانے میں اسے بڑی قدرت حاصل تھی۔

وائلڈ کے ادبی معتقدات کی نمایاں خصوصیت جو اس کو دوسرے انشا پردازوں سے علیحدہ کرتی ہے یہ ہے کہ وہ آرٹ محض کا پیغمبر تھا۔ وہ اس کا روادار نہ تھا کہ آرٹ کو افادہ کی آلودگیوں سے ملوث کیا جائے وہ ہر چیز کو جمالیاتی عینک سے دیکھتا اور خیر و شر کا فتویٰ صادر کرتا اس کے نزدیک حسن ہی نیکی اور زشتی ہی بدی تھی۔

سلومی۔ ایک ایکٹ کی ایک شاعرانہ تمثیل ہے۔ اس چھوٹے سے ڈرامہ میں مصنف نے اپنی شاعرانہ صلاحیتوں اور قوت متخیلہ کا خوب اظہار کیا ہے۔ وائلڈ الفاظ کی قدر و قیمت خوب جانتا تھا انتخاب الفاظ میں اس کی نزاکت شناس طبیعت نے معجزے دکھائے ہیں جس کی اعلیٰ مثال خود زیر بحث تمثیل ہے۔ اس تمثیل کی واحد خصوصیت جو اکثر وائلڈ کے اور ڈراموں سے ممتاز کرتی ہے وہ اس کا چست متوازن پلاٹ ہے۔ واقعات اور جذبات کی کش مکش سے ایسے ڈرامائی لمحے پیدا کئے گئے ہیں اور مکالمے سے ایسی طاقت بخشی گئی ہے کہ کہیں بھی دلچسپی سست نہیں پڑتی۔

سنہ ۱۹۰۱ء کیم ز ائلڈ کی وفات کے بعد برلن میں یہ تمثیل پیش کی گئی جو مسلسل کئی راتوں تک دکھائی جاتی رہی۔ خود شکسپیر کا کوئی ڈرامہ اتنے دنوں تک نہیں چلا جتنا کہ سلومی۔ مجنوں گورکھپوری نے اس کا ترجمہ ''سالومی'' کے نام سے اور شاہد احمد مدیر ساقی نے سلمیٰ کے نام سے کیا۔ گو وائلڈ کی اسلوبی نزاکتیں ترجمہ کی متحمل نہیں ہوسکیں مگر مترجمین نے کوشش کی ہے کہ اصل ڈرامہ کا کوئی پہلو بھی مجروح نہ ہونے پائے۔

ارنسٹ کے نام سے تمکین اور سعیدی صاحبان نے ترجمہ کیا۔ ترجمہ توجیہہ کا محتاج تھا۔ موجودہ صورت میں قابل اصلاح ہے

ابسن۔ ابسن جدید مغربی ڈرامہ کا جد اعلیٰ ہے جس کا زبردست مداح اور مقلد شا ہے۔ ابسن فنی کارگذاریوں سے زیادہ سماجی مسائل کو قبول پذیر انداز میں ڈرامہ کے ذریعہ پیش کرنے میں مشہور ہے۔ مروجہ اخلاقی اصولوں سے انحراف۔ شدید انفرادیت۔ سماجی امتیازات، منافقت سے نفرت اس کی ایسی خصوصیات ہیں جن کی وجہ سے بجا طور پر یہ فلسفی ڈرامہ نگار کہلانے کا مستحق ہے۔

اب تک اس کے صرف ایک ڈرامہ کا مخلص ترجمہ ہوا ہے۔ مترجم فضل الرحمٰن ہیں۔ اس ڈرامہ کو انجمن ترقی ڈرامہ حیدرآباد نے اسٹیج کیا۔ مگر کامیاب نہ ہوسکا۔ جس کی وجہ جہاں ڈرامہ کی غیر معمولی سنجیدگی تھی جس کے عوام عادی نہیں۔ وہیں ڈاکٹر جاہد کے کردار کا عدم ارتقا ہے۔ اصل ڈرامہ کی کرداریت کو ترجمہ میں نباہا نہیں گیا۔

برناڈ شا۔ برناڈ شا زمانہ حال کے ان چند مفکرین میں سے ایک ہے جنھوں نے عصر حاضر کے دماغ پر اپنی اشتراکی تعلیمات سے اثر ڈالا ہے یہ ایک مفکر ہے ڈرامہ اور اسٹیج کو اصلاح کا ذریعہ سمجھتا ہے۔ اس کے ڈرامے مقالے ہوتے ہیں جس میں سماجی۔ مذہبی۔ سیاسی ادبی اور مختلف النوع مسائل سے بحث کی جاتی ہے۔ پلاٹ اور کردار سازی سے زیادہ وہ مکالموں کے زور سے ڈرامہ کو کامیاب بناتا ہے ہجو اور سخت طنز اس کی خاص خصوصیت ہے۔

اس کے تین ڈراموں کے ترجمے اردو میں ہو چکے ہیں۔

(۱) جون۔ ف ارک۔

(۲) آغاز ہستی۔ بیاک ٹو میتھو سلا کے ابتدائی باب کا لفظی ترجمہ ہے۔ مترجم مجنوں گورکھپوری ہیں۔ اصل ڈرامہ پانچ ابواب پر مشتمل ہے جس میں آفرینش کائنات۔ ہبوط۔ آدم اور مسئلہ ارتقا سے بحث کی گئی ہے اگر مترجم صاحب ڈرامہ کے ساتھ ہی شا کے مقدمہ کا ترجمہ بھی کر دیتے تو ڈرامہ کے اس بحث علمی موضوع کے سمجھنے میں قارئین کو بڑی مدد ملتی۔

(۳) ہوش کے ناخن۔ شا کے سب سے پہلے ڈرامہ کا ملخص ترجمہ ہے مترجمین راقم الحروف اور میر حسن ایم۔ اے ہیں۔ اس ڈرامہ کو اس انداز میں ملخص کرنے کی کوشش کی گئی ہے کہ وہ موجودہ حیدرآبادی زندگی پر منطبق ہو سکے۔ پہلی دفعہ جامعہ عثمانیہ میں اور بعد میں پبلک اسٹیج پر پیش کیا گیا۔ ڈرامہ کی کامیابی کا راز بندہ علی کی ٹھیٹ دکھنی بولی اور مقامی رنگ میں ہے۔ جس کا اثر بعد کے ڈراموں پر بھی پڑا۔ یہ ڈرامہ طبع ہو کر شائع ہو چکا ہے۔

گالسوردی۔ دور حاضر کے سنجیدہ نگاروں میں پیش پیش تھا یہی ایک ایسا انگریز انشا پرداز تھا جس نے بہ یک وقت ناول اور ڈرامے کامیابی کے ساتھ لکھے۔ اس کے ڈرامے مسائلی اور سنجیدہ ہوتے ہیں۔ اس کے دو ڈراموں کے ترجمے اردو میں ہو چکے ہیں۔ ہندوستانی اکاڈمی کو اردو ڈرامہ کے فروغ کا بھی خیال ہے۔ اس ادارہ سے ناتن کا ترجمہ ہو چکا ہے۔ یہ دوسرا ترجمہ گالسوردی کا ہے ترجمہ "فریب عمل" کے نام سے جگت موہن لال رواں نے کیا ہے جو ہندوستانی اکاڈمی سے شائع ہو چکا ہے ترجمہ قابل اعتراض ہے جس کا اعتراف خود اکاڈمی کے سکریٹری تاراچند نے ان الفاظ میں کیا ہے۔

"ڈرامہ غلطی سے پاک نہیں ہے"

(۴) انصاف۔ (Silver Box) کا ترجمہ یحییٰ صدیقی ایم۔ اے (عثمانیہ) نے انصاف کے نام سے کیا۔ زیر طبع ہے۔

ایٹس۔ آئرستان کا شاعر ڈرامہ نگار اور عالمگیر شہرت کا مالک ادیب ہے۔ لطیف مذہبی احساسات شاعری اور ڈراموں کا

موضوع ہیں یہ اپنی تعلیمی، سیاسی، شاعرانہ اور حسن کارانہ کارگذاریوں کی وجہ سے ائرستان کی غیر فانی شخصیتوں میں سے ہے۔ ایٹس کے ایک ڈرامہ کا ترجمہ انیس احمد مارہروی نے "تعجل مرکب" کے نام سے کیا ہے اس ڈرامہ میں واجب الوجود کے مسئلہ کو ذہن نشین انداز میں پیش کیا گیا ہے۔

مصنف نے عزرائیل کو خدا کے وجود کو منوانے کا ذریعہ بنایا ہے۔ ترجمہ اچھا نہیں ہے۔

سامرسٹ ام :۔ قدیم طرز کا مقلد ہے پامال شاہراہ سے ہٹنا گناہ سمجھتا ہے۔ نہ اس کے ڈرامے علمی مقالے ہوتے ہیں نہ اسے سیاسیات سے دلچسپی ہے بلکہ انگلستان کے متوسط طبقہ کی ہجو اور ان کی کمزوریوں کو پیش کرنا اس کی خصوصیت ہو۔ کردار سازی میں اسے غیر معمولی کمال حاصل ہے۔ اس کے ایک ڈرامہ کو اکبر وفا قانی (عثمانیہ) نے "زندگی" کے نام سے حیدر آباد کی شہری اور دیہی زندگی کے رنگ میں اُردو میں منتقل کیا۔ بزم تمثیل حیدر آباد نے اسے کامیابی کے ساتھ اسٹیج کیا۔

میٹرلنک کے حسب ذیل ڈراموں کے ترجمے اُردو میں ہو چکے ہیں

(۱) مونا وانا :۔ از جلیل قدوائی۔

(۲) پردمن وثریا۔ شاہد احمد اور ظفر قریشی۔

(۳) نرگس جال :۔ جائزل کا ترجمہ ہے۔ مترجم شاہد احمد۔

مارس میٹرلنگ بلجیم کا شہرہ آفاق تمثیل نگار ہے اور جائزل اس کی مشہور تمثیل ہے اس نے بہ حیثیت تمثیل نگار اور فلسفی اپنے نوجوان ہم عصروں پر اچھا اثر ڈالا ہے بعض نے اس کے نظریوں سے مفید نتائج پیدا کئے اور بعض عدم استطاعت کی وجہ سے بھٹک گئے۔ اس کے ڈرامے عموماً شاعرانہ فلسفیانہ اور استعارانہ طرز کے ہوتے ہیں۔ باطنی کیفیات لطیف محسوسات اور نفسیات کے دقیق مسائل کو مفروضہ انسانی شکلوں کے ذریعہ پیش کرنے میں اسے مہارت حاصل تھی۔ پیش نظر ڈرامہ استعاروں میں لکھا گیا ہو جس کی وجہ سے یکسر شعر ہو کر رہ گیا ہے کردار انسان کے چند باطنی احساسات کی نمایندگی کرتے ہیں۔ جیسا کہ عموماً اس کے ڈراموں میں ہوتا ہے مکالموں کے ذریعہ ماحول اور فضا پیدا کی گئی ہے۔ یہ خود اپنے ڈراموں کو بیانی اور حکاتی کہتا ہے اس ڈرامہ کی بڑی خوبی یہ ہے کہ پلاٹ میں ہر جگہ ڈرامائی کش مکش اور حیرت آمیز انتظار موجود ہے۔

میٹرلنک شاہد صاحب کا محبوب ڈرامہ نگار ہے تمام ترجمے رفتہ اور شستہ ہیں۔

مذکرہ بالا بیانات کی روشنی میں ہم اس نتیجہ پر پہنچتے ہیں کہ جدید دور کے آغاز کے ساتھ ہی اُردو میں اچھے ڈرامے پیدا تو

ہوئے گراں میں طبعزاد کے مقابلہ میں تراجم اور تلخیص کا پلہ بھاری ہے۔ سوائے چند ڈراموں کے باقی سب مغرب کے اساتذہ کے ڈراموں کے وہ ترجمے ہیں جن کا مرتبہ خود مغربی ادب میں لازوال ہے۔ مغربی ڈراموں کا یہ حسنِ انتخاب اُردو زبان کی زندگی کا پتہ دیتا ہے ہر زندہ زبان کو ارتقا کی ابتدائی منزلوں میں تراجم کے دور سے گذرنا ضروری ہے۔ آزاد، اُبھی اعلیٰ ادب کی تخلیق میں بھی سرمایہ محرکات کا کام دیتا ہے۔ اس ضمن میں موجودہ کوششیں ہمت افزا ضرور ہیں مگر اب بھی ہزاروں ایسے شاہکار ہیں جو اُردو کی نظر سے پوشیدہ ہیں۔ ان بکھرے ہوئے موتیوں کو سمیٹنے کے لئے علاوہ انفرادی پریشان ہاتھوں کے ایک منظم اور اجتماعی ہاتھ کی بھی ضرورت ہے۔ مغربی ادب کے شاہکار تراجم کی تجویز انجمن ترقی اُردو اورنگ آباد کے پیش نظر ہے۔ اگر یہ عملی صورت اختیار کرے تو اس سے جو استحکام اُردو ادب کو حاصل ہوگا وہ ظاہر ہے۔

ڈراموں کی ترقی اور فروغ میں حصہ لینے والے قومی اداروں میں ہندوستانی اکاڈمی اور جامعہ ملیہ بہت ممتاز ہیں۔ اول الذکر نے صرف دو ترجمے شائع کرکے نہ معلوم کیوں خاموشی اختیار کی مگر جامعہ ملیہ کی کوششیں تاریخ ڈرامہ میں ہمیشہ احترام کی نظر سے دیکھی جائینگی خوش قسمتی سے جامعہ ملیہ کو ڈاکٹر عابد حسین، پروفیسر مجیب، اشتیاق حسین قریشی اور عبدالغفار جیسے قابل افراد مل گئے ہیں جو ڈرامائی ادب کی تخلیق میں ناقابل فراموش خدمات انجام دے رہے ہیں۔ ملک میں متین اور سنجیدہ ڈرامائی ذوق پیدا کرنے میں اس ادارہ کا بڑا حصہ ہے۔

جامعہ ملیہ کے ڈراموں کی مابہ الامتیاز خصوصیت ان کی اصلاحی اور غیر جمالیاتی روش ہے جیسا کہ برناڈ شا کا خیال ہے معبدوں کا کام اسٹیج سے لیا جانا چاہئے۔ اس ادارہ میں ڈراموں سے کم از کم وہی کام لیا جا رہا ہے۔ یہاں کے ڈرامے سیاسی، مذہبی اور معاشرتی مسائل پر مبنی ہوتے ہیں مگر انتہائی زاہدانہ انداز میں کونین بھی کھلائی جائے مگر شکر میں لپیٹ کر تاکہ خوشگواری سے نگلی جا سکے۔ خالص اصلاح کی گولی بغیر رومان اور ظرافت کی چاشنی کے قوم کے حلق سے نہیں اتر سکتی۔ اس نفسیاتی گر کے انحراف سے ڈرامہ نگار کو ناکامی کی صورت دیکھنا پڑتی ہے اور ڈرامہ کا حقیقی مقصد فوت ہو جاتا ہے۔

جامعہ ملیہ کے ڈراموں کی فہرست خاصی طویل ہے۔ ان میں سے بعض ڈرامے مثلاً پردۂ غفلت۔ ہمزاد۔ صید زبوں اور انجام حیدرآباد کے اسٹیج پر مقامی بزموں کی جانب سے پیش کئے جا چکے ہیں۔ جس سے اس امر کا بھی انکشاف ہوتا ہے کہ ان میں سے بعض ڈرامے اسٹیج کو پیش نظر رکھ کر نہیں لکھے گئے جس کی اچھی مثال پردۂ غفلت ہے۔ اس ڈرامہ میں مصنف نے مکالموں کے توازن کا مطلق خیال نہیں رکھا۔ جیسے کسی ڈرامہ کی کامیابی کا دارومدار اور چیزوں کے علاوہ اداکار پر ہے۔ بالکل اسی طرح ایک اچھے اداکار کی

کامیابی خود ڈرامہ کے مکالموں اور ایکشن کے مواقع پر منحصر ہے۔ اگر کسی ڈرامہ میں چھ چھ صفحوں تک ایک ہی کردار اپنی رام کہانی سناتا چلاجائے تو ایکٹر سے قطع نظر تماشائیوں کا کیا حال ہو۔ پردہ غفلت میں تماشائیوں کی صبر آزمائی اور ایکٹروں کی ناکامی کا پورا سامان موجود ہے۔ یہ ڈرامہ ڈاکٹر عابد حسین صاحب کی تصنیف ہے۔ گوئٹے کے فاسٹ کا آپ نے راست جرمن سے ترجمہ کیا ہے اس کے علاوہ بچوں کے لئے ایک ڈرامہ ''شریر لڑکا'' لکھا جو جامعہ ملیہ میں اسٹیج کیا گیا۔

پروفیسر مجیب کے ڈرامے بھی اصلاحی اور حد درجہ خشک ہیں۔ مُلّا اور مذہب آپ کا موضوع ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ آپ کے ڈرامے ایک ایسی خانقاہ معلوم ہوتے ہیں جہاں عورت کا خیال بھی نہیں کیا جاسکتا۔

دو ڈرامے ''کھیتی'' اور ''انجام'' آپ کی کاوش دماغ کا نتیجہ ہیں کھیتی میں ہمارے مذہبی پیشواؤں کی جو نماگندم فروش ذہنیت اور قومی کاموں میں ان کے ذاتی اغراض کی وابستگی معصوم پرجوش نوجوانوں کا قومی خدمت کے چکر میں ان بزرگوں کے دام فریب میں آنا اچھے پیرایہ میں بیان کیا گیا ہے۔ اور ''انجام'' ایک راشی وظیفہ یاب حاکم عدالت کے ملامت زدہ ضمیر کا نفسیاتی مطالعہ ہے اس ضمن میں درگاہ کے متولیوں ملّاؤں اور مشائخین کرام کی ابلہ فریبیوں پر بھی روشنی پڑتی ہے۔ یہ ڈرامہ باوجود رومانی اور ظرافتی عناصر سے معرّیٰ ہونے کے اسٹیج پر پڑھنے سے زیادہ دلچسپ اور کامیاب ہے ضعیف العقل لڑکے کا کرداریوں پڑھنے میں بے معنی معلوم ہوگا مگر اس کی اصلی خوبیاں اور کردار کی اداکارانہ نزاکتیں اسٹیج ہی پر نمایاں ہوسکتی ہیں۔ جس کی وجہ سے ڈرامہ کی دلچسپی بہت متوازن ہوگئی ہے۔

اشتیاق حسین قریشی اس ادارہ کے سرگرم کارکن ہیں جنھیں اُردو ڈرامہ کی ترقی کا خاص خیال ہے۔ آپ ڈرامہ کو موسیقی اور شعریت سے بے نیاز ایک آزاد فن مانتے ہیں۔ اس کے یہ معنی تو نہیں ہیں کہ الفاظ کی موسیقی اور مکالموں کے جوش اور قوت کو نظر انداز کیا جائے۔

''نقش آخر'' کے علاوہ ان کے تمام ڈرامے معاشرتی مسائل پر مبنی ہیں جن کا مقصد اصلاح ہے۔ چھوٹے چھوٹے ایک ایکٹ کے ڈرامے لکھتے ہیں جن کی زبان صاف سیدھی سادھی ہوتی ہے۔ کردار موجودہ زندگی ہی سے منتخب کرتے ہیں۔

حسب ذیل ڈرامے قریشی صاحب کے زور قلم کا نتیجہ ہیں۔

(۱) علم اسود:۔ جدت موضوع کے لحاظ سے امتیاز رکھتا ہے خیر و شر نفس اور ضمیر کی کش مکش اور انسان کے باطنی متضاد کیفیات کو دلچسپ پیرایہ میں بیان کیا گیا ہے۔ زبان سادہ اور سلیس ہے۔

(۲) گناہ کی دیوار :- اس کا موضوع کسبن کی زندگی ہے اس امر کے اظہار کی کوشش کی گئی ہے کہ عورت کی گناہ آلود زندگی اختیاری نہیں بلکہ چند عیار بدمعاشوں کی چالاکی کا نتیجہ ہے۔

(۳) ہمزاد :- قریشی صاحب کا واحد کامیاب ڈرامہ۔ اس ڈرامہ میں کمسن بیوی اور مسن شوہر کے تعلقات اور اس کے نتائج سے کنائتیا اصلاح کا پہلو موثر انداز میں نمایاں کیا گیا ہے۔ اقامت خانہ جامعہ عثمانیہ میں کامیابی کے ساتھ پیش کیا گیا۔

(۴) صید زبوں :- مذہبی اصلاحی ڈرامہ جس میں طلاق اور خلع کے متعلق بحث کی گئی ہے۔

(۵) نقش آخر :- اس ڈرامہ میں غدر کی داستان بیان کی گئی ہے پورا ڈرامہ غدر کے احوال میں بہادر شاہ کے ایک درباری مصور سیہ عاشق کے خاندان کی تباہیوں پر مشتمل ہے۔

غدر اور تباہی کے مناظر اسٹیج پر نہیں بلکہ مختلف کردار کے ذریعہ دوران مکالمہ میں بیان کئے جاتے ہیں۔ یہ ہوتا ہے کہ زندگی کے اکثر و بیشتر واقعات اسٹیج پر من وعن پیش نہیں کئے جاسکتے اس لئے ضروری ہوتا ہے کہ ڈرامہ نویس صرف بیانیہ طریقہ پر قانع ہو جائے چنانچہ اس ڈرامہ میں بھی فوجوں کی بغاوت۔ شہر کی تباہی۔ عوام کی پریشانی۔ لوٹ کھسوٹ غرض کہ پوری داستان غدر قصہ کے طور پر بیان کی گئی ہے۔ مگر چند کردار کا اسٹیج پر بیٹھ کر اسٹیج سے باہر کے واقعات کی رپورٹ کردینا ہی ڈرامہ نہیں کہلایا جاسکتا۔ کشمکش جذبات ڈرامائی لمحات اور پلاٹ نہ ہونے کی وجہ سے ڈرامہ بے جان اور غیر دلچسپ ہوگیا ہے۔ اگر اس میں قصہ ہی کو اہمیت دینا منظور تھا تو ضروری تھا کہ مکالمہ کو چست۔ پر لطف اور دلچسپ بنایا جاتا یا کردار سازی میں حسن کارانہ صلاحیت سے کام لیا جاتا۔ بدقسمتی سے سوائے موضوع کے اس ڈرامہ میں نہ تو قصہ ہمیں اپنی طرف متوجہ کرتا ہے نہ مکالمہ، نہ کردار، البتہ ڈرامہ ختم اچھا ہوتا ہے اور مطالعہ کرنے والے کو ایک گہرے غور و فکر میں چھوڑ جاتا ہے

ان کا تازہ ترین ڈرامہ "نیم شب" ہے جس کا موضوع ۱۹۰۵ء کا ہندوستان ہے۔ اگر ہندوستان میں اس زمانہ میں اشتراکیت کا نفاذ ہو جاتا تو ملک کی کیا حالت ہو گی۔ اور کہاں تک یہ سیاسی اور معاشی مذہب ہندوستان میں کامیاب ہوسکے گا اس میں قدیم و جدید کشمکش کو بتلایا گیا ہے۔

بچوں کے لئے جامعہ ملیہ نے حسب ذیل ڈرامے شائع کئے۔

دیانت :- از ڈاکٹر ذاکر حسین خاں

شریر لڑکا :- از ڈاکٹر عابد حسین خاں

محنت :- از مولوی عبدالغفار مدہولی

اسکول کی زندگی :- " " "

بچوں کا انصاف :- " " "

قوم پرست طالب علم :- " " "

حیدرآباد :- حیدرآباد میں ڈرامائی تحریک کے دو دور گذرے ہیں ایک تو ۱۹۰۵ء کا اصلاحی اور دوسرے جامعہ عثمانیہ کے قیام کا جدید ترین دور۔ شوقیہ انجمنوں کے علاوہ گذشتہ دور میں یہاں اور پیشہ ورکپنیاں بھی قایم تھیں جن میں حسب ذیل مشہور ہیں۔

(۱) ڈرامٹک کلب :- یہ حیدرآباد کی مشہور تھیٹریکل کپنی تھی یوسف مارکٹ علاقہ سالارجنگ میں قایم ہوئی جسو، انجینی، اور بھکن مشہور ایکٹرسیں تھیں۔ کپنی کے مالک احمد حسین صاحب تھے۔ اور ڈرامہ نگار امیر حمزہ، ان کے مشہور ڈرامے "اندرسبھا" اور "سحر سامری" ہیں۔

بال روم :- منتظم ابراہیم صاحب اور اس کپنی کی مشہور ایکٹرس موتی تھی۔ گل باغ ترپ بازار میں قایم ہوئی۔

دال منڈی :- سدی عنبر کے بازار میں قایم ہوئی تھی۔ جگیا منتظم تھے۔ محبوب مقبول ایکٹرس تھی۔

مدنی نواب کی کپنی :- اس کپنی کے مالک اور منتظم مدنی نواب تھے۔ حال حال تک یہ کپنی اپنے ڈرامے پیش کیا کرتی تھی۔ اب ٹوٹ چکی ہے۔ مدنی نواب بڑے اولوالعزم کاروباری اور فن ڈرامہ اور اسٹیج کے سرپرست رہے ہیں۔ یہ کپنی حیدرآباد کے علاوہ برما اور ہندوستان کے دوسرے شہروں میں دورہ کرکے اپنے تماشے دکھلایا کرتی تھی۔ یہ کپنیاں ڈراموں اسٹیج کی منظریت اور اداکاری کے اعتبار سے پیش رو پارسی کپنیوں کی پیرو تھیں۔

حیدرآباد کی جدید ترین تحریک ڈرامہ جامعہ عثمانیہ کے قیام کے بعد سے شروع ہوتی ہے گو اس سے پہلے تعلیم یافتہ نوجوانوں کی شوقیہ انجمنیں جو شکسپیر کے انگریزی ڈرامے کیا کرتی تھیں موجود تھیں جب جامعہ میں اردو ڈرامے اسٹیج کئے جانے لگے تو ان انجمنوں کے ایکٹروں اور قائدوں نے اردو ڈرامہ کی اداکارانہ انجمنیں قایم کیں۔

اس وقت حسب ذیل ادارے فن کارانہ ترقی میں معروف ہیں۔

بزم ڈرامہ جامعہ عثمانیہ

۱۹۳۱ء میں اس انجمن نے سب سے پہلے ایک ڈرامہ "کالج کے دن" مصنفہ عزیز احمد عثمانیہ یم کلیہ کی تقریب کے موقع پر

پیش کیا جس کے ساتھ مولوی دباج الدین کا ڈرامہ "نکاح بالجبر" بھی شامل تھا۔

۱۹۳۲ء میں گوئٹے کے شہرہ آفاق ڈرامہ فاسٹ (اُردو) کو اس انجمن نے دوسرے سال زیادہ اہتمام کے ساتھ پیش کیا منظروں کی تیاری میں انجمن نے خاص حسن کارانہ ذوق کا ثبوت دیا جس پر خاصہ روپیہ صرف کیا گیا تھا۔

۱۹۳۳ء میں تیسرے سال اس انجمن نے ڈرامہ "ہوش کے ناخن" جو راقم الحروف اور میر حسن صاحب ایم۔ اے (عثمانیہ) کی مشترکہ کوششوں کا نتیجہ تھا پیش کیا۔ پہلی دفعہ اس ڈرامہ میں مقامی بولی کی نمائش کی گئی تھی جس کی وجہ سے زیادہ واقعیت پیدا ہوگئی اور ڈرامہ کو مقبول بنانے میں ممد ومعاون ہوئی۔ حیدرآباد کے پبلک اسٹیج پر بھی پیش کیا جاچکا ہے اور دو ڈرامے "پردۂ غفلت" از ڈاکٹر عابد حسین اور "ہمزاد" از اشتیاق حسین قریشی بھی جامعہ ہی میں کامیابی کے ساتھ پیش کئے گئے

ان ڈراموں کی کامیابی نے ڈرامہ اور اداکاری کا عام شوق پیدا کیا۔ جامعہ سے باہر چند انجمنیں قایم ہوئیں جن کے اراکین جامعہ کے موجودہ اور سابقہ طالب علم ہی ہیں۔ مقامی تعلیم یافتہ طبقہ کی سرپرستی اور ہمت افزائی نے انجمنوں کی کارکردگی میں اضافہ کیا اس تحریک کی وجہ سے نہ صرف اُردو ڈراموں میں اضافہ ہوا بلکہ ان کو اسٹیج کرکے ڈرامہ کا حقیقی مقصد بھی پورا کیا گیا۔ اسٹیج کرنے کی تنظیمی قابلیت کے تجربوں کے علاوہ اچھے اداکار بھی اسی دور کی پیداوار ہیں۔

انجمن ترقی ڈرامہ:۔ اس انجمن کی روح رواں فضل الرحمن بی۔ اے (آنرس) ہیں۔ ڈراموں کی نوعیت۔ ان کی مقبولیت ڈراموں کو سلیقہ سے پیش کرنے کا طریقہ اور اپنے اداکاروں کی وجہ سے یہ انجمن خاص امتیاز رکھتی ہے۔ تماشے ٹکٹ سے ہوتے ہیں۔ ڈرامہ نگار کو معاوضہ بھی دیا جاتا ہے۔ منتظمین اور اداکار اعزازی ہیں۔ اب تک اس انجمن نے حسب ذیل ڈرامے پیش کئے ہیں

(۱) ظاہر باطن:۔ از فضل الرحمن بی۔ اے (آنرز) یہ ڈرامہ شریڈن کے مشہور ڈرامہ "اسکول فار اسکانڈل" کا ملخص ترجمہ ہے جو کئی مرتبہ پیش کیا گیا ہے۔

(۲) غلط در غلط:۔ از عصمت اللہ بیگ۔ یہ ڈرامہ گولڈ اسمتھ کے ڈرامہ کا ملخص ترجمہ ہے۔

(۳) نئی روشنی:۔ از فضل الرحمن۔ شریڈن کے دوسرے نامور ڈرامے "رائی ولس" کا ملخص ترجمہ ہے حیدرآباد کا یہ مقبول ترین ڈرامہ ہے جو متعدد مرتبہ اسٹیج کیا گیا۔

(۴) حشرات الارض:۔ از فضل الرحمن۔ ابسن کے ڈرامہ کا ملخص ترجمہ ہے۔ گزشتہ صفحات میں اس پر بحث کی جاچکی ہے

بزم تمثیل:۔ اس بزم کے روح رواں اکبر وفا قانی بی۔ اے (عثمانیہ) ہیں جنھیں آرٹ سے بہت شغف ہے۔

آپ ایک نیم ادبی رسالہ "حسن کار" کے مدیر بھی ہیں جو ملک میں اپنی نوعیت کا واحد رسالہ ہے۔

سب سے پہلے اس بزم نے عزیز احمد (عثمانیہ) کا لکھا ہوا ڈرامہ مستقبل پیش کیا۔ بعد میں اکبر وفاقانی صاحب کے دو ڈرامے "زندگی" اور "زمانہ" اسی بزم نے پیش کئے۔

ان کوششوں کے علاوہ حیدرآباد میں ابھی ایسے نوجوانوں کا انتظار ہے جو اپنی تجارتی اور کاروباری اولوالعزمیوں سے جدید ڈرامہ اور اسٹیج میں مطابقت کرکے اسٹیج میں جان ڈال دیں۔ باوجود سینما کی مسابقت کے حیدرآباد میں امرا، روسا اور اعلیٰ تعلیم یافتہ طبقہ کی ہمت افزائی اور سرپرستی کی وجہ سے اس کے امکانات موجود ہیں کہ بالکل جدید نظریوں اور سازوسامان کے تھیٹر بنائے جائیں اگر یہ ہوجائے تو اردو ڈرامہ کی ترقی کی راہیں کھل جائیں گی اور اسی وقت ڈرامہ اپنے اصلی برکتوں سے معاشرہ پر اثر انداز ہوسکے گا۔

مخدوم محی الدین ایم۔ اے (عثمانیہ)

قوم، سماج اور ادب کی بہبودی کی سوگند جب تک ہر انسان نہ کھائے گا، اس وقت تک دنیا کا مستقبل روشن نہیں ہوسکتا۔ ایک سماجی انقلاب نسبتاً بہت زیادہ اہم ہے اور اس کے بغیر ادبی انقلاب کی کوئی حقیقت نہیں۔ ارتقا اگر رقص ہے تو انقلاب اُس کی حرکت ہے۔

(ڈے لیوس)

اجنتہ

حسن کی بیداریاں ہیں خواب کے آغوش میں
سحر ہے موسیقیوں کا منظر خاموش میں

حسن کے جادو پہ، یہ رنگینیوں کا ہے نقاب
پردۂ تصویر میں رقصاں ہے یا موج شراب

ہے زمیں پر چرخ سے قوس قزح آئی ہوئی
یا شباب و شعر کی ہیں مستیاں چھائی ہوئی

سادگی میں ہے فرشتوں کے تبسم کا نکھار
چومتی ہیں جس کو حوروں کی نگاہیں بار بار

اس کی رفعت میں ہے عزم مستقل کی رفعتیں
اس کی عظمت میں ہیں جوش زندگی کی عظمتیں

اس کی خاموشی پہ مضطر محشر خاموش ہے
اس کے افسانوں کا ہر پہلو سراپا جوش ہے

اس کی رونق دیکھ کر حیران ہوتی ہے نگاہ
عاشقوں کا دل ہے یا یہ حسن کی ہے بارگاہ

BIRTH OF AJANTA.

اس کے سائے میں کوئی اعجاز ہی سویا ہوا　　　اس کی رنگینی میں ہے ذوقِ نظر کھویا ہوا

اس کے ہر گوشے میں مخفی رازِ ہست و بود ہے　　　اس کی وسعت میں ثباتِ ذوق لا محدود ہے

یہ تقدس آفریں تہذیب کی ہے یادگار　　　جھومتی ہے جس میں فردوسِ تخیل کی بہار

موم کی مانند پگھلایا تھا جس نے سنگ کو　　　نغمۂ خاموش میں ڈھالا تھا جس نے رنگ کو

ذوقِ شعری کے لئے یہ کائنات حسن ہے　　　اس کے ہر پہلو میں خوابیدہ حیاتِ حسن ہے

صبح کو پھرتی ہے اٹھلاتی ہوئی موج نسیم　　　اپنے دامن میں لئے رنگین پھولوں کی شمیم

اس کے کیفِ حسن پر قربان کرنے کے لئے　　　اس فضائے خلد میں دم بھر ٹھہرنے کے لئے

چھاؤں میں پڑتی ہیں یوں خورشید کی پرچھائیاں　　　جیسے لیتا ہو کوئی مستِ شباب انگڑائیاں

اکتسابِ نور کو آتی ہیں کرنیں ماہ کی　　　اس کی تاریکی میں بھی طلعت ہی جلوہ گاہ کی

ذرہ ذرہ رفعتِ تخئیل کی تفسیر ہے　　　ارض کی بنیاد پر فردوس کی تعمیر ہے

عظمت ماضی ہے ان رنگین غاروں میں نہاں
حسن کی تخلیق ہے ان یادگاروں میں نہاں

زلف کی کالی گھٹاؤں میں ہو ارمان حجاب ماہتاب حسن کی کرنیں ہیں لیکن بے نقاب
موجِ مے کی طرح بل کھائی ہوئی پتلی کمر تال کے جل سے بھری مٹی کی گگری دوش پر
آنکھ میں مستی نظر میں سحر، ہونٹوں پر سکوت سر سے لے کر پاؤں تک معصوم فطرت کا ثبوت
ایک دوشیزہ کھڑی ہے پیکرِ معصومیت جس سے منظر بن گیا ہے منظرِ معصومیت

یاد میں بیٹھا ہے "پی" کی اک سراپا آرزو ہے شرارِ زندگی جس کی ادائے جستجو
جس کے ذوق بندگی میں ہے خدائی کا ظہور جس کی خاموشی میں ہے تفسیر آتش زارِ طور

ان سراپا زندگی غاروں میں ایسے شاہ کار جن کی خوبی میں ہے اظہارِ کمالِ حسن کار

دیکھنے والوں کو دیتے ہیں پیامِ زندگی
آنے والوں کو بتاتے ہیں مقامِ زندگی

میکش

پریم نگر کی رومانی کرنیں

اللہ اللہ حیدرآباد کی شان تو دیکھو۔ اس دیار کی بنا ہی پیت کی ریت ہے۔ اگلے زمانے میں ایک بادشاہ زادہ تھا جس نے ایک دن مجرا سنا۔ بزم میں نئی گائن آئی تھی۔ اُس پر نظر پڑی تو دل تڑپ اٹھا۔ بجلی کوندی ؎

آنکھوں میں جگمگا اٹھے یہی زمین و آسماں!

یہ دیکھ کر دماغ نے ٹوکا:۔ شہزادے! یہ سمجھ داری کی بات نہیں۔ بھلا گانے والی کہاں؟ شاہانہ پیار کہاں؟ مگر دل نے کہا: نہیں! یہ پیت کی ریت ہے۔ یہاں میں اور تو کا ندکور ہی نہیں۔ آؤ شہزادے۔ قدم بڑھاؤ۔ من کا بیٹا بن کر کیا لوگے۔ بادشاہزادہ دل کے کہنے میں آگیا۔ اب وہی گانا جو کچھ دیر ہوتا۔ آج گھڑی بھر رات گئے شروع ہوا تو سحر ہوگئی۔ اصل یہ ہے کہ راگ دل کی زبان ہے، جو دل کے ہی کانوں سننے کی چیز ہے۔ اور ہند میں تو سنگیت آسمان سے اتری ہے۔ کہنے کو یہ تال سُر کی نزاکتوں کا تانا بانا ہو۔ مگر یہ نرا وجدان ہے۔ اسی لئے من موہن ہے۔ دور کیوں جاؤ یہی جو دیکھو کہ اس میں سات سُر سات چاند تارے ہیں۔ اور ساتوں آسمان طے کر گئے ہیں۔ مثلاً سرگم کا ,,سا،، چاند کا پیارا ہے۔ پہلے آسمان سے اترا ہے۔ تو ,,نی،، زحل دُلارا ہے۔ ساتویں آسمان کی خبر لاتا ہے۔ صوتی انداز کا بھی یہ عالم ہے کہ ان میں کہیں باوری کویل کی کوک سمائی ہے تو کہیں متوارے پپیہے کی پی کہاں! ایک بزرگ کا قصہ سنا ہے کہ وہ راگ کی تانوں سے من کا مندر چراغاں کرتے تھے۔ یہی مضمون کسی اچھے مصور نے بھی اتارا ہے۔ بھٹی ان

ہوئے۔ ایک تصویر دیکھی تھی کہ سنسان جنگل ہے جس کی اونچی اونچی پہاڑیوں کو جگمگاتے بادلوں نے گھیر لیا ہے۔ دور دریا بھی بہتا ہو جیسے کسی نے دھانی مخمل پر روپہلی لہریا بنایا ہو! ایک پہاڑی پر خضر صورت بزرگ ترک دنیا کئے، شیر کی کھال بچھائے بیٹھے ہیں سامنے میاں تسدا رنگ دوزانو بھیروں راگ الاپ رہے ہیں۔ صبح ہونے کو ہے۔ بجار تارا ابھر آیا ہے: پچھلی رات کا چاند ڈوبتا ہے۔ کچھ تارے نظروں سے اوجھل ہوئے۔ کچھ اب ہوا چاہتے ہیں۔ اس سمے ان بزرگ کے سیدھے ہاتھ میں تسبیح ہے۔ الٹے ہاتھ میں برچھا جس سے خواہش نفس کے ناگ کو زیر کیا ہے۔ جبیں پر نور عرفاں۔ لبوں پہ ذکر یزداں۔ اور آنکھوں سے توبہ و استغفار کے آنسوؤں کی گنگا جمنا بہہ رہی ہے! تو ہاں بزم شاہی میں بھی من کی بنسی بجی۔ لیکن لے دوسری تھی یعنی گانے والی نے راگنی کیا چھیڑی۔ گویا دل سے آہ نکلی جو بادشاہزادے کے دل میں ترازو ہوگئی۔ یوں دل سے دل کو راہ پیدا ہوئی! بات فسانۂ حسن بن گئی" مگر پچھلی رات سے تو بزم کا سماں ہی اور ہوگیا۔ جوں جوں رات گزرتی، راگ دیپک بھی کھل کھیلی۔ پریم کی آنچ بھی بھڑکی۔ لیکن ادھر سحر کا کھٹکا ہوا۔ ادھر آرزوئیں مچلنے لگیں کبھی نیند سے مناتیں۔ شمع شعور بجھتی۔ کبھی راگ کا جادو چلتا۔ من کا جو الاؤ کہ بجھتا تھا۔ ایسے وقت میں شانت راگوں کی آس رحمت باری بن کر برستی ہے کبھی کومل سروں کی گنگا بہہ جاتی۔ یہی سر کبھی گہرے ہوتے، کبھی جذب بیلے ہو کر ادھر کی لو لگا دیتے کبھی بہار رت کا سماں کھینچ جاتا۔ اور معلوم ہوتا جیسے کرشن کنہیا جی جھولا بھی جھول رہے۔ بنسی بھی بجاتے جاتے ہیں۔ سندر گوپیاں انھیں جھولا جھلا رہی ہیں جس کی پینگ آسمان سے باتیں کرتی ہے! خیر تو رات کا گانا کیا تھا ایک گلزار تھا جس میں گانے والی تیتری کی طرح کیا ہی کیا ہی مچلتی پھرتی۔ کسی۔ اگلی سے خوشبو لی۔ کسی کی کلیاں چوم اڑی۔ پیاری صورت پہ پیارا گلا قیامت ہوتا ہے ان معنوں میں بھی یہ گانا قیامت تھی۔ مگر اس کا گانا۔ گانے میں تھا نا۔ بتا کرنا چنا۔ قیامت پر قیامت بن گیا۔ دم میں رلاتی۔ دم میں ہنساتی نہ گانے سے تھکتی۔ نہ آواز میں پتی آتی۔ جہاں ذرا کی ذرا رکی۔ جی چاہا کہ پھر گائے۔ غرض یونہی بھیروں راگ کا آستانہ آگیا۔ جہاں بھیرویں کے ٹھاٹھ تھے۔ جس کو ظلمن نے اس سج دھج سے چھیڑا جیسے فجر کی رنگین روشنی پھیل رہی ہے اور ایک خوش ادا ابھی ابھی اشنان کر کے پوجا کو آئی ہے۔ گیلے بالوں سے پانی کی بوندیں ٹپکتی ہیں۔ گلابی نفیس پوشاک ہے۔

ماتھے پہ بندی ہاتھوں میں مہندی
ہونٹوں پہ مستی آنکھوں میں کاجل

پجارن مندر گئی۔ ہاتھ جوڑے۔ ڈنڈوت کی۔ پھر چمپا کے پھولوں کا ہار مورتی کے گلے میں ڈال دیا! لیکن کب تک؛ مثل ہے کہ رات گئی بات گئی، آخر صبح ہوئی۔ بزم شاہانہ ختم ہوئی۔ گانے والی جانے لگی تو بادشاہزادے نے بلایا۔ پوچھا: تمہارا کیا نام ہے؟ عرض کی: بھاگ متی

پوچھا: کہاں رہتی ہو؟ عرض کی: حضور ہی کی امان میں ہوں۔ ندی کنارے جس گاؤں کی طرف حضور شکار کھیلا کرتے ہیں۔ وہاں بسلم ہے وہیں دور سے اکثر حضور کے قدم دیکھے ہیں! دیکھنا: آنا کہا نہیں۔ جتنا خیال کو چھیڑ دیا۔ یہ سن کر بادشاہزادے کو کہنا پڑا: اچھا کل پھر آئیں گے۔

دوسرے روز کسی سے کہا نہ سنا خاصے گھوڑے پر نکل کھڑا ہوا۔ ندی کے کنارے آیا تو دیکھا بھرپور جا رہی ہے۔ گزر مشکل ہے یہاں ٹھٹکا تھا کہ خیال کھل کھیلا۔ یعنی جھٹ دل سے پیار جس میں حسن کی زیبائی، عشق کی گرائی سموئی۔ پھر فلک سے مٹی ملی شفق کی کی نیند، جی، رچائی اور بھاگ متی کی تصویر اتار دی! اب بادشاہزادہ کیا دیکھتا ہے کہ ندی کے اس پار جیسے بھاگ متی مسکراتی کھڑی ہے، اور کہتی ہے۔

اچھے بادشاہزادے! لہو میں شاہانہ عزم کے ہوتے ندی کیا سمندر بھی کچھ چیز نہیں۔ ہو نہ ہو یہ میرے بھاگ کی خوبی ہے جو آپ نہیں آتے۔ اس خیال سے بادشاہزادہ چونک سا پڑا۔ ایک دفعہ ہی گھوڑے کو ایڑ دی، اور بھری ندی میں اتر گیا۔ بلکہ یہ کہو کہ پار اترا۔ بعد میں ندی پر پل بنا۔ وہیں اک شہر چراغاں ہوا جو بھاگ متی کے نام پر پہلے بھاگ نگر، پھر حیدرآباد کہلایا۔ آپ محبت کا نام لے کر اسے پریم نگر کہیں!

سچ یہ ہے دکن کے سے دیس میں ایسا نگر ہونا ہی تھا جیسے پھول میں خوشبو، آنکھ میں پتلی! کیونکہ خود یہ دیس روانی کرنوں سے پڑا جگمگاتا ہے۔ اس کی ہزاروں باتیں ایسی ہیں کہ واہ وا! مگر اس وقت کہیں سے کچھ افسانہ چن لینی ہے جس میں پہلی ہی بسم اللہ مہارانی سیتا جی کی رام کہانی ہے۔ دیکھنا! غرض بھی کیا بری بلا ہے کہ اس میں انسان اندھا ہو جاتا ہے۔ سری رام چندر جی کی سوتیلی ماں اپنے اور اپنے بیٹے کے لئے مہاراجہ دسرت جی کو الٹا سیدھا سمجھاتی ہیں وہ بہکائے میں آ جاتے ہیں۔ اک اچھے حکمراں کو یہ شایان نہ تھا۔ اس کے نزدیک اپنا تو اپنا پرایا بھی اپنا ہوتا ہے۔ مگر وہ چوکے اس سے سری رام چندر جی کو بن باس لینا پڑا۔ یہ ان کی بھلمنسائی تھی کہ انھوں نے باپ کا کہنا نہ ٹالا۔ خیر گھر سے بے گھر ہوئے تو انھیں دکن دیس ہی بھایا۔ لچھمن اور سیتا ساتھ ہیں۔ ایک چاہنے والا بھائی گویا قوت بازو کہ بھائی کی خاطر اپنا سکھ چین تج دیتا ہے۔ دوسری چاہنے والی بیوی۔ دکھ سکھ کی ساجھی! لیکن مصیبت تنہا نہیں آتی۔ یہ گھر سے نکلے تو جنگل میں بھی چین نہ پایا۔ پنچ وٹی آتے ہی ایک بھتنی سے پالا پڑا۔ سورپ نکھا نام تھا۔ سر پا تا تھ پہاڑ پر رہتی تھی۔ یہ بد ذات رام چندر جی کے درپے ہو گئی مگر لچھمن جی عین وقت پر آڑے آئے۔ یہ دیکھ کر بھتنی کے دو بھائی کار اور دشن حملہ

کرتے ہیں۔ مگر مارے جاتے ہیں۔ تیسرے بھائی راون کو خبر ہوتی ہے وہ بڑا لاؤ لشکر لے کر لنکا سے نکلتا ہے اور ہزار جتن کر کے سیتا جی کو لے جاتا ہے۔ بعد میں لنکا پر چڑھائی ہوتی ہے۔ راجہ سگروا بھی مدد دیتا ہے۔ اسی راجہ کا شاہی بانا بندر کی شکل کا تھا۔ جس سے یہ سمجھا گیا کہ لڑائی میں رام چندر جی کی مدد بندروں نے کی تھی! غرض یہ وہ لڑائی تھی جس میں آریوں نے تورانیوں پر فتح پائی۔ سری رام چندر جی کا کردار بنا اور سیتا جی نے بتا دیا کہ شوہر پرستی ان کا ایمان۔ خدا ترسی ان کا دھرم۔ اور عصمت کے مقابلے جان سی عزیز شے بھی کچھ نہیں! ویسے بھی دکن وہ دیس ہے کہ دور دور کے لوگ اس کے دلدادہ رہے۔ کسی نے اس کی طرز تعمیر اڑالی۔ کسی نے اس سے آداب سیکھے۔ یہاں قطبیہ، بریدیہ اور بہمنیہ سلاطین کا ڈنکا بجا۔ جن میں تانا شاہ کا داغ تو ایک مثل بن گیا ہے۔ یہیں ٹیپو سلطان اور چاند بی بی نے راج راجا۔ جن کے حوصلے اور ناموری کے قصے اب تک بچہ بوڑھے کی زبان پر ہیں اور تو اور ایک زمانے نے اس دیس سے الف۔ ب۔ ت پڑھی ہے کہ تورانیوں نے یہیں ابجد کی ایجاد کی تھی! علمی انداز کا بھی یہ عالم ہے کہ نویں صدی میں شنکراچاریہ اور بارھویں صدی میں رامانج کا آوازہ بلند ہوا۔ جو آج تک سنائی دیتا ہے یہیں ولی، ظہوری اور ملک قمی پرورش پائے۔ یہیں کئی سو خواجہ کی پالکی اتری۔ اسی سرزمین میں خان عالی موت کی میٹھی نیند سوتا ہے اسی خاک پاک سے تاریخ میں انسان کیا؟ "فرشتہ" پیدا ہوا! بس تو یہی رنگ مدتوں اس دیس کے ذرے ذرے پر رچتا رہا۔ آخر نیچر کے سگھڑ ہاتھوں یہ ذرے سمٹ کر اس طرح سالمات بنے کہ سرکار عالیہ آصفیہ کی طرح پڑی۔ یہ طرحدار سرکار حق یہ ہے کہ بڑی سرکار ہے۔ جس کی کو ہماری سرزمین میں زمانے کے نشیب و فراز ہیں۔ یعنی بڑے بڑے دریا، پہاڑ، جھیل، تالاب۔ بڑے بڑے جنگل جہاں کی صبح و شام کے آگے صبح بنارس اور شام اودھ بھی مات ہے۔ موسم بھی بڑے خوشگوار ہیں۔ کیونکہ گرمی میں نہ زیادہ گرمی ہوتی ہے اور نہ سردی میں زیادہ سردی۔ یہ بات دنیا کے اور ملکوں میں بہت کم ہے گرمی سردی تو خیر جیسی ہے ویسی ہے۔ یہاں کی بہار کو کوئی خوش کلام برقؔ کی نظروں آ تا دیکھے تو دل کی کلی کھل جائے:-

اٹھلاتی لجاتی مسکراتی   کس ناز سے ہے بہار آتی

بوٹا سا دہ قد بہار کے دن   اٹھتی کونپل ابھار کے دن

اتری گلشن میں جب سواری   سورج نے آرتی اتاری

شبنم بھر لائی کورے کورے   شربت سے گلاب کے سکورے

نہریں بھر بھر کے لائیں پانی   سبزے نے بچھایا فرش دھانی

غنچوں نے چٹک کے لیں بلائیں ۔ بلبل نے چہک کے دیں دعائیں
بدلی پھولوں نے اپنی وردی ۔ اودی، زنگاری، لاجوردی
بھونروں نے یہ گونج کر صدا دی ۔ کوئل نے یہ پھیر دی منادی
معشوقۂ گلعذار آئی

آئی آئی بہار آئی !!

بہار تو پھر بہار ہے ۔ یہاں ہر دہان کا کھیت خود اک بہار ہے ۔ کیونکہ اسے جب دیکھو آنکھوں میں ٹھنڈک ۔ دل میں تراوٹ آتی ہے جب کبھی چاندنی راتیں ہوں ۔ دہان کی ہٹاسی فصل کھڑی ہو ۔ اس وقت کھیت میں نکلتے چاند کا منظر دیکھنے کا ہوتا ہے کہ چاند کا روشن گرد اسر فصل ہے ۔ اور ایسا معلوم ہو رہا ہے جیسے سبز پری رُخ سر کھولے چلی آتی ہے ! کوہساری بھی ہے تو یہ مملکت فطرت کا سنگار دان ہی ہے ! بھلا کونسا جوہر ہے جو یہاں نہیں ۔ ایک دن ہیں تو کوہ طور ، تو بہ ! کوہ نور نکلا تھا ۔ جسے دیکھ کر آج تک دنیا حیرت میں ہے !! ویسے بھی یہاں "نل دمینتی" کے رومانی پیام سلام ہوئے ۔ راج ہنس خوبصورت پیامی بنا ۔ یہیں ادب کا ایک "پھول بن" کھلا ، "پھولبن" ابن نشاطی کی ایک سجل نظم ہے جسے کہہ کر دو ڈھائی سو برس سے اونچے ہوئے ۔ نظم کیا ہے دمکتا ہیرا ، چمکتا تارا ہے ۔ جس میں سادگی بھی ہے ۔ پُرکاری بھی ہے اور جس کا سارا قصہ ایسا گجرا معلوم ہوتا ہے ۔ جس میں شاعر نے بڑی رومانی پھول پتیاں گوندھی ہوں ۔ مثلاً کہیں زاہد کی بیٹی جلوہ گر ہے جو باپ کی بد دعا سے پھول بن گئی تو کہیں سمن بر بادشاہزادی ہے جس کے بشرے پر گل شباب کھلا ہوا ہے !! اس عجمی حسین شہزادی پر مصر کا شہزادہ ہمایوں فال فریفتہ ہو جاتا ہے اور شہزادی کے فراق میں عجم آ کر بادشاہ سے شطرنج کھیلتا ہے جس پر جان کی بازی لگتی ہے قصے میں یہ مقام بڑا رومانی ہے مگر ساتھ ہی ساتھ زندگی کی سچائی بھی لئے ہوئے ہے جسے مشرق کی قدیم رومانی بزم ادب میں اسی شاہانہ اور اتھاہ کھیل سے اجاگر کیا جاتا ہے کنایہ ہوتا ہے کہ دنیا بھی ایک بساطِ شطرنج ہے جہاں جان کی بازی ہو رہی ہے ۔ مگر غائب ! بازی اُس جگت اُستاد سے جس کی چالوں کو آج تک کوئی نہیں پہنچا ۔ جسے دیکھو یہی کہتا ہے ؎

جو چال ہم چلے سو نہایت بُری چلے !

مگر جوابی ہر چال نپی تلی ، اٹل اور بڑے پردے کی ہے اسی لئے نوعِ انسان کے دل کی آواز ہیں ان انمول بولوں میں بھی سُنا دی گئی ہے کہ ؎

مہرہ شطرنج سا انداز بافرزانگی
تو مداں غافل کہ آساں نیست بازی باختن

ورنہ یاد رہے انسان چوکا کہ مارا گیا! تو بس ایسی ہی رومانی روشنی میں قصہ بڑھتا اور اخیر میں دونوں کے سنجوگ پر تمام ہو جاتا ہے۔ اچھا یہ قلم کا "پھولبن" ہوا۔ یہاں ایک "موقلم" کا "پھولبن" بھی ہے! یہ اجنتے میں کھلا ہے۔ جہاں نقش و رنگ کی پریاں رہتی ہیں۔ کوئی دو ہزار برس ہوئے چند ہندی حسن کاروں نے انھیں اتارا تھا۔ وہ دن اور آج کا دن کہ سرکار عالیہ آصفیہ کے شمال مغرب میں یہ دعوت ذوق بجی ہوئی ہے۔ یہ پرستان غاروں میں ہے۔ وہ دیکھو ایک غار میں بڑا سا ایوان ہے جہاں راجہ مسند پر آلتی پالتی مارے بیٹھا ہے۔ سر پر جڑاؤ مکٹ گلے میں قیمتی مالا۔ رانی بڑے انداز سے راجہ کے زانو پر سہارا دیئے بیٹھی ہے۔ داسیاں کھڑی مورچھل ہلا رہی ہیں پاس ایک اور خاتون چاٹی کی سوزنی پر بیٹھی ہے۔ ایوان کے بیچوں بیچ سجا سجایا منڈپ ہے۔ جس کے فرش پر ارغوانی پھول بکھرے ہوئے ہیں۔ یہاں ایک آزاد ناچ رہی ہے یہ بجلی بسنت پورے آستینوں کی نفیس سیاہ جاکٹ پہنے ہوئے ہے جس پر روپہلی گجائی کے پھول بوٹے ہیں۔ آنکھوں میں کاجل ہونٹوں پہ لاکھا۔ عجب دلفریبی کا عالم ہے۔ سیاہ جاکٹ میں سے کندن سا جسم ایسا جھلک رہا ہے جیسے کسوٹی پر سونا! اسی ایوان میں پرے گوشہ پر ایک اور کامنی ناچ رہی ہے جس نے نازک انگلیوں پر ٹھوڑی کو اس لبھاؤ سے رکھا ہے کہ میاں رفائل بھی دیکھا کریں! حسن کاری کے اس پرستان میں یہ اور ایسی بہت سی تصویریں ہیں جنھیں نروان کے رسیاؤں نے بدھ مت کی رنگینی میں رنگ دیا ہے۔ سونچ کے نور میں آج بھی ان کی رنگارنگی سے اک گیانی کی الہٰی شان بڑی ٹپکتی ہے۔ اور یہ سندریاں بھگتوں کا وہ رنگین گیت معلوم ہوتی ہیں جن میں شکتی بھی ہے۔ شانتی بھی ہے۔ اور یہ پیام بھی کہ:۔

دھرتی کے باسیوں کی مکتی پریت میں ہے

ان پریوں کو اترے صدیاں بیت گزر گئیں۔ صدیوں کے بعد بھی ان میں جادو کا سا اثر ہے اور ماننا پڑتا ہے کہ یہ فتوحات فن اعجاز ہیں! اور کیوں نہ ہوں کہ یہ اُس سورما گوتم کے دم قدم کا ظہور ہیں جس نے بادشاہت کو لات مار کر عرفان کی بھیک مانگی تھی! ایک دفعہ کا ذکر ہے۔ شام کا وقت تھا۔ آسمان پر شفق کا ایک رنگ آتا۔ ایک جاتا تھا۔ زمین کی سیج پر رات کی دلہن انگڑائیاں لینے لگی تھی۔ اجنتے کی پر سکون چٹانوں پر اسرار سے منڈلا رہے تھے کہ ہم چند زائرین اجنتے سے موٹروں میں سوار ہوئے۔ اس وقت ایسا معلوم ہوا جیسے یہاں کی لال سبز پریاں خیرباد کہتی ہیں۔ خموشی ان کی زبان ہے۔ حسن کاری اُن کا پیام! جو آج تک جیتے سے نہیں اترا۔ کیونکہ اب تک اُن کی رنگینیاں ذہن میں اس طرح اُبھر آتی ہیں جیسے سطح آب پر کنول کھلتا ہو! بس یہی اجنتے کا جادو ہے اور یہی فن کی سچائی پرکھنے کا گر بھی ہے کہ اس فن نے کیا اثر کیا

اگر اس نے روح کو گرمایا۔ خیال کو اکسایا۔ دل کو ابھارا یعنی آنکھ کان میں الجھ کر نہ رہ گیا تو سمجھو وہ فن سچا ہے۔ ورنہ نرا ڈھکوسلا ہو کیونکہ فن وہی سانچا اور بلند و بالا ہوتا ہے جس سے سوجھ کی پینگ بڑھے۔ جس کی قوت اتھاہ ہو۔ جو سدا دور کی خبر لائے۔ اور بچے بوڑھے، مرد عورت سب کو رجھا کر دلوں پر ایسا نقش چھوڑ سے کہ مٹائے نہ مٹے! اس کارن زیادہ نہیں شاعری کا ایک بند، مصوری کی ایک لکیر موسیقی کی ایک تان بھی دل میں گھر کر جائے تو بس ہے۔ مگر اجنتے میں اس کی بہتات ہے۔ پھر یہاں کی پریاں آپ کو رفعت خیال کی معراج دیتی ہیں تو ان کی مرتبت کا ٹھکانہ نہیں رہتا۔ کیونکہ حسن کاری میں جہاں ایسا موقع آیا تو کہتے ہیں حسن کی دیوی مصور کا ہاتھ اپنے ہاتھ میں لیکر تصویر اتروا تی ہے۔ پر جبرئیل کا قلم ہوتا ہے۔ دھنک کے رنگ۔ کوثر کا پانی۔ پاؤں فرش زمین پر، اور منہ عرش بریں کے روبرو کہ نور خدا سے دمکتا ہو!! یہاں شام ہوتے دیکھی۔ تو اس صبح کا بھی خیال آیا کہ اگلا زمانہ ہے اور فجر کی روشنی میں اجنتے کے اللہ والے لوگ اٹھ بیٹھے ہیں۔ پہلے ندی گئے۔ اشنان کیا۔ پھر بار سنگھار کے پھول توڑے۔ پوجا پاٹ کی۔ اور اب اپنے کام پر جاتے ہیں۔ دیکھنا! سب کے بیچوں بیچ ایک بڑے میاں ہیں۔ یہ دھیان گیان کے سجن اور سب کے استاد ہیں۔ سوسی کا انگرکھا۔ گزی کی دھوتی۔ سفید گاڑھے کا پگڑ۔ بشرے پر شانتی آنکھوں میں ذکاوت، انھیں سب نے گھیر لیا ہے ایک شاگرد کے ہاتھ میں موقلم ہے ایک رنگ کی پیالی لئے ہے ایک برابر آکر کچھ پوچھ رہا ہے۔ بڑے میاں محبت سے بتا رہے ہیں دوسرا اس سے لگا لگا چلا آتا ہے کہ یہ ہٹے تو میں پوچھوں۔ سب مندر پہنچے دن بھر اپنا اپنا کام کیا جب اس شوق و خلوص کی بستی سے پلٹے تو ایک جگہ آ جمع ہوئے۔ اب کوئی اپنی مشکلات سنا رہا ہے کوئی اپنی کامیابی پر باغ باغ ہے۔ بڑے میاں سب کی سن رہے ہیں۔ صلاحیں دے رہے ہیں۔ کبھی کسی کو سراہتے ہیں کبھی کسی پہ جھنجھلا اٹھتے ہیں۔ اتنے میں شام ہو جاتی ہے تو شفق کی رنگینی میں یہ اپنے اپنے ٹھکانے چلے جاتے ہیں۔

بن، آپ نے دیکھ لئے۔ کچھ تالاب بھی دیکھئے۔ اب تک تال میں تال بھوپال تال مشہور تھا۔ مگر اب نظام ساگر آپ اپنی مثال بن گیا ہے۔ یہ تالاب کیا ہے؟ اچھا خاصہ سمندر ہے۔ ایک وقت عثمانیین کا جتھا نظام ساگر پہنچا جس میں اکثر رومانی دنیا کے رہنے بسنے والے تھے کئی دن سیر و شکار میں گزرے۔ آتی گرمی تھی۔ صبح و شام مزہ دے رہی تھی۔ باقی صاحب اور میں روز سویرے اٹھ کر ساگر کنارے جا بیٹھتے تھے۔ ایک دن دوشیزۂ سحر انگڑائیاں لیتی تھی۔ دور آنسوؤں جیسے تارے جھلملا رہے تھے کہ رنگین نیچر نے شبنم کی ردا اوڑھی! کبھی کبھی مرغابیاں بھی یوں اٹھتیں جس سے تالاب میں جان سی پڑ جاتی تھی۔ ایسے سہانے وقت باقی صاحب دل سے باتیں کرنے لگے۔ یہ تو میں نہ سن سکا کہ دل نے ان سے کیا پوچھا؟ ان کا جواب البتہ سنا ہے آپ بھی سن لیں:-

تا حشر بدلتی نہیں الفت کی نگاہیں　　　　وہ چاہیں محبت کو نباہیں نہ نباہیں

باقی صاحب کہتے ہیں۔ یہ باتیں ہو رہی تھیں کہ:-

اتنے میں کوئی زہرہ جبیں یاسمن اندام　　پانی کی پری، عشق کی جاں، حسن کا پیغام
اک موج کی آغوش سے آئی مرے آگے　　اک شمع دل افروز جلائی مرے آگے
کہنے لگی اے تشنۂ آواز محبت　　سن حسن کے ہونٹوں سے بھی اک راز محبت

اس آب سحر خیز پہ آنکھوں کو بچھا دے　　اس عالم خاموش کے ارمان جگا دے
کہسار کے دامن میں ہے ٹھیرا ہوا پانی　　دل اور محبت کے سکوں کی ہے نشانی
جاں عشق کے پہلو میں ہے بہتا ہوا دریا　　بے تاب ہے ماہی کی طرح اس کی تمنا
محبوب ترا میری طرح نور کی تصویر　　ہے گویا نگاہوں میں کوئی حور کی تصویر
ہاتھوں میں اسی طرح لئے شمع محبت　　اور زیر قدم ایسی چمکتی ہوئی وسعت
چاہے تو تری عمر کو دامن میں چھپا لے　　اس شمع کو طوفاں کی ہواؤں سے بچا لے

یا عشق کو اُمید کے پہلو میں سُلا کر
پرواز کرے میری طرح اُس کو بُجھا کر

لیکن ایک یہی ساگر نہیں، علی ساگر ہے۔ عثمان ساگر ہے، حمایت ساگر ہے، حسین ساگر ہے جو دیس کو ہریالا بنا رہے ہیں۔ حسین ساگر کی چاندنی راتیں بھی دیکھنے کی چیز ہیں۔ بڑی رومانی ہوتی ہیں۔ ایک مرتبہ بسنت رُت تھی چاندنی راتیں، اکبر صاحب (عثمانیہ) سر شام حسین ساگر گئے۔ کچھ دیر میں سوتے تارے جاگ گئے۔ آنکھیں مل مل کے دنیا کو دیکھنے لگے۔ ادھر چاند نے بھی گیت اور راگنی جل سے نورانی گھڑا دھو کر:-

اُٹھتا ہے افق کے بستر سے بادل پر چلتا آتا ہے　　تالاب پہ سایہ ڈالتا ہے جل تھل پر چلتا آتا ہے
اندھیرا تو دیکھو رات کو بھی بادل میں دھوپ اور چھاؤں ہے　　اک ماہ لقا کی زلفوں کے ہر بل میں دھوپ اور چھاؤں ہے
ہے نور کا دھندلکا عالم میں نورانی مستی چھائی ہے　　پتوں سے چاندنی چھن چھن کر چاندی سے جل پر کائی ہے
ہے جنبش ماتھے پر جل کے لہریں لڑ لڑ کر ملتی ہیں　　اور عکس قمر سے بہہ بہہ کر گیا دودھ کی نہریں چلتی ہیں
یہ رم جھم رم جھم لہریں ہیں، پاجن کی چھم چھم لہریں ہیں　　عاشق کے دل کی موسیقی، اشکوں کا تلاطم لہریں یہ ہیں

وہ دور پہ کالے کالے بن اور سامنے اُجلا اُجلا جل
یہ نور کے پیچھے ظلمت ہے یا روشن آنکھوں میں کاجل

غرض ایک طرف سرسبزی کے یہ آثار ہیں دوسری طرف عروسِ شہر دُلہن بن رہا ہے۔ آرائش کے ہاتھوں اس کا وہ وہ سنگھار ہوتا جا رہا ہے کہ نظر لگتی ہے۔ ایک مشفق نے حال ہی میں ہوائی جہاز سے بلدہ کو دیکھا کہتے تھے چوطرف نئے نئے مکانات کا ہجوم ایسا معلوم ہوتا ہے جیسے بگلوں کی اُجلی اُجلی ٹکڑیاں اُتری ہوں: میں کہتا ہوں۔ ان مکانوں میں دیکھنے والا ایک نور بھی چمکتا دیکھتا ہے جو درا صل نورِ علم ہے اور جامعۂ عثمانیہ کے مبارک ہاتھوں گھر گھر پھیل رہا ہے: یہ لکھ رہا ہوں مگر خود بخود ذہن میں وہ رومانی تاریخ اُبھرے آتی ہے جب یورپ اور ایشیا سمدھیانے بنے ہیں۔ بارہ نومبر ۱۹۳۱ء کو حضور شہزادگان والاشان میں سے ایک شہزادے کا بیاہ حضرت عبدالمجید خان ثانی سلطان ترکی کی اکلوتی دختر نیک اختر حضور درشہوار دردانہ بیگم اور دوسرے شہزادے کا بیاہ حضرت سلطان ممدوح کی بھانجی حضور نیلوفر فرحت بیگم سے نیس میں ہوا۔ نیس جنوبی فرانس میں بڑا پُر فضا شہر ہے۔ کہتے ہیں یہ دریائے بیلاں کے دہانے پر ایسے موقع سے آباد ہے کہ کوہ آلپس کی پہاڑیاں اس پر چھتر کئے ہوئے ہیں اور یہاں گلابی جاڑوں میں لوگ تفریح کے لئے آیا کرتے ہیں۔ وہ لیجئے! دونوں شہزادگان والاشان کی برات روانہ ہوئی۔ دیکھنا کیا شاہانہ سج دھج سے جا رہی ہے۔ انگریز امرا کی بھوری بھوری ٹوپیاں، سرخ سرخ ترکی ٹوپیوں اور رنگین دستاروں کے ساتھ مل کر کیا بہاریں دے رہی ہیں اطراف پہلو تماشائیوں کا ہجوم ہے جو دُلہاؤں کو دیکھنے کے لئے مشتاق ہیں۔ نرم نرم دھوپ کھلی ہوئی ہے۔ نوشاہ ایک شاندار موٹر کار میں تشریف لے جا رہے ہیں۔ جو سفید سفید پھولوں کے خوبصورت گجروں اور مہین سفید ریشمیں پردوں سے سجا ہوا ہے۔ موٹر کے چار گوشوں پر زرد گلاب کے چار گلدستے بھی لگے ہوئے ہیں۔ نوشاہ ارغوانی رنگ کی شیروانیاں اور زرد رنگ دستار پہنے ہیں۔ جن پر نارنجی پھولوں اور زرد گلابوں کے سرپیچوں کی پھبن ہے۔ آخر دُلہن والوں کے ہاں یہ شاہانہ برات جا اُتری۔ حضرت سلطان ممدوح نے بنفس نفیس نکاح پڑھایا۔ آپ پست قد مضبوط جسم ہیں عمر تقریباً ساٹھ سال ہوگی۔ سر گالا۔ مُنہ بالا۔ جیسے اللہ کے نور! نکاح کے بعد عام طور پر اُسی دن جلوہ (آرسی مصحف) ہو جاتا ہے اور دولہا دُلہن کو وداع کرلاتا ہے۔ لیکن ترکوں میں یہ دستور ہے کہ نکاح کے ایک ہفتہ بعد جلوہ در شادوم) ہوتا ہے۔ یہ وقفہ بالکل ایسا ہی ہے جیسے ہمارے ہاں نکاح سے پہلے مانجھے (مائیوں) بٹھا کر دولہا دُلہن کے لئے ایک خاص ماحول پیدا کر دیا جاتا ہے تاکہ اس طرح تنہا وہ اپنی آنے والی ذمہ داریوں پر غور کرسکیں۔ بارے اُنیس نومبر کی شام کو قصر کارآسل میں یہ رسم بھی ادا ہو جاتی ہے۔ قصر کے دروازوں پر یورپین خواتین کا جمگھٹ ہے جو مشتاق تماشہ ہیں۔ دُلہنوں کی شاہانہ پوشا

نہایت خوبصورت ہے۔ دونوں دلہنیں ماجی رنگ کے ریشمی لہریئے اوڑھے ہوئی ہیں۔ ہاتھوں میں بڑے بڑے گلدستے گیہوئیں نارنجی پھول
شہزادگان والاشان ہندوستانی ملبوس زیب تن فرمائے ہیں۔ جڑاؤ تلواریں لگائے ہیں۔ پیش خدمت زرق برق وردیاں، زرین
پگڑیاں پہنے پھر رہے ہیں۔ غرض آرسی مصحف (جلوہ) ہوا۔ برات گشت کو نکلی۔ اور سات سمندر پار کرتی وطن آئی۔ دولہا دلہن "ملپسنا" ناجی
مرکب آپس میں ہیں۔ جو بہ۔ صاحب (عثمانیہ) کی شاعرانہ نظروں میں رعنائی خیال کی زہرا بنا ہوا ہے۔

خوشا آمد تری اے مایۂ شوقِ جبیں سائی　　فضائے نیلگوں میں یک بیک زہرا نکل آئی
ترے ماتھے پہ روشن ہند کا ہے نقشِ آزادی　　ترے باطن میں پنہاں ہے دکن کی خانہ آبادی
ترے سر پر ہوائیں رحمتوں کی اُڑتی آتی ہیں　　ترے زیرِ قدم موجیں بھی دھن میں گنگناتی ہیں

"کرا پیشِ نظر داری؟ چرا مستانہ می آئی؟
فدایت باد دل و جانم عجب ترکانہ می آئی!!"

رومان میں رومان یہ بھی ایک رومان ہے مگر ٹراشاہانہ ہے بمثل ہے کہ راجہ کی خوشی پرجا کی خوشی ہوتی ہے۔ اس طرح دیس کا بچہ بچہ مگن ہوا۔ ہر ایک پر گہرا، دائمی رنگ آیا جس سے دل و دماغ مدتوں خالی نہ ہوئے۔ آپ جانتے ہیں طبیعت پر یہ سہانا رنگ رچ جائے تو انسان جنت نگاہ، فردوس گوش بن جاتا ہے انہیں دنوں ایک مرتبہ میں قصر شاہی کی سمت سے گزرا صبح کا وقت تھا۔ برکھا رت تھی۔ آسمان پر ردم جھوم گھٹائیں آرہی تھیں۔ کبھی بوندیاں پڑنے لگتیں کبھی تھم جاتیں۔ معلوم ہوتا تھا جیسے رحمتیں منڈلا رہی ہیں برکتیں برستی ہیں۔ کویل بھی کوکتی تھی۔ پپیہا بھی بولتا تھا۔ ندرہی باغ۔ عدن باغ کی نکہت گل ہوا میں بس رہی تھی۔ اس وقت ارباب والی روشن چوکی نے بھی شادیانہ چھیڑا۔ دھن میگھ راگ کی تھی جس کے میٹھے سُر دل کھینچے لیتے تھے۔ ایسے سمے حسن کار چلے نہیں رہتے دیکھتے دیکھتے شہنائی نے ددن کی لی۔ ادھر راگ پھیلا۔ اُدھر تانیں مچلنے لگیں جن سے دل کی اُمنگیں اس طرح ابھرتی تھیں جیسے ساون ماس کی جھڑی زمین کی قوت نامیہ جگادے! ساتھ ہی نوبت بھی بہ رن بجنے لگی ابھی دونوں ساز ساتھ تھے۔ ابھی بچھڑ گئے جیسے سنگیت کے دو دھارے یا کیف و سرور کی دو نہریں جدا جدا رواں ہوں اور زور شور میں ہوا سے باتیں کرتی ہوں! مگر چل یہ چل جب ان کا سنجوگ ہوا یا یہ کہو کہ سم آیا تو معلوم ہوا دل مل گئے!!

سید وزیر حسن (عثمانیہ)

جامعۂ عثمانیہ

مسرت کھیلتی ہے جامعہ کے سبزہ زاروں میں
نرالا کیف ہے عثمانیہ کے مرغزاروں میں

مناظر مست رہتے ہیں یہاں کے کوہساروں میں
ترنم ہوتا ہے اس فضا کے شاخساروں میں

مہکتی ہی فضا ہر دم یہاں کے لالہ زاروں میں
تمنا رقص کرتی ہے یہاں کے جوئباروں میں

کبھی صورت خزاں کی دیکھنے پاتا نہیں ہرگز
وہ نخلِ آرزو جو پرورش ہوان بہاروں میں

ہر اک ہی اپنے پائے کا فنون و سائنس میں یکتا
بہت نیوٹن، گرتے، پٹے ہیں نہاں یاں خاکساروں میں

ہوا ہے چار سو شہرہ ہمارے نونہالوں کا
عجب اوصاف ہیں ہمدم ہمارے ماہ پاروں میں

مئے علم و عمل ہے اور ساقی دورِ عثمانی
زہے قسمت کہ نیرؔ ہیں یہاں کے بادہ خواروں میں

محمد علی نیرؔ

حیدرآباد کا ایک یادگار مُباحثہ

دنیا کیوں پیدا کی گئی، یہ تو وہی جانے جس نے اِس کائنات کی تخلیق کی۔ لیکن اس سوال کا جواب کہ کیسے پیدا ہوئی ممکن ہے سائنس دے سکے۔ خواہ اس کے نظریے قیاس آرائیوں کی حد تک ہوں۔

اگر یہ صحیح ہے کہ سچائی کی تلاش ہی حصول حق کے مماثل ہے تو میں کہہ سکتا ہوں کہ دورِ جدید کے سائنس دانوں کی یہ تگ و دو جو بظاہر قدرت کے عمیق سمندروں اور بسیط فضاؤں کی پیمائش میں جاری ہے کبھی رائیگاں نہیں جائے گی تجسس کبھی نہ ختم ہونے والے سوالات کا نام ہے جس کا سائنس سے چولی دامن کا ساتھ سمجھئے پھر اگر یہ ختم ہو گئی تو سائنس کی دوکان بھی اُٹھ جائے گی۔

لیکن یہ بھی ماننا پڑے گا کہ ہماری تحقیقات کا دائرہ عمل نہایت تنگ اور اس کی بنیادیں انتہا سے زیادہ متزلزل ہیں۔ صحیح مشاہدوں کی عدم موجودگی میں فیصلہ کن نتائج قائم نہیں ہو سکتے۔ اور تحقیقات میں عملی دشواریاں، ہماری دچاری اور بے بسی میں روز افزوں اضافہ کرنے لگیں۔ بایں ہمہ وجوہ اگر سائنس دانوں میں اختلاف رائے کی کثرت ہے تو اس سے گھبرانے کی کوئی وجہ نہیں بلکہ حصول مقصد میں شاید یہ ایک فال نیک ہو۔

ہندوستان قدیم نے کبھی سائنس کی ترقی میں پہل کی ہو تو ہو۔ اب اُس کا ذکر ایک افسانۂ ماضی سے زیادہ وقعت نہیں رکھتا لیکن فی الوقت تو وہ اس میدان میں کہیں پیچھے ہے۔ چنانچہ اوروں تک پہنچتے پہنچتے ممکن ہے اُسے صدیاں درکار ہوں۔

پھر بھی اس عرصۂ قلیل میں دنیا کے آگے ہندوستان نے اپنے کام کا جو معیار رکھا ہے وہ بہرحال اوروں سے پست نہیں۔ اب اس نومولود بچے سے بہت سی توقعات بندھ گئی ہیں۔ اور اگر مسموم ہوائیں اسی طرح کچھ عرصہ تک اس نونہال سے پرے رہیں تو وہ دن بھی آتا ہے جب یہ اپنی پرانی عظمت دوبارہ حاصل کرے گا۔

یوں تو ہند کے سارے صوبوں نے ملک کی علمی تحقیقات میں اپنے امکان بھر اضافہ کیا لیکن شاید اس سے آپ بہت پہلے واقف ہوں کہ بنگال کا اس باب میں زبردست حصہ ہے اس صوبہ نے ہندوستان میں صحیح طور پر سائنٹفک تحقیقاتوں کی داغ بیل ڈالی جو رفتہ رفتہ اتنی مستحکم ہوئی کہ آخر کار اس کے اثرات کے تحت ایک خالص علمی ادارہ قائم ہوگیا جسے رائل ایشیاٹک سوسائٹی آف بنگال کہتے ہیں ایسے ادارے ہر متمدن ملک میں موجود ہیں اور ان کے احسانات سے سائنس کا کوئی شعبہ بے نیاز نہیں۔ چنانچہ اس سوسائٹی کا ایک احسان عظیم یہ بھی ہے کہ اس نے ملک کے سارے سائنس دانوں اور سائنٹفک اداروں کو ایک زنجیر میں منسلک کرنے کی کامیاب کوشش کی تاکہ وہ ایک دوسرے کی علمی تحقیقاتوں سے وقت بہ وقت کما حقہٗ معلومات حاصل کرسکیں۔ انڈین سائنس کانگرس انھیں کوششوں کا نتیجہ ہے جس کے سالانہ اجلاس ملک کے تمام صوبوں کا ہر سال دورہ کرتے اور ذیلی کمیٹیاں منعقد کرتے ہیں۔

خوش قسمتی سمجھئے کہ حیدرآباد فرخندہ بنیاد اس سال اس ادارہ کی جولانیوں کا مرکز رہا اور شاید جامعہ عثمانیہ کی تاریخ میں یہ اہم ترین واقعہ تھا کہ اس کی دعوت پر کانگریس کا چوبیسواں اجلاس جامعہ کی نوتعمیر اور دیدہ زیب عمارتوں کے احاطہ میں منعقد ہوا اس موقعہ پر حیدرآباد نے بھی اپنی روایتی مہمان نوازی کا جی کھول کر ثبوت دیا۔ معزز نمائندوں کی رہائش کے لئے اقامت خانوں کی پرشکوہ عمارتیں تھیں۔ ہر قوم کے لحاظ سے بہترین طعام کے انتظامات تھے نہ تھکنے والے عثمانیین رضا کار اُن کے لئے جملہ آرام و آسایش مہیا کر رہے تھے اور تفریح کے لئے مضافات بلدہ کا جنت نگاہ منظر اُن کے آگے تھا۔

بہرحال اس موقع پر سائنس دانوں نے بھی ان نادر مواقع سے خاطر خواہ فائدہ اُٹھایا طویل کمیٹیاں ہوئیں۔ بصیرت افروز مقالے پڑھے گئے۔ پُراز معلومات توسیعی لکچروں کا تانتا بندھا رہا۔ اور مفید ریزولیوشن پاس کئے گئے۔ لیکن سب سے زیادہ اہم اُن مباحث کا سلسلہ رہا جنھوں نے سائنس کی کئی ایک پیچیدہ ۔۔۔ دقت طلب گتھیوں کے سلجھانے کی کوشش کی نیز ان مباحثوں کی خصوصیت یہ تھی کہ ان میں مختلف مضامین کے مجتہدین نے حصہ لیا اور وہ وہ نکات واضح کئے جنھیں علمی تجربہ ہی روشناس کرا سکتا ہے چنانچہ جس مباحثہ کا میں ذکر کر رہا ہوں وہ شاید ان سب میں دلچسپ اور مشکل بھی تھا۔ یہی وجہ ہے کہ وہ اس اجلاس کا اہم ترین مناظرہ کہلایا جاسکتا ہے۔

وہ ایک روز پیشتر سے ہی اس بحث کی آنے والی سرگرمیوں کی دھوم تھی اور ہر شخص اس موقع پر موجود رہنے کا خواہشمند تھا۔ اس لئے کہ اس علمی مجادلہ میں دورِ جدید کے چار اہم مضامین: ارضیات، نباتیات، حیوانیات اور جغرافیہ زیرِ بحث آرہے تھے۔ پنجشنبہ کا روز اس بحث کے لئے مقرر ہوا تھا نیز یہ کانگریس کے میقات کی آخری تاریخ بھی تھی۔ اس لحاظ سے اس ہفتہ کی ساری دلچسپیاں اسی کے ساتھ ختم ہو رہی تھیں۔

دوپہر کے کھانے کے بعد وقت مقررہ سے کچھ قبل ہی لوگ جمع ہونے شروع ہوئے اور ایک بجتے بجتے ہال میں خاصا ہجوم ہوگیا اس اجتماع میں خاص بات یہ تھی کہ یہاں ہر قسم کا آدمی نظروں سے گذر رہا تھا۔ چوڑے میز کے مقابل صدر مباحثہ پروفیسر [illegible] متمکن تھے۔ اُن کے آگے ان اساتذہ کا سلسلہ تھا جو اس مباحثہ میں حصہ لے رہے تھے ان کے پہلو میں مختلف قومیت اور مقامات کے نمائندوں کا گروہ تھا اور سب سے آخر میں ایک خاموش ناظر کسی ڈرے ہوئے بچے کی طرح سہما بیٹھا تھا اور اگر آپ مجھے کسی عصبی بیماری کا مریض نہ سمجھنے لگیں تو عرض کروں گا کہ ان بلند مرتبہ عالموں کی موجودگی نے کمرہ کی فضا میں وہ کیفیت پیدا کر رکھی تھی جو کسی معبد کی چوکھٹ پر قلب محسوس کرتا ہے۔

اس مناظرہ کا مبحث (Wagener) کا وہ مشہور مفروضہ تھا جسے مفروضۂ "حرکت انقطاعِ ارض" کہتے ہیں اور جو ایک عرصہ سے سائنس دانوں میں وجہ اختلاف رہا ہے بات یہ ہے کہ (Wagener) نے ان مسلسل مشکلات کی توجیہہ میں جو ایک عرصہ سے کرۂ ارض کے مشابہ حیاتیہ اور نباتیہ کی ابتدا کے متعلق پیش آرہی تھیں اپنے مفروضہ "حرکت انقطاعِ ارض" کی بنیاد ڈالی اس کا یہ قیاس ہے کہ کرۂ ارض کے دو براعظم جو اب وسیع سمندروں کی وجہ سے علیحدہ ہیں۔ ابتداً قریب قریب اور آپس میں ملے ہوئے تھے اور یہ کہ رفتہ رفتہ ارضی تبدیلیوں نے انھیں دور کر دیا مثلاً آسٹریلیا، ہندوستان، جنوبی امریکہ ابتدائے عالم میں ایک ہی جنوبی براعظم بناتے تھے جو شمالی براعظموں سے ایک زبردست فاصل آب کے ذریعہ علیحدہ تھا لیکن پیچیدہ تبدیلیوں نے اس قطعہ ارض کو آپس میں متصل نہ رکھا چنانچہ اس کے ٹکڑے ہوگئے اور ان متحرک قطعات نے اپنے کروڑہا صدیوں کے سفر کے بعد جس کی سمت شائد جنوب اور شمال کی طرف تھی وہ صورت اختیار کر لی جسے آج ہم دیکھ رہے ہیں۔

مزید براں اس کا یہ عقیدہ ہے کہ یہ علیحدگی اور حرکت اب بھی جاری ہے اور اس کی وجہ سے ہمارے جغرافیہ میں عجیب تبدیلیاں ہو رہی ہیں۔

اپنے مفروضہ کے ثبوت میں (Wagener) نے جو دلائل مہیا کئے وہ واقعی معقول ہیں مثلاً یہ کہ

(۱) اس مفروضہ کے لحاظ سے کرۂ ارض کے مشابہ نباتیہ وحیاتیہ کی ابتدا کی شکل آسان ہوجاتی ہے۔

(۲) نیز یہ کہ اگر موجودہ براعظموں کو آپس میں ملا دیا جائے تو ان کے ساحلی خطوط اس طرح مل جائیں گے گویا وہ ایک ہی قطعۂ ارض کے حصے ہیں مثلاً اس کیفیت کو شکل ذیل سے ثابت کیا جا سکتا ہے۔

ان براعظموں کی حرکت جس میں ایک عرصہ طویل صرف ہوا جنوب سے شمالی سمت ہوئی۔ اور وہ علیحدہ ہوکر رفتہ رفتہ شمالی سمت میں خشکی سے مل گئے

اس میں شک نہیں کہ اس سے پیشتر بھی ابتدارِ انواع عالم کی توجیہہ میں ایک ایسا ہی نظریہ پیش کیا جاتا تھا جس کے لحاظ سے یہ فرض کر لیا گیا تھا کہ موجودہ براعظموں کے درمیان کئی خشکی راستے یا خاکنائے موجود تھے جن کے ذریعہ انواع کی ہجرت عمل میں آئی چنانچہ یہ گمان کیا جاتا تھا کہ ایسے ہی راستے کمسچٹکا اور الاسکا نیز ہندوستان کو جزائر ملایا اور اسٹریلیا سے ملاتے تھے۔

(Wagener) کا نیا مفروضہ اس نظریہ سے بالکل ایک علیحدہ حیثیت رکھتا ہے لیکن عہد حاضر میں سب سے زیادہ تنقیدوں کا شکار بھی رہا ہے چنانچہ آج کے اجلاس میں واقعات اور مشاہدات کی کسوٹی پر یہی نظریہ جانچا جانے والا تھا پروفیسر (West) نے مباحثہ کی ابتدا کی اس لئے کہ صدر نشین مجلس ہونے کے علاوہ وہ (Wagener) کے مفروضہ کے ایک پر زور مخالف بھی تھے۔ اُستاد مذکور میانہ قد انسان ہیں مضبوط جسم بستا ہوا چہرہ اور پست پیشانی ہے۔ چہرہ سے نوعمر معلوم ہوتے ہیں لیکن عینک ہمیشہ چڑھی رہتی ہے انداز بیان نیز آواز دھیمی ہوتی ہے اور مخاطبت میں اکثر زمین کی طرف نگاہیں ہوتی ہیں پہلی مرتبہ انھیں دیکھا تو خیال ہوا کہ ان نوعمر کاندھوں سے انقطاع عالم کا بوجھ سنبھالا نہ جائے گا۔

انتہائے سادگی سے جس میں مشرقی صاف گوئی کی جھلک تھی اُنھوں نے بیان کیا کہ یہ مفروضہ اول تو اس لئے قابل قبول نہیں ہے کہ (Wagener) کوئی ماہر ارضیات نہیں بلکہ ایک عالم موسمیات تھا اس لئے اُسے ارضیات کے مسائل پر کافی عبور نہ تھا دوسرے یہ کہ مفروضہ حرکت انقطاع ارض بالکل ناقابل قیاس ہے بنا براں کہ ان قطعات کی حرکت میں جو توانائی صرف ہوتی ہوگی وہ بہت ہی زیادہ ہے اس قدر کہ موجودہ سائنس اس کا اندازہ بھی نہیں لگا سکتی۔ برخلاف اس کے ان کا یہ خیال تھا کہ قدیم مفروضہ جو دو براعظموں کے درمیان ارضی تعلقات کی موجودگی ثابت کرتا ہے زیادہ قرین عقل ہے۔

اپنی مختصر تقریر کے بعد جب وہ بیٹھنے لگے تو انھوں نے دیگر اساتذہ نیز پروفیسر ساہنی اُستاذ جامعہ لکھنؤ سے استدعا کی کہ وہ اپنی عالمانہ شہادتوں سے اس بحث پر روشنی ڈالیں۔

پروفیسر وسٹ بیٹھ گئے تو ڈاکٹر بیربل ساہنی نے اسٹیج کا رُخ کیا۔ ایک دراز قامت ہندوستانی سر سے پیر تک قومی لباس میں نظر آیا آنکھیں بصیرت علم سے روشن۔ اونچی پیشانی بلند نظری کی دلیل سُتواں ناک۔ مُتناسب اعضا، یہ اُس مشہور سائنسداں کا حُلیہ ہے جس پر ملک بجا طور پر ناز کرتا ہے۔

ایک عالی مرتبہ سائنس داں کے قطع نظر ڈاکٹر بیربل ساہنی کی شخصیت میں بلا کی جاذبیت ہے آنکھیں پر تجسس ہیں لیکن انتہا سے زیادہ عمیق گویا اپنے اندر معنویت کے ناقابل پیمایش سمندر پوشیدہ رکھتی ہیں۔ لبوں پر ہمیشہ ایک ہلکی سی مسکراہٹ کھیلتی ہے جیسے

زندگی ان کے یہاں اتنی سنجیدہ نہیں جس قدر لوگ سمجھتے ہیں۔ یقین مانئے ڈاکٹر ساہنی کا دل ابھی بچوں کی طرح جوان ہے گو دماغ کو پیر سال ہوئے زمانہ گزر گیا۔

معلوم ہوا کہ وہ ایک اچھے مقرر بھی ہیں، اور حاضرین پر اپنا اثر جمانا خوب جانتے ہیں چنانچہ آتے آتے ہی انھوں نے تختہ سیاہ پر ایک بڑی علامت استفہامیہ بنادی پھر اسی جانب اشارہ کرتے ہوئے کہنے لگے کہ وہ اس علامت کی قریب ترین وضاحت پیش کریں گے۔

چونکہ اس اجلاس کا مقصد (Wagener) کے مفروضہ کے محض اسی حصے پر بحث کرنا تھا جو ہندوستان سے متعلق ہے اس لئے ان کی ساری بحث اسی ملک اور اس سے ملحقہ ممالک کی ارضی کیفیات پر منحصر رہی۔

کہنے لگے کہ عہد (Paleozoic) کے رکازی نباتیہ (Fossil flora) کے مطالعہ سے ہم دو نتائج اخذ کرسکتے ہیں۔

(۱) مشابہ نباتیہ والے ممالک ایک دوسرے کے مدمقابل سمندروں سے علیحدہ ہیں۔

(۲) غیر مشابہ نباتیہ والے ممالک بالکل ہم پہلو ہیں۔

اگر (Wagener) پر یقین کیا جائے تو ان مشابہ نباتیہ کے ممالک کا مقام عملاً ممکن ہو جاتا ہے نیز ایسی صورت میں کسی خاکنائے کے موجودگی کے تصور کی بھی چنداں ضرورت باقی نہیں رہتی مثلاً

مذکورہ بالا خاکے سے واضح ہوگا کہ (Gigantopteris) نباتیہ بحر الکاہل کے دونوں رخ اور (Archeocarboni ferons.)

بحرا وقیانوس کی دونوں جانب واقع ہیں نیز (Glossopteris) نباتیہ اُن کے درمیان۔

اس میں شک نہیں کہ اس سے قبل بھی جنوبی رکازی پودوں کا مذکورہ ممالک کے نباتیہ سے مقابلہ کرنے کی کوشش کی گئی تھی لیکن بدقسمتی سے یہ تدبیر اس لئے بار آور نہیں ہوئی کہ ان رکازی پودوں کی نسبت ہماری معلومات نہایت ناقص تھیں۔

ان کے علاوہ ایک اور دلیل بھی اس حجت کی تائید میں موجود ہے وہ یہ کہ چین اور سماترا اپنے رکازی (Gigantopteris) نباتیہ کے اعتبار کرتے ہندوستان آسٹریلیا وغیرہ کے (Glossopteris) نباتیہ سے بالکل مختلف ہیں۔

ظاہر ہے کہ یہ دونوں نباتیہ مختلف ماحول کے اثرات کے تحت رونما ہوئے ہوں گے یعنی (Glossopteris) نباتیہ ایسے ملک کی آب و ہوا میں پیدا ہوا تھا جو زمانہ برف سے ابھی ابھی باہر نمودار ہوا تھا برخلاف اس کے (Gigantopteris) نباتیہ کو گرم آب و ہوا کی پیداوار کہنا چاہئے جو اس عہد کے یورپی نباتیہ سے قربت رکھتا ہے کیا یہ ہوسکتا ہے کہ ایسے دو مختلف و متضاد ماحول کے پودے ایک ہی طول البلد پر موجود ہوں بڑھیں پھلیں پھولیں اور وسیع جنگل بطور باقیات چھوڑ جائیں۔

(Wegener) کے نظریہ کے لحاظ سے کہا جاسکتا ہے کہ یہ دونوں خشکی کے حصے ابتدا میں ملے ہوئے نہ تھے بلکہ ایک عظیم فاصل آب اُن کے درمیان حائل تھا۔ سینکڑوں صدیوں کی آہستہ لیکن مسلسل حرکت کے بعد جو مخالف سمت میں وقوع پذیر ہوئی تھی انہوں نے موجودہ صورت اختیار کرلی اور متصل ہوگئے چنانچہ ان کے تصادم کا یہ نتیجہ ہوا کہ ان کی درمیانی سطح ارض بہت بلند ہوگئی

اور غالباً یہیں ہمالیہ کی ابتدا ہے۔

اس دعوے کے ثبوت میں پروفیسر واڈیا کی تحقیقات کے نتائج پیش کئے جا سکتے ہیں جن کا حاصل یہ ہے کہ کشمیر و آسام کے شمال میں دو سطوح مرتفع کا حال حال میں پتہ چلا ہے شاید ان کا تعلق مذکورہ جنوبی حصے سے تھا۔ مزید براں ان خشکی کے ٹکڑوں کے اتصال کے دوران میں دباؤ کے زیر اثر شمالی طبقے آخر الذکر کے اطراف لپیٹ دیے گئے ملاحظہ ہو شکل ذیل۔

بنابراں (Kingdom ward) کا یہ خیال کہ سلسلہ کوہ ہمالیہ تبت سے چین کی جانب بڑھتا چلا گیا ہے۔ صحیح نہیں بلکہ یہ زنجیر دریائے برہم پتر کی بیرونی جانب ہوتی ہوئی جنوب کے رخ مائل ہو گئی ہے نیز اس بیان کی تصدیق میں نباتیہ موجود ہے۔

ان کے علاوہ پروفیسر ساہنی کے دوران تقریر میں اور بہت سے ایسے دلائل پیش کئے جو بہت ہی زیادہ پیچیدہ اور دقت طلب ہیں اس لئے میں ان کی تفصیلات چھوڑتا ہوں۔

ختم کرتے ہوئے انھوں نے (Gondwana Land) کے برفستانی سلسلہ کا تذکرہ کیا۔ پھر ان تمام امور کو دہرا کر کہنے لگے کہ یہ گتھیاں بغیر (Wegener) کے مفروضہ کی مدد کے کبھی نہ سلجھیں گی۔

"ڈاکٹر ساہنی کے بعد مباحثہ کچھ پھیکا پڑنے لگا تھا کہ ایک لحیم و شحیم شخص نے آگے کا رخ کیا یہ کلکتہ کے ماہر حیوانات ڈاکٹر سندر لال ہورا تھے جن میں اس کے سوائے کوئی خاص بات نہ تھی کہ چہرہ اور گردن پر برص کے سفید سفید دھبے نمایاں تھے پروفیسر ہورا زیادہ معمر نہیں ہیں چالیس پچاس کے درمیان ہی ہوں گے۔ لیکن سنا کہ اپنے مضمون میں مجتہدانہ حیثیت رکھتے ہیں خصوصاً ہندوستانی مچھلیوں پر ان کی تحقیقات بہت وقعت کی نظر سے دیکھی جاتی ہیں۔ آواز نہایت بھاری اور لہجہ وزنی ہے۔ اس مجمع میں اس طرح بولتے تھے گویا سب کچھ وہی اکیلے جانتے ہیں۔

مچھلیوں کی ہجرت کے بارے میں ایک طویل مقالہ پڑھنے کے بعد انھوں نے کہا کہ ہندوستان و افریقہ کی مچھلیوں کے بغور مطالعہ سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ ان انواع کی ہجرت مشرق سے مغربی رخ ہوئی ہاں بایں وجوہ کہ ان کا مبداء اصل ہند چینی کے اطراف و اکناف کا علاقہ ہے اور افریقہ دیسون کی انواع انھیں سے حاصل ہوئی ہیں۔

علاوہ ازیں انواع کی ایسی مشابہتوں کے طویل تذکرے کے بعد جو ماحول کے اثرات کے تحت اور موافق حالات زندگی میں پیدا ہوتی ہیں انھوں نے اشارتاً کنایتاً ثابت کرنے کی کوشش کی کہ ان بر اعظموں کے درمیان خشکی کا کوئی ایسا راستہ ضرور موجود تھا جن کے ذریعہ ان مچھلیوں کی منتقلی عمل میں آئی۔

یہ سلسلہ ابھی ختم ہو رہا تھا کہ پروفیسر اگھارکر اپنی مخصوص مسکراہٹ کے ساتھ آگے آئے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس مباحثہ میں حصہ لینے والے سب سے معمر آدمی یہی تھے۔ صاحب موصوف نہ صرف اپنے مضمون میں انفرادی شخصیت کے مالک ہیں بلکہ ان کی خدمات سائنس کانگریس کے سابق معتمد کی حیثیت سے بھی نہایت بلند رہی ہیں۔ مزید یہ کہ وہ سائنسدانوں میں بچے کی طرح ہر دلعزیز ہیں سنا کہ کوئی اجلاس اگھارکر کی موجودگی کے بغیر مکمل ہی نہیں ہوتا۔ شاید اسی لئے وہ اس مباحثہ میں بھی موجود تھے۔

اپنے خاص انداز میں ہندوستان کے مغربی ساحلی نباتیہ پر نظر ڈالتے ہوئے انھوں نے چند افریقی انواع کا تذکرہ کیا جنھیں (Paleo African) انواع کہا جاتا ہے۔ اگھارکر کی رائے میں ان کی ہجرت (Jurassic) یا (Creta ceous) عہد میں ہوئی اور اس کا راستہ شاید عرب کے ساحلی علاقوں پر سے گزرتا تھا۔ اس لئے کہ جنوبی ایران۔ بلوچستان، سندھ اس نباتی تقسیم میں شامل ہیں۔

پروفیسر اگھارکر کے خیالات زیادہ تر ذاتی تجربوں پر مبنی تھے اس لئے باوجود مسلسل کوششوں کے لوگ انھیں بے راہ نہ کر سکے انداز بیان اتنا شگفتہ تھا کہ خشک علمی مسائل میں انسانوں کی دلکشی پیدا ہو رہی تھی اور طبیعت اس پستہ قامت چھوٹے سے انسان کی دلچسپ گفتگو سے سیر نہ ہوتی تھی۔

اپنے پیشروں کے برخلاف اگھارکر اس مفروضہ کے عین موافق تھے کہ ہندوستان ابتدا میں ان جنوبی ممالک سے متصل تھا۔

قصہ یہیں ختم ہو رہا تھا کہ ایک صاحب کرسیوں کی قطاروں پر سے اچکتے چھلانگیں مارتے آگے بڑھے اور منبر کے قریب پہونچ کر تیز تیز جملوں میں کچھ بیان کرنا شروع کیا۔ اول تو کوئی ان کی بات نہ سمجھ سکا اس لئے کہ کانوں سے زیادہ حاضرین کی آنکھیں ان صاحب کی بوالعجب حرکات کے مشاہدے میں مصروف تھیں۔

معلوم ہوا کہ یہ آسام کے ماہر ارضیات ڈاکٹر ایوانس ہیں سُرخ سپید چھریرے آدمی تھے لیکن بولنے میں کچھ اس طرح منہ بناتے تھے کہ بیساختہ ہنسی آجاتی تھی۔ غالباً گفتگو کے دوران میں خیالات کا ایک ہجوم اُن کے دماغ میں اُمنڈ آتا جو لبوں تک آتے آتے قدم قدم پر رُکتا اور گھٹتا تھا پھر بھی آدمی بہت قابل تھے۔ شمال و مشرقی ہمالیہ کے طبقات کے بارے میں اُن کی معلومات نہایت وسیع سمجھی جاتی ہیں۔

شاید ان کی تقریر کا لب لباب یہ تھا کہ ساہنی نے آسام کے جس بڑھے ہوئے حصّہ کی جانب اشارہ کیا تھا اس کی موجودگی ان کے مشاہدوں سے ثابت ہوتی تھی لیکن تیل کے چشموں کی بناوٹ میں دقت اور فاصلہ کا لحاظ کرتے ہوئے گو وہ مفروضہ حرکت انقطاع ارض کے موافق تھے تاہم ان کی رائے میں (Wagener) سے زیادہ (Gutenberg) کے خیالات میں معقولیت تھی۔

اس حصّہ کے اختتام تک شام کے چھ بجے تھے گویا مسلسل پانچ گھنٹوں تک اس مباحثہ کا بازار گرم رہا لیکن دلچسپی کا یہ عالم تھا کہ گھنٹے منٹوں کی طرح ختم ہو گئے۔

ڈاکٹر ساہنی کے جواب الجواب کے بعد جس میں انھوں نے ہورا اور دیگر معترضین کے خیالات کی تردید کرنے کی کوشش کی پروفیسر وسٹ نے بحیثیت صدر مباحثہ جملہ امور پر آزاد تبصرہ کیا۔ ان کی روش صلح کارانہ تھی کہ اس کے سوائے فیصلہ کن مواد کی عدم موجودگی میں کوئی اور چارہ کار بھی نہ تھا۔ یہی وجہ ہوئی کہ کثرت رائے وگنر (Wagener) کے مفروضہ کے موافق ہوتے ہوئے بھی فیصلہ یا نظرثانی کی گنجایش عمداً چھوڑ دی گئی۔

یہ وہ نتیجہ تھا جو برابر پانچ چھ گھنٹوں کی دماغی کاوش کے بعد برآمد ہوا اور لطف یہ کہ اس مناظرہ میں کسی ماؤشما نے حصّہ نہیں لیا اور دلائل محض قیاسی و عقلی پیش نہیں ہوئے بلکہ ایسے ذاتی مشاہدات و تجارب کی مدد سے جن میں زندگیاں صرف ہوئی تھیں ابتدائے عالم کا مسئلہ واضح کرنے کی کوشش کی گئی تھی لیکن کیا کیجئے کہ رموز کائنات انسان کی بلند ترین پروازوں سے بھی اونچے ہیں اور رازہائے وجود اس کے دائرہ علم سے پرے۔

چنانچہ یہ سرِ ہستی وہ معمہ نہیں جو حل ہو جائے اور یہ عقدہ وہ گتھی نہیں جسے ناخن عقل انسانی سلجھائے۔

کہ کس نہ کشود و نکشاید بہ حکمت ایں معما را

مہندر راج سکسینہ بی ایس سی (عثمانیہ)

"عہد عثمانی میں ملک سرکار عالی کی دیہی تنظیم"

یہہ مضمون بزم معاشرت و عمرانیات کے ایک جلسہ میں پڑھا گیا

ملک کی معاشی تنظیم میں کسان کی فلاح وبہبودی سب سے زیادہ اہمیت رکھتی ہے۔ ہر متمدن ملک اس اہمیت کو تسلیم کرتا ہے درحقیقت کسان کی خوش حالی ملک کی خوش حالی اور کسان کی مفلسی ملک کی مفلسی ہے۔

موجودہ زمانے میں ہندوستان کی آبادی کا تقریباً ۷۵ فی صدی حصہ زراعت سے زندگی بسر کرتا ہے۔ یہاں کی آبادی کثرت سے زراعت میں لگی ہوئی ہے۔ آبادی کا لحاظ کرتے اُن کے حصہ میں زمین کافی نہیں ہے۔ کاشتکار کو جو زمین ملتی ہے وہ اتنے چھوٹے رقبوں میں منقسم ہوگئی ہے کہ اسکو تمام وقت مصروف رکھنے کے لئے کافی نہیں ہے۔ آلات و اوزار بہت ناقص اور دقیانوسی ہیں۔

بقول مورلینڈ اکبر کے زمانہ میں جو آلات و اوزار استعمال ہوتے تھے موجودہ زمانہ میں بھی وہی استعمال ہوتے ہیں ہندوستان میں مویشی کی حالت بھی بہت خراب اور قابل رحم ہے ان کے تحفظ نسل اور نگہداشت کے تدابیر کا فقدان ہے کاروبار کے لحاظ سے مویشیوں کی تعداد بہت زیادہ ہے ان کی ایک کثیر تعداد ایسی ہے جس سے ہم کوئی معاشی کام نہیں لے رہے ہیں۔

ہندوستان میں آبپاشی اور ذرائع نقل وحمل کی سہولتیں مفقود ہیں۔ کاشتکار اپنے افلاس کی وجہ سے مصنوعی کھاد استعمال نہیں کرسکتا قدرتی کھاد کا بھی استعمال نہیں ہوتا۔ جانوروں کا گوبر بطور ایندھن استعمال ہوتا ہے۔ ہندوستان میں مہاجنی لین دین کی خرابیاں کثرت سے

موجود ہیں۔ ناقابل برداشت قرضہ جہالت اور عام ناواقفیت اور باضابطہ منڈیوں کی عدم موجودگی کی وجہ سے کاشتکاران کو اپنی پیداوار کی واجبی قیمت نہیں مل رہی ہے۔

ہمارے کاشتکار قدرت پر بھروسہ کرتے ہیں۔ حوصلہ مندی، بلند ہمتی اور اپنی محنت پر بھروسہ کرنے کی قوت یہاں کے کاشتکاروں میں مفقود ہے۔ وہ تنگ نظر قدامت پرست اور قسمت پرست ہوتے ہیں۔ دیہاتی آبادی میں غربت وافلاس ہے۔ اُن کے بچے بیمار اور میلے کچیلے نظر آتے ہیں۔

دیہات کے رہنے والوں کو اس کا علم ہی نہیں کہ کوئی چیز غلط ہے یا اس میں کسی قسم کی اصلاح ممکن ہے جو کچھ ہو رہا ہے اس سے وہ قانع اور رسم ورواج میں جکڑے ہوئے ہیں۔

ہندوستان کی نوے فیصدی سے زیادہ آبادی ان پڑھ ہے۔ دیہاتی آبادی میں صرف تین فیصدی آبادی پڑھ لکھ سکتی ہے ایک ترکی شاعر کے خیالات ہمارے دیہات پر بہت بڑی حد تک صادق آتے ہیں۔

اگرچہ کہ یہ ایک شاعرانہ تخیل ہے۔

"لوگ مجھ سے پوچھتے ہیں کہ تم نے مشرق کی اتنے عرصہ تک سیاحت کی ہے آخر تم نے کیا دیکھا میں کیا بتاؤں کیا دیکھا میں نے اس سرے سے اس سرے تک ویران بستیاں، بے سری قومیں، ٹوٹے پھوٹے پل، بند نہریں، سنسان سڑکیں دیکھیں۔ میں نے جھریاں پڑے چہرے، جھکی ہوئی کمریں، خالی دماغ، بے حس دل، الٹی عقلیں دیکھیں۔

میں نے ظلم، غلامی، خستہ حالی، ریاکاری، قابل نفرت برائیاں، طرح طرح کی بیماریاں، جلے ہوئے جنگل، ٹھنڈے چولہے، بنجر کھیت، میلی صورتیں نکمے ہاتھ پاؤں دیکھے۔

میں نے بے جماعت کے امام دیکھے، بھائی کو بھائی کا دشمن دیکھا۔ دن دیکھے جن کا کوئی مقصد نہیں۔ راتیں دیکھیں جن کی کوئی صبح نہیں" [1]

غرض ہندوستان کی حالت اطمینان بخش نہیں ہے۔ بہت سی خامیاں موجود ہیں۔ اگر ہمیں موجودہ حالت میں اپنی معاشی ترقی منظور ہو تو ان برائیوں اور خامیوں کو دور کرنا لازم ہے۔ تاہم ناامید ہونے کی بھی کوئی وجہ نہیں۔ ہم بھی ترقی کے اعلیٰ مدارج پر پہونچ

---

[1] "ترکی میں مشرق و مغرب کی کشمکش" خالدہ ادیب خانم مطبوعہ جامعہ ملیہ۔

سکتے ہیں ۔

ڈنمارک بھی پچاس ساٹھ سال قبل ایک مفلس ترین ملک تھا۔ پیداوار بالکل قلیل تھی لیکن اہل ڈنمارک نے تعلیم کی اشاعت کرکے زراعت کی ترقی کے لئے از حد کوشش کی جس کا نتیجہ اب ہم دیکھتے ہیں کہ آج وہی ملک یورپ میں نامور ہو رہا ہے۔ اس کا مجموعی رقبہ ہماری ریاست کے صوبہ اورنگ آباد سے بھی کم ہے۔ مردم شماری ہماری ریاست کی چوتھائی ہے۔ مگر آمدنی ہماری ریاست سے کئی گنی بڑھی ہوئی ہے۔

ہندوستان کی طرح ڈنمارک میں بھی ایک صدی قبل فطری اور قدرتی موانعات موجود تھے۔ یعنی زراعتی غلامی، ملک کے دریا کے سطح کے تقریباً برابر ہونا زمین کا کمزور ہونا۔ ملک میں ریتلی، چٹیل میدانوں اور دلدلوں کی کثرت، سمندر کی برباد کن تند ہوائیں، ذرائع آبپاشی کا فقدان، موسم کی خرابی۔ ان مشکلات کا اہل ڈنمارک نے مقابلہ کیا اور کامیابی حاصل کی۔ ۵۰ یا ۶۰ سال کی مدت میں ڈنمارک کو یورپ کا بہترین زراعتی ملک بنا دیا۔ ڈنمارک میں جہاں آج سے ۵۰ یا ۶۰ سال قبل چٹیل میدان تھے وہاں آج لہلہاتے ہوئے کھیت اور بڑے بڑے درختوں کے گھنے جنگل نظر آتے ہیں اور ان میں جا بجا وہ صورتیں دکھائی دیتی ہیں جنہوں نے اپنی عمریں اس کام کے لئے وقف کردی تھیں اور بلا کسی اجر و صلہ کے محض قوم کی نجات کے لئے اس مشکل کام کا بیڑا اٹھایا تھا[1]۔

ملک کی معاشی تنظیم میں کسان کی فلاح و بہبودی سب سے زیادہ اہمیت رکھتی ہے۔ اسی وجہ سے ہندوستان میں سررشتہ جات آبپاشی، زراعت، علاج حیوانات اور امداد باہمی کا افتتاح عمل میں آیا تھا۔ ملک سرکار عالی میں آخر الذکر تینوں سررشتوں کی ابتدا عہد عثمانی کی درخشاں یادگار ہے۔ سررشتہ آبپاشی کی تنظیم بھی اسی مبارک عہد میں پوری ہوئی جس کی نمایاں کارگذاری عثمان ساگر، حمایت ساگر، اور نظام ساگر وغیرہ کی صورت میں ملک کے لئے رحمت ثابت ہو چکی ہے۔

مفاد عامہ کے لئے جو سررشتے سرکار کی جانب سے قائم کئے جاتے ہیں اُن کا نمایاں اثر اسی وقت مرتب ہو سکتا ہے کہ افراد رعایا میں اُن سے مستفید ہونے کی صلاحیت موجود ہو۔ خشکی زمینات کو تری میں تبدیل کرنا، زراعت کے سائنٹیفک طریقوں پر عمل پیرا ہونا، بہترین مویشی کی پرداخت، و اتحاد عمل کی بدولت معاشی اصلاح کرنا یہ ایسے امور ہیں کہ جاہل قدامت پرست اور لکیر کے فقیر دیہاتی نہ اس کی اہمیت کو سمجھ سکتے ہیں اور نہ انہیں اُن پر عمل پیرا ہونے کی صلاحیت پائی جاتی ہے۔ کسان کی تعلیم

---

[1] از "ڈنمارک کے زراعتی حالات"۔ مصنفہ سید محمد حسینی صاحب جعفری

و تربیت پھر اس کی معاشی حالت بیماریوں کا انسداد اور اس کے رہائشی طریقوں میں جب تک اصلاح نہ ہو اس وقت تک طبیعت میں امنگ پیدا نہ ہوگی اور مفاد عامہ کے لئے جو سر رشتے قائم کئے جائیں گے اُن سے کوئی نمایاں فائدہ نہ ہوگا۔

اسی حالت کو مد نظر رکھکر سنہ ۱۹۲۰ء میں برین F. L. Brayne نے صوبہ پنجاب کے ضلع گڑگاؤں میں اصلاح دیہات کی تحریک کا آغاز کیا تھا۔ یہ تحریک صرف ایک ضلع تک محدود تھی۔ حکومت کی نمایاں امداد کے بغیر کلکٹر ضلع نے جو کارگذاری اپنی ذاتی کوشش سے ملک کے سامنے پیش کی وہ بڑی حد تک کامیاب ہوئی لیکن برین کی ان تھک اور مسلسل کوششوں کا خاطر خواہ نتیجہ نہ نکلا۔ دیہی تنظیم کا کام کسی ایک کی انفرادی کوشش سے عمل میں نہیں لایا جاسکتا۔ اس کام میں دکھاوا اور نمائش نہیں ہونی چاہئے۔ اس کے بعد پنجاب کے دیگر اضلاع اور صوبہ متحدہ میں بھی دیہی تنظیم کا کام آغاز ہونے لگا۔ متعدد تجاویز بھی ملک کے سامنے پیش کی گئیں۔

جنوبی ہند میں بھی یہ تحریک بار آور ہونے لگی۔ سنہ ۱۹۲۷ء میں نیشنل کونسل آف وائی۔ یم۔ سی۔ اے نے متعدد مراکز اصلاح دیہات کے لئے صوبہ مدراس میں قائم کئے۔

سر رابندر ناتھ ٹیگور نے شانتی نکیتن میں اس کام کا آغاز کر دیا ہے۔

صوبہ بمبئی میں سنہ ۱۹۳۲ء میں سر فریڈرک سائیکس کے عہد گورنری میں اصلاح دیہی کا کام آغاز کیا گیا۔ کمشنروں اور کلکٹروں کی کانفرنس گورنر موصوف کی زیر صدارت پونہ میں منعقد ہوئی۔ نتیجہ کے طور پر ہر ضلع میں اصلاح دیہات کی تحریک کو جاری کرنے کے لئے انتظامی کمیٹیوں کا انعقاد عمل میں آیا اور سرکاری امداد بھی مقرر ہوئی۔ اب تقریباً صوبہ بمبئی کے ہر ضلع میں زور شور سے اس تحریک کو عملی جامعہ پہنایا جارہا ہے۔ یہ تسلیم کرلیا گیا ہے کہ دیہاتیوں کی اصلاح کے بغیر ملک کی معاشی تنظیم ممکن نہیں ہے۔

حکومت ہند نے بھی اس کی اہمیت کو تسلیم کر کے سال حال ایک کروڑ روپیہ کی رقم صوبجات میں اصلاح دیہات کی تحریک جاری کرنے کے لئے مرکزی موازنہ سے عطا کی ہے اس کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

بمبئی ۷ لاکھ، مدراس ۱۴ لاکھ، بنگال ۱۶ لاکھ، صوبہ متحدہ ۱۵ لاکھ، پنجاب ۸ لاکھ، ۵۰ ہزار، صوبہ متوسط ۵ لاکھ، برما ۵ لاکھ بہار اڑیسہ ۱۲ لاکھ، ۵۰ ہزار، شمالی مغربی سرحدی صوبہ ۳ لاکھ، آسام ۵ لاکھ، دہلی، اجمیر، کورگ، مارواڑ ہر ایک کو پچاس پچاس ہزار۔

حفظان صحت، انسداد ملیریا، دیہات کی آبرسانی، انتشار اراضی کی اصلاح اور دیہی سڑکوں کی درستگی پر یہ رقم صرف ہوگی۔ اس کے علاوہ ۱۵ لاکھ تحریک امداد باہمی کی ترقی کے لئے محفوظ کئے گئے ہیں۔

علاوہ ازیں مقامی عہدہ داروں کی اختیار تمیزی پر ایک رقم محفوظ کی گئی ہے جو ذیلی مقامی اصلاحات میں صرف ہوگی۔ حکومت ہند

نے یہ امر بھی واضح کر دیا ہے کہ یہ عام اسکیم کا خاکہ ہے۔ صوبہ واری حکومتیں اس نظریہ کے تحت اپنے مقامی ضروریات کا لحاظ رکھ کر عمل کر سکتی ہیں اس سے مقصد یہ ہے کہ دیہاتی زندگی میں ایک نمایاں تبدیلی اور زندگی کے آثار پیدا ہوں۔ (تفصیل کے لئے ملاحظہ ہو ٹائمز آف انڈیا مورخہ ۷ دسمبر ۱۹۳۵ء)

گاندھی جی اور کانگریس نے بھی اصلاح دیہات کی تحریک کو اپنے لائحہ عمل میں اب اولین جگہ دے دی ہے۔ ہندوستان کی اس سیاسی جماعت نے بجا طور پر یہ یقین کر لیا ہے کہ کسان کے ٹوٹے پھوٹے جھونپڑیوں، ویران اور پسماندہ دیہات کی اصلاح ہندوستان کی معاشی اور سیاسی تنظیم کا پہلا زینہ ہے۔

گذشتہ اپریل کی ۲۴ تاریخ کو بمقام اندور تنظیم دیہی کے سلسلے میں مسٹر گاندھی نے ایک معرکۃ الآرا تقریر کرتے ہوئے بیان کیا کہ ہندوستان کی معاشی ترقی صرف دیہاتی صنعتوں کے زندہ کرنے سے حاصل ہو سکتی ہے۔ آپ نے فرمایا کہ جسمانی صحت کی خرابی کی وجہ سے ہندوستان کے عمر کا اوسط دیگر ممالک سے گھٹا ہوا ہے ہم اس خرابی کی ساری ذمہ داری برٹش گورنمنٹ یا حکومت اندور اور طبقۂ زمینداروں پر عائد کرتے ہیں ان کی ذمہ داری خواہ کچھ بھی ہے یہ تسلیم کرنا پڑیگا کہ رعایا کی موجودہ حالت خود رعایا کی پیدا کردہ ہے۔ اس خرابی کی زیادہ تر ذمہ داری خود ان ہی کے سر ہے۔ سلسلۂ تقریر کو جاری رکھتے ہوئے مسٹر گاندھی نے بیان کیا کہ ہمیں اسباب آسائش سے لطف اٹھانے کا حق حاصل نہیں ہے تاوقتیکہ دیہاتیوں کو سادی آرام میسر نہ ہو مسٹر گاندھی نے یہ بھی بیان کیا کہ ہندوستان میں آبادی کی ابھی ایسی کثرت نہیں ہے۔ سیدھے راستے پر مسلسل جدوجہد سے ہم اپنی دولت کو اس قدر بڑھا سکتے ہیں کہ رعایا اس سے آسودہ اور خوش حال ہو جائے گی۔ انہوں نے حاضرین سے استدعا کی کہ حفظان صحت کے معمولی اصولوں کا مطالعہ کر کے ان پر کاربند ہونے کی کوشش کریں۔ سخت محنت اور پھر کاہلی کے دور کرنے سے ہندوستان خوشحال ہو سکتا ہے۔"

غرض ہندوستان کے ۱۲ کروڑ کسانوں اور اُن کی اصلاح کے سلسلے میں ہندوستان کے پانچ لاکھ مواضعات کی اصلاح و ترقی وہ اصل راز ہے جو ہندوستان کی معاشی حالت کے سدھارنے میں مدد و معاون ہوگا۔

یہ کہنا بالکل درست ہوگا کہ اصلاح دیہات کے سلسلہ میں قطع نظر اس تحریک کے جو اصلاح برٹش انڈیا کے بعض اضلاع میں افسران ضلع کی انفرادی کوشش سے عمل میں آئی یا وائی۔ ایم۔ سی۔ اے جیسی غیر سرکاری انجمنوں نے اس کا آغاز کیا۔ ہندوستان میں اگر اس کی اہمیت کو تسلیم کیا جا کر سرکاری طور پر اس کا آغاز کیا گیا تو ممالک محروسہ سرکار عالی اس صف میں نمایاں ہے۔ ۱۳۴۱ف میں امپیریل ٹرسٹ فنڈ کی امداد سے پنچرو میں مرکز ترقیات دیہی کا افتتاح عمل میں آیا اس طرح اعلیٰ حضرت بندگان عالی کے عہد مبارک میں

جو اصلاح دیہات کی اسکیم مرتب ہوئی اس کو ہندوستان میں ایک طرح کی اولیت حاصل ہے۔

دو تین دفعہ میں نے بھی اس مرکز دیہی کا معائنہ کیا ہے۔ اس مرکز کا مقصد یہ ہے کہ دیہاتی زندگی میں مناسب اصلاحیں کی جاسکیں۔ جس میں گھریلو صنعتوں کی اصلاح بھی شامل ہے۔

"خالص نسل کی مرغیوں کے انڈے کثیر مقدار میں بٹائی کے اصول پر تقسیم کئے گئے ہیں اور خالص نسل کی مرغیوں کی تقسیم عمل میں آئی ہے تاکہ اس اختلاط سے دیہاتی مرغیوں کی اصلاح ہو۔ عمدہ میوہ جات کے تخم اور درخت مہیا کئے گئے ہیں تاکہ دیہاتوں میں ان کی کاشت کی جائے۔ نوجوان اشخاص کے لئے چار مدارس شبینہ، ایک گشتی کتب خانہ اور ایک دارالمطالعہ کا افتتاح کیا گیا ہے۔ نمائش اطفال منعقد کی گئی اور پلیگ، ہیضہ، چیچک کے متعلق تبلیغی کام کیا گیا۔ مکانات مسکونہ کے اصلاحات کے متعلق سہل [illegible] کو رواج دیا جا رہا ہے۔ دیہات کے تمام مناظر کو صاف رکھنے اور پینے کے پانی کی باولیوں کی حفاظت کے متعلق مختلف طریقے اختیار کئے گئے ہیں۔ عمدہ تخم، کھاد اور زرعی آلات کے متعلق عملی مظاہرات کئے جاتے ہیں۔ غیر موزوں بیلوں کو آختہ کیا گیا [illegible] کو عمدہ حالت میں رکھنے کی تعلیم و نیز متعدی بیماریوں کو روکنے کے لئے انسدادی تدابیر بتلائی گئیں۔ امداد باہمی کے اصول پر ایک شہر کے قیام کا قیام عمل میں آیا۔ فضول خرچی کے انسداد کے لئے ایک انجمن کفایت شعاری قائم کی گئی۔ سات دیہات میں مجالس آرائش دیہی قائم کی گئیں تاکہ مرکز کے تحت دیہی ترقی کے کام کو انجام دیں۔ سرکار نے اس مرکز کے مشورہ کے لئے ایک کمیٹی قائم کی ہے جس میں سررشتہ زراعت، صنعت و حرفت، علاج حیوانات، امداد باہمی، طبابت اور تعلیمات کے نظمار شریک ہیں۔"[1]

اس سال حسب ذیل مزید کاموں کا اضافہ ہوا ہے "اکثر غلیظ اور منہدم شدہ باولیات کی درستی کی گئی جن سے وہ صاف ستھری نظر آرہی ہیں۔ باولیات کی درستی کا کام جاری ہے۔ اور اس کا یہ مقصد ہے کہ موضع کے تمام باؤلیات کو درست کردیا جائے دوسری نئی اصلاح یہ ہے کہ کھاد کے متعدد باقاعدہ گڑھے تیار کئے گئے ہیں اور تمام کوڑہ کرکٹ جو سابق میں ادھر اُدھر بکھرا ہوا پڑا رہتا تھا ان گڑھوں میں بھرا جا رہا ہے۔ قابل تعریف یہ امر ہے کہ اہل دیہہ خود اپنی ذاتی محنت و نیز اس چندہ سے جو دربدر پھر کر وہ خود فراہم کرتے ہیں اس کام کو انجام دے رہے ہیں۔ ایک اور دلچسپ اصلاح میوہ، ترکاری اور پھولوں کی کاشت ہے جس کو حال ہی میں مدرسہ تحتانیہ کے لڑکوں نے اپنے سکونتی مکانات میں شروع کیا ہے۔"[1]

"از تنقید رپورٹ ناظم صاحب زراعت بابتہ ۱۳۴۲ف" [1] از رسالہ حیدرآباد فارم بابتہ آذر ۱۳۴۵ف۔

نتیجہ کے علاوہ تنظیم دیہی کا کام ممالک محروسہ سرکار عالی کے مختلف اضلاع میں شروع ہو چکا ہے۔ اب ہم سطور ذیل میں اُن کا مختصر ذکر کریں گے۔

ضلع اورنگ آباد میں دیہی تنظیم کا کام موضع چکل تھانہ میں ہو رہا ہے جس کو میں نے متعدد بار دیکھا۔ سال گذشتہ سررشتہ علاج حیوانات کی جانب سے جو مظاہرہ ہوا تھا اس کا بھی معائنہ کر چکا ہوں۔ مجھ کو اس موضع میں خاص قسم کی چل پہل اور صفائی نظر آئی۔

چکل تھانہ میں گذشتہ دو سال سے تنظیم دیہی کا کام مولوی غلام احمد خان صاحب اول تعلقدار کی کوشش سے آغاز کیا گیا ہے موضع چکل تھانہ جو ریلوے اسٹیشن ہے اورنگ آباد سے ۷ میل جالنہ روڈ پر واقع ہے۔

یہاں اس غرض سے دو سال قبل عہدہ داران سررشتہ جات کی ایک کمیٹی منعقد ہوئی تھی جس میں یہ طے پایا تھا کہ پبلک مفاد کے سررشتہ جات اپنی اپنی امداد سے چکل تھانہ کو ایک نمونہ کا موضع بنانے کی کوشش کریں۔ ایک مقامی کمیٹی بھی قائم کی گئی ہے جو صفائی وغیرہ کی نگرانی کرتی ہے۔ اس کے علاوہ یہی کمیٹی امداد باہمی کی انجمنوں کا کام چلاتی ہے۔ سیول سرجن صاحب موضع کی آبادی کا طبی معائنہ کرتے ہیں جو مریض بیمار ہو جاتے ہیں اُن کو رجوع دواخانہ کیا جاتا ہے یا ضروری ادویات فراہم کر دئے جاتے ہیں۔ دیہات کے بچوں کو چیچک کے ٹیکے لگوائے گئے ہیں۔ سررشتہ علاج حیوانات ہر سال جانوروں کی نمائش کا انتظام کرتی ہے۔ دیہات کے مویشیوں کو مانع Rinder Pest کے ٹیکے لگوائے گئے ہیں۔

سررشتہ زراعت خواہش مند کاشتکاروں کو عمدہ تخم فراہم کرنے کا انتظام کرتا ہے۔ کھاد کی تیاری کے لئے گڑھے بنائے گئے ہیں۔ جدید اصول پر کافی مقدار میں کھاد تیار ہو رہا ہے۔ جدید آلات کا اسٹاک بھی رکھا گیا ہے۔ رعایا بلا معاوضہ ان سے مستفید ہوتی ہے۔ جدید اصول پر آبنوش کی باؤلی تیار کی گئی ہے۔ ایک کمیٹی حال اور کتب خانہ بھی تیار ہو چکا ہے۔ مدرسہ شبینہ اور بازی گاہ قائم کی گئی ہے۔ گھریلو صنعتوں مثلاً کمبل بافی اور جاروب کی صنعتوں کو ترقی دی جا رہی ہے اور اس کی تنظیم کی کوشش ہو رہی ہے۔

ڈویژن جالنہ میں موضع گرلا پانگری میں دیہی تنظیم کا کام ہو رہا ہے۔ یہ موضع بیڑ کی سڑک پر جالنہ سے ۲ میل پر واقع ہے یہاں ایک کمیٹی ہال اور ایک مدرسہ تعمیر ہوا ہے۔ بازی گاہ بنائے گئے ہیں۔ سڑک سے موضع کو ملحق کر دیا گیا ہے۔ انتظام کے لئے یہاں بھی ایک سب کمیٹی ہے۔ ضلع ناندیڑ میں موضع اردہاپور میں دیہی تنظیم کا کام ہو رہا ہے یہ ہنگولی ناندیڑ روڈ پر واقع ہے۔

ضلع پربھنی میں ہر تعلقہ سے ایک ایک موضع کو منتخب کر کے اسی سال کام آغاز کیا گیا ہے۔ چنانچہ تعلقہ پربھنی میں ٹاکلی کمگرن

اور تعلقہ جتور میں قصبہ جیبری اور تعلقہ پاتھری میں موضع کولہ کا انتخاب کیا گیا ہے۔ قصبہ جیبری دودھنا ندی کے کنارے آباد کیا گیا ہے موضع کولہ اسٹیشن مانوت روڈ سے آدھے میل پر واقع ہے۔ دونوں مقامات کا کام تحصیلدار صاحبوں کی نگرانی میں ہو رہا ہے۔

تا کلی کمکرن کا کام دوم تعلقدار صاحب پربھنی کے زیر نگرانی انجام پا رہا ہے۔ جس کا میں نے سرمائی تعطیلات میں معاینہ کیا ہے جس قدر تفصیل سے ان موضع کے کام کی صراحت کی جاتی ہے۔

تا کلی کمکرن سڑک تعمیرات سے ایک فرلانگ جانب شرق واقع ہے۔ اس نئے تعمیرات کی سڑک سے گاؤں تک او کلفنڈ کی سڑک بنائی گئی ہے۔ اس موضع میں اب ایک خوبصورت مسافر خانہ بنا دیا گیا ہے۔ اس موضع میں ایک شفا خانہ قائم کرنے کی تجویز ہے سررشتہ طبابت کے قواعد کے لحاظ سے ایک سال خرچہ شفا خانہ سے لے کر شفا خانہ امتحانی قائم کرنے کی تجویز ہوئی ہے۔

رعایا کے آرام و سہولت کے لئے اور مستقر پربھنی کی رسد کے لئے یہاں ہیزم سوختنی کا ڈپو قائم کیا گیا ہے۔ یہاں سیندھی کے درخت کثرت سے ہیں۔ اس لئے جاروب، بوریا، اور ٹوکرے بنانے کا انتظام ہوا ہے۔

سررشتہ آبپاشی کی جانب سے یہ انتظام کیا جا رہا ہے کہ آبادی سے باہر ایک کنٹہ اس گاؤں کے نالے کے پانی کو روکا جائے تاکہ اس پانی سے باغات کی کاشت ہو بہترین قسم کی پیداوار کے لئے ہر وقت پانی مل سکے۔ اسکے علاوہ جانوروں کو آب نوشی کے لئے بھی سہولت ہو۔

صفائی اور حفظان صحت اور جانوروں کے ٹیکوں کا خاص طور پر انتظام ہوا ہے۔ امداد باہمی کی ایک انجمن بھی قائم کی گئی ہے۔ سررشتہ تعلیمات سے اس انتظام کی درخواست کی گئی ہے کہ یہاں بڑے پیمانہ پر تعلیم کا انتظام کریں۔ بطور خاص مدرسہ نسواں اور پنچ اقوام کے لڑکوں کی تعلیم کا بھی انتظام کریں۔ یہ تعلیم نہ صرف موجودہ نصاب پر دی جائے بلکہ خاص طور پر صنعت و حرفت زراعت، تجارت اور موسیقی کی تعلیم کا بھی انتظام ہو اور بازی گاہیں بھی بنائی جائیں۔

اب یہاں ایک مطالعہ گھر اور کتب خانہ بنانے کی تجویز ہے۔

سررشتہ زراعت کی جانب سے پیداوار کی نگرانی ہوتی ہے۔ اس امر کا انتظام ہے کہ فصلیں کیڑوں کے دست برد سے محفوظ رہیں۔ پیداوار کم مصارف میں اچھی سے اچھی پیدا ہو۔ بہترین پیداوار کو فروغ دیا جائے۔

ہفتہ وار بازار کا انتظام کیا گیا ہے۔ اس بازار میں غلہ و پارچہ کے علاوہ مویشی بھی فروخت کے لئے آتے ہیں۔ یہاں ایک مقامی کمیٹی قائم ہے۔ ان انتظامات کی نگرانی کے علاوہ ایک انتظام یہ بھی ہے کہ لوگ جہاں تک ہو سکے مل جل کر رہیں۔ مقدمہ بازی

نہ ہو۔ اور کوئی مقدمہ ہو تو وہ دفاتر سرکاری میں جانے کے بجائے پنچایت میں آپس کے سمجھوتہ سے طے ہو جائے۔

اب ہم ضلع محبوب نگر کی تنظیم دیہی کا ذکر کریں گے۔ موضع بالاپلی میں جو مستقر ضلع محبوب نگر سے تین میل کے فاصلہ پر ہے۔ یہاں کھاد کے گڑھے تیار کئے گئے ہیں۔ ترکاریوں کا باغ اور مرغیوں کے ترقی دادہ ڈربے تیار کرنے کی ابتدا ہو چکی ہے۔ اطفال کے لئے ایک مدرسہ اور عمر رسیدہ اشخاص کے لئے ایک مدرسہ شبینہ قائم کیا گیا ہے۔

دیہاتی اصلاحات کے بعض گیت دیہاتیوں کو یاد دلائے گئے ہیں جنہیں وہ اپنے ناچ کے ساتھ مل کر گایا کرتے ہیں اصلاحات کے سلسلہ میں جو سب سے بڑی کامیابی حاصل ہوئی وہ یہ ہے کہ تمام دیہاتیوں نے نشہ بازی ترک کر دی ہے چنانچہ سیندھی وغیرہ کی دکانیں سب بند کر دی گئی ہیں کیوں کہ اب اُن کو کوئی خریدنے والا نہیں رہا۔ یہ ایک خوش آیند آغاز ہے جس سے امید کی جاتی ہے کہ دیہاتی زندگی میں بڑے پیمانہ پر اصلاح ہو سکے گی۔[1]

ان مقامات کے علاوہ ممالک محروسہ سرکار عالی کے دیگر اضلاع یعنی نظام آباد، کریم نگر، آصف آباد، رائچور اور گلبرگہ میں بھی دیہی تنظیم کا کام ہو رہا ہے۔

راقم الحروف موسم گرما کی چھٹیوں میں ان مقامات کا دورہ کر کے بزم معاشیات کلیہ جامعہ عثمانیہ کے لئے ایک مضمون پیش کر رہا ہے۔

سرکار اور تعلیمیافتہ اور دولتمند اشخاص کی ہمدردی کے لئے ہمارے دیہات خاص طور پر مستحق ہوتے چلے ہیں دور عثمانی میں ہماری معاشی ساکھ بہت نمایاں ہوگئی ہے ہمارا میزانیہ دیگر ممالک کے لئے قابل رشک ہو رہا ہے۔ مفاد عامہ اور تنظیم دیہی کے لئے ہم کافی روپیہ خرچ کر سکتے ہیں۔

اعلیٰ حضرت بندگان عالی کے جشن سیمین کے موقع پر دائمی یادگار قائم رکھنے کے لئے جو انتظامات کئے جا رہے ہیں اُن سے ظاہر ہوتا ہے کہ مجلس عہدہ داران نے مرکزی مجلس سلور جوبلی کے پاس جو سفارشات روانہ کی ہیں ان میں ایک موڈل طرز کا موضع اور کارہائے تنظیم دیہی کے لئے ایک لاکھ روپیہ منظور کئے ہیں۔

اس کے علاوہ دکن نیوز کی اطلاع کے بموجب محکمہ لاسلکی سرکار عالی سے عنقریب بڑے پیمانہ پر دیہی تنظیم کا کام شر

---

[1] اقتباس انسپکشن نوٹ ناظم صاحب زراعت سرکار عالی۔

کردیا جائے گا۔ اس کے لئے ایک موٹر لاری تیار ہوکر آگئی ہے جس میں آلۂ ترسیل کے علاوہ آلہ جات موصولی و دیگر مکبر الصوت نصب ہیں۔ یہ اپنی نوعیت کی ہندوستان بھر میں پہلی موٹر لاری ہے۔ لاسلکی کے ذریعہ دیہی ترقی کا کام جو ایک عرصہ سے ہندوستان کی دوسری نشر گاہوں کے زیر غور تھا اسے نشر گاہِ حیدرآباد سے شروع کیا جارہا ہے اس کام کی ابتداء مواضعات سرحدی سے ہوگی۔ جہاں کے باشندوں کو کسی ایک وقت کھلے میدان پر جمع کیا جاکر حفظان صحت، زراعت کے طریقے اور امداد باہمی کے فوائد وغیرہ بتلائے جائیں گے۔

پھر ہمارے شاہ ذیجاہ کی رعایا پروری نے قومی تنظیم اور ملک کی معاشی اصلاح کے لئے خاص میدان پیش کردیا ہے یہی موقع ہے کہ مزارعین اور دیہات کی ترقی و تنظیم کے لئے تیزی و مضبوطی سے قدم بڑھایا جائے۔

شرف الدین احمد متعلم سال چہارم

انجمن اتحاد کی کابینہ جدید کا انتخاب

گرما کی چھٹیاں ختم ہو رہی تھیں شرکت کی بے شمار درخواستیں کالج میں وصول ہوئی تھیں لہٰذا کالج اور ہاسٹل متانہ وار آ رہے تھے بڑی ردوکد اور صلاح و مشورہ کے بعد سیکڑوں نئے طلبہ کا داخلہ کالج میں ہوا تھا کالج کی شرکت کے ساتھ ساتھ بورڈنگ میں بھی دھڑا دھڑ داخلے شروع ہوئے اور دیکھتے دیکھتے تینوں اقامت خانوں کی نشستیں پر ہو گئیں قدیم طلبا موٹروں اور تانگوں میں آنے والے نو واردوں کا پرجوش خیر مقدم کر رہے تھے ، اور انھیں کالج اور ہاسٹل کی روایات سے آگاہ کیا جا رہا تھا۔ بیچارے ہاسٹل کی فضا میں غیر معمولی اجنبیت محسوس کر رہے تھے اور کمروں کی در و دیوار سے بھی بیگانگی ٹپک رہی تھی ادھر سینیرز کا یہ حال تھا کہ ایک زمانہ کے بچھڑے ہوئے دوست نہایت گرمجوشی اور اشتیاق کے ساتھ آپس میں بغلگیر ہو رہے تھے اور زمانہ کی مصروفیات کے تذکرے چھیڑے جا رہے تھے اور ہر ایک اپنی اپنی مشغولیتوں کا تھوڑا بہت حال دلچسپ پیرایہ میں بیان کرنے کی کوشش کر رہا تھا اس کے بعد کامیاب طلبا سے مٹھائی وصول کی گئی اور حسب دستور نذرانہ وصول کرنے کا مرحلہ پیش آیا جو کالج کی اصطلاح میں Tradition کے نام سے موسوم کیا جاتا ہے تو سب نے اپنے اپنے مذاق اور شوق کے مطابق دلچسپ مظاہرے کئے اور بورڈنگ کی فضا میں غیر معمولی تازگی و شگفتگی پیدا کر دی۔

کالج میں جوں توں کر کے وقت کاٹا بنئے طلبا کو طرح طرح سے دق کیا۔ آغاز سال کی مختلف طریقوں سے خوشیاں منائیں

اور انجمن اتحاد کے انتخابات کا زمانہ آیا تو الگ اُدھم مچائی۔ تقریروں، تحریروں اور بحث مباحثوں کا بازار گرم کیا اور اپنی اپنی وزارت کی تشکیل میں مصروف ہو گئے ایک مہینہ پیشتر ہی سے انتخابات کی تیاری شروع کر دی گئی اور مختلف ذرائع اور اسباب سے ووٹ فراہم کرنے کے لئے طرح طرح کے جوڑ توڑ چلنے لگے۔ جوں جوں انتخابات کا زمانہ قریب آ گیا رائیں جمع کرنے اور اپنی وزارت کو برسر اقتدار لانے کی جد و جہد میں شدت پیدا ہوتی گئی گوناگوں تدبیروں سے غیبہ آرا کو اپنا ہم خیال اور موافق بنانے کی کوشش کی گئی اس مقصد کے حصول میں متعدد مرتبہ عصرانے ترتیب دیئے گئے دعوتی رقعے تقسیم کئے گئے اور زیادہ سے زیادہ طلبا کو جلسہ میں مدعو کرنے کی سعی کی گئی باضابطہ طور سے جلسہ کی روئداد شروع ہوتی۔ مزاحیہ نظموں اور مکالموں سے حاضرین کو محظوظ کیا گیا اور چائے و بسکٹ سے رائے دہندوں کی تواضع کی گئی، اعمٰی اخلاق اشتراک عمل اور اتحاد رائے کا کامل نمونہ طلبا کے سامنے پیش کیا گیا اور مختلف طریقوں سے ان کی عزت اور آؤ بھگت کی گئی اخلاق کے پتلے بن گئے۔ اور خاطر و مدارات اور ملنساری کے جادو سے سب کو رام کرنے کی کوشش کی گئی تاکہ تمام ان کے پسندیدہ اخلاق اور خاطر مدارات سے مرعوب ہو کر ان کی وزارت کے لئے رائے دیں اور ان ہی کی موافقت میں کام کرنے لگیں۔ غرض جلسہ کو کامیاب اور منظم بنانے میں کوئی کسر اٹھا نہیں رکھی ظاہری اخلاق مروت، دوستی اور ظاہری انتظامات کے تحت جتنے بھی اثرات ڈالے جاسکتے تھے ڈالے گئے اس کے بعد دھواں دھار تقریریں شروع ہوئیں اور اپنی اپنی وزارت کے منصوبوں اور لائحہ عمل کو واضح طور پر عالمانہ اور دوستانہ طریقہ سے ان کو ان کے سامنے پیش کیا گیا حسن انتظام سے تسخیر قلوب کیا گیا، ذات پات، مذہب و ملت اور قومیت سب کا امتیاز اٹھا دیا گیا اور اس بات کا کامل اطمینان اور یقین دلایا گیا کہ ان کی وزارت برسر اقتدار ہو جانے کے بعد اپنے مفوضہ امور کو بخوبی انجام دی گئی اور مادر جامعہ کے فرزندوں کی حقیقی معنوں میں نمائندگی کرے گی۔ ان کارروائیوں کے بعد چھوٹے بڑے سب ان کا دم بھرنے لگے اور جلسہ کے برخاست ہونے تک اسی وزارت کی مدح سرائی کی جاتی رہی۔ یہ تمام انتظامات، مظاہرے اور جلسے ہر دو وزارتوں کی طرف سے کئے گئے متعدد دفعہ عصرانہ ترتیب دیئے گئے اور ممکنہ طریقوں سے رائیں جمع کرنے کی کوشش کی گئی۔ ہر وزارت کے کارکنوں نے اپنی مخالف فریق پر غالب آنے کے لئے ہر طرح سے ہاتھ پیر مارے اور اپنی پوری پوری دماغی قابلیتیں اور جسمانی قوتیں صرف کر دیں۔ ان کوششوں کے علاوہ انفرادی کوششیں بھی الگ تھیں جو لڑکوں کی طرف سے کالج میں اور خصوصاً ہاسٹل میں اٹھتے بیٹھتے، ملتے جلتے اور چلتے پھرتے کی جاتی تھیں نئے لڑکوں پر مختلف طریقوں سے اثرات ڈالے گئے اور انھیں نرالی ترکیبوں سے اپنا ہم خیال بنانے کی کوشش کی گئی دو دو اور تین تین گھنٹے کارکنان وزارت نے نئے طلبا کی ہم آہنگی حاصل کرنے کے لئے اپنا دماغ کھپایا اور بسا اوقات ان نو واردوں کا بھی دماغ چاٹ گئے آخر کار بیچاروں نے مجبور ہو کر ان کی وزارت کو رائے دینے کا جھوٹا وعدہ کر لیا اور خدا ہی بہتر جانتا ہے کہ

انھوں نے کسی وزارت کے لئے رائے دینے کا تہیہ کیا تھا ان وعدوں سے کارکنان خوش ہوکر اور یہ سمجھ کر کہ ان کی چکنی چپڑی باتیں اور بیچ دار
گفتگو ، ایگاں نہ گئی ارکین وزارت کے پاس پہونچ کر اپنی بڑھ بڑھ کے کمانا شروع کی اور ارکین وزارت نے بھی اپنا کام بنانے کی خاطر ان کی ہمت
افزائی کردی اور ان کی کارگزاری اور خدمات کا اعتراف کرکے تھوڑی بہت داد دے دی۔ ان ہمت افزائیوں اور متوقع کامیابی
کے نظر کارکنان مسرور ہوکر پھر اپنے کام میں لگ جاتے تھے۔

آخر آخیر دنوں میں سر توڑ کوشش کی گئی ہر وزارت کی طرف سے نئے نئے طریقوں اور چالبازیوں سے ووٹ فراہم کرنے کی
جد وجہد کی گئی اور بعد کی گھڑیوں میں تو اپنی محنتوں اور کوششوں کے نتائج سے مضطرب اور خوفزدہ ہوکر نہایت بے چینی و بے تابی
کے ساتھ الیکشن کے دنوں کا انتظار کرنے لگے اس میں کچھ شک نہیں کہ ان میں بعض خدا کے بندے ایسے بھی تھے جنھوں نے نہایت بے نفسی اور
لیاقت کے ساتھ وزارت کا کام انجام دیا مگر وہ اسی بارے میں کسی ماحول اور قاعدے کے پابند نہ تھے بلکہ اپنے ہی طبیعت کی ایک لہر اور جولانی
سمجھنا چاہئے کہ بعض حضرات نے جامعہ کے سیاستوں پر ایک حکیمانہ نظر ڈالی اور وہ چال چلی جو پیشروں میں سے کسی کو سوجھی نہ تھی۔

خدا خدا کرکے وہ دن بھی آ ہو پہنچا جگہ جگہ مختلف جلسے شروع ہوئے علم ایستادہ ہوئے اور وزارتوں کے پھریرے لہرانے لگے، اشتہارات
اور پمفلٹ سڑک بہ سڑک دیوار بہ دیوار اور کمرہ بکمرہ لگائے گئے غرض کوئی جگہ ایسی نہ تھی جہاں یہ کاغذی پرزے اور اشتہارات نہ پہونچے
ہوں وزارت کی متوقع کامیابی کی خوشی میں دلچسپ ترانے اور کورس گائے گئے اخباروں میں مضامین دیئے گئے اور چیخوں اور آوازوں
سے فضا میں ایک ہیجان پیدا کردیا گیا۔

ہاتھوں میں پمفلٹ اور علم لیئے، دلچسپ ترانے اور کورس گاتے، اشتہارات تقسیم کرتے، وزارت کی کامیابی کے نعرے لگاتے اور ہر قسم
کا شور مچاتے ایک جم غفیر بورڈنگ سے کالج کی طرف روانہ تھا۔ کبھی چوکڑیاں بھرتے کبھی جھومتے جھامتے، بگلیں اور باجے بجاتے، ساتھ چلنے
والوں پر آوازے کستے، لڑکوں کا غول، غل غپاڑہ مچاتے۔ رنگا رنگ کے نشان اور پھریرے اڑاتے خوشیوں کے راگ الاپتے اور دیوانوں کی
طرح شور مچاتے جوق در جوق بورڈنگ سے کالج کی طرف جارہا تھا۔ وہ جوش و خروش کہ بزدلوں کے دل میں بھی لہو جوش
مارنے لگے ایسا معلوم ہوتا تھا کہ ایک کالی گھٹا چلی آتی ہے جس سے پانی کی بجائے مستی ٹپکتی ہے۔ ہر وزارت کے کارکنان اسی بے پناہ
جوش و خروش، کارروائیوں، اور مظاہروں میں مصروف تھے کالج پہنچنے کے بعد رائے دہی کے کمرے کے سامنے نہایت ہی دلچسپ طریقہ
پرجوش و عقیدت اور رعونت کے مظاہرے ہونے لگے۔ ایک جم غفیر کا بے پناہ ریلا دروازے کے سامنے رکا ہوا تھا اور ہر شخص دوسروں کو
ڈھکیل کر اندر داخل ہونے کی ناکام کوشش کر رہا تھا۔ سب اپنے خیالات، جذبات جوش، بے خودی اور وارفتگی میں قدرے

ہوئے اپنی دھن میں مگن ہر قسم کے خوف و خطرہ سے بے پرواہ ہو کر مختلف کارروائیوں میں مصروف تھے جس دھن میں وہ محو تھے اس سے کوئی چیز ان کو ہٹا نہ سکی اور جس نشے میں وہ مست تھے اس کو کوئی ترشی نہ اتار سکی۔ غرض اس دن اس قدر چیخنے، پکارنے اور دوڑ دھوپ کی کہ آواز بیٹھ گئی اور تھک کر چور ہو گئے بات کرنے اور ایک قدم چلنے کی ہمت باقی نہیں رہی"۔ اور کیوں بھئی تمھیں کیا ہوا" کا جواب اشاروں سے ادا کرنے کے لئے مجبور ہوئے وقت کی اہمیت اور تنگی کا لحاظ کر کے ووٹر جو آتے ان کو اپنا زیادہ وقت نہ دے سکتے تھے اور ان کو وہیں چھوڑ کر خود دوسرے کاموں میں لگ جاتے تھے اور نو واردوں کا ہاتھ پکڑ پکڑ کر انھیں ہر طرح سے مجبور کر کے کمرے کے دروازے تک لاتے تھے اور اپنی وزارت کے اراکین کے ناموں کا کارڈ ان کے حوالہ کیا جاتا تھا خدا معلوم آنے والے حقیقت میں کس وزارت کے لئے رائے دیتے تھے اسی ہڑبڑ اور حیص بیص میں ایک بج گیا۔ الیکشن رک گیا اور لڑکوں نے بھوک اور چائے کی شدت محسوس کی پھر کیا تھا ہوٹلوں کے چائے خانوں اور طعام خانوں پر ٹوٹ پڑے اور وہ وہ شور مچایا کہ خدا کی پناہ۔ ہر شخص آپے سے باہر اپنی وزارت پر قربان ہونے کے لئے تیار مستی میں چور، چلچلاتی دھوپ میں ننگے سر جلدی جلدی کچھ کھا پی کر نہایت بے تابی کے ساتھ الیکشن روم کے راہ لے رہا تھا۔

دوپہر میں صبح کی سی ہڑبڑ نہ تھی تیج میں کمی آ چکی تھی گانے والوں اور ترانہ پڑھنے والوں نے تھک کر اپنے حواس باختہ کر لئے تھے [illegible] نے بھی اب چپ کی سادھ لی تھی اور ووٹروں میں اکا دکا آ جاتا اور اپنا ووٹ دے جاتا تھا۔ چار بجتے بجتے معاملہ تمام سرد پڑ گیا تھا اور تمام کارروائیاں اور مظاہرے ٹھنڈے ہو چکے تھے سب نے اپنے اپنے گھروں اور کمروں کو سدھارنا شروع کیا تمام [illegible] گھڑیاں وزارت کی کارروائیوں کا جائزہ لیتے اور کامیابی پر خیال آرائیاں کرتے گزر رہی تھیں اسی دوران میں تھکن محسوس ہوئی [illegible] لڑکے چائے کے لئے ہوٹل چل دیا کرتے اور کچھ تراوٹ معلوم ہوتی تو تنہائی میں سونے کی کوشش کرتے لیکن مختلف قسم کے خیالات [illegible] افکار دامنگیر ہونے کے باعث اور نتیجہ نہ نکلنے کی وجہ سے سو نہ سکتے تھے۔ بستر پر دو ایک گھنٹہ کروٹیں لیتے اور مجبوراً اٹھ بیٹھتے [illegible] شام میں کچھ دیر باقی تھی سب نے اٹھ کر ہاتھ منہ دھویا۔ تولیہ سے چہرہ خشک کیا بال سنوارے، کپڑے پہنے اور بن ٹھن کر کھیل کود اور تفریح میں مشغول ہوئے۔ اس عدیم الفرصتی اور گہما گہمی میں بھی وہ اپنے لباس کا کافی خیال رکھتے ہیں اور بناؤ سنگھار سے کبھی تغافل نہیں برتتے تمام کھیل کود اور سیر و تفریح اسی بحث میں گزری کہ کونسی وزارت آئے گی۔ اتنے میں شام ہو گئی رات کا کھانا تناول فرمایا اور پھر وہی وزارت کے خیالات نے آ گھیرا۔ آدھی رات گئے تک خوش گپیاں ہوتی رہیں کہ لائٹ آف ہو گئی اور سب نے اپنے اپنے کمروں میں جا کر سونے کی کوشش کی باوجود انتہائی کوشش کے کچھ دیر کے لئے بھی سو نہ سکے نتیجہ کی فکرات تمام ستاتی رہی اور اس تڑپ اور الجھن میں رات کٹی اور صرف کروٹیں بدلتے بدلتے صبح کر دی اور پھر جلدی ہی ناشتہ کر کے کالج چل دیئے۔

اعداد شماری شروع ہوگئی ہر لڑکا مشتاق نظروں سے اپنے اپنے دوست کے اعداد شمار دیکھ رہا تھا بڑی دیر میں نتیجہ برآمد ہوا اور منتخب شدہ اراکین کا نام بنام اعلان کردیا گیا۔ ناکام حضرات کے چھکے چھوٹ گئے امیدوں اور توقعات پر پانی پھر گیا۔ پیروں تلے سے زمین نکل گئی آنکھوں تلے اندھیرا چھا گیا سرچکرا گیا دل ڈوب گیا اور نہایت خاموشی وحزن وملال کے ساتھ اپنے کمروں اور گھروں کو واپس ہوئے اور راستہ بھر تمام لڑکوں کی بددیانتی دھوکہ بازی اور مکروفریب کا رونا روتے رہے۔ پران کی سننے والا ہی کون تھا جو کامیاب ہوا دنیا اسی کی ہوئی جو ناکام ہوا سب نے اس کا ساتھ چھوڑا کامیاب افراد کا کیا پوچھنا فرط انبساط سے اچھلے پڑتے تھے مسرت کی ایک لہر سارے جسم میں دوڑ رہی تھی کامیابی کے شادیانے اور مبارکباد کی صدا ہر طرف سے بلند ہو رہی تھی مارے خوشی کے چہرے دمک رہے تھے اور دل بانسوں اچھل رہے تھے۔ آپس میں گلے مل رہے تھے اور خوب خوب زور آزمائی ہو رہی تھی حتی کہ نیبر دانی کے بٹنوں نے جواب دیدیا اور بنیانوں میں دور شروع ہوگیا اور چیخوں اور نعروں سے فضا گونج اٹھی۔ غرض بے حد خوشی اور مسرت کا اظہار کیا گیا اور مخالف فریق پر طرح طرح کے آوازے کسنے اور طعن وتشنیع کے چبھتے ہوئے تیر سر کئے جارہے تھے جو ان کے کلیجے کے پار ہو رہے تھے ان زخموں کے لئے سوائے ضبط کے اور کوئی شفا بخش مرہم نظر نہ آتا تھا۔ کامیاب افراد اپنی حکمت عملی کارگزاری اور جدوجہد پر ناز کر رہے تھے اور کامیابی کی خوشی میں آپے سے باہر ہو رہے تھے۔ منتخب شدہ صدر کو لڑکے گودیوں میں لے کر ہاتھوں ہاتھ کالج سے بورڈنگ جا پہنچے بیچارے صدر کا گلے ملتے ملتے اور مصافحہ کرتے کرتے برا حال ہوگیا ہر شخص صدر انجمن سے بغلگیر ہونے کے لئے بے تاب تھا۔ لیکن یہ مختصر سے آدمی ان دست درازیوں اور مجمع کی ٹھیلم ٹھیل کا کہاں تک مقابلہ کرتے بہت حیران و پریشان ہوکر انہوں نے ان بے راہ رویوں سے نجات پانے کے لئے کوئی جائے پناہ تلاش کرنا چاہی لیکن ہاسٹل پہونچتے پہونچتے مجمع میں خاصی کمی ہوچکی تھی اور صدر صاحب نے کمرہ میں آکر اطمینان کا سانس لیا اراکین وزارت نے کامیابی حاصل کرنے کے ساتھ ہی لڑکوں کے دلوں کو بھی فتح کرلیا اور نفاق واختلاف کے جھاڑ جھنکار صاف کرکے جامعہ کو جنت الفردوس بنا دیا غیر اپنے بن گئے ناکامی اور کامیابی کا امتیاز جاتا رہا اور صداقت وآزادی کا ڈنکا بج گیا۔ کچھ دنوں بعد کرسی نشینی کا جلسہ منعقد ہوا۔ جلسہ کا پروگرام مرتب ہوا اور وزارت کا لائحہ عمل پیش کیا گیا جناب نائب معین امیر جامعہ عثمانیہ نے جلسہ کی صدارت کی سابق معتمد نے دلچسپ اور پُر مغز تقریر کی اور منتخب شدہ کابینہ کا پرجوش خیر مقدم کیا قابل سابق صدر نے گزشتہ سال کی رپورٹ پڑھ کر سنائی اور موازنہ کی آمد وخرچ کے تفصیلی اعداد شمار بتائے اور ساتھ ہی ساتھ اپنی منکسر المزاجی سے باوجود زیادہ جسیم ہونے کے وزارت کے بار کو ناقابل برداشت تصور کیا صدر نے خطبہ صدارت پڑھا اور صدر کلیہ نے آنی ہوئی کابینہ کو مبارکباد دی اور اس سے بہت سی توقعات اور گراں بہا خدمات وابستہ رکھ کر اپنی خوشنودی کا اظہار فرمایا۔ تالیوں سے سارا ہال گونج اٹھا اور بڑے لطف سے جلسہ برخاست ہوا۔

محمد شمس الدین متعلم بی۔ اے

علی ساگر

مرقع علی ساگر

علی ساگر میں بحرِ زندگانی موجزن دیکھا
تمنا کا گلستاں آرزوؤں کا چمن دیکھا

زمیں کے چپے چپے کو فلک پر خندہ زن دیکھا
دلِ شاعر تڑپ جاتا ہے ایسا بانکپن دیکھا

عیاں ہر موج سے ہے، پیچ و خم جوشِ جوانی کا
دکھاتی ہے شعاعِ مہر منظر آگ، پانی کا

صبح کا منظر

نشے میں حسن کے سرشار ہے مدہوش ہے ساگر
بہاریں سیکڑوں لاکھوں چمن بردوش ہے ساگر

پیامِ صبح سننے کو سراپا گوش ہے ساگر
سراسر جلوہ گاہِ نغمۂ خاموش ہے ساگر

عجب عالم ہی سیمائے چمن گویا پرافشاں ہی
پڑی ہے اوس وادی گوہرِ مقصد بداماں ہی

فضا کی کیف باری اور مناظر کی فراوانی — پگھل کر بہہ رہے ہیں سیم و زر اس رنگ کا پانی
یہاں فطرت سے چشمک کر رہی ہی عقلِ انسانی — ہر سیل کی پریشانی پہ خود پانی کو حیرانی

مصائب لاکھ ہوں اہلِ بصیرت غم نہیں کرتے
جو عالی ظرف ہیں تکلیف میں ماتم نہیں کرتے

شام کا نظارا

کس اہلِ دل نے یہ رحمت کا دریا کر دیا جاری — یدِ قدرت ہمیشہ ہی یہاں مصروفِ گلکاری
عروسِ ماہ کے جلوے کی جب ہوتی ہی تیاری — شفق پانی میں حل کرتا ہی جھک کر چرخِ زنگاری

کنارِ آب دامِ موج یوں گلبار ہوتا ہے
گلے میں سبزۂ ساحل کے گلوں کا ہار ہوتا ہے

چاندنی کا سماں

شبِ مہتاب میں جنت نظر ہوتے ہیں نظارے — ہوا گلبن پہ دہکاتی ہی ہر جا لال انگارے
چمن میں پھول بن جاتی ہیں کلیاں جوشش کے مارے — لٹاتے ہیں خوشی سے چاندنی حوضوں میں فوارے

محبت کے فرشتے گوش برآواز رہتے ہیں
اس ارضِ پاک پر حسن اور نغمہ مل کے بہتے ہیں

اندھیری رات کا عالم

شبِ تاریک میں ہر ذرّہ ہیبت بار ہوتا ہے — اجل کی گود گویا دامنِ کہسار ہوتا ہے
نظر کو آنکھ سے باہر نکلنا بار ہوتا ہے — "نفس[5] سینے میں اک چلتی ہوئی تلوار ہوتا ہے"

یہ پانی پہ موجیں مچھلیاں معلوم ہوتی ہیں
گھٹا میں تلملاتی بجلیاں معلوم ہوتی ہیں

تری خاکِ چمن کو میں نے پلکوں سے اٹھایا ہے — گل و ریحاں کو تیرے اپنی آنکھوں سے لگایا ہے
تری رعنائیوں میں اپنے شعروں کو بسایا ہے — تری تعریف کا نغمہ تجھے پہروں سنایا ہے

مری آواز کی تجھ کو رہے گی آرزو برسوں
مجھے بھی اے علی ساگر! کرے گا یاد تو برسوں

سکندر علی وجد بی اے (عثمانیہ)

[5] سراج الدین نسیم ۱۲

نظام ساگر

عہد عثمانی کی بے شمار ترقیوں میں سے ایک درخشاں کارنامہ نظام ساگر کی تعمیر بھی ہے۔ یہ ایک ایسا عظیم الشان مخزن آب ہے کہ
ں کی جانب خاص تعلیم یافتہ طبقہ کو متوجہ کرانے کی ضرورت محسوس ہوتی ہے بدیں وجہ ایک مختصر مضمون پیش کیا جاتا ہے جو اُمید ہے
ظرین کی توجہات کو حاصل کر سکے گا۔

اٹھارویں صدی کا فنی و صنعتی انقلاب حقیقتاً ساری دنیا کی تہذیب و تمدن اور معاشرت کا انقلاب ہے، بے شمار تعمیراتی اسکیموں کا
مل میں آنا بڑی بڑی مشینوں کا رواج پانا، ذرائع حمل و نقل کی کثرت اور آمد و رفت کی ممکنہ سہولتوں کا وجود میں آنا بین الاقوامی اہم مسائل
تخلیق کا باعث ہوا۔ پچھلے زمانہ میں خاندان محض اپنی زندگی کے لئے پیداوار اگاتے تھے مگر اب ہر ملک آپس میں خام پیداوار اور
صنعتی اشیاء کا لین دین کرنا اپنی بقا کے لئے ضروری سمجھنے لگا ہے۔

ہندوستان ایک خاص زرعی ملک ہے۔ جب دنیا نے صنعتی ترقی کی اور بین الاقوامی تجارت کا آغاز ہو گیا تو ہندوستان کا بھی
صرف خام پیداوار کی حد تک اس میں دخل ہوا۔ اور دنیا کے مارکٹ میں اس کی پیداوار فروخت ہونے لگی موجودہ دور کاروباری اور مسابقتی
ور ہے اور ہر ایک کو اپنی پیداوار کی نکاسی کے لئے بے حد جد و جہد کرنی پڑتی ہے اس لئے پیداوار کی افراط کے ساتھ ساتھ اُس کی
مدگی بھی ضروری ہے۔ لیکن زرعی کاروبار غیر یقینی ہیں کیونکہ بارش کی مقدار اور وقت کا کوئی تعین ہی نہیں۔ اسی لئے خزائن آب

کی ضرورت محسوس ہوتی ہے مگر کسی وسیع اور مہتم بالشان مخزن آب کی تعمیر کے بعد اس کو کامیاب بنانا بھی کوئی معمولی بات نہیں ہوتی بلکہ وسیع پیانہ پر کوششوں کو جاری رکھنا پڑتا ہے اور کئی سال کے صبر و انتظار کے بعد نتائج ظہور پذیر ہوتے ہیں۔ اضافہ آبادی کے تدابیر، حفظان صحت کے اصول پر عمل، زرعی تعلیم کا بندوبست کاشتکاروں کی مشکلات کا ازالہ، عمدہ نسل کے مویشیوں کی فراہمی، کھاد کا انتظام، سڑکوں اور ریلوں کی تعمیر، غرض یہ اور اسی قسم کے دیگر امور اساسی ہیں جن پر کافی توجہ کئے بغیر ہزاروں ایکڑ اراضی خشکی و بنجر کو سرسبز و شاداب کھیتوں اور باغوں میں تبدیل نہیں کیا جا سکتا۔ بلکہ ایک باقاعدہ انتظام اور مختلف سررشتوں کے اتحاد عمل کو حاصل کرنا پڑتا ہے۔

حیدرآباد میں تقریباً (۵۰) سال قبل محکمہ آب پاشی قائم ہوا لیکن آب پاشی کی توسیع صرف معمولی تالابوں کی تعمیر و ترمیم تک محدود رہی البتہ (۱۳۱۵ف) میں تعلقہ میدک میں تقریباً اٹھارہ لاکھ تیس ہزار کے مصارف سے محبوب نہر کا اجرا ہوا جس کی مسافت (۲۴) میل ہے اور جو اٹھارہ مواضع کی (۴۷۰۰) ایکڑ اراضی کو سیراب کرتی ہے۔ اس سررشتہ نے ۳۲-۱۳۲۲ف تک گیارہ سال کے عرصہ میں جن وسیع خزائن آب کی تعمیر کو منظور کرایا وہ حسب ذیل ہیں۔

نشان سلسلہ	نام	مصارف تعمیر	فصلی سنہ تکمیل	محل وقوع
۱	عثمان ساگر	(۵۴۰۰۰۰۰) [illegible]	سنہ ۱۳۲۶ف	نواح گولکنڈہ
۲	حمایت ساگر	(۹۲۶۸۰۰۰) [illegible]	سنہ ۱۳۳۵ف	" "
۳	پوچارم	(۳۳۴۸۷۰۰) [illegible]	سنہ ۱۳۳۲ف	تعلقہ یلاریڈی
۴	رائن پلی	(۲۸۳۰۰۰) [illegible]	سنہ ۱۳۳۶ف	تعلقہ میدک
۵	فتح نہر	(۵۳۰۰۸۹) [illegible]	سنہ ۱۳۳۵ف	تعلقہ انرول
۶	پالیر	(۲۲۲۵۰۰۰) [illegible]	سنہ ۱۳۳۶ف	تعلقہ کھمم
۷	وائرا	(۱۵۰ ۰۰۰) [illegible]	سنہ ۱۳۳۸ف	" "
۸	سنگو بھوپالم	(۲۲۸۸۴۰) [illegible]	سنہ ۱۳۳۹ف	تعلقہ یلندو
۹	نظام ساگر	(۴۲۷۰۰۰۰) [illegible]	سنہ ۱۳۳۹ف	تعلقہ بانسواڑہ

نظام ساگر کی تعمیر کا آغاز ۱۳۳۳ف کی ابتدا سے ہوا حیدرآباد سے (۹۹) میل کے فاصلہ پر تعلقہ یلاریڈی (ضلع میدک) سے جانب غرب (۱۰) میل اور مستقر ضلع نظام آباد سے تقریباً (۲۵) میل پر مانجرا ندی کا گزر اس طرح ہوا کہ ایک عظیم الشان خزانہ آب کے تعمیر کی موزونیت تھی۔ مانجرا ندی ضلع بیڑ سے نکل کر اضلاع عثمان آباد، میدک، اور نظام آباد سے گزرتے ہوئے دریائے گوداوری (ضلع ناندیر) میں جا ملتی ہے۔ مانجرا ندی کی یہ خصوصیت قابل تذکرہ ہے کہ اس کی مسافت اندرون ملک طویل ہے۔ اور بلند مقامات سے بہتی ہوئی زرخیز علاقوں سے گزرتی ہے۔

ندی کی سطح سمندر کی سطح سے (۱۳۰۰) فٹ بلند ہے۔ معمولاً جو پانی رکھا جاتا ہے اس کی زیادہ سے زیادہ مقدار سطح سمندر سے ۱۴۰۰-۵ فٹ ہے اس لحاظ سے ذخیرۂ آب کا عمق معمولی حالت میں (۱۰۰) فٹ اور انتہائی مقدار میں (۱۰۵) ہے گا معمولی ذخیرۂ آب کی مقدار (۲۷،۸۰۰) مکعب فٹ ہے۔ پانی کا پھیلاؤ (۳۵۸۴۰) ایکر اراضی یا (۵۶) مربع میل رقبہ پر ہے۔ خزانہ آب میں (۱۷) مواضع کلیتہً غرق اور (۳۷) مواضع کی تھوڑی تھوڑی اراضی غرق ہونے کے علاوہ ان میں سے (۱۷) مواضع کی آبادیوں کو مواضع کے بقیہ رقبوں میں منتقل کر دیا گیا۔ مجموعاً جو مزروعہ رقبہ غرق ہوا وہ (۲۶۸۷۵ ایکر) ہے جس میں (۱۴۲۸۵ ایکر) تری اور (۱۲۵۹۰ ایکر) خشکی ہے جو آبادیاں برخاست ہوئیں وہاں کے مکانات وغیرہ کا معاوضہ ادا کیا گیا اور بے دخل ہونے والے اشخاص نے دوسرے مقامات میں جدید مکانات کی تعمیر کی اراضیات بھی دلائی گئیں۔ بحیثیت مجموعی اراضیات اور مکانات کا جو معاوضہ ادا ہوا اس کا تخمینہ (۲،۴۳۵۶۵ روپیہ) ہے۔

نظام ساگر کی تعمیر سے جو فوائد ہوئے یا آئندہ ان کی توقع ہے اس کا ذکر آگے مناسب موقع پر کیا جائے گا۔ فی الوقت اس زمانہ کا ذکر کیا جاتا ہے جب کہ بند اور نہر زیر تعمیر تھے تاکہ نظام ساگر کی عظمت کا اندازہ ہو اور یہ معلوم ہو سکے کہ اس کار عظیم کے آغاز ہونے کے بعد عوام کو کیا کیا فائدے پہنچے۔ بہ غرض تعمیر مخزن آب جو عارضی آبادی قائم ہوئی تھی اس کا پھیلاؤ تقریباً (۴) مربع میل پر تھا۔ اور بارہ ہزار نفوس سکونت پذیر تھے۔ جن میں ایک بڑی تعداد مزدور پیشہ کی تھی جو اطراف و جوانب سے نکل کر روزی کمانے کے لئے جمع ہوگئے تھے اور تعمیر نہر پر جو مزدور مامور تھے ان کی تعداد پندرہ ہزار تھی۔ نظام ساگر میں پورا کیامپ برقی روشنی سے منور رہا کرتا تھا۔ اور نلوں کے ذریعہ آب رسانی کا انتظام بھی کیا گیا تھا۔ تین دواخانے قائم کئے گئے تھے۔ جرائم پیشہ مزدوروں کی دیکھ بھال کا انتظام تھا اور ان کے بچوں کی تعلیم کے لئے مدارس قایم کئے گئے تھے آٹھ نو سال تک یہ چہل پہل قایم رہی۔ اور پسماندہ دیہاتیوں کو تہذیب و تمدن سے اثر پذیر ہونے کا کافی موقع ملا۔ اور انہیں یہ معلوم ہو سکا کہ وہ کیونکر اپنی سقیم حالت کو بہتر حالت سے بدل سکتے ہیں۔

نظام ساگر کے بند کے مشرقی گوشہ سے نہر نکالی گئی ہے جس کا طول (۹۶) میل ہے نہر کے لئے ایک سنگ بستہ دیوار میں (۱۱) آہنی

دروازے نصب ہیں جن میں ہر ایک کا طول و عرض (۱/۲ ۱۰ × ۸ فٹ ہے) نہر کا اوسط عرض (۱۰۰) فٹ اور عمق (۱۴) فٹ ہے پانی کا عمق (۱/۲ ۱۰) فٹ ہے اور دروازوں سے فی سکنڈ (۳۴۶۰) مکعب فٹ کی مقدار میں نکلتا ہے جس کی رفتار روانی (۳٫۴۶) فٹ سکنڈ ہے. نہر کا گزر چار تعلقات، بانسواڑہ، بودھن، نظام آباد اور آرمور سے ہوا ہے. اور اختتام آخرالذکر تعلقہ کے حدود میں اس جگہ ہوتا ہے جہاں ہنگل ندی ملتی ہے.

نہر سے حسب ضرورت متوسط اور چھوٹی شاخیں نکالی گئی ہیں جن کے ذریعہ سے زیر اثر مواضع کی سیرابی عمل میں آتی ہے اس کے سوا ان تعلقوں کے بعض موجودہ تالابوں کو نہر کے ذریعہ لبریز کر دیا جاتا ہے تاکہ وافر پانی موجود رہے. نہر سے استفادہ آخر ۱۳۳۹ف سے شروع ہوا. جملہ رقبہ نہروں کے زیر اثر ہے. (جو تعلقات بانسواڑہ، بودھن، نظام آباد اور آرمور میں واقع ہیں) وہ موازی (۵۳٫۴۳۶) ایکڑ ہیں جس میں سے موازی (۳۸٫۰۸۸) ایکڑ (۲۲۷) مواضع خالصہ کا اور موازی (۱۵٫۳۴۸) ایکڑ (۱۲۹) مواضع جاگیر کا ہے. مذکورہ بالا رقبوں میں سے مزید گنجایش بھی نکالی جاسکتی ہے. نظام ساگر کی آب پاشی سے بہ عجلت تمام استفادہ کے لئے ڈاکٹر مان کے مشوروں کے مطابق ۲۹-۱۳۲۸ف میں ایک عارضی مزرعہ نظام ساگر میں قایم کیا گیا تھا جس میں نیشکر کی کاشت کے تجربے کاشتکاروں کو دکھائے گئے محکمۂ زراعت نے کوئمبتور کے نیشکر نمبر (۲۱۳) کو رائج کیا جو کاشتکاروں کے حق میں بہت ہی نفع بخش ثابت ہوا. نہر کے تحت کے رقبوں میں سب سے زیادہ شالی زار (دھان) اور اس کے بعد نیشکر کی کاشت ہوتی ہے اس کے علاوہ مختصر رقبہ میں ترکاریاں اگائی جاتی ہیں اور اب باغات لگانے کا شوق بھی ہو رہا ہے.

نظام ساگر کے تحت ابتداءً اگرچہ پندرہ ہزار ایکڑ رقبہ میں نیشکر کی کاشت کا تخمینہ کیا تھا لیکن کاشتکاروں کی غیر معمولی ترقی اور عنقریب کارخانہ شکر سازی کے قیام کی توقع کے سبب خیال کیا جاتا ہے کہ آیندہ بیس سے تیس ہزار ایکڑ رقبہ میں نیشکر کی کاشت ہو سکے گی. نہر کے اجراء کے بعد سے گزشتہ چار سال میں غیر معمولی اضافہ ہوا. اور نیشکر کی کاشت کا رقبہ ۸ ہزار ایکڑ تک پہنچ گیا. اس کے علاوہ وسیع ترین رقبوں میں شالی زار کی کاشت کا بھی اضافہ ہوا ہے.

نیشکر کی کاشت کی اسی غیر معمولی ترقی کی وجہ یہ ہے کہ محکمۂ زراعت نے کوئمبتور کے جس نیشکر کے ترویج کی کامیاب کوشش کی ہے اس کی کاشت اور نگہداشت کے مصارف کم ہوتے ہیں، "کویہ" کے استعمال کرنے کی ضرورت نہیں ہوتی. "کویہ" استعمال کرنے کے معنی یہ ہیں کہ نیشکر کی چند چھڑیوں میں ایک لکڑی کھڑی کردی جاتی ہے اور اس سے چھڑیاں باندھ دی جاتی ہیں تاکہ نیشکر نیچے گرنے نہ پائے ایسی لکڑیوں کی تعداد ایک ایکڑ میں تقریباً دس ہزار درکار ہوتی ہے جن کی قیمت بالاوسط ڈیڑھ سو روپیے ہوتی ہے. دیسی نیشکر بغیر کویہ کے اچھی طرح نشو و نما نہیں پاسکتا اس لئے یہاں کے کاشتکار دیسی نیشکر کی کاشت میں کویہ کا استعمال کرنے پر مجبور تھے اس کے برخلاف

کوئمبتور نمبر (۲۱۳) بغیر کریہ کے اچھی طرح نشو ونما پاتا ہے۔ اس لئے کاشتکاروں کو مصارف میں کفایت ہوگئی ہے۔ علاوہ بریں محکمۂ زراعت نے ایسے چولہوں کو رواج دیا ہے کہ جن میں گڑ پکانے کے وقت ہیزم سوختنی استعمال کرنے کے بجائے نیشکر کا فضلہ (یعنی وہ اجزا جو رس نکالنے کے بعد پھینک دیئے جاتے ہیں) جلایا جا سکتا ہے۔ گڑ پکانے کے اس طریقہ سے بھی کاشتکاروں کے مصارف میں کمی ہوگئی ہے نہر کھل جانے کے بعد محکمۂ زراعت نے مزرعہ کو نظام ساگر سے ۱۳۴۰ف میں "رودرور" واقع تعلقہ بودھن میں منتقل کر دیا ہے۔ اور اب وہاں یہ مزرعہ بطور مستقل قایم ہوگیا ہے جو ساٹھ ایکر اراضی پر مشتمل ہے جہاں عہدہ داروں اور عملہ وغیرہ کی رہائش کے لئے مکانات کی تعمیر ہوئی ہے۔ اس مزرعہ میں مختلف اقسام کے نیشکر مختلف موسموں میں کاشت کرکے تجربے کئے جاتے ہیں۔ سال میں ایک مرتبہ مظاہرہ کرکے متصلہ مقامات کے کاشتکاروں کو جمع کیا جاتا ہے اور انہیں کاشت کے تجربے بتائے جاتے اور جدید اصول کاشت سکھائے جاتے ہیں علاوہ بریں بعض آلات زراعت پروپگنڈے کی خاطر انھیں مستعار دیئے جاتے ہیں۔ اس مزرعہ کے علاوہ ہر تعلقہ کے مستقر پر چھوٹے چھوٹے آزمایشی مزرعات بھی قایم کئے گئے ہیں۔

مزرعہ رودرور پر زرعی تعلیم کا بندوبست کیا گیا ہے۔ جماعت کاشتکاران کے نام سے دو سال کا نصاب مقرر کیا گیا ہے اس جماعت کا مقصد زراعت اور اس سے قریبی تعلق رکھنے والے فنون کی عملی تعلیم دینا ہے تاکہ ایسے زراعت پیشہ خاندانوں کو فائدہ حاصل ہو سکے جن کا تعلق زمین سے براہ راست ہے اور جن کی یہ خواہش ہوتی ہے کہ زراعت کو پیشہ کی حیثیت سے اختیار کریں نصاب اس طور پر معین کیا گیا ہے کہ لڑکوں کے معلومات میں وسعت پیدا ہو سکے اور وہ اس قابل ہو جائیں کہ زرعی معاملات میں بہتر صورت پیدا کر سکیں۔

نہر کے تحت مثمر باغات کا شوق دلانے کے لئے نظام آباد میں ایک نرسری گارڈن قایم کیا گیا ہے جہاں مختلف انواع کے مثمر درختوں کے قلم تیار کئے جاتے۔ اور خواہش مندوں کو برائے نام قیمت پر دیئے جاتے ہیں۔ نیز نرسری گارڈن میں جو کامگار متعین ہیں وہ شوقین حضرات کی خواہش پر ان کے پاس جا کر مفید مشورے بھی دیتے ہیں۔ نظام آباد اور اس کے اطراف سنترے لگانے کا ذوق بھی بڑھتا جا رہا ہے۔ موز کے درخت لگانے کی جانب بھی بعض مقامات میں قابل قدر توجہ کی جا رہی ہے اور یہاں کا موز حیدرآباد میں فروخت ہونے لگا ہے۔

نیشکر کی کاشت کی جو غیر معمولی ترقی ہوئی ہے اس کا ذکر کیا جا چکا ہے گزشتہ سال گڑ کی تجارت نظام آباد میں تعداد میں لا[کھ] ہوئی۔ اور اس سال مزید اضافہ کی توقع کی جاتی ہے۔ گڑ سازی کی صنعت میں جو ترقی ہوئی ہے اس کی وجہ سے گڑ درآمد کرنے کی ضر[ورت]

نہیں رہی بلکہ نظام آباد کا گوما ملک محروسہ کے تمام اضلاع میں فروخت ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ علاقہ برار میں ایک کثیر مقدار اور کچھ مقدار دوسرے علاقہ ہائے انگریزی میں جایا کرتی ہے۔

کارخانہ شکرسازی کے قیام کا مسئلہ ایک عرصہ سے زیر غور تھا لیکن ارباب صدر نے اس کو جلد تر قایم کر دینے کا تصفیہ کیا ہے۔ اور وثوق کے ساتھ بیان کیا جاتا ہے کہ بودہن کا مقام موزوں سمجھا گیا ہے۔ یہ کارخانہ فی الحال ایک ہزار ٹن شکر تیار کرے گا لیکن اس میں اٹھارہ ٹن بنانے کی گنجایش بھی رکھی جائیگی۔ شکرسازی کا کارخانہ قایم ہونے سے نہ صرف کاشتکاروں کی خوش حالی میں اضافہ ہوگا بلکہ ملک کی تجارت میں بھی ترقی ہو جائے گی آبادی میں بھی اضافہ ہوگا اور قدرتی طور پر زمینات کی قدر و قیمت بھی بڑھ جائے گی۔

زرعی ترقی کے مدنظر مواضع زیر نہر میں مزید آبادی کے لئے گنجایش نکالی جارہی ہے یعنی توسیع آبادی کے لئے اراضی مختص کی جارہی ہیں مواضع کی اصلاح کا کام بھی شروع ہوگیا ہے۔ مقامی ضرورتوں کے لحاظ سے دیہی راستے بنائے جارہے ہیں دیہی تنظیم کی انجمنوں کو قایم کرنے کی جانب توجہ کی جارہی ہے۔ اور ان امور کو انجام دالنے کے لئے سررشتہ لوکل فنڈ نے بہ اوقات مختلف کثیر رقم کو منظور کیا ہے۔ ایک بڑے خزانہ آب کے لئے ایسے کاموں کو انجام دلانا بہت ہی ضروری تھا۔ معلوم ہوا ہے کہ رقبہ ہائے زیر نہر میں طویل پختہ سڑکیں تعمیر کرانے کا اسکیم بھی سررشتہ مال میں زیر تجویز ہے۔ یہ نافذ ہو جائے گا تو اس کی وجہ سے مزید ترقی کی راہیں کشادہ ہو جائیں گی۔

نیز انجمن ہائے اتحاد کی جانب سے بھی کاشتکاروں کی مالی امداد کے تدابیر اختیار کئے جارہے ہیں۔ اور اس امر کی کوشش بھی کی جارہی ہے کہ مختلف مقامات میں سیل سوسائٹیاں قایم کی جائیں۔ اگر یہ جلد قایم ہو جائیں، اور ان کے ذریعہ سے گوما کی تجارت کو فروغ دیا جائے تو کاشتکاروں کے حق میں بڑی سہولت پیدا ہو جائے گی۔ اور ان کی مرفہ الحالی میں معقول اضافہ ہوگا۔

ضلع نظام آباد میں اگرچہ صحرائی رقبہ کافی مقدار میں موجود ہے لیکن توسیع کاشت کے باعث چونکہ زرعی ضرورتیں بڑھتی جارہی ہیں اور آیندہ آبادی میں بھی اضافہ ہونے والا ہو اس لئے سررشتہ جنگلات چوبینہ کی کافی سربراہی کے انتظامات پر بطور خاص غور کر رہا ہے۔ اور اس امر کی کوشش بھی شروع کی ہے کہ مزید رقبوں میں مفید اور کارآمد درخت لگائے جائیں۔ چنانچہ بعض مقامات میں بانس لگانے کی تجویز اختیار کی جاچکی ہے۔ اور نباتاتی کھاد بہم پہنچانے کے لئے ایسے نوعیت کے درختوں کو اگایا جارہا ہے۔ اور ایسے مزید تجاویز کو وسیع پیمانہ پر عمل میں لانے کے لئے اسکیم منظور ہونے والے ہیں جس کی وجہ سے یہ توقع کی جاتی ہے کہ جنگلات کی آمدنی میں بھی معقول اضافہ ہوگا۔

دنیا میں پانی بڑی نعمت ہے جس پر تمام کائنات کی زندگی کا انحصار ہے جہاں بکثرت پانی میسر آتا ہے وہ ملک سرسبز و شاداب ہیں وہاں کی رعایا بھی مرفہ الحال ہے۔ ہندوستان میں جہاں کہیں بڑے بڑے ذخائر آب بنائے گئے یا وہ انگریزی عہد حکومت میں

تعمیر کئے گئے ایسے تمام مقامات سب سے زیادہ آباد اور سب سے زیادہ خوش حال ثابت ہوئے. نظام ساگر کی تعمیر سے ضلع نظام آباد کا معتد بہ رقبہ قلت بارش کے خوف و اندیشے محفوظ ہوگیا ہے جہاں ہر زمانہ میں مقررہ فصلوں کے لئے وافر پانی ملتا رہے گا اور کاشتکار فائدہ اٹھاتے رہیں گے۔ اس سے حصہ ملک کی زرخیزی کے ساتھ کاشتکاروں کی خوش حالی بھی بڑھتی جائے گی. غرض یہ کہ عہد عثمانی میں یہ ایک ایسا عظیم الشان کام انجام پایا ہے جو بقائے دوام حاصل کرے گا اور آئندہ نسلیں بجا طور پر فخر کریں گی. اب اہل ملک کا فریضہ ہے کہ وہ اس عظیم الشان ذخیرہ سے زرعی و اقتصادی نیز تجارتی فوائد حاصل کرنے کی جانب پیشقدمی کریں کیونکہ انھیں ایک وسیع میدان مل گیا ہے جہاں وہ جی کھول کر قسمت آزمائی کرسکتے ہیں.

عبدالباسط بیگ متعلم سال چہارم

نئی دُنیا

مرے ہمدم وہیں اپنی نئی دنیا بسائیں گے

(۱)

ہم آہنگیٔ فطرت سادگی مفہوم رکھتی ہو
مسلسل سوزِ اُلفت زندگی مفہوم رکھتی ہو

مسرت کیفِ راحت یک دلی مفہوم رکھتی ہو
پرستش محویت وارفتگی مفہوم رکھتی ہو

سرور و سحرِ نغمہ، خامشی مفہوم رکھتی ہو
جہاں پر بے حسیٔ غم ہنسی مفہوم رکھتی ہو

مرے ہمدم وہیں اپنی نئی دنیا بسائیں گے

(۲)

کبھی بادل ہوا پر لوٹتا مستانہ وار آئے ‏ ‏ ‏ برستا گنگناتا کوہساروں سے گزر جائے
فضا بھیگی ہوئی ہو پتے پتے پر نکھار آئے ‏ ‏ ‏ درختوں، ندی نالوں سبزہ زاروں پر بہار آئے
لبِ دریا شفق کا عکس اور پودوں کے ہوں سائے ‏ ‏ ‏ خمار و خواب کی دنیا میں فطرت ڈوب سی جائے

مرے ہمدم! وہیں اپنی نئی دنیا بسائیں گے

(۳)

تمہارے مسکرانے پر جہاں غنچے چٹکتے ہوں ‏ ‏ ‏ تمہارے سانس کی موجوں سے رنگین گل مہکتے ہوں
تمہارے گنگنانے پر جہاں طائر چہکتے ہوں ‏ ‏ ‏ تمہارے دیکھنے پر چاند اور تارے بہکتے ہوں
تمھیں مسرور پاکر چشمہ ہائے کوہ ہنستے ہوں ‏ ‏ ‏ تمہارے قہقہوں سے جان فزا نغمے برستے ہوں

مرے ہمدم! وہیں اپنی نئی دنیا بسائیں گے

صمد رضوی ساز (عثمانیہ)

پھولوں کا قومی گیت

پنڈت ونشی دھر ہندی کے بلند پایہ شعرا میں سے ہیں۔ یہ نظم ہندی ہے اور ہندی عروض میں لکھی گئی ہے مگر زبان اتنی صاف اور سادہ ہے کہ ہر اُردو لکھا پڑھا سمجھ سکتا ہے۔
پنڈت جی ہندی کے ان ادیبوں میں سے ہیں جو ہندی کو سنسکرت کے ادق الفاظ سے صاف کر کے ہندوستانی بنانا چاہتے ہیں۔ یہ بہت بڑا ایثار ہے جو کوئی ہندی ادیب کر سکتا ہے۔

ادارہ

(۱)

آؤ پھولو، ہل مل پھولیں　　ہنس ہنس ناچیں جھولے جھولیں
ایسی مہک ہوا میں بھر دیں　　دنیا کو مستانہ کر دیں
رہے دیکھتا وہ جو دیکھے　　تارے ہوں سب کی آنکھوں کے

(۲)

چپ ہو کر وہ گان سنائیں جس کو سب سنتے رہ جائیں
ایسا سب پر رنگ چڑھائیں جس سے ہم سب کے ہو جائیں
پیار کریں دل سے سب ہمکو ہم جگ سے جگ ہم سے خوش ہو

(۳)

ہم کو کچھ ہی دن میں کرنا پورے جیون بھر کا ہنسنا
اسی سے آؤ کریں دلگی جس سے دل میں اٹھے گدگدی
ایسے سب اپنے میں پھولیں سب میں پھولیں دلگی نہ بھولیں

پنڈت ونشی دھر ودیا النکار

استاد ہندی و سنسکرت

چاند بی بی

یہ بالکل سچ ہے کہ ہر پہاڑ کا دامن جواہرات کی کانوں سے مالا مال نہیں ہوتا اور نہ سمندر کی گہری تہ میں رہنے والی ہر سیپ اپنے اندر بیش بہا موتیوں کی پرورش کرتی ہے انسانی معاشرہ کا بھی بالکل یہی حال ہے۔ قدرت صدیوں بعد اس قابل ہوتی ہے کہ ایسا انسان پیدا کرے جو اس کی صنعتی قابلیت کا اعلیٰ ترین نمونہ ہو اگر حالات نے اس کا نشو ونما کیا تو جس قوم میں اُس کی تخلیق ہوتی ہے وہ قوم کا قابل فخر سرمایہ بن جاتا ہے مگر اکثر دیکھا جاتا ہے کہ کچھ حادثات زمانی اور کچھ معاشرت انسانی نے یا تو ایسے انسانوں کو ضائع کیا یا انہیں معمولی سطح سے ابھرنے نہ دیا خصوصاً جنس انسانی کے کمزور اور نازک طبقہ یعنی صنف نازک پر معاشرت کی بندشوں نے بہت زیادہ بے انصافیاں اور مظالم کئے ہیں جس کا نتیجہ یہ ہے کہ انسانی تاریخ جب سے کہ وہ ایک داستان کی حیثیت رکھتی ہے اب تک معدودے اور چند کے سوا اس طبقے کی جولانیوں سے یکسر خالی ہے معاشرت کی بندشیں اس درجہ سخت نہ ہوتیں تو نہ معلوم سرزمین ہند ایسے کتنے چاند بیبیوں کو پیدا کرتی مگر چونکہ ایسا نہ تھا لہٰذا ایک کے سوا سب معدوم ہو گئیں اسی قابل قدر و قابل فخر ہستی کے حالات سے وطن کے ہر بچہ بچہ کو واقف رہنا ضروری ہے اور اسی ضرورت کو پیش نظر رکھ کر اس مضمون میں چاند بی بی کے مفصل حالات کو سلیس اور عام فہم زبان میں پیش کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔

یوروپین ارباب قلم نے ”گولڈن ڈیڈس“ کے سب سے قیمتی اور قابل عزت سلسلہ واقعات میں ایک اسپینش عورت آگسٹنا کا واقعہ پیش کیا ہے کہ ۱۸۰۸ء میں جبکہ نپولین اور اسپین میں جنگ ہو رہی تھی آگسٹنا نے ایک سپاہی کے لئے کھانا لے جاتے ہوئے یہ خوفناک منظر دیکھا کہ دشمن کی

گولی نے ایک گولہ انداز سپاہی کا خاتمہ کر دیا دوسرے سپاہیوں نے بہتیری کوشش کی کہ مقتول سپاہی کی جگہ لیں مگر بندوقوں کی گولیاں ایسے زوروں سے برس رہی تھیں کہ سپاہی آگے بڑھتے ہوئے کانپ جاتے تھے، آگینا دوڑ کر مقتول سپاہی کی جگہ پر پہونچی اور اس توپ میں جس کو مقتول سپاہی نے ٹھیک دشمنوں کے نشانہ پر رکھا تھا دیا سلائی لگا دی اور آخر تک خدمت انجام دیتی رہی اس کی خدمت کو یورپین گولڈن ڈیڈس کا مایہ ناز کارنامہ سمجھا گیا اگر ناظرین چاند بی بی کے کارنامۂ حیات سے اس کا مقابلہ کریں تو معلوم ہوگا کہ کس کا کارنامہ زیادہ تر تعریف و تحسین کا مستحق ہے۔

جیسا کہ تاریخ فرشتہ اور ماثر رحیمی کا بیان ہے چاند بی بی قرا محمد کی اولاد سے تھی اس کی ماں خونزہ ہمایوں مرزا خوجگی کی نواسی تھی جس کا سلسلہ نسب قرا محمد سے جا ملتا ہے جو ترکمانوں کے ایک قبیلہ قرا قونیلو کا سردار تھا ۸۷۳ھ میں تاتاری نسل کے ایک قبیلے آق قونیلو نے قبیلہ قرا قونیلو کو شکست دے کر مار بھگایا تو مرزا خواجگی کا لڑکا میاں جیو احمد نگر چلا آیا اور نظام شاہ کے دربار میں ملازمت اختیار کر لی خونزہ ہمایوں اسی کی لڑکی تھی جس کو میاں جیو نے حسین نظام شاہ سے بیاہ دیا اور اس کے بطن سے چاند بی بی پیدا ہوئی (۹۵۷ھ)

افسوس ہے کہ چاند بی بی کے بچپن کے حالات کا کسی مورخ نے بھی تذکرہ نہیں کیا البتہ علی عادل شاہ سے شادی کے بعد اس کی تاریخی زندگی کا آغاز ہوتا ہے جس کو مختلف مورخین نے شرح و بسط سے قلم بند کیا ہے علی عادل سے چاند بی بی کی شادی کی یہ وجہ بیان کی جاتی ہے کہ اس زمانہ میں رام راج والیٔ بیجانگر کی طاقت بہت بڑھ گئی تھی جس سے دکن کی سلطنتیں بہت خائف ہو گئیں۔ بیجانگر کے حدود سلطنت بھی وسیع ہو گئے تھے۔ رام راج اتنا قوی ہو گیا تھا کہ وہ ایک ایک کر کے سلاطین دکن کو آسانی کے ساتھ مغلوب کر سکتا تھا۔ اس ڈر سے علی عادل شاہ والیٔ بیجاپور نے گولکنڈہ اور احمد نگر سے رشتۂ اتحاد جوڑنا چاہا تاکہ وقت پڑے تو متحدہ طور پر بیجانگر کو شکست دی جا سکے چنانچہ اس مقصد کے لئے علی عادل شاہ نے کشور خاں اور ابو تراب خاں کو ابراہیم قطب شاہ کے پاس روانہ کیا ابراہیم کو یہ تجویز بہت پسند آئی اور اس اتحاد کو مزید قوت بخشنے کے لئے اس نے اپنے وزیر مصطفیٰ خاں کو حسین نظام شاہ والیٔ احمد نگر کے پاس روانہ کیا حسین نظام شاہ نے بھی اس اتحاد کو پسند کیا اور مستحکم کرنے کے لئے حسین نظام اور علی عادل شاہ نے آپس میں شادی بیاہ کے رشتے بھی جوڑے چنانچہ طے پایا کہ حسین نظام کی بیٹی چاند بی بی کی شادی علی عادل شاہ سے کر دی جائے اور علی عادل شاہ اپنی بہن ہدیہ سلطان کی شادی حسین نظام کے لڑکے مرتضیٰ نظام شاہ سے کر دے مصطفیٰ خاں کے ذریعہ یہ بھی طے پایا کہ چاند بی بی کے جہیز میں شولاپور کا پرگنہ جو عرصہ دراز سے حسین نظام اور علی عادل شاہ کے درمیان باعث نزع تھا بیجاپور کو دیدیا جائے۔ حسین نظام نے یہ تجویز بھی منظور کر لی۔ ان امور کے طے پانے کے بعد طرفین سے نہایت دھوم دھام سے شادی کی تیاریاں شروع ہوئیں۔ دونوں شادیاں ایک تاریخ کو عمل میں آئی اور دونوں دلہنیں ایک سے دوسرے مقام کو ایک ہی

دن رخصت ہوئیں اس موقع پر احمد نگر اور بیجاپور دونوں شہروں کو نہایت شاندار پیمانے پر سجایا گیا تھا۔ اس تقریب کا بیان بساتین السلاطین میں بہت تفصیل سے کیا گیا ہے۔

سلطان علی عادل شاہ کی وفات ایک بریدی غلام کے ہاتھ ۹۸۸ھ میں واقع ہوئی علی عادل شاہ کو کوئی اولاد نہ تھی اس لئے اس نے اپنے بھتیجے ابراہیم کو ۹۸۰ھ میں ولیعہد کیا تھا علی عادل شاہ کی وفات کے بعد سلطنت میں بدنظمیاں پھیل گئیں بادشاہ کمسن تھا جو شخص بھی اتالیق بنایا جاتا وہ اپنے اختیارات وسیع کر کے سلطنت کے جزو کل پر حاوی ہو جاتا تھا کامل خاں کو وکیل السلطنت بنایا گیا تو وہ اقتدار کا اس قدر شایق تھا کہ اس نے بادشاہ کی شخصیت کو بالکل ہی نظر انداز کر دیا اس کے حکم سے یہ قاعدہ مقرر ہو گیا تھا کہ چہارشنبہ اور جمعہ کے سوا باقی دنوں میں چاشت کے وقت ابراہیم کو حرم سے نکالا جاتا اور تخت شاہی پر بٹھایا جاتا تمام اراکین جمع ہونے کے بعد کامل خاں ہر ایک امیر کے واسطے مناصب و خطابات تجویز کرتا اپنے وسیع اختیارات کو کام میں لاکر اس نے تمام ذمہ دار عہدوں پر اپنے لوگوں کا تقرر کرنا شروع کیا اس کے بعد اس سے چند ایسی حرکتیں سرزد ہوئیں کہ لوگوں کو اس کے متعلق شبہ ہونے لگا خصوصاً چاند بی بی کو جس کی زیر تربیت ان دنوں شاہ ابراہیم تھا۔ کامل خاں کی یہ حرکتیں بہت ناگوار گذریں اور اس نے بہت ہی سخت الفاظ میں کامل خاں کو ڈانٹا کامل خاں نے چاند بی بی کو سخت گستاخانہ جواب دیئے یہ دیکھ کر چاند بی بی نے کامل خاں کی بیخ کنی کا مصمم ارادہ کر دیا۔ اس زمانہ میں کشور خاں شاہی امیروں میں بڑے پایہ کا شخص تھا چاند بی بی نے کشور خاں کو کامل خاں کے خلاف بھڑکانا شروع کیا مگر جب وہ کسی طرح راضی نہ ہوا تو روئی اور چرخہ سمیت اس کے پاس پیغام بھیجا کہ کامل خاں وکالت کے لایق نہیں ہے اگر تجھے اپنے باپ کی میراث لینا ہے تو میں تجھے یہ منصب دیتی ہوں ورنہ چرخہ پونی موجود ہے یہ لو اور زنانہ لباس پہن کر گھر میں بیٹھو۔[1]

اس عبرت آمیزی سے کشور خاں کا جذبہ عمل بھی حرکت میں آیا اور اس نے حصول مقصد کے لئے کل اراکین سلطنت کو اپنے موافق بنایا کامل خاں کو جب ان کارروائیوں کی اطلاع ہوئی تو وہ انھیں محض بازیچہ طفلاں سمجھا مگر جب کشور خاں چار سو سواروں کے ساتھ اس کو گرفتار کرنے کے لئے آیا تو آنکھیں کھلیں اور پناہ لینے کی خاطر وہ فوری چاند بی بی کے پاس بھاگا اس کے ایک خواجہ سرا نے اس سے کہا کہ آپ کو کچھ بھی خبر نہیں یہ تمام کارروائیاں محض چاند بی بی کے اشارے سے ہو رہی ہیں اور اس نے آپ کے استیصال کا قصد کیا ہے کامل خاں اس سے اور بھی پریشان ہوا اور اپنے مکان کا راستہ لیا۔ شہر پناہ کا دروازہ بند تھا اس لئے وہ فصیل پر چڑھا جس کا ارتفاع بارہ گز بیان کیا جاتا ہے اور دیوار کے ایک کنگورہ سے رومال باندھ کر لٹک گیا اور خندق میں پھاند کر بخیریت اپنے مکان ہو پہنچ اور وہاں سے آٹھ نو جانثار لے احمد نگر کا راستہ لیا چاند بی بی نے

---

[1] تاریخ دکن

کشور خاں کو اس کے تعاقب کا حکم دیا اور وہ شہر سے چار میل بھی نہ گیا ہوگا کہ کشور خاں کے سپاہیوں نے اُسے جا پکڑا اور شیر بچہ نامی ایک شخص نے نیچے گرا کر اس کا سر کاٹ لیا۔[۱]

اس واقعہ کے کچھ عرصہ بعد کشور خاں منصب وکالت پر فائز ہو گیا چند روز تک تو رعایا اس سے بہت خوش رہی مگر حکومت کے جوش اور جذبۂ جاہ طلبی سے متاثر ہو کر اس نے بھی چند ایسی کارروائیاں کیں کہ خود چاند بی بی اس سے ناراض ہو گئی کشور خاں نے افضل خاں کو بھی ناراض کر دیا جو اس زمانہ میں بیجانگر اور گولکنڈہ سے لڑائی کر کے مظفر و منصور واپس آ رہا تھا اس نے چاند بی بی سے بغیر مشورہ کئے افضل خاں کو لکھا کہ مال غنیمت میں جتنے ہاتھی اور دولت مل جائے بیجاپور روانہ کر دے اس سے کشور خاں کے علانیہ طور پر دشمن بن گئے اسی وقت ایک محفل مشورت بیٹھی اور طے یہ پایا کہ مصطفےٰ خاں کو بنکاپور سے بلوا کر وکیل سلطنت بنانا چاہئے ایک اور مورخ لکھتا ہے کہ خود افضل خاں نے چاند بی بی کو ایک عرضی بھیجی تھی جس میں اُس نے کشور خاں کی شکایت کی اور اس میں اشارۃً منصب وکالت کے لئے مصطفےٰ خاں کی سفارش کی مگر کشور خاں کو اس سازش کا پتہ چل گیا اور پھر اس نے اپنے ایک ہوا خواہ محمد امین کے ذریعہ خاص بنکاپور میں مصطفےٰ خاں کو حالت نماز میں مروا ڈالا۔

مصطفےٰ خاں اہل بیت سے تھا خود چاند بی بی بھی اہل بیت سے تھی اس جانکاہ واقعہ کو سُن کر اس نے کشور خاں کو بہت ہی برا بھلا کہا اور علانیہ طور پر امراء کو ترغیب دی کہ وہ کشور خاں کا دفیعہ کریں اس مخالفت سے کشور خاں نے چاند بی بی کی بیخ کنی کرنی چاہی اور موقع کا طالب رہا اور آخر کار ایک روز موقع پا کر اس نے چاند بی بی پر یہ الزام لگایا کہ وہ سلطنت بیجاپور کی بدخواہ ہے اور سلطنت کے ہر راز سے اپنے بھائی مرتضیٰ نظام شاہ والی احمد نگر کو واقف کرا دیتی ہے لہٰذا وہ اس قابل نہیں ہے کہ محل کے اندر رہ کر امور سلطنت سے تعلق رکھے اس بہانہ سے کشور خاں نے چاند بی بی کو قلعہ ستارہ بھیجنے کے لئے بلوایا مگر جب وہ نہ آئی تو اُس نے حرم کے خادموں کو حکم دیا کہ وہ اس کو جبراً محل سے باہر لے آئیں مگر جب کسی خادم نے اس کی تعمیل نہ کی تو خود اس کے آدمی محل کے اندر گھسے اور نہایت بیدردی اور ذلت کے ساتھ چاند بی بی کو حرم سے باہر لے آئے اور پھر کشور خاں نے اس کو علی الاعلان قلعہ ستارہ میں قید رکھنے کے لئے بھیجدیا۔ فرشتہ اس واقعہ کو نہایت تفصیل کے ساتھ یوں بیان کرتا ہے کہ چاند بی بی کی کنیزوں کو بیلوں پر سوار کرا کے دن کے وقت نکالا گیا وہ سر و پا برہنہ تھیں اور سر بازار کشور خاں کو کوستی اور روتی پیٹتی جاتی تھیں عورتوں کی گریہ وزاری سے شہر میں ایک تہلکا مچ گیا تھا اور ہر شخص کے دل میں کشور خاں سے نفرت پیدا ہو گئی تھی اس کام کو رات میں بھی کیا جا سکتا تھا مگر کشور خاں نے اس کو دن میں کر کے اور بھی برا کیا نیز اس نے اُن کنیزوں کو بھی نکال دیا جن کو علی عادل شاہ نے خاص اپنے لئے جمع کیا تھا اور انھیں اجازت دیدی کہ وہ جس سے چاہیں نکاح کر لیں کشور خاں کی ان گستاخیوں سے رعایا اور برہم ہو گئی اس زمانہ میں ایک

---

[۱] تاریخ فرشتہ جلد سوم

معمولی واقعہ سے بادشاہ کی ماں بڑی بیگم بھی ناراض ہوگئی امرائے حبوش بھی اس کے خلاف ہو گئے اِن سب ناموافق واقعات نے کشور خاں پر ثابت کردیا کہ اس کے زوال کی ساعت قریب آپہونچی ہے اس لئے وہ جان بچاکر بیجاپور سے بھاگا مگر گولکنڈہ میں مصطفےٰ خاں کے ایک رشتہ دار نے اس کو قتل کر دیا۔

کشور خاں کے بعد اخلاص خاں وکیل السلطنت مقرر ہوا۔ اس نے چاند بی بی کو قلعہ ستارہ سے واپس بلوایا اور حسب سابق اس کو سلطان ابراہیم کی تعلیم و تربیت پر مقرر کیا نیز چاند بی بی کی رائے سے افضل خاں کو دوبارہ پیشوا مقرر کیا۔ اخلاص خاں نے یہ سب کارروائی محض اس لئے کی کہ عوام میں ہر دلعزیز ہو جائے۔ کامل خاں اور کشور خاں امرائے غریب سے تھے مگر اخلاص حبشی تھا۔ حبشی تعداد میں کم تھے ان میں اتفاق بھی نہ تھا۔ نیز لوگ ان کو ذلیل سمجھا کرتے تھے۔ چاند بی بی نے اختیار پاتے ہی اپنی توجہ امرائے غریب کی طرف پھیر دی اخلاص خاں کو جب اس کا کھٹکا ہوا تو اُس نے ان امراء کے استقبال کے لئے نہایت ہی ظالمانہ کارروائی شروع کی۔ تاکہ انھیں کو دور کرکے چاند بی بی کے اقتدار کو زائل کردے۔ سب سے پہلے اس نے کشور خاں کے پسماندوں کی طرف توجہ کی اور انھیں قتل کرنا شروع کیا اس کے بعد ایک غلام یاقوت نامی کو جو ابراہیم کی خدمت میں رہتا تھا مار ڈالا اور اس کے ٹکڑے بنا کر شہر کے ہر دروازہ پر ایک ایک ٹکڑا بھجدیا تاکہ ٹانگ دیا جائے اور پھر حکم دیا کہ کشور خاں کی عورتوں کو بھنگی چماروں کو دیدیا جائے۔ کیونکہ کشور خاں نے شاہی حرم کی عورتوں کی ذلت کی تھی۔ اس کے ان تمام افعال میں ذاتی اغراض محرک تھے جو کسی طرح پسندیدہ نظروں سے نہ دیکھے گئے۔ اور افضل خاں رفیع الدین اور چاند بی بی اس کے سخت مخالف ہو گئے اخلاص کو افضل خاں اور رفیع الدین کا بہت ڈر تھا موقع پاکر اُس نے ان دونوں بھائیوں کو پا بزنجیر کرلیا اور کچھ ہی دیر بعد ایک شخص آکر افضل خاں کو جیل خانہ سے باہر لے گیا۔ اور اُس کے ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالے۔ دو روز تک لاش بے گور و کفن سڑک پر پڑی رہی۔ اور دو روز کے بعد اس کو فتح اللہ شیرازی کے نوکروں نے دفن کر دیا۔ رفیع الدین[1] کے قتل کے سامان بھی فراہم ہوگئے تھے مگر چند آدمیوں نے بیچ میں پڑکر اس کی جان بخشی کرائی اس زمانہ میں دیگر جو بدنظمیاں پھیلیں ان کی تفصیل کے لئے ایک مستقل کتاب کی ضرورت ہے۔ اس مختصر سے مضمون میں ان سب کے اندراج کی گنجائش نہیں۔ البتہ ایسے وقت چاند بی بی کے تدبیر اور سیاسی دانشمندی نے بگڑے ہوئے حالات کو چند روز کے لئے سنبھال دیا۔

اس موقعہ پر اُس نے اخلاص خاں کو طلب کیا اور حالات کی نزاکت جتا کر اُسے راضی کرلیا کہ وہ کچھ عرصہ کے لئے عہدہ وکالت سے دست بردار ہو جائے۔ کیونکہ اس کی نیابت سے رعایا اور دیگر امراء میں سخت بدنظمی پھیلی ہوئی تھی۔ اخلاص خاں ایک تندمزاج اور سخت گیر آدمی

---

[1] رفیع الدین شیرازی بیجاپور کا مشہور مورخ گذرا ہے اس نے تذکرۃ الملوک لکھی ہے جو بیجاپور کے بارے میں تاریخ فرشتہ سے بھی مستند کتاب ہے۔

ہونے کے باوجود چاند بی بی کو اس تجویز سے اتفاق کرنے پر مجبور ہونا اور اس کی جگہ پر چاند بی بی نے شاہ ابوالحسن کو وکیل سلطنت مقرر کیا اس زمانہ میں تین شخصیتیں اقتدار کے لئے کوشاں تھیں۔ ایک تو دلاور خاں جو قطب شاہ اور نظام شاہ سے جنگ کرنے کے بعد واپس آیا تھا دوسرے شاہ ابوالحسن جو مستقل ہونے کی ممکنہ تجاویز سوچ رہا تھا۔ تیسرا اخلاص خاں جس کا اب بھی سلطنت میں کافی اثر اور اقتدار تھا اس فرقہ واری جنگ میں دلاور خاں کامیاب رہا۔ اخلاص خاں اور ابوالحسن کو اس نے گرفتار کرکے قید کر لیا اور قید میں دونوں کی آنکھیں نکلوا دیں اور دونوں نے قید ہی میں وفات پائی۔

دلاور خاں ایک سیاسی دور اندیش اور مدبر شخص تھا اپنی حیثیت کو استحکام دینے اور مستقل کرنے کے لئے اس نے دوسری سلطنتوں سے شادی بیاہ کے رشتے جوڑے جس میں اسے کامیابی ہوئی۔ اس نے ابراہیم عادل شاہ کی طرف سے صلابت خاں وکیل السلطنت مرتضیٰ شاہ کے پاس ایلچی بھیجا۔ اور اس سے دوستی پیدا کی اس دوستی کے باعث مرتضیٰ شاہ نے ۹۹۲ھ میں ابراہیم عادل شاہ کے نام ایک خط بھیجا اور خواہش ظاہر کی کہ اگر ابراہیم عادل شاہ اپنی بہن بی بی خدیجہ کو اس کے بیٹے میران حسین سے بیاہ دے تو اس خلوص و اتحاد میں اور ترقی ہوگی۔ عادل شاہ نے اس کی درخواست کو بخوشی منظور کر لیا۔ طرفین سے شادی کی دھوم دھام سے تیاریاں ہوئیں۔ مرتضیٰ شاہ کی جانب سے قاسم بیگ بڑے بڑے امراء اور چار سو خاص فیل لیکر نہایت شان و شوکت سے دلہن کو لینے کے لئے بیجاپور آئے دولہے والے بیجاپور کے قریب شاہ پور میں ٹھیرے جا پہنچنے تک فریقین میں پُر لطف طریقہ پر شادی کے جشن منائے گئے اور ناچ رنگ ہوتے رہے اور پھر دلہن کی پالکی روانہ ہوئی۔ چاند بی بی بھی دلہن کو پہونچانے کے لئے احمد نگر روانہ ہوئی۔ اس کی علی عادل شاہ سے شادی ہو کر (۲۱) سال گذر چکے تھے۔ مگر اس نے اب تک اپنے بھائی مرتضیٰ شاہ سے ملاقات نہ کی تھی نیز وہ خدیجہ سلطانہ سے بہت اُلفت رکھتی تھی اور اس کی مفارقت اس کو ہرگز گوارہ نہ تھی اس لئے ہی اب وہ بیجاپور میں ٹھیرنا نہ چاہتی تھی فرشتہ کی روایت کے بموجب یہ قافلہ ۹۹۳ھ میں احمد نگر پہونچا۔ اور وہاں بھی نہایت شاندار جشن اور خوشیاں منائی گئیں۔

مگر یہ رشتہ اتحاد بہت ہی عارضی ثابت ہوا کیونکہ اس کے چند ہی روز بعد جب دلاور شاہ نے قطب شاہی خاندان سے شادی بیاہ کے تعلقات قایم کرنا چاہے اور جیسا کہ دکن کی اکثر تاریخوں میں مذکور ہے محمد قلی قطب شاہ کی حقیقی بہن چاند سلطان سے ابراہیم عادل شاہ والی بیجاپور سے شادی کرنا چاہا تو یہ امر صلابت خاں نائب سلطنت احمد نگر کو ناگوار گذرا۔ کیونکہ وہ جانتا تھا کہ سلطنت گولکنڈہ صرف احمد نگر سے دوستانہ تعلقات رکھے۔ محمد قلی قطب شاہ صلابت خاں سے دشمنی مول لینا نہ چاہتا تھا جب اس کو صلابت خاں کی ناراضگی کا حال معلوم ہوا تو اس نے دلہن کی پالکی بھیجنے میں پس و پیش کیا اس واقعہ سے دلاور خاں کو بھی رنج ہوا۔ پھر چاند بی بی اور علی عادل شاہ کی بیجاپور سے واپسی کے بعد صلابت خاں نے دلاور خاں سے علاقہ شولاپور جو چاند بی بی کے جہیز میں دیا گیا تھا واپس مانگا۔ دلاور خاں نے واپس کرنے سے انکار کیا اس بنا پر صلابت خاں اور دلاور خاں میں کشیدگی پیدا ہو گئی۔ یہ تمام کارروائیاں کچھ اس رازدارانہ طور پر کی گئی تھیں کہ مرتضیٰ نظام شاہ کو اس کی مطلق خبر نہ تھی۔ جب

اس کو خبر ہوئی تو وہ صلابت خاں سے بہت ناراض ہوا اور اس کو بلا کر سوال کیا کہ تو حلال خور ہے یا حرام خور۔ صلابت خاں نے عرض کیا کہ جہاں پناہ کے حکم کے تابع ہوں جو حکم ہو اس کی تعمیل کروں گا۔ مرتضیٰ نے اس سے کہا کہ میں تجھ سے بہت ناراض ہوا۔ اور تیری نیابت کو پسند نہیں کرتا مگر مجھ میں اتنی سکت بھی نہیں کہ تجھ کو علیحدہ یا قید کر سکوں اس لئے مجبور ہوں صلابت خاں نے نہایت وفاداری سے جواب دیا کہ مجھے جس قلعہ میں قید ہونے کا حکم صادر فرمایا جائے تو میں بخوشی اپنی راضی سے وہیں جا کر قید ہو جاؤں گا۔ مرتضیٰ نے کہا دندا راجپوری میں چلا جا۔ صلابت خاں نے اس حکم کی تعمیل کر کے اپنی وفاداری اور حکم برداری کی ایک لاثانی نظیر چھوڑ دی۔ وہ فوراً اپنے گھر آیا قیدیوں کی طرح پیروں میں بیڑیاں ڈلوائیں اور دوستوں کے منع کرنے کے باوجود قلعہ دندا راجپوری جا کر قید ہو گیا۔ مرتضیٰ شاہ نے قاسم بیگ کو وزارت کے عہدہ پر مقرر کیا اور پھر دلاور خاں سے بھی صلح کر لی۔ اس زمانہ میں سلطنت احمد نگر میں چند ایسے بدنظمیاں پیدا ہوئیں کہ مرزا خاں وزیر سلطنت کے ایما سے شہزادہ میراں حسین نے اپنے باپ مرتضیٰ شاہ کو حمام میں سخت عقوبت کے ساتھ جلا کر اور پانی کو ترسا ترسا کر مار ڈالا اور خود تخت سلطنت پر متمکن ہو گیا[5] اور پھر کچھ ہی روز بعد مرزا خاں نے میراں حسین کو بھی قتل کر دیا اور اس کی جگہ اسمٰعیل بن شاہزادہ کو تخت پر بٹھایا اور پھر اُسی زمانہ میں بہت جلد احمد نگر میں سُنّی شیعہ کے مذہبی فسادات پھیل گئے جس میں مرزا خان مارا گیا اور ملک میں امرا کی وہ انقلاب انگیز جنگ چھڑی کہ حکومت متزلزل ہو گئی اور اغیار کو ملک پر چڑھائی کرنے کا موقع ملا۔ شہنشاہ اکبر کی اعانت سے برہان نظام شاہ تخت احمد نگر پر قابض ہو گیا جس کی اس کو مدت سے آرزو تھی۔ چار سال کچھ ماہ حکومت کرنے کے بعد برہان شاہ کا انتقال ہو گیا اور اس کی وصیت کے بموجب ابراہیم نظام شاہ کو بادشاہ بنایا گیا مگر اس کو قتل کر دیا گیا۔ اس زمانے میں وزیر السلطنت میاں منجھو کا امور سلطنت میں بہت دخل تھا ابراہیم نظام شاہ کے قتل کے بعد اس نے اپنا اقتدار بڑھانے کے لئے ممکنہ مساعی کیں اور شاہی خزانہ پر بھی قابض ہو گیا۔

برہان نظام شاہ اول کے انتقال کے بعد جیسا کہ اوپر ذکر ہوا ہے حسین نظام شاہ اس کا جانشین کیا گیا تھا حسین نظام شاہ کے خوف سے محمد خدا بندہ اور اکثر امرا ادھر اُدھر فرار ہو گئے تھے ایک مدت دراز کے بعد ایک شخص حوالی احمد نگر میں آیا اور بیان کیا کہ میرا نام شاہ طاہر ہے شہزادہ خدا بندہ کا بیٹا ہوں میرا باپ بنگالہ میں مر گیا ہے۔ حوادث روزگار سے مصیبتیں اٹھا کر میں اپنی موروثی سلطنت میں پناہ لینے آیا ہوں اُس وقت مرتضیٰ شاہ کا عہد اور صلابت خاں کی نیابت تھی صلابت خاں نے اگرچہ اس کی تحقیق کی مگر جب کافی ثبوت نہیں ملا تو اس کو قلعہ دولت آباد میں قید کر دیا[6]۔

---

[5] تاریخ فرشتہ

[6] تاریخ فرشتہ مقام

شاہ طاہر کا قلعہ میں ہی انتقال ہو گیا اس کا ایک بارہ سالہ لڑکا احمد شاہ تھا۔ میاں منجھو نے اخلاص خاں اور دیگر امرائے جبوش اور چاندبی بی کو بلوایا اور بادشاہ بنانے کے متعلق گفتگو کی اس کا ارادہ تھا کہ احمد شاہ کو تخت نشین کرے جو لوگوں میں مجہول النسب مشہور تھا مگر امرائے جبوش اور چاندبی بی نے اس کی مخالفت کی ان کا ارادہ تھا کہ ابراہیم کے لڑکے بہادر شاہ کو بادشاہ بنایا جائے جس کی عمر اس وقت ڈیڑھ سال کی تھی مگر میاں منجھو نے اعتراض کیا کہ ایسے کمسن لڑکے کو بادشاہ جیسا ذمہ دار عہدہ دینے سے کیا فائدہ بادشاہ کم از کم ایسا ہونا چاہئے جو اپنے آپ کو کچھ سمجھنے لگا ہو اس نے کہا کہ شاہی خاندان کا ایک بارہ سالہ لڑکا قلعہ دولت آباد میں مقید ہے۔ میرے نزدیک وہ اس شیرخوار بچے سے تخت شاہی کے لئے زیادہ موزوں ہے۔ امرائے جبوش نے میاں منجھو کے اس ارادہ سے اتفاق کر لیا مگر چاندبی بی کبھی راضی نہ ہوئی تاہم میاں منجھو نے اس کی کوئی پرواہ نہ کی اور قلعہ دولت آباد سے احمد شاہ کو بلوا کر عین عید الضحیٰ کے دن ۱۰۰۳ھ میں اس کو بادشاہ بنا دیا اور اس روز خطبہ میں اس کے نام کا خطبہ پڑھوایا گیا۔ میاں منجھو نے بادشاہ کو جبراً قہراً چاندبی بی کے سرپرستی سے نکال کر قلعہ جوند میں قید کر دیا۔

چاندبی بی خاموش بیٹھنے والی نہ تھی اس نے اعلیان و اراکین دولت کو یقین دلایا کہ احمد شاہ شاہی نسل سے نہیں ہے بلکہ وہ ایک مجہول النسب لڑکا ہے۔ جب یہ بات مشہور ہو گئی تو امرا میاں منجھو سے ناراض ہو گئے۔ اور میاں منجھو سے لڑنے کے لئے مستعد ہو گئے۔ لڑائی میں اخلاص خاں حبشی اور چاندبی بی کی کوششوں سے میاں منجھو کو شکست ہوئی۔ اخلاص نے قلعہ جوند کو سپاہی بھیجے کہ بہادر شاہ کو چھڑا کر لائے۔ مگر قلعہ دار میاں منجھو کا طرفدار تھا اس نے بادشاہ کو رہا کرنے سے انکار کیا اس پر اخلاص خاں نے میاں موتی ایک طفل مجہول النسب کو احمد نگر کے بازار سے پکڑا اور شاہی خاندان سے منسوب کر کے اسے بادشاہ بنا دیا۔

اب میاں منجھو بہت پریشان ہوا اس کی ساری امیدیں منقطع ہو گئیں اس نے شاہزادہ مراد کو جو اس زمانہ میں شہنشاہ اکبر کی طرف سے گجرات کا صوبہ دار تھا امداد کے لئے لکھا مغلوں کی آنکھیں کئی دن سے دن کی طرف لگی ہوئی تھیں۔ مراد نے اس موقع کو غنیمت جانا اور آٹھ ہزار کی ایک فوج لے کر عبدالرحیم خانخاناں، شاہ رخ مرزا، شہباز خاں اور راجہ جگناتھ و دیگر اعلیان و امرا کے ساتھ احمد نگر کا رخ کیا مگر اس زمانہ میں اخلاص خاں اور امرا میں کچھ ایسی ناچاقی ہوئی کہ وہ اخلاص خاں کا ساتھ چھوڑ کر میاں منجھو کے طرفدار ہو گئے اب میاں منجھو کا پلہ پھر زبردست ہو گیا۔ مغلوں کی کمک کی کوئی ضرورت نہ تھی مگر شہزادہ مراد تیس ہزار فوج لے کر احمد نگر پہونچ گیا۔ اور میاں منجھو کو طلب کیا۔ میاں منجھو نے ہرچند اس بلا کو ٹالنا چاہا مگر کسی طرح اس کا دفیہ کا امکان نہ تھا۔ لہٰذا اس نے بہت سے زر و جواہر اور خزانہ مع قلعہ کے چاندبی بی کے حوالہ کیا اور خود گولکنڈہ اور بیجاپور کی طرف افواج کی امداد مانگنے کے لئے روانہ ہو گیا۔ چاندبی بی نے اب حصول اقتدار کا بہترین موقع دیکھا۔ پہلے تو اس نے محمد خاں امیر کے ذریعے انصار خاں کا خاتمہ کر دیا کیونکہ اس سے خوف تھا کہ کہیں وہ میاں منجھو کا طرفدار نہ ہو جائے اور پھر قلعہ احمد نگر

مغلوں کے حوالہ کر دے۔ اور پھر اسی روز بہادر شاہ کے نام کا غائبانہ خطبہ پڑھو دیا میاں موتی کو اخلاص خاں نے گرفتار کر لیا۔

اس وقت بیجاپور کے پانچ دعویدار تھے۔ اول چاند بی بی جو بہادر شاہ کو بادشاہ سمجھتی تھی دوسرے میاں منجو جو احمد شاہ کا طرفدار تھا۔ تیسرا اخلاص خاں جس نے موتی شاہ کو شاہ شطرنج قرار دیا تھا چوتھا آہنگ خاں حبشی جس نے شاہ علی بن برہان شاہ اول کو بادشاہ بنا رکھا اور پانچویں مغل حملہ آور۔

حکومت اشرافیت کے اس ڈھانچہ میں اتحاد و اتفاق کا عنصر بالکل مفقود تھا۔ البتہ اس منتشر فضا اور سیاسی بدنظمی میں چاند بی بی نے جو اہم ترین ملکی خدمات انجام دی ہیں وہ تاریخ میں ہمیشہ یادگار رہیں گی اس کی جدوجہد و مساعی اولوالعزمی اور اعلیٰ حوصلگی سے کہنا چاہئے کہ احمدنگر کے اس طوفان خیز سیاسی سمندر میں حکومت کی کشتی ایک عرصہ کے لئے صحیح و سلامت برقرار رہی۔ ورنہ اس کا کب کا خاتمہ ہو گیا ہوتا۔ چاند بی بی نے اس وقت نہایت عزم و استقلال سے کام لیا پہلے تو اس نے ملک کے بہترین انتظامات کئے امراء کو ان کے باہمی نفاق اور دشمنی سے ملک کا واسطہ دے کر غیرت دلائی اور ان میں اتحاد و اتفاق کی روح پھونک دی۔ پھر اس نے شاہ بیجاپور اور گولکنڈہ سے فوجی امداد طلب کی اور انھیں یقین دلایا کہ اگر وہ اس وقت احمدنگر کی امداد نہ کرینگے تو ایک وقت ایسا آئے گا کہ مغل احمدنگر پر قابض ہو جائیں گے اور پھر وہ کل دکن پر محیط ہو کر خود سلطنت بیجاپور و گولکنڈہ کا بھی خاتمہ کر دیں گے۔ اس غیرت دلانے میں واقعی حقیقت پوشیدہ تھی جس کا بیجاپور اور گولکنڈہ کو احساس ہوا اور انھوں نے ساٹھ ہزار فوج سے چاند بی بی کی مغلوں کے خلاف مدد کی۔ احمد اللہ صاحب اپنی کتاب "چاند بی بی" میں بیان کرتے ہیں کہ اتنا عظیم الشان لشکر تالی کوٹہ کی لڑائی کے بعد اب تک کسی موقع پر جمع نہ ہوا تھا۔

مغلوں کا مقابلہ سب سے پہلے اخلاص خاں کی فوج سے ہوا۔ خانخاناں نے اس کے مقابلہ کے لئے دولت خاں کو جو اکبری فوج کے منتخبہ سپاہیوں میں تھا روانہ کیا جس نے اخلاص خاں کو شکست فاش دی اور ان کو اتنا لوٹا کہ ایک مورخ کے تاریخی بیان کے سپاہیوں کے پائجامہ تک اتروا لئے اور آہنگ خاں چاند بی بی کی مدد کے لئے سات ہزار کا ایک جرار لشکر لے کر آیا اور مشرق کی جانب سے حملہ کرنا چاہا۔ کیونکہ اس سمت میں مغلوں کی کوئی فوج وغیرہ نہ تھی آہنگ خاں کو یقین تھا کہ وہ بآسانی چاند بی بی سے ملنے کے لئے قلعہ میں داخل ہو سکے گا۔ مگر دوسری فوج بیگم شہزادہ مراد حصار کے معائنہ کے لئے آیا تا کہ قیام کے لئے مناسب جگہ کی تلاش کرے۔ تو اس نے مشرقی سمت کو خالی پاکر خانخاناں کو اس کی نگرانی کے لئے چھوڑ دیا۔ خانخاناں اب تک باغ ہشت بہشت میں خیمہ زن تھا حکم پاتے ہی وہ اسی روز مشرق میں آگیا آہنگ خاں کو ان انتظامات کی مطلق خبر نہ تھی چنانچہ جب وہ آیا ہے تو خانخاناں کے دو تیر اندازوں نے اس پر تیر برسانا شروع کئے ادھر دولت خاں نے خود ہی چار سو جوانوں کے ساتھ دھاوا کر دیا آہنگ خاں کو اگرچہ شکست ہوئی تاہم عین وقت پر شاہ علی کی مدد سے وہ قلعہ میں چاند بی بی کے پاس پہونچ گیا۔

اس زمانہ میں سہیل خاں کی سرکردگی میں شاہ بیجاپور گولکنڈہ اور میاں منجھو کی کثیر (۱۰) ہزار فوج بھی احمد نگر کی طرف روانہ ہوئیں۔ان افواج کے پہونچنے کے پہلے ہی شہزادہ مرادنے کوشش کی کہ احمد نگر کی تسخیر کرے مگر چاند بی بی کے استقلال کے سامنے اس کی ایک بھی پیش نہ گئی اس نے تین ماہ تک احمد نگر کا محاصرہ کیا مگر قلعہ کا کچھ بگاڑ نہ سکا۔چاند بی بی نے نہایت ہی عدیم النظیر استقلال و بہادری سے ان کا مقابلہ کیا جیسے جیسے مغلوں کے مورچہ قلعہ کے قریب ہوتے جاتے چاند بی بی اپنی بندوق اور توپوں کی گولہ باری سے انھیں در ہٹادیتی۔چاند بی بی کا یہ وہ کارنامہ ہے جو حقیقت میں حروف زریں سے لکھا جانے کے قابل ہے اس کے اس دلیرانہ شمشیر زنی اور قوت جنگ سے متاثر ہو کر ایک مورخ رقمطراز ہے کہ ایسے نازک وقت میں نظام شاہی خاندان میں درحقیقت سلطنت کا اگر کوئی اور حقدار وارث تھا تو یہی عورت تھی۔وہ بہادر بھی تھی عاقلہ بھی تھی۔گو مسلمان عورتوں کی عام پاکدامنی کے باعث اس کی عصمت کوئی بڑی فخر کی بات نہیں تھی۔جب یہ خیال کیا جائے کہ وہ بادشاہ زادی اور خود مختار تھی تو وہ البتہ وہ ایسی تھی کہ ایسی پاکدامنوں کی مثالیں شاذ و نادر ہی ہوا کرتی ہیں۔افسوس کہ ملاؤں کی پردہ نشینی کی سختی نے اسے سلطنت سے محروم رکھا ورنہ ایسی لائق اور بہادر عورتیں دنیا میں بہت ہی کم دیکھنے سننے میں آتی ہیں۔جب مغلوں نے قلعہ کا محاصرہ کیا تو اس نے ان کے فیصلہ پر کمر باندھی جب مغلوں نے سرکوب بنائے تو وہ بھی آدمیوں کو مقرر کرتی اور قلعہ کے برجوں کو اس کے مقابلہ میں خوب بلند کرا دیتی۔جب وہ خندق محیط قلعہ کو مٹی پتھر سے پاٹ کر اندر جانے کا راستہ کرتے تو وہ اسے خالی کروا دیتی۔جب وہ اپنے مورچوں کو آگے بڑھاتے تو وہ ایسی توپیں مارتی کہ مغلوں کو پیچھے ہی ہٹنا پڑتا۔اور راتوں کو قلعہ سے نکل نکل کر شبخونوں سے تنگ کرتی۔اور مغلیہ فوج کو قتل و غارت کرکے اس کی فوج پھر قلعہ میں گھس جاتی غرضکہ مغلوں کی برائی تجویز کے مقابلہ میں جو قلعہ شکنی کے لئے اختیار کرتی۔چاند بی بی کی جانب سے برابر اس کا جواب ملتا۔اس طرح مغلوں کی تین ماہ کی مسلسل اور انتھک مساعی کے باوجود جس میں شہنشاہ اکبر کے وہ سرداران فوج اور ایسے سپاہی تھے جنھوں نے اکبر کی وسیع شہنشاہیت کے قیام میں حیرت انگیز جنگجویانہ کارنامہ دکھلائے تھے ایک عورت کے مقابلہ میں اور عورت بھی ایسی کہ جو مختلف قسم کے سیاسی انتشار و بطنوں میں پھنسی ہوئی تھی اپنے جوش عمل کو پست اور حوصلوں کو سرد محسوس کر رہے تھے۔

اب چاند بی بی کا وہ بے مثل اور بہادر کارنامہ درج کیا جاتا ہے جس سے دکن کی تاریخیں لبریز ہیں جب تین ماہ مغلوں کے بہادر سپاہیوں کو قلعہ احمد نگر کی فتح میں مایوسی ہوئی اور دوسری طرف سے سہیل خاں کا ہر وقت خوف لگا رہنے لگا تو شہزادہ مراد نے ایک محفل مشاورت منعقد کی جس میں اس نے بڑے بڑے امرائے اکبری کو بلوایا اور ان سے اس بارے میں بھی رائے دریافت کی ان سب نے ہم زبان ہو کر جواب دیا کہ جہاں تک ممکن ہو دکنی لشکر کے پہونچنے سے قبل ہی احمد نگر کو فتح کر لینا چاہئے۔اب شاہزادہ نے محاصرہ کا خوب بندوبست کیا آمد و رفت کے راستہ اس طرح بند کر دیے کہ اہل قلعہ کو اس کی خبر تک نہ ہو سکی۔اور پھر اس نے فصیل میں نقب لگانے کا حکم دیا چنانچہ پانچ زبردست سرنگیں قلعہ

کی دیواریں لگوائی گئیں جو دیوار کے نیچے سے بہت دور تک اندرونی فصیل میں پہونچ گئیں اور پھر ان سب کو بارود سے بھر دیا جا کر کنکر مٹی سے ان کے سوراخ بند کئے۔ اور شہزادہ کے حکم کے مطابق یہ طے پایا کہ سرنگیں کل بروز جمعہ بعد نماز اڑائی جائیں۔ اکبری لشکر میں خواجہ محمد خاں شیرازی چاند بی بی کا دوست تھا وہ اہل قلعہ کا ہم مذہب بھی تھا اس لئے اہل قلعہ سے اس کو ہمیشہ ہمدردی تھی خفیہ طور پر ان سرنگوں کا حال چاند بی بی پر ظاہر کر دیا۔ اور ان کی جگہ بھی بتلادی چاند بی بی اسی وقت اٹھ کھڑی ہوئی اور سرنگوں کی تلاش میں مصروف ہوئی اور جمعہ کی نماز کے قبل دو سرنگوں کا پتہ چلا لیا اور ان میں سے بارود خارج کر کے اتنا پانی بھروا دیا کہ نہریں بہ نکلیں اور پھر اس کے بعد دوسرے سرنگوں کی تلاش میں مصروف ہوئی۔

شہزادہ مراد اور خانخاناں میں ناچاقی تھی اور ہر ایک کوشش کر رہا تھا کہ قلعہ کی فتح اس کے نام ہو جمعہ کی نماز کے بعد شہزادہ نے خانخاناں کے بلا اطلاع قلعہ کی جانب کوچ کیا اور موقعہ پر پہونچ کر حکم دیا کہ سرنگیں اڑائی جائیں۔ تین سرنگوں نے ایک زبردست دھماکے کے ساتھ پچاس گز فصیل منہدم کر کے ایک وسیع شگاف بنا دیا۔ مورخ فرشتہ کا بیان ہے کہ سرنگوں کے اڑانے کے ساتھ ہی فصیل پر کے آدمی سرنگوں نے فضا میں آسمان کی طرف اس طرح اڑا گئے جیسے کبوتر۔ اور پھر جہاں کہیں وہ پتھر اور کڑیاں وغیرہ گریں ان سے اہل قلعہ کو بہت نقصان پہونچا تاہم قلعہ والے چونکہ سرنگوں کے حال سے واقف تھے اس لئے انھوں نے پہلے ہی سے احتیاط کر لی تھی۔ اور وہ نقصان نہیں پہونچا جس کا اس وقت احتمال تھا۔ مرتضیٰ خاں آہنگ خاں، شمشیر خاں اور محمد خاں اور دیگر چھوٹے چھوٹے امرائے جب فصیل میں اتنا بڑا شگاف دیکھا تو خوف و دہشت کے مارے بھاگ چھپ گئے۔ ہر طرف دھواں اٹھ رہا تھا۔ قلعہ کی دیواریں دھاکوں کے ساتھ گر رہی تھیں میدان جنگ نمونۂ حشر بن گیا تھا پتھر اڑ کر ادھر ادھر گر رہے تھے۔ سینکڑوں پتھر کے نیچے دب کر ہلاک ہوگئے۔ خود حملہ آور بدحواس اور پریشان ہو گئے تھے اس وقت قلعہ کی حفاظت تو کیا لوگوں کو اپنی جان کے لالے پڑ گئے تھے ایسے وقت شیر دل چاند بی بی نے برقعہ پہن بر گلے میں شمشیر حائل کی ایک برہنہ شمشیر ہاتھ میں لی اور برہنہ پا نہایت ہی سرعت کے ساتھ جائے موقعہ پر آ پہونچی جبکہ بڑے بڑے سورماؤں کے دل خوف و دہشت سے دہل جا رہے تھے مغل حملہ آوروں کا گھوڑے پر سوار ہو کر سر توڑ مقابلہ شروع کیا اور پھر بڑھتے ہوئے حملہ آوروں کو پسپا کر کے مٹی اور پتھر سے تھیلے بھر بھر کر شگاف کے ایک بڑے حصے کو پر کر دیا۔ اور جتنا دہ شگاف بچا ہوا تھا اس پر خود شمشیر برہنہ کے ساتھ آ کھڑی ہوئی۔ یہ وقت بھی عجیب تھا دن کے دو بجے تھے سخت دھوپ پڑ رہی تھی ملکہ کے جسم سے پسینہ بہہ رہا تھا تاہم وہ برابر مصروف تھی کشتوں کے پشتے لگ رہے تھے۔ فصیل میں دبے ہوئے جاں بلب آخری سانس توڑنے والوں کی دلخراش کراہ سننے والوں کے جگر کو پارہ پارہ کرتی تھی۔ خون کی ندیاں بہہ رہی تھیں مغل سپاہی اپنی جانکاہ کوشش سے قلعہ میں داخل ہونے کی ممکنہ کوشش کر رہے تھے۔ اور جو بھی شگاف پر آیا چاند بی بی کی خون آشام تلوار سے لقمۂ اجل ہو گیا ادھر شہزادہ مراد

قلعہ کو فتح کرنے کا نہایت ہی بہترین موقعہ سمجھ کر اپنے بہادر سپاہیوں کو حملہ کی ترغیب دے رہا تھا۔ شمشیر زن بیگم کی یہ جوانمردی دیکھ کر امرائے احمد نگر کو بھی غیرت آئی نیز چاند بی بی نے بھی ایسے نازک وقت پر نہایت ہی جوش میں انھیں حفاظت ملک کے لئے آمادہ جنگ کیا اس نے بآواز بلند اہل قلعہ سے کہا

> اے مردان بکوشید جار زنانی نہ پوشید۔ اے مردو نہیں بلکہ مرد کی تصویر دآؤ اور حفاظت ملک کی کوشش میں جان
> لڑا دو یا زنانی لباس پہن کر دعویٰ مردانگی سے دست بردار ہو جاؤ یاد رکھو حیات کو بقا نہیں کسی نہ کسی دن تمھیں
> ضرور موت سے دوچار ہونا پڑے گا تو پھر تم کیوں نہ نیک نامی اور ناموری کے ساتھ مرجاؤ۔ تمھیں جاننا چاہیے
> کہ اگر اب تم نے ملک کے بچانے میں بزدلی دکھلائی تو پھر کل تمہارا ملک تمہارے دشمنوں کے ہاتھ ہوگا اور ایسے
> وقت یقین مانو تمہارے دشمن تمھیں ہرگز زندہ نہ چھوڑیں گے بلکہ تمھیں قتل و غارت کر ڈالیں گے نہ صرف یہ بلکہ
> تمہارے زن و فرزند دشمنوں کے ہاتھ میں ہوں گے۔ اور وہ اُن سے جیسا چاہیں گے سلوک کریں گے۔"

جس وقت شیر دل بیگم نے یہ عبرت آمیز تقریر کی تو فرشتہ کا بیان ہے کہ ملک میں کوئی چھوٹا بڑا۔ عورت مرد۔ امیر و غریب ایسا نہ تھا جو اس کی مدد کو نہ اٹھ کھڑا ہوا ہو۔ آہنگ خاں اور دوسرے امرا بھی واپس ہوئے اور قلعہ کی مدافعت میں اپنی بہادری کے ایسے مظاہرہ کئے کہ حملہ آوروں کے دانت کھٹے ہو گئے اور ایک طرفۃ العین میں توپیں ضرب زن اور دیگر آلات جنگی لا کر لگا دیے جس سے وہ شگاف دہلیز دوزخ کا نمونہ بن گیا۔

چاند بی بی کے اس کامیاب بندوبست سے شہزادہ مراد اتنا مشتعل ہوا کہ اس نے فوج کو اور زیادہ سختی سے حملہ کرنے کا حکم دیا۔ اور ایسی سخت کوشش کی کہ اس سے زیادہ کی اُمید نہ کی جاسکتی تھی مگر بہادر بیگم نے دشمن کو ہر وقت پسپا کیا۔ یہاں تک کہ طرفین کے جوان مردوں کے خون سے نالے بہہ گئے اور چار گھنٹہ کامل لڑائی ہوئی شام میں ۶ بجے آفتاب عالمتاب پردہ مغرب میں پوشیدہ ہو گیا تو آخر کار شہزادہ مراد کو مایوس و ناکام لوٹنا پڑا۔ لڑائی جب ختم ہوئی ہے تو دوست و دشمن کی فوج کا ہر صغیر و کبیر کوئی بھی ایسا نہ ہوگا جس نے چاند بی بی کی اس لاثانی تلوار زنی اور جرات و ہمت کی تعریف نہ کی ہو۔ اس تاریخ سے ملکہ بجائے چاند بی بی کے چاند سلطانہ کے لقب سے یاد کی جانے لگی۔

جب رات ہوئی تو مغل سردار اپنی فوج اور اہل قلعہ اپنے آرام میں مصروف ہو گئے مگر شیر دل ملکہ برابر شگاف پر ڈٹی رہی۔ کسی کو روپیہ دیا۔ کسی سے وعدہ وعہد کیا اور دیوار بنائی۔ پتھر، مٹی، کوڑا، لکڑی، ڈنگر، حتی کہ آدمیوں کی لاشوں سے رات ہی رات میں دیوار تین گز اونچی کرالی اور ایسی مستحکم سد سکندری قایم کر دی کہ صبح کو دشمن کی ہمت پھر حملہ کرنے کی نہ ہوئی۔

اس کام سے فارغ ہونے کے بعد اگرچہ ملکہ کامیاب و کامران تھی تاہم وہ دشمن کی قوت سے واقف تھی اور جانتی تھی کہ ایسے زبردست دشمن سے عہدہ برآ ہونا مشکل ہے۔ چنانچہ اُس نے سہیل خاں کے پاس ایک خط روانہ کیا کہ میں نے آج تک قلعہ کو بچانے کی حتی الامکان کوشش

کی اب قلعہ میں رسد نہیں ہے۔ تم جلد آؤ اگر آنے میں دیر کی تو قلعہ ہاتھ سے جاتا رہے گا مگر جاسوس خط لے کر جاتے وقت دشمن کے ہاتھوں میں پڑ گیا۔ خانخاناں نے چاند سلطانہ کے خط کو دیکھا اور ایک دوسرا خط سہیل خاں کے نام اس مضمون کے ساتھ بھیجا کہ جھگڑا بہت طول پکڑ رہا ہے آپ جلد آیئے تاکہ کچھ تصفیہ ہو جائے۔ سہیل خاں کو جب یہ خطوط پہنچے تو فوراً احمد نگر کی جانب روانہ ہو گیا مگر ابھی احمد نگر سے چھ کوس کے فاصلہ پر تھا کہ امرائے اکبری اور خانخاناں نے چاند سلطانہ سے صلح کی گفت و شنید کی۔ کیونکہ رسد کی کمی اور دکنیوں کے تاخت و تاراج سے وہ بہت تنگ آ گئے تھے۔ مغلوں کی پریشانی دیکھ کر پہلے تو چاند سلطانہ نے صلح کرنے سے پس و پیش کیا۔ تاہم وہ حالات کو بہت نازک سمجھتی تھی وہ یہ بھی جانتی تھی کہ امرار احمد نگر کا یہ اتفاق محض عارضی اور چند روزہ ہے۔ لہٰذا وہ مغلوں سے صلح کرنے پر رضامند ہو گئی اور حسب ذیل صلح نامہ طے پایا۔

> کچھ پرگنات بیدر اور کل برار کا علاقہ جو تغافل خاں کے قبضہ میں تھا وہ شہزادہ کو دے دیا جائے اور حسین شاہ کے وقت میں جس قدر ملک مہور سے بندر چیول تک اور پرینڈہ سے دولت آباد اور سرور گجرات تک تھا وہ حاکم احمد نگر کے پاس رہے۔

واضح ہو کہ یہ عہد نامہ مغلوں اور چاند سلطانہ کے درمیان بالکل خفیہ طور پر کیا گیا بڑے امرار اور سہیل خاں تک اس سے واقف نہ تھے۔ اس کا نتیجہ چاند سلطانہ کے حق میں نہایت ہی مضر ثابت ہوا کیونکہ کسی نے بھی اس کو پسند نہ کیا۔ اور خاص کر اس سبب سے بھی کہ اس میں یہ لوگ شامل نہ ہوئے۔ اس صلح نامہ سے خود شہنشاہ اکبر بھی مطمئن نہ تھا اس نے آیندہ تسخیر دکن میں سہولت حاصل کرنے کے لئے اپنے لڑکے مراد کا خاندیس کی شہزادی سے نکاح کروا دیا۔ ادھر برار میں آیندہ افواج کی نقل و حرکت اور قیام کے لئے شہزادہ مراد نے ایک نیا قصبہ آباد کر کے اس کو شاہ پور کے نام سے موسوم کیا اور یہی قیام دکن میں مغلوں کا سب سے پہلا دار القیام سمجھا جاتا ہے۔

مغلوں سے صلح کرنے کرنے کے بعد چاند بی بی نے بہادر شاہ کو تخت نشین کرا دیا۔ اور اس کا وزیر سلطنت محمد خاں کو مقرر کیا۔[1] محمد خاں نے اول اول سلطنت کے امور نہایت حسن و خوبی سے انجام دیئے مگر مقتدر و با اختیار ہونے کے بعد اس نے کل بڑے بڑے اور ذمہ دار عہدہ داروں پر اپنے آدمیوں کو مقرر کرنا شروع کیا۔ چاند بی بی کو اس سے خوف ہوا اور اس نے عادل شاہ کو امداد کے لئے لکھا کہ محمد خاں سے جو امید تھی اس کے برخلاف ظہور میں آیا۔ زبردست دشمن سرحد پر پڑا ہے اور یہاں یہ فتنہ و فساد ہو رہے ہیں اگر آپ اس وقت کچھ توجہ نہ

---

[1] محمد خاں میاں حبیب اللہ کا بیٹا تھا اور حبیب اللہ مرتضیٰ نظام شاہ اول کا لڑکا تھا۔

کریں گے تو یہ پورا ملک مغلوں کے قبضہ میں چلا جائے گا۔ یہ سُن کر عادل شاہ نے ۱۰۰۴ھ میں سہیل خاں کے سرکردگی میں ایک فوج بھیجی۔ چار ماہ تک قلعہ بند ہو کر محمد خاں نے اس فوج کا مقابلہ کیا اور آخر کار مجبور و پریشان ہو کر اس نے خانخاناں سے امداد مانگی اور جب اہل قلعہ کو اس غداری کا حال معلوم ہوا تو انھوں نے اس کو چاند بی بی کے حوالے کر دیا۔ چاند سلطانہ نے محمد خاں کو عہدہ وزارت سے معزول کر دیا۔ اور ان کی جگہ آہنگ حبشی کو مقرر کیا اور سہیل خاں کو خلعت سے سرفراز کر کے باعزاز روانہ کیا۔

محمد خاں کے دعوت دینے سے خانخاناں نے قصبہ پاتری پر قبضہ کر لیا جو برار کی مملکت سے خارج تھا۔ اس لئے سہیل خاں دوبارہ آیا گولکنڈہ کی افواج بھی امداد کو آئیں اس وقت سہیل خاں کی ماتحتی میں تقریباً ساٹھ ہزار فوج تھی۔ تاہم لڑائی میں خانخاناں کامیاب رہا ۱۰۰۵ھ

اس کے کچھ ہی عرصہ بعد چاند بی بی اور آہنگ خاں میں کشیدگی پیدا ہو گئی۔ اور چاند بی بی نے آہنگ خاں کو حکم دیا کہ وہ شہر کے باہر ملک کی حفاظت کرتا رہے۔ کچھ روز تک تو آہنگ خاں نے اس حکم کی تعمیل کی مگر بعد میں بعض سرکشوں کے اغوا سے اُس نے چاند بی بی اور بہادر شاہ کو مقید کر کے خود سلطنت کو غصب کرنا چاہا۔ چاند بی بی نے پھر عادل شاہ سے امداد طلب کی مگر ان دنوں اندرونی فسادات اور چند دوسرے وجوہات سے کیونکہ سہیل خاں اس سے ناراض ہو گیا تھا چاند بی بی کو فوجی امداد نہ دے سکا۔ البتہ اس نے رفیع الدین شیرازی کو بھیجا کہ بیجاپور جا کر فریقین میں صلح کرا دے۔ رفیع الدین نے پہلے شاہ درگ میں جا کر سہیل خاں کو راضی کیا پھر احمد نگر روانہ ہوا۔ اس وقت شہر نہایت ویران اور رعایا پریشان تھی۔ آہنگ خاں اور چاند بی بی دونوں نے رفیع الدین کا شاندار استقبال کیا۔ رفیع الدین نے ان دونوں کے مشکلات رفع کر کے آپس میں صلح کرا دی۔ دوسرے روز بادشاہ کا دربار منعقد کیا گیا۔ اور سبھوں نے بادشاہ کو نذریں گذرانیں اور عادل شاہ کے لئے قیام امن کی کوشش کے صلے میں دعائیں پڑھی گئیں مگر یہ صلح دیرپا ثابت نہ ہوئی۔ چاند بی بی اور آہنگ خاں پھر آویزش پر تل گئے مگر اس دفعہ بھی رفیع الدین نے ان میں صلح کروا دی اس کے باوجود بھی دونوں فریق ذرا ذرا سی بات پر آمادہ جنگ ہو جایا کرتے تھے۔ یہاں تک کہ ایک دفعہ آہنگ خاں دو سو آدمیوں کے ہمراہ قلعہ میں گھس گیا۔ مگر ملک صندل بریدنے ان کا مقابلہ کیا اور شکست دی۔ رفیع الدین شیرازی ان بدنظمیوں کو روکنے کے لئے کئی روز تک احمد نگر میں ٹھیرے رہے۔ مگر حالات جب کسی طرح درست ہوتے نظر نہ آئے تو انھوں نے عادل شاہ کو اطلاع دی اور عادل شاہ نے مجبور ہو کر انھیں دوبارہ واپس بیجاپور طلب کر لیا۔

احمد نگر میں جبکہ اس طرح خانہ جنگیاں برپا تھیں اکبر خاموش بیٹھنے والا نہ تھا اس زمانہ میں چونکہ شہزادہ مراد کا انتقال ہو گیا تھا۔ اس لئے تسخیر احمد نگر کے لئے اُس نے شہزادہ دانیال کو روانہ کیا اور چند دن بعد خود بھی آ گیا۔ افواج اکبری اب پہلے کی بہ نسبت زیادہ منظم تھیں اس کے برخلاف احمد نگر خانہ جنگی کے باعث نہایت ہی کمزور ہو گیا تھا۔ آہنگ خاں کے پاس اگرچہ موجودہ پندرہ ہزار افواج تھیں۔ تاہم جب اُس کے

اکبر کی آمد کی خبر سنی تو تمام سامان کو آگ لگا کر جنیر کی طرف روانہ ہو گیا۔ قطب شاہی فوج بھی اس زمانہ میں بیدم ہو گئی تھی بیجاپور سے بھی امداد کی بہت کم توقع تھی۔ یہ حالات ظاہر ہے کہ احمد نگر کی تباہی کا پیش خیمہ تھے اس لئے چاند سلطانہ کی رائے تھی کہ قلعہ شاہزادہ دانیال کو دے کر جان اور عزت کی امان حاصل کرے اور بہادر شاہ کو لے کر جنیر چلی جائے۔ اس وقت قلعہ میں حمیتہ خاں نامی ایک بڑا سردار تھا چاند بی بی نے اس کو بلوایا اور اپنی رائے کا اظہار کیا۔ اس نامعقول نے شور مچادیا کہ چاند سلطانہ مغلوں سے مل گئی ہے۔ اور چاہتی ہے کہ قلعہ ان کے حوالہ کر دے پہلے صلحنامہ کو راز میں کرنے کی وجہ سے چاند سلطانہ یوں بھی بدنام تھی۔ اس لئے اس پر بغاوت کا الزام لگایا گیا اور سب نے چاند سلطانہ کو پکا مجرم تصور کیا اور شور مچا کر حرم میں گھس پڑے اور بیرحمی اور وحشیانہ طور پر اس دور بین مصلحت اندیش کو تہ تیغ کر ڈالا[۱] لیکن بعض مورخ بیان کرتے ہیں کہ جب چاند سلطانہ نے اپنوں اور بیگانوں کو اپنا مخالف پایا تو اس نے خودکشی کر لی۔[۱]

چاند بی بی کی وفات کے بعد مغلوں نے سرنگ لگا کر قلعہ کی دیواریں توڑ ڈالیں اور اندر گھس کر بچوں اور جوان عورتوں کو قید کر لیا اور سب اہل قلعہ کو قتل کر دیا۔ بہادر شاہ قید ہو کر اکبر کے پاس برہان پور بھیجا گیا اور اس کو وہاں سے گوالیار کے قلعہ میں قید کر دیا گیا۔

اس طرح اس شیر دل ملکہ کا وہ ملک جس نے اس کے بچانے میں غیر فانی بہادرانہ کارنامہ کئے اس کے وفات کے بعد دشمنوں کے حوالہ ہو گیا وہ ایک بہادر جری اور غیر معمولی دل و دماغ کی عورت تھی جس نے اپنی طوفان خیز زندگی میں کبھی پائے استقلال میں لغزش نہ آنے دی اور آخر تک اپنے ملک کے لئے جدوجہد کرتی رہی۔ وہ اپنے دشمنوں کے سیاسی چالوں کو خوب سمجھتی تھی اور قبل از وقت ان کا انسداد کرنا جانتی تھی وہ ہر کام موقع اور محل کے اعتبار سے کرتی۔ جب اس کو معلوم ہو گیا کہ ملک اب کسی طرح مغلوں کے مقابل نہیں ہو سکتا تو آیندہ بدنظمی اور غلامی سے بچانے کے لئے اس نے مغلوں سے صلح کر لینا مناسب سمجھا۔ مگر خود غرض اور مفسد امرا نے اس کی قدر نہ کی جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ ان کے گلہ میں غلامی کی طوق پڑ گئی۔ احمد نگر میں ہزار بدنظمی ہو مگر چاند بی بی کی ذات ملک کی امیدوں کا مرکز تھی وہ ہر سیاسی انتشار کی شیرازہ بندی کیا کرتی تھی۔ اس لئے اس کی زندگی تک مغلوں نے ہزار کوشش کیں مگر احمد نگر پر قابض نہ ہو سکے مگر جب یہ چاند گہن میں آ گیا تو ملکی فضا پر چوطرف سے سیاہ بدلیاں چھا گئیں اور اس کے بعد کوئی دوسرا ایسا رہبر ہی نہ ملا کہ مشعل ہدایت سے ملک کو دوبارہ روشن کر دیتا۔

---

[۱] تاریخ دکن [۱] سید احمد اللہ صاحب نے تاریخ شہابی کے حوالہ سے جو تصریحات کی ہیں وہ ذیل میں درج کی جاتی ہیں مغل جب قلعہ میں داخل ہوئے تو چاند سلطانہ نے ایک باولی میں تیر آب سے بھرا ہوئی اور اس میں غرق ہو کر جان بحق ہوئی۔ فرشتہ کا یہ بیان کہ چاند بی بی کو حمیتہ خاں نے مار ڈالا حقیقت وہ چاند بی بی نہ تھی بلکہ چاند بی بی کی ایک سہیلی تھی اور اتفاق سے اس کا نام بھی چاند بی بی تھا۔ مصنف تاریخ احمد نگر نے ایک قدیم مصنف سید جعفر کے حوالہ سے تحریر کیا ہے کہ چاند بی بی کی تمام سہیلیاں مچھلی باولی میں گر کر مر گئیں ان کی لاشوں کو بہادر شاہ کی نشاندہی پر دانیال نے کوئیں سے برآمد کر دیا۔ اس کے بعد تیر آب کے کوئیں سے چاند بی بی کی نعش بھی نکالی اور ان سب کو روضہ باغ میں سپرد خاک کیا۔ اور چاند بی بی کی قبر اینٹ اور چونہ سے پختہ بنوا دی۔

سید جعفر حسین متعلم ایم۔ اے

حیدرآباد کے زرعی وسائل

اگر ہم اپنی ریاست کی زراعت کی حالت پر غور کریں تو سب سے پہلے جو بات ہم کو نظر آتی ہے وہ یہی ہے کہ ہندوستان کے دوسرے بیشتر حصوں کی طرح یہاں کی بھی ایک کثیر آبادی کا پیشہ زراعت ہے اور آبادی کا جو حصہ براہ راست زرعی کاموں میں مصروف نہیں بھی ہے وہ بھی بالواسطہ زراعت سے متعلقہ پیشوں پر گذر کر رہا ہے۔ یہاں بھی زراعت کے وہی پرانے، سخت تھکا دینے والے طریقے رائج ہیں جو ہندوستان کے دوسرے حصوں میں ہیں۔ کاشتکار کا معیار زندگی یہاں بھی گرا ہوا ہے۔ زرعی آبادی کا بیشتر حصہ وہی پرانے اور سیدھے سادے آلات پیدائش استعمال کرنے پر قانع ہے جو آج سے ہزار سال پہلے ان کے آباو اجداد استعمال کرتے تھے۔ یہاں بھی کاشتکاروں کے پاس نہ تو زراعت میں بڑے پیمانہ پر مشغول کرنے کے لئے اصل ہے اور نہ زرعی آبادی بڑے پیمانہ پر اپنا اصل مشغول کرتی ہے نہ ایسا کرنے پر تیار ہے لیکن اس کے ساتھ ہی ہم کو بعض باتیں ایسی بھی نمایاں نظر آتی ہیں جو ہندوستان کے دوسرے حصوں میں یہاں کے برعکس ہیں۔ تقسیم و انتشار اراضی کی شکل یہاں بھی پائی جاتی ہے لیکن نہ اتنی کہ مشکل سے ایک رقبۂ اراضی میں ناگر اور بیل کو موڑا جا سکے۔ دوسرے یہ کہ یہاں بھی زراعت کا انحصار محض بارش پر ہے لیکن یہاں پانی کی ویسے بھی قلت رہتی ہے۔ دریا سال کے بارہ مہینے رواں نہیں رہتے اور اس قلت کو دور کرنے کے لئے زیادہ تر کنوؤں، تالابوں اور باولیوں کے ذخائر سے پرانے طریقوں پر کام لیا جا رہا ہے۔

ہماری ریاست اپنی زمینی خصوصیات کی بنا پر دو اہم حصوں میں منقسم ہے۔

(۱) تلنگانہ:- جہاں سُرخ اور سُرخ ریتلی مٹی پائی جاتی ہے۔

(۲) مرہٹواڑہ:- جہاں بھوری، کالی اور کالی ریتلی مٹی ہوتی ہے۔

اس ارضی خصوصیت کی وجہ سے ہر دو جگہوں کی پیداوار میں بھی جداگانہ ہو گئی ہیں تلنگانہ جہاں کی سُرخ مٹی میں پانی محفوظ رکھنے کی خاصیت ہو چاول کے لئے بہترین علاقہ ہے اور مرہٹواڑہ جہاں کی مٹی پانی کو جذب کر لیتی ہے روئی کی کاشت اور گیہوں کی پیداوار کے لئے بہترین رقبۂ اراضی ہے۔

ہمارے ملک کا محکمۂ زراعت ان خصوصیات سے پورا پورا فائدہ اٹھاتے ہوئے نہ صرف تجربات اور تحقیقات میں مشغول ہے بلکہ نمائشوں اور تبلیغ [illegible] کے ذریعہ کاشتکاروں کو جدید آلات کے ذریعہ کاشت عمیق کے طریقے سکھا رہا ہے اور اپنے تجربہ کئے ہوئے تخموں کی ترویج کر کے ہر ممکنہ کوشش یہاں کی زراعت کو کامیاب بنانے میں صرف کر رہا ہے۔

اس مختصر تمہید کے بعد قبل اس کے کہ میں یہاں کے زرعی وسائل سے بحث کروں یہ بتانا غالباً بیجا نہ ہوگا کہ ہماری ریاست کا کتنا رقبۂ اراضی کن فصول کے تحت زیر کاشت ہے۔ ۱۳۴۱ف کی زرعی رپورٹ سے ذیل کے اعداد شمار معلوم ہوتے ہیں جن کا ذکر دلچسپی سے خالی نہ ہوگا۔

(۱) ضلع اورنگ آباد

	ہزاروں میں
زیر فصول خریف	(۱۱۸۸) ایکڑ
〃 〃 ربیع	(۱۱۶۰) 〃
زیر باغات۔	(۳۰) 〃
زیر فصول آبی	(۱) 〃
کل رقبہ زیر کاشت	* (۲۳۷۹۵۶۵) تیئس لکھ اناسی ہزار پانچسو پینسٹھ ایکڑ
ضلع کا کل رقبہ	* (۳۹۷۵۶۸۰) انتالیس لاکھ چھہتر ہزار چھ سو اسی ایکڑ

(۲) پربھنی

زیر فصول خریف	(۱۲۷۵) ایکڑ
〃 〃 ربیع	(۳۷۵) ایکڑ

* یہ اعداد ہزاروں میں نہیں ہیں۔

زیر باغات	(۲۸) ایکڑ
زیر فصول آبی	(۹۱) "
کل رقبہ زیر کاشت	*۲۴۸۷۴۰۵ چوبیس لاکھ ستاسی ہزار چار سو پانچ
ضلع کا کل رقبہ	*۳۲۸۰۰۰۰ بتیس لاکھ اسی ہزار

(۳) ناندیڑ

زیر فصول خریف	ہزاروں میں (۱۱۵۱) ایکڑ
" " ربیع	(۴۷۷) "
زیر باغات	(۶۵) "
زیر فصول آبی	(۲۴) "
کل رقبہ زیر کاشت	*۱۷۱۷۶۳۸ سترہ لاکھ سترہ ہزار چھ سو اڑتیس ایکڑ
ضلع کا کل رقبہ	*۲۴۱۳۴۴۰ چوبیس لاکھ تیرہ ہزار چار سو چالیس ایکڑ

(۴) بیڑ (Bhir.)

زیر فصول خریف	(۱۱۰۹) ایکڑ
" " ربیع	(۷۵۲) "
زیر باغات	(۱۲) "
زیر فصول آبی	(۱۱) "
کل رقبہ زیر کاشت	*۱۸۸۴۵۴۷ اٹھارہ لاکھ چوراسی ہزار پانچسو سینتالیس ایکڑ
ضلع کا کل رقبہ	*۲۶۴۴۴۸۰ چھبیس لاکھ چوالیس ہزار چار سو اسی ایکڑ

(۵) عثمان آباد

زیر فصول خریف	(۱۱۰۰) ایکڑ
" " ربیع	(۱۰۳۹) ایکڑ

*یہ اعداد ہزاروں میں نہیں ہیں

زیر باغات	(۵۲) ایکڑ
زیر فصول آبی	(۱۹) "
کل رقبۂ زیر کاشت	* ۱۲۲۰۰۰۰ بارہ لاکھ بیس ہزار ایکڑ
ضلع کا کل رقبہ	* ۲۲۵۶۶۴۰ بائیس لاکھ چھپن ہزار چھ سو چالیس ایکڑ

(۶) بیدر

زیر فصول خریف	(۱۳۴۳) ایکڑ
" " ربیع	(۴۲۲) "
زیر باغات	(۱۶۴) "
زیر فصول آبی	(۲۴) "
کل رقبۂ زیر کاشت	* ۱۹۶۲۹۵۴ انیس لاکھ باسٹھ ہزار نو سو چون ایکڑ
ضلع کا کل رقبہ	* ۳۰۸۸۰۰۰ تیس لاکھ اٹھاسی ہزار ایکڑ

(۷) گلبرگہ

زیر فصول خریف	(۱۱۵۲) ایکڑ ہزاروں میں
" " ربیع	(۱۴۹۸) "
زیر باغات	(۶۶) "
زیر فصول آبی	(۱۸) "
زیر فصول تابی	(۹) "
کل رقبۂ زیر کاشت	* ۲۷۴۳۵۴۹ لاکھ ایکڑ
ضلع کا کل رقبہ	* ۴۴۶۴۰۰۰ " "

(۸) رائچور

زیر فصول خریف	(۱۵۷۷) ایکڑ

* یہ اعداد ہزاروں میں نہیں ہیں۔

زیر فصول ربیع	(۱۱۸۶) ایکڑ
زیر باغات	(۱۲۰) ایکڑ
زیر فصول آبی	(۱۰) ״
زیر فصول تابی	(۲) ״
کل رقبہ زیر کاشت	٭ ۲۸۹۷۰۹۸ لاکھ ایکڑ
ضلع کا کل رقبہ	٭ ۴۳۴۶۲۴۰ لاکھ ایکڑ

(۹) عادل آباد (تلنگانہ)

زیر فصول خریف	(۸۲۳) ایکڑ
״ ״ ربیع	(۴۱۰) ״
زیر باغات	(۹۳) ״
زیر فصول آبی	(۴۸۱) ״
״ ״ تابی	(۱۳) ״
کل رقبہ زیر کاشت	٭ ۱۳۶۵۲۵۰ لاکھ ایکڑ
ضلع کا کل رقبہ	٭ ۴۶۶۸۱۶۰ لاکھ ایکڑ

(۱۰) نظام آباد

باغات	؟؟ ایکڑ
زیر فصول خریف	(۳۰۲) ״
״ ״ ربیع	(۱۰۸) ״
״ ״ آبی	(۱۰۳) ״
״ ״ تابی	(۴۸) ״
کل رقبہ زیر کاشت	؟؟
ضلع کا کل رقبہ	؟؟

٭ یہ اعداد ہزاروں میں نہیں ہیں　　　؟؟ یہ اعداد معلوم نہیں ہو سکے

(۱۱) کریم نگر

	ہزاروں میں
زیر فصول خریف	(۸۲۵) ایکڑ
" " ربیع	(۱۹۰) "
" " آبی	(۱۸۰) "
" " تابی	(۳۸) "
زیر باغات	(۱۵۰) "
کل رقبہ زیر کاشت	* ۱۴۰۹۷۱۶ لاکھ ایکڑ
ضلع کا کل رقبہ	* ۳۶۶۲۰۸۰ لاکھ ایکڑ

(۱۲) ورنگل

زیر فصول خریف	(۶۳۷) ایکڑ
" " ربیع	(۴۷۰) "
" " آبی	(۱۵۲) "
" " تابی	(۲۰۰) "
زیر باغات	(۱۸۶) "
کل رقبہ زیر کاشت	* ۱۴۷۲۹۵۱ لاکھ ایکڑ
ضلع کا کل رقبہ	* ۵۰۸۴۱۶۰ لاکھ ایکڑ

(۱۳) نلگنڈہ

زیر فصول خریف	(۸۹۲) ایکڑ
" " ربیع	(۹۰۷) "
" " آبی	(۱۲۸) "

---

* یہ اعداد ہزاروں میں نہیں ہیں۔

زیر فصول تابی (۴۰) ایکڑ

زیر باغات (۴۶) ״

کل رقبہ زیر کاشت * ۱۶۵۳۵۶۳ لاکھ ایکڑ

ضلع کا کل رقبہ * ۲۸۷۱۳۶۰ لاکھ ایکڑ

(۱۴) میدک

زیر فصول خریف (۳۹۲) ایکڑ

״ ״ ربیع (۱۲۱) ״

״ ״ آبی (۳۹) ״

״ ״ تابی (۲۷) ״

زیر باغات (۷۳) ״

کل رقبہ زیر کاشت * ۶۵۱۹۱۸ چھ لاکھ اکیاون ہزار نو سو اٹھارہ ایکڑ

ضلع کا کل رقبہ * ۲۰۶۴۷۲۰ بیس لاکھ چھیالیس ہزار سات سو بیس ایکڑ

(۱۵) اطراف بلدہ

زیر باغات (۱۹۱) ایکڑ

زیر فصول خریف (۶۹۵) ״

زیر فصول ربیع (۱۳۷) ״

״ ״ آبی (۹۴) ״

״ ״ تابی (۴۰) ״

کل رقبہ زیر کاشت ۱۰۸۸۷۶۸ لاکھ ایکڑ

ضلع کا کل رقبہ ۱۷۳۰۵۶۰ لاکھ ایکڑ

---

* یہ اعداد شمارہ ہزاروں میں نہیں ہیں

(۱۶) محبوب نگر

زیر فصول خریف	(۱۳۷۷) ایکڑ
" " ربیع	(۳۷۵) "
" " آبی	(۳۸) "
" " تابی	(۱۵) "
زیر باغات	(۴۹) "
کل رقبہ زیر کاشت	۱۸۵۶۴۲۲ لاکھ ایکڑ
ضلع کا کل رقبہ	۳۳۰۵۶۰۰ لاکھ ایکڑ

مذکورہ بالا اعداد شمار پر نظر ڈالنے سے چند خاص باتیں معلوم ہوتی ہیں۔

(۱) سوائے ضلع اطراف بلدہ کے عام طور پر ہر ضلع میں بعض اوقات نصف سے زیادہ اور بسا اوقات کل ضلع کا ⅔ (دوثلث) حصہ جنگلات کا علاقہ ہے یا افتادہ پڑا ہوا ہے۔ ظاہر ہے کہ یہ تمام افتادہ علاقہ بنجر نہیں ہو سکتا اگر اس کو صاف کرکے کاشت کے قابل بنا کر کام میں لایا جائے تو نہ صرف رقبہ کاشت میں اضافہ ہو جائے گا بلکہ نئی زمینات ہونے کی وجہ سے یہ رقبہ بہت زیادہ حاصل خیز ہوگا۔ تمام بیان کردہ اضلاع میں صرف ضلع اطراف بلدہ ہی ایک ایسا ضلع ہے جس میں صرف ، لاکھ ایکڑ زمین کاشت میں نہیں ہے جو ضلع کے رقبہ کا لحاظ کرتے بہت ہی کم ہے۔ اگر کم از کم یہی حالت دوسرے اضلاع کی بھی ہو جائے تو ہماری کاشت میں دوگنا اضافہ ہو سکتا ہے۔

(۲) تمام اضلاع میں خریف کی فصول کے تحت سب سے زیادہ رقبہ زیر کاشت ہے اس کے بعد ربیع اور پھر فصول آبی و تابی و باغات کا نمبر آتا ہے باغات کے تحت بھی ایک بہت بڑا رقبہ ہے لیکن کاش ان کو ترقی دے کر اُن سے مختلف قسم کے پھل وغیرہ حاصل کئے جاتے اور پیمانہ بر کبیر پر تجارتی اصول پر پھلوں کی پیداوار حاصل کی جا سکتی تو ملک میں نہ صرف ایک اور ذریعہ آمدنی بڑھ جاتا بلکہ پھلوں کی شہرت کی وجہ سے ملک کی تجارت میں چار چاند لگ جاتے۔

(۳) فصول آبی اضلاع مرہٹواڑہ، کرناٹک اور تلنگانہ میں سب جگہ ہوتی ہیں لیکن فصول تابی صرف کرناٹک کے اضلاع گلبرگہ اور رائچور اور اضلاع تلنگانہ میں ہوتی ہیں۔ یہ ہر دو فصول چاول کی کاشت کی فصلیں ہیں اور اضلاع تلنگانہ میں کاشتکار فصل تابی میں اپنے چاول کی مقدار میں مزید اضافہ کرتے ہیں۔

زرعی وسائل سے مراد:- ریاست حیدرآباد کے زرعی وسائل کے ذکر سے میری مراد یہ نہیں ہے کہ یہاں کی زمین کی ساخت آلات زراعت، مویشیوں اور موسموں سے بحث کروں بلکہ اس سے میرا مطلب یہ ہے کہ یہاں کی چند اہم پیداواروں کی حالت بیان کروں تاکہ آپ کو معلوم ہوسکے کہ ہمارے ملک کی خاص پیداواروں کو کیا اہمیت حاصل ہے؟ کونسی پیداوار کہاں زیادہ ہوتی ہے؟ کسی خاص پیداوار کی ملک میں کیا مقدار ہوتی ہے؟ اندرون ملک اس کا کیا مصرف ہے اور بیرونجات کو اس کی کیا مقدار برآمد ہوتی ہے اور کس خاص پیداوار کی ترقی کے امکانات ہیں یا ہوسکتے ہیں۔ چنانچہ اس سلسلہ میں جب ہم اشیائے خام اور اشیائے خوراک کی تفصیل پر نظر ڈالتے ہیں تو ہمیں حسب ذیل پیداواریں نہایت اہم معلوم ہوتی ہیں۔

(۱) کپاس (۲) گیہوں (۳) چاول (۴) جوار (۵) روغنی بیج (۶) نیشکر

ذیل کے اعداد شمار سے ہمیں ان فصلوں کی اہمیت رقبہ زیر کاشت اور پیداوار کا حال معلوم ہوتا ہے۔

(۱) کپاس

سنہ	رقبہ زیر کاشت	پیداوار
سنہ ۱۳۳۹ف	۳۵۳۵۷۲۸ ایکڑ	۴۴۶۷۰۹ گٹھے
سنہ ۱۳۴۰ف	۳۵۲۷۴۳۹ 〃	۳۸۱۸۱۰ 〃
سنہ ۱۳۴۱ف	۳۶۴۳۹۴۳ 〃	۵۰۹۴۱۸ 〃
سنہ ۱۳۴۲ف	۳۶۰۱۶۴۵ 〃	۵۳۳۸۹۱ 〃
سنہ ۱۳۴۳ف	۳۶۹۵۶۸۶ 〃	۵۱۹۷۰۶ 〃

(۲) گیہوں

سنہ	رقبہ زیر کاشت	پیداوار
سنہ ۱۳۳۹ف	۱۰۲۵۷۳۰ ایکڑ	۱۰۷۴۶۱ ٹن
سنہ ۱۳۴۰ف	۱۱۷۲۵۵۸ 〃	۱۳۶۱۹۹ 〃
سنہ ۱۳۴۱ف	۱۳۶۷۱۴۷ 〃	۱۶۱۴۹۳ 〃
سنہ ۱۳۴۲ف	۱۳۰۰۶۷۹ 〃	۱۶۸۳۲۸ 〃
سنہ ۱۳۴۳ف	۱۲۰۱۱۵۲ 〃	

(۳) جوار

سنہ	رقبۂ زیر کاشت	پیداوار
سنہ ۱۳۳۹ ف	۸۹۹۷۱۶۹ ایکڑ	۱۱۵۰۷۴۲ ٹن
سنہ ۱۳۴۰ ف	۹۵۸۷۸۹۶ "	۱۳۰۵۲۷۵ "
سنہ ۱۳۴۱ ف	۹۴۶۴۰۳۷ "	۱۰۱۷۰۶۶ "
سنہ ۱۳۴۲ ف	۹۳۵۶۲۰۱ "	۱۲۷۵۳۶۳ "
سنہ ۱۳۴۳ ف	۸۸۳۴۴۷۹ "	۸۵۰۲۴۲ "

(۴) چاول

سنہ	رقبۂ زیر کاشت	پیداوار
سنہ ۱۳۳۹ ف	۵۰۶۶۲۱ ایکڑ	۱۵۰۹۵۵ ٹن
سنہ ۱۳۴۰ ف	۶۸۴۹۰۷ "	۱۷۷۹۷۴ "
سنہ ۱۳۴۱ ف	۱۰۹۹۹۰۵ "	۳۸۹۳۷۰ "
سنہ ۱۳۴۲ ف	۹۹۷۲۴۲ "	۲۹۲۵۵۰ "
سنہ ۱۳۴۳ ف	۱۳۰۷۳۵۸ "	

(۵) روغنی بیج

سنہ	رقبۂ زیر کاشت	پیداوار
سنہ ۱۳۳۹ ف	۲۴۴۷۵۸۱ ایکڑ	۲۴۴۶۷۸ من
سنہ ۱۳۴۰ ف	۲۷۶۴۰۲۱ "	۲۷۲۵۲۴ "
سنہ ۱۳۴۱ ف	۲۹۲۶۷۱۹ "	۳۳۷۵۷۹ "
سنہ ۱۳۴۲ ف	۳۳۹۰۷۳۳ "	۴۴۹۷۹۱ "
سنہ ۱۳۴۳ ف	۳۶۶۷۶۳۹ "	

(۶) نیشکر

سنہ	رقبۂ زیر کاشت		پیداوار	
۱۳۳۹ف	۳۶۸۷۱	ایکڑ	۳۹۱۹۳	ٹن
۱۳۴۰ف	۳۴۴۷۸		۴۹۴۴۳	"
۱۳۴۱ف	۲۵۳۹۳	"	۶۴۵۶۴	"
۱۳۴۲ف	۴۰۲۱۲	"	۷۵۷۷۴	"

مذکورۂ بالا فصلوں کی اہمیت اور ان کے زیر کاشت رقبہ کی حالت معلوم کرنے کے بعد اب میں ان کی تفصیل سے بحث کروں گا تاکہ یہ معلوم ہوسکے کہ ہر ضلع میں ان فصلوں کی کیا حالت ہے۔ کتنا رقبہ زیر کاشت ہے۔ محکمۂ زراعت ان کی ترقی کے لئے کیا کر رہا ہے۔ سالانہ پیداوار کیا ہے اور کیا مقدار بیرونجات کی درآمد ہوتی ہے۔ اس سلسلے میں سب سے پہلے میں کپاس کا ذکر مناسب سمجھتا ہوں کیونکہ حیدرآباد کی زراعت میں جو اہمیت کپاس کو حاصل ہے وہ کسی دوسری پیداوار کو حاصل نہیں۔

(۱) کپاس

ریاست حیدرآباد میں کپاس کی سالانہ پیداوار کل ہندوستان کی پیداوار کی نسبت سے پندرہ فیصدی زیادہ ہوتی ہے اسی طرح کپاس کی سربراہی میں حیدرآباد کا محکمۂ زراعت ہندوستان میں کافی اہمیت رکھتا ہے۔

یہاں تجربات کے بعد گورانی کی قسم سب سے اچھی ثابت ہوئی ہے جس کا ریشہ تقریباً ایک انچ لمبا مضبوط اور ریشمی ہوتا ہے Indian year book Times of India 1933 میں حیدرآباد کے ذکر کے ساتھ یہاں کی کپاس کا ذکر ان الفاظ میں کیا گیا ہے۔

> Hyderabad is well known for its Gaurani cotton, wich is the largest Staple in indigenous cotton in India!!

گورانی خاص طور سے اضلاع مرہٹواڑہ میں پیدا ہوتی ہے لیکن چونکہ برار قریب لگا ہوا ہے اس لئے وہاں ادنی قسم کی روئی آکر شامل ہوجاتی ہے۔ اس کے لئے حفاظتی تدابیر اختیار کی جارہی ہیں اور (Cotton Act) کے تحت منڈیوں میں بالخصوص ناندیڑ کی منڈی میں روئی کی گاڑیوں کا خاص طور پر معائنہ کیا جاتا ہے اور ان کی مختلف قسمیں اور شرح فروخت علیحدہ کردی جاتی ہیں

ہماری کپاس کے بہتر ہونے کا ایک بہترین ثبوت یہ ہے کہ ہمارے محکمۂ زراعت کو انڈین سنٹرل کاٹن کمیٹی کی طرف سے ۵ سال کے لئے تقریباً ۲۵ ہزار روپیہ سالانہ کی امداد دی گئی اور ہمارے یہاں کے محکمۂ زراعت میں مذکورہ صدر کمیٹی کی جانب سے ایک (Cotton Research Botanist) کا تقرر کیا گیا ہے۔

ضلع ناندیڑ میں گورانی کپاس کی تقسیم کے اور ضلع اورنگ آباد میں بنیلہ کپاس کی تقسیم کے خاص انتظامات ہیں چنانچہ ۴۱-۱۳۴۰ف فصلی میں سمت گوداوری میں محکمۂ زراعت کی طرف سے ۳۰۱۳۴۴۰ پونڈ گورانی کا تخم تقسیم کیا گیا جس سے ۱۶۷۴۱۳ ایکڑ رقبہ زمین میں کاشت کی گئی۔ یہاں اس کا اظہار بھی غالباً دلچسپی سے خالی نہ ہوگا کہ گورانی وہ کپاس ہے جو خالص ملکی پیداوار ہے نہ کہیں سے لائی گئی ہے اور نہ اس میں (Cross - breeding) سے کام لیا گیا ہے بلکہ محکمۂ زراعت اس امر کی کوشش کررہا ہے کہ برار کی ادنی قسم کی کپاس سے مل کر جو اس کی نسل خراب ہوگئی ہے وہ پھر (Cross breeding) کے ذریعہ اپنی اصلی حالت پر لے آئی جائے۔

گورانی کے علاوہ ملک میں دو اور قسمیں پائی جاتی ہیں جن کے نام بھارت اور نمبری ہیں ضلع اورنگ آباد میں ایک اور قسم جو بنیلہ کے نام سے مشہور ہے اور اعلی قسم کی ہوتی ہے زیادہ مروج ہوتی جارہی ہے۔ کاشتکار اسے بہت زیادہ پسند کرتے ہیں اور اس کے تخم کی مانگ بڑھتی جارہی ہے محکمۂ زراعت نے ۴۱-۱۳۴۰ف میں بنیلہ کا ۲۸۵۰۰ پونڈ تخم سمت گوداوری میں تقسیم کیا جس سے ۱۸۰۰۰ ایکڑ میں کاشت کی گئی۔ ضلع رائچور میں ایک اور قسم جس کو بمبئی کے محکمۂ زراعت نے ترقی دی ہے بہت مقبول ہورہی ہے اس کا نام جیاونت ہے۔ اسی طرح رائچور میں گدگ نمبرا کی بھی مانگ بہت بڑھ رہی ہے اور محکمۂ زراعت پر چار اقسام یعنی بنیلہ، گورانی، جیاونت اور گدگ نمبرا کی ترقی، ترویج اور فراہمی تخم اور حفاظت نسل میں بہت کوشاں ہے۔

کپاس کی کاشت صرف مرہٹواڑہ کی حد تک محدود نہیں ہے بلکہ تلنگانہ اور کرناٹک میں اس کی کاشت کی جاتی ہے۔ آئندہ جو کے اعداد و شمار سے مرہٹواڑہ اور تلنگانہ کی کپاس کی کاشت کا مقابلہ کیا جاسکتا ہے۔

نام سمت	سنہ ۱۳۴۱ف رقبہ زیر کاشت	سنہ ۱۳۴۱ف پیداوار	سنہ ۱۳۴۲ف رقبہ زیر کاشت	سنہ ۱۳۴۲ف پیداوار
مرہٹواڑہ	۳۲۰۰۷۱۲ ایکڑ	۴۵۲۷۶۰ گٹھے*	۳۱۴۳۱۴۴ ایکڑ	۴۸۸۰۳۹ گٹھے
تلنگانہ	۴۴۳۲۳۱ ایکڑ	۵۶۶۵۸ گٹھے	۴۵۸۵۰۱ ایکڑ	۴۵۸۵۲ گٹھے
کل	۳۶۴۳۹۴۳ ایکڑ	۵۰۹۴۱۸ گٹھے	۳۶۰۱۶۴۵	۵۳۳۸۹۱ گٹھے

ان اعداد وشمار دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ مرہٹواڑے میں کپاس کی حالت بہت ترقی پر ہے سنہ ۱۳۴۲ف سنہ ۱۳۴۱ف کے مقابلہ میں رقبہ میں ۱ر۱۶ فیصد کی کمی ہوگئی تھی لیکن سنہ ۱۳۴۱ف میں ۵۰۹۴۱۸ گٹھے پیداوار تھی اور سنہ ۱۳۴۲ف میں باوجود کمی رقبہ کے ۴ر۸ فی صد پیداوار میں زیادتی ہوئی تھی جو صرف موسمی حالات کی موافقت کا نتیجہ کہا جاسکتا ہے۔

نمبر (۲) کپاس کی کاشت کی ضلع واری تفصیل

نام ضلع	سنہ ۱۳۴۱ف رقبہ زیر کاشت ایکڑ	سنہ ۱۳۴۱ف پیداوار گٹھے	سنہ ۱۳۴۲ف رقبہ زیر کاشت ایکڑ	سنہ ۱۳۴۲ف پیداوار گٹھے
اورنگ آباد	۶۴۷،۴۸۹	۱۱۵،۶۲۳	۷۲۴،۷۷۶	۱۰۵،۰۹۲
بیڑ	۵۷۹،۵۵۳	۱۰۴،۰۲۲	۱۰۵،۶۷۹	۶۰،۸۵۲
پربھنی	۷۲۹،۳۱۸	۵۷،۴۳۹	۷۲۳،۹۷۷	۱۳۲،۱۲۶
ناندیر	۴۵۳،۷۹۱	۳۸،۹۷۳	۴۳۷،۸۹۷	۶۸،۹۶۳
گلبرگہ	۸۵،۷۹۹	۱۵،۹۵۲	۹۵،۴۷۶	۱۴،۳۲۱
رائچور	۴۰۲،۰۷۹	۶۲،۷۱۹	۴۰۰،۳۹۶	۵۸،۰۵۷
عثمان آباد	۱۲۸،۴۳۶	۲۶،۰۵۹	۱۰۷،۱۶۴	۱۲،۹۳۵

* ایک گٹھا = ۴۰۰ پونڈ

نام ضلع	سنہ ۱۳۴۱ف رقبۂ زیر کاشت ایکڑ	سنہ ۱۳۴۱ف پیداوار گٹھے	سنہ ۱۳۴۲ف رقبۂ زیر کاشت ایکڑ	سنہ ۱۳۴۲ف پیداوار گٹھے
بیدر	۱۷۴،۲۷۷	۳۲،۲۷۳	۲۴۷،۸۰۹	۳۴،۶۹۳
اطراف بلدہ	۱۲،۲۰۰	۱،۸۷۷	۱۴،۴۴۸	۳،۳۱۱
میدک	۳،۱۰۴	۴۷۸	۲،۶۶۹	۳۱۴
محبوب نگر	۶،۲۹۰	۱،۱۱۱	۹،۸۸۸	۱،۲۲۶
نلگنڈہ	۱۱،۰۹۱	۲،۱۹۷	۱۱،۰۶۳	۱،۲۷۱
نظام آباد	۱۳،۳۶۷	۹۷۷	۱۶،۰۰۳	۱،۶۳۸
ورنگل	۲۸،۱۷۵	۳،۸۱۳	۳۳،۹۷۸	۳،۳۹۶
عادل آباد	۲۶۶،۵۸۹	۳۶،۷۷۱	۲۹۲،۷۶۱	۲۹،۲۷۶
کریم نگر	۱۰۲،۴۱۵	۹،۴۶۴	۷۷،۶۹۱	۶،۴۱۰
کل	۳،۶۴۳،۹۴۳	۵۰۹،۴۱۸	۳،۶۰۱،۶۴۵	۵۳۳،۸۹۱

مذکورہ بالا تفصیل سے معلوم ہوتا ہے کہ کپاس کی کاشت کے لحاظ سے رقبۂ زیر کاشت سب سے زیادہ پربھنی کا ہے۔ اورنگ آباد کا نمبر اس کے بعد آتا ہے پھر بیڑ اور پھر ناندیڑ کا۔ ساتھ ہی یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ سالہائے زیر بحث میں پیداوار کا تناسب کاشت کے رقبہ کے تناسب سے نہیں بلکہ موسمی حالات کی وجہ سے گھٹتا بڑھتا رہتا ہے مثلاً پربھنی میں سنہ ۱۳۴۱ف میں رقبۂ زیر کاشت ۲۹،۵۵۳، تھا اور پیداوار ۳۹۴،۷،۵ گھٹے تھی اس کے برخلاف اورنگ آباد میں اسی سال رقبۂ زیر کاشت ۶۴،۷،۴۸۹ تھا لیکن پیداوار ۱۵،۶۲۳ گھٹے ہوئی۔ اسی طرح سنہ ۱۳۴۲ف میں پربھنی کا رقبۂ زیر کاشت باوجود کم ہونے کے پیداوار ۱۳۲،۱۲۶ گھٹے ہوئی اور اورنگ آباد کا رقبہ بڑھ جانے کے باوجود پیداوار صرف ۱۰۵،۰۹۲ ہوئی۔

اس کی وجہ محکمۂ زراعت نے یہ بتائی ہے کہ عام طور پر کاشتکار کپاس کے بعد جوار کی کاشت کرتے ہیں اور پھر کپاس کی کاشت

کرتے ہیں فصل ربیع میں جوار کی کاشت کی جاتی ہے جو فروری میں کاٹ لی جاتی ہے اس وقت تک ناگرکشی کے لئے زمین بہت سخت ہوجاتی ہے اس لئے بارش تک اس کو افتادہ چھوڑ دیا جاتا ہے اور پھر جب بارش میں کپاس بوئی جاتی ہے تو کپاس کی کاشت کو کافی تیار شدہ زمین نہیں ملتی اس لئے پیداوار بھی تھوڑی ہوتی ہے اس لئے پیداوار بھی تھوڑی ہوتی ہے ۔ چنانچہ محکمۂ زراعت یہ کوشش کررہا ہے کہ بجائے جوار کے کپاس کے بعد مونگ پھلی کی کاشت کی جائے ۔ کیونکہ مونگ پھلی نومبر میں کاٹ لی جاتی ہے اور اس وقت زمین میں ناگرکشی کرنے کے قابل نمی ہوتی ہے اس لئے ایک طرف کپاس کو پہلے سے تیار شدہ زمین مل جاتی ہے اور دوسری طرف یہ ہوتا ہے کہ مونگ پھلی ایک ہلکی فصل (Light Crop) ہوتی ہے اور زمین اس سے کافی مقدار میں نائٹروجن مہیا ہوجاتی ہے جس کی وجہ سے فصل کی زیادتی میں مدد مل جاتی ہے اس سلسلے میں بھی تبلیغی کام جاری ہے اور اب کاشتکار اس حقیقت سے واقف ہوتے جارہے ہیں ۔

اب تک ہم نے ریاست حیدرآباد میں کپاس کی پیداوار کی حالت سے بحث کی ہے لیکن اب دیکھنا یہ ہے کہ اس پیداوار کا کتنا حصہ اندرون ملک صرف ہوتا ہے اور کتنا حصہ بیرون ملک برآمد ہوجاتا ہے ۔

سنہ			
سنہ ۱۳۴۱ف	کل پیداوار	۵۰۹۴۱۸	گٹھے
	ملک کی گرنیوں میں صرف	۳۹۳۳۵	"
	ملک میں دیگر صرف	۲۳۸۷۵۱	"
	برآمد ذریعہ ریل	۱۸۰۲۲۰	"
	برآمد ذریعہ دیگر ذرائع	۵۱۱۱۲	"
	کل برآمد	۲۳۱۳۳۲	"
سنہ ۱۳۴۲ف	کل پیداوار	۵۳۳۸۹۱	"
	ملک کی گرنیوں میں صرف	۴۰۷۲۹	"
	ملک میں دیگر صرف	۱۴۷۶۰۲	"
	برآمد ذریعہ ریل	۲۸۶۹۹۶	"
	برآمد ذریعہ دیگر ذرائع	۵۸۵۶۴	"
	کل برآمد	۳۴۵۵۶۰	"

سنہ ۱۳۴۳ف

کل پیداوار	۵۱۹۷۰۶ گھٹے
ملک کی گرنیوں میں صرف	۴۲۵۱۰ "
ملک میں دیگر صرف	۱۱۰۱۸۳ "
برآمد ذریعہ ریل	۲۹۲۶۱۹ "
برآمد ذریعہ دیگر ذرائع	۷۳۳۹۴ "
کل برآمد	۳۶۶۰۱۳ "

برآمد کے مذکورہ بالا اعداد و شمار کے دیکھنے سے یہ بدیہی طور پر نظر آتا ہے کہ ہر سال نصف سے زیادہ روئی بیرون ملک برآمد ہوتی ہے اور اس ذریعہ آمدنی سے کم و بیش تین کروڑ روپیہ سالانہ اوسط آمدنی پڑتا ہے۔

Export Value of cotton in 1340 and 1341 F.

برآمد سنہ ۱۳۴۰ف

صاف شدہ روئی	۳۶۹۴۲۷۳۹ کروڑ روپیہ
غیر صاف شدہ روئی	۳۷۶۴۴۸۴ لاکھ روپیہ
بیکار ( )	۱۷۸۷۱ ہزار روپیہ
جملہ برآمد کی قیمت	۴۰۷۲۴۷۹۴ کروڑ روپیہ

برآمد سنہ ۱۳۴۱ف

صاف شدہ روئی	۱۸۶۰۳۱۲۰ کروڑ روپیہ
غیر صاف شدہ روئی	۲۹۵۷۸۷۲ لاکھ روپیہ
بیکار ( )	۱۷۰۴۱ ہزار روپیہ
جملہ قیمت برآمد	۲۱۵۷۸۰۳۳ کروڑ روپیہ

اس کے علاوہ سنہ ۱۳۴۱ف میں کپاس کے تخم جو بیرون ملک برآمد کئے گئے ان کی قیمت ۱۲۷۱۰۱۰ لاکھ روپیہ تھی اگر اس کو بھی شامل کردیا جائے تو کل رقم ۲۲۸۴۹۰۴۳ کروڑ روپیہ ہو جاتے ہیں اس میں شک نہیں کہ سنہ ۱۳۴۰ف کے مقابلہ میں سنہ ۱۳۴۱ف میں تقریباً ۲ کروڑ روپیہ کی درآمد

میں کمی ہوگئی ہے لیکن اس کی وجہ یہ تھی کہ اس سال کپاس کی پیداوار بہت کم ہوئی تھی اور خود اندرون ملک ۱۳۴۲ف کے لئے تخم مہیا کرنا مشکل ہوگیا تھا ایسی صورت میں اتنی برآمد بھی کافی اہمیت رکھتی ہے۔

اس سے اس بات کا بخوبی اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ ہماری کپاس کو یہاں کی پیداوار میں سب سے زیادہ اہمیت حاصل ہے اور وہ بھی اس صورت میں جبکہ ہمارے پاس اعلیٰ، متوسط اور ادنیٰ ہمہ اقسام کی کپاس کی کاشت کی جارہی ہے اگر فی الحقیقت محکمۂ زراعت کی کوششیں کامیاب ثابت ہوئیں تو ہمارے ملک میں کپاس کا مستقبل اور بھی زیادہ درخشاں ہوجانے کی امید ہے۔

(۲) گیہوں

حیدرآباد میں گیہوں کے مختلف اقسام کے تجربات پربھنی میں کئے جارہے ہیں جن کے نتائج بھی نہایت امید افزا ہیں ۱۳۴۲ف میں ملک کا کل رقبۂ زیر کاشت گندم ۱۳۰۰۶۷۹ ایکڑ تھا اور پیداوار کا تخمینہ ۸۳۲۸۶۱ ٹن تھا جو ظاہر ہے کہ ملک کے رقبہ کو دیکھتے ہوئے بہت کم ہے لیکن اس کی وجہ یہ ہے کہ تلنگانہ میں گو تھوڑے بہت پیمانہ پر اس کی کاشت کی جاتی ہے لیکن وہاں کی زمینیں اس کے لئے زیادہ حاصل خیز نہیں ہیں گیہوں کے لئے سیاہ ریگڑ کی زمین بہت مناسب ہوتی ہے اور یہی وجہ ہے کہ اس فصل کے بہت بڑے حصہ کی کاشت بغیر کسی آب پاشی کے مرہٹواڑے اور کرناٹک کی ریگڑ کی زمینوں میں کی جاتی ہے اور فصلوں کا دار و مدار بارش پر چھوڑ دیا جاتا ہے بیدر، پربھنی، ناندیڑ اور دیگر اضلاع میں تھوڑے رقبہ میں آب پاشی کے ساتھ اس کی کاشت کی جاتی ہے۔ یہاں کا گیہوں ہندوستان میں کوئی زیادہ اہمیت نہیں رکھتا لیکن پھر بھی اس کی کافی مقدار ہر سال بیرونجات کو برآمد ہوتی ہے۔ ہوتا یہ ہے کہ یہاں کے کاشتکار عام طور پر جب گیہوں بوتے ہیں تو وہ اس قسم کے تخم کا استعمال کرتے ہیں جو مخلوط النسل اور کم پیداوار دینے والا ہوتا ہے اور اس کا دانہ بھی ادنیٰ قسم کا ہوتا ہے۔ اس خرابی کو رفع کرنے کے لئے محکمۂ زراعت نے ۱۳۳۸ف سے پربھنی میں اس کی ترقی کی کوشش شروع کی ہے جو بہت امید افزا رہی ہے۔

گیہوں کی کاشت کے متعلق مستند (Botanist) کی رائے یہ ہے کہ جہاں صرف ۱۰ انچ بارش ہو وہاں گیہوں کی کاشت کی جاسکتی ہے۔ ہمارے یہاں بعض جگہ ایسی افتادہ زمینیں موجود ہیں جہاں بارش کا سالانہ اوسط ۱۲ سے ۱۵ انچ تک ہے اور اس طرح اگر ان افتادہ زمینوں پر گیہوں کی کاشت شروع کردی جائے تو اس کی مقدار میں ایک معتد بہ اضافہ ہوسکتا ہے۔

ہمارے ملک کے محکمۂ زراعت نے اب تک ۱۲۵ قسم کے مختلف گیہوں کے تخم پر تجربات کئے ہیں اور ان میں سے نمبر ۳ پوسہ نمبر ۴

اور پونا نمبر ۳۸ بہت زیادہ کامیاب ثابت ہوئے ہیں اور ملک کی کوئی دوسری قسم پیداوار گندم ان کا مقابلہ نہیں کرسکتی۔ یہ اقسام نہ صرف زیادہ سے زیادہ پیداوار دیتے ہیں بلکہ مرض گردی کا سب سے زیادہ مقابلہ کرتے ہیں

کاشتکاروں میں ان کی تبلیغ کیگئی ہے اور ان اقسام کے تخموں کی مانگ برابر بڑھ رہی ہے اور اُمید کی جاتی ہے کہ آئندہ ملک میں کاشتکار انہی اقسام کی کاشت کے عادی ہوجائیں گے۔

حیدرآباد کے ایک تعلیم یافتہ کاشتکار مسٹر (Brian) کو پونا نمبر ۳۸ کے تخم دیئے گئے تھے ان کا بیان ہے کہ ناموافق حالات میں بھی یہ کاشت ملک کی دوسری مقامی کاشتوں سے زیادہ اچھی ثابت ہوئی ہے۔

گیہوں کی کاشت کی ضلع واری تفصیل

نام ضلع	سنہ ۱۳۴۱ف رقبہ زیر کاشت ایکر	سنہ ۱۳۴۱ف پیداوار ٹن	سنہ ۱۳۴۲ف رقبہ زیر کاشت ایکڑ	سنہ ۱۳۴۲ف پیداوار ٹن
اورنگ آباد	۴۰۳,۰۵۳	۵۶,۹۰۵	۳۷۲,۵۲۱	۵۰,۳۷۷
بیڑ	۱۵۳,۵۸۹	۱۹,۷۱۳	۱۴۹,۵۸۸	۱۹,۱۹۹
پربھنی	۲۶۹,۴۵۳	۳۳,۰۸۰	۱۲۸,۹۶۸	۳۰,۶۶۵
ناندیڑ	۱۹۶,۷۳۶	۲۶,۳۴۸	۱۸۶,۹۹۲	۲۷,۱۳۰
گلبرگہ	۷۶,۱۱۲	۴,۴۶۰	۸۵,۴۷۴	۶,۴۴۰
رائچور	۸۷,۷۰۷	۵,۱۴۰	۸۸,۹۸۹	۷,۴۴۹
عثمان آباد	۱۱۳,۴۵۸	۱۰,۱۳۰	۱۱۹,۶۷۲	۱۴,۶۹۲
بیدر	۳۸,۹۳۶	۲,۸۶۸	۴۱,۳۱۶	۳,۴۲۴
اطراف بلدہ	۵,۴۸۵	۴۱۳	۶,۶۸۵	۴۴۸
میدک	۳,۸۸۹	۲۹۲	۳,۷۹۱	۳۴۹

نام ضلع	سنہ ۱۳۴۱ف		سنہ ۱۳۴۲ف	
	رقبۂ زیر کاشت ایکڑ	پیداوار ٹن	رقبۂ زیر کاشت ایکڑ	پیداوار ٹن
محبوب نگر	۱۰،۰۱۶	۶۸	۱۹۰۶	۵۹
نلگنڈہ	۰	۰	۰	۰
نظام آباد	۱۴۰۶	۱۰۶	۹۴۸	۸۷
ورنگل	۲۵	۱	۲۹	۲
عادل آباد	۱۵،۵۹۵	۱،۹۰۷	۱۴،۲۹۳	۹۵۷
کریم نگر	۶۸۴	۶۲	۵۰۹	۴۷
	۱۳۶۷۱۴۶	۱۶۱،۴۹۳	۱۳۰۰۶۷۹	۱۶۸۳۲۸

مذکورۂ بالا تفصیل سے یہ پتہ چلتا ہے کہ بلحاظ رقبۂ کاشت اور بہ لحاظ پیداوار اورنگ آباد کی حالت سب سے اچھی اس کے بعد علی الترتیب پربھنی، ناندیڑ، بیڑ اور عثمان آباد ہیں جیسا کہ بدیہی طور پر نظر آتا ہے مرہٹواڑہ میں گیہوں کی کاشت بہت زیادہ ہوتی ہے۔ علاقہ کرناٹک میں صرف عثمان آباد ایسا ضلع ہے جہاں زیادہ رقبۂ زیر کاشت گندم ہے۔ تلنگانہ میں گیہوں کا رقبہ بہت کم ہے۔ نلگنڈہ میں گیہوں کی کاشت بالکل نہیں ہوتی اور ورنگل بھی پیداوار کے لحاظ سے بمنزلہ صفر کے ہے۔ تلنگانہ میں صرف ضلع عادل آباد ایک ایسا ضلع ہے جہاں تلنگانہ کے دوسرے اضلاع کے مقابلہ میں گیہوں کی زیادہ کاشت ہے لیکن وہ بھی کچھ زیادہ اہمیت نہیں رکھتی۔ وجہ صاف ظاہر ہے کہ گو تلنگانہ میں بارش کافی ہوتی ہے لیکن وہاں کی زمین گیہوں کے لئے موزوں نہیں ہے۔

سنہ ۱۳۴۲ف میں کل رقبۂ زیر کاشت گیہوں ۱۳۰۰۶۷۹، ایکڑ تھا جبکہ سنہ ۱۳۴۱ف میں کل رقبۂ زیر کاشت گندم ۱۳۶۷۱۴۶، ایکڑ تھا گویا ۶۶،۴۶۷، ایکڑ یا ۴ر۴ فی صدی رقبہ میں کمی ہوگئی لیکن سنہ ۱۳۴۲ف میں کل پیداوار ۱۶۸۳۲۸ ٹن ہوئی جبکہ سنہ ۱۳۴۱ف میں ۱۶۱،۴۹۳ پیداوار ہوئی تھی گویا ۶،۸۳۵ ٹن یا ۴ر۲۳ فی صدی پیداوار میں زیادتی ہوئی۔ باوجود رقبۂ کاشت میں کمی ہونے کے یہ زیادتی پیداوار کسی ترقی کا نتیجہ نہیں بلکہ عام موسمی حالات کی موافقت کا نتیجہ کہا جاسکتا ہے۔

ابھی ہم دیکھ چکے ہیں کہ گیہوں کے تحت کتنا رقبۂ آراضی زیر کاشت ہے اور اس کی پیداوار کی کیا حالت ہے لیکن محض اتنا ہماری

ضرورت کے لئے کافی نہیں ہے جب تک کہ ہم اس سے واقف ہوجائیں کہ آیا ہمارے ملک کا پیدا شدہ گیہوں ہماری ضروریات کے لئے کافی ہوتا ہے یا نہیں اور کیا باوجود کمی پیداوار کے ہمارا ملک اپنا گیہوں دوسرے بیرونی مقامات کو برآمد کرتا ہے. ذیل کے اعداد وشمار ہمارے ملک کے گیہوں کی حالت پر صحیح روشنی ڈالتے ہیں۔

سنہ ۱۳۴۱ف

کل پیداوار	۱۶۱۴۹۳ ٹن یا ۴۵۲۱۸۰۴ من
پیداوار میں سے اندرون ملک صرف	۴۴۴۰۴۲۶ من
درآمد	۷۴۳۸۹ ″
کل برآمد گیہوں اور آٹا	۷۴۳۷۸ من

سنہ ۱۳۴۲ف

کل پیداوار	۱۶۸۳۲۸ ٹن یا ۴۷۱۳۱۸۴ من
پیداوار میں سے اندرون ملک صرف	۴۵۳۶۲۸۶ من
درآمد	۱۴۲۵۲۱ ″
برآمد	۱۰۶۸۹۸

سنہ ۱۳۴۳ف

کل پیداوار	•
اندرون ملک صرف	•
درآمد	۲۶۵۴۲۸ من
برآمد	۱۶۲۳۶۹ من

درآمد و برآمد کے مذکورۂ صدر اعداد وشمار کے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ یہاں پیداوار سے گیہوں کا صرف زیادہ ہے اور اس کے لئے ہر سال ایک بڑی مقدار بیرون ملک سے منگانی پڑتی ہے جو یقیناً ملک کے لئے ایک بار ہے۔ اس میں شک نہیں کہ یہاں سے ہمارا گیہوں برآمد بھی ہوتا ہے لیکن درآمد کے مقابلہ میں اول تو اس کی مقدار کم ہوتی ہے دوسرے وہ ادنی اقسم کا ہونے کی وجہ سے مقابلتاً کم قیمت وصول کرتا ہے

اس لئے ضرورت اس امر کی ہے کہ ان افادہ علاقوں میں جہاں گیہوں کی کاشت کے امکانات بتائے جاتے ہیں، اس کی کاشت کی جائے اور اگر محکمۂ زراعت اور زیادہ تبلیغ سے کام لے کر اعلیٰ قسم کی گیہوں کی کاشت کی ترویج کرے تو اگر برآمد نہ بھی بڑھے تو بھی باہر سے اعلیٰ قسم کے گیہوں نہ منگانا پڑیں گے اور اس طرح ملک کا بہت سا روپیہ باہر جانے سے بچ جائے گا۔

چاول

چاول ہمارے ملک کی نہایت اہم اور مرغوب غذا ہے۔ مرہٹواڑے اور تلنگانہ دونوں جگہ اس کا استعمال کیا جاتا ہے لیکن تلنگانہ کی تو غذا ہی چاول ہے باوجود اس کے بھی تلنگانہ کے صرف ۲ فی صدی رقبۂ زیر کاشت پر چاول کی کاشت ہوتی ہے۔ اس کاشت میں مختلف اقسام کے چاول شامل ہیں۔ بہرحال جس قدر چاول کی ملک کو ضرورت ہے اس قدر چاول ملک میں پیدا نہیں ہوتا۔ اس وجہ سے ہر سال کثیر مقدار میں چاول درآمد کیا جاتا ہے یہ درآمد پنجاب، صوبہ جات متوسط برما اور مدراس سے ہوتی ہے جو چاول ملک میں درآمد ہوتے ہیں ان کے اقسام حسب ذیل ہیں (۱) نمبر لو (۲) چاول نمبر ۴۴ (۳) کیچڑی (۴) جیرا سال (۵) دلی بوکال (۶) مہاراجہ بوکال (۷) اکنالی (۸) رام ساگر (۹) کسما۔ (۱۰) کونامنی (۱۱) آکلو۔

ان اقسام میں سے شروع کے چھ نہایت اعلیٰ قسم کے ہوتے ہیں اور حیدرآباد وسکندرآباد کے غلہ فروش ان کو اعلیٰ اور متوسط طبقے کے ہاتھ فروخت کرتے ہیں۔ ساتویں قسم شروع کے چھ سے کسی قدر کم تر درجہ رکھتی ہے۔ آٹھویں سفید اور موٹی قسم ہوتی ہے اور موٹے چاولوں میں اچھی حیثیت رکھتی ہے۔ نویں قسم آٹھویں سے کمتر درجہ کے موٹے چاول ہیں دسویں اور گیارھویں دو قسمیں ہیں جن کو غربا استعمال کرتے ہیں

ہماری ریاست میں زیادہ تر موٹے چاول کی کاشت ہوتی ہے اور باریک چاول بہت کم دستیاب ہوئے ہیں یہی وجہ ہے کہ مدراس کے باریک چاول کثیر مقدار میں درآمد ہوتے ہیں۔

(اقتباس از حیدرآباد فارمر جلد ۵ شمارہ ۲۵)

محکمہ زراعت نے چاول کی کاشت کے متعدد تجربات کرکے نمبر ۲۳۶، نمبر ۳۸، اور نمبر ۵۰۴ کو ملک کے لئے بہت مفید پایا ہے۔ اور اب کاشتکاروں میں ان کے تخموں کی طلب بڑھ رہی ہے۔

چاول کے متعلق تفصیلی مضمون چونکہ میرے دوست محمد احمد صاحب سبزواری نے لکھا ہے اس لئے میں اس مضمون کو چھوڑ دینا مناسب سمجھتا ہوں صحیح اعداد وشمار صاحب موصوف کے مضمون سے معلوم کئے جاسکتے ہیں۔

جوار

یہ فصل مرہٹواڑے کے اضلاع اورنگ آباد، پربھنی، ناندیڑ، بیڑ، عثمان آباد اور بیدر میں جہاں زمینیں عموماً ہلکی اور گہرے رنگ کی ہیں اور جو ریگڑ کہلاتی ہیں ہوتی ہے۔ یہ ریگڑ زمینیں زیادہ تر فصل ربیع کے کام میں آتی ہیں۔ اس رقبہ کی خاص فصول جوار و کپاس ہیں وہ رقبہ جو جوار کے زیر کاشت ہے درحقیقت ریاست حیدرآباد میں بہت بڑا رقبہ ہے جو نو لاکھ مربع میل ہے سارے ہندوستان میں جوار کا سب سے بڑا رقبہ یہی ہے۔ جوار اور گیہوں کے مختلف اقسام کے تجربات خاص کر پربھنی میں ہوئے ہیں اور اس کے علاوہ دوسرے مقامات پر بھی اس کے تجربے کئے جارہے ہیں اب تک جوار کی مختلف قسموں میں حسب ذیل قسمیں بہت اچھی ثابت ہوئی ہیں۔

Annual administration Report of Agriculture 1341
"One Local Variety, Nanded yellow, proved to be peculiarly resistant to diseases and insect pests and two imported Varieties Ramkhel and Saoner gave the highest yeild."

اس اقتباس سے معلوم ہوتا ہے کہ گرانی روئی کی طرح ہمارے ملک کی ناندیڑ یلو بھی اپنی خصوصیات کی وجہ سے ملک کی بہترین پیداوار ہے اور بیرونی جوار دل یعنی رام کھیل اور ساونیر سے کسی طرح کم نہیں ہے۔ ان تین قسموں کے علاوہ بیرونی اقسام میں ایشا پوری کودل دانی پوچھا جونا۔ کان پور ودھیا بھی اچھی قسمیں پائی گئی ہیں اور برابر تجربات کئے جارہے اور حیدرآباد کی جوار کو بہتر سے بہتر بنانے کی کوششیں جاری ہیں۔ رام کھیل اور ناندیر یلو کی خصوصیات سے اب کاشتکار بھی واقف ہوچکے ہیں اور ان کے تخموں کی مانگ بڑھ رہی ہو۔ چونکہ جوار و کپاس تقریباً ایک ہی رقبہ میں پیدا ہوتے ہیں اور دونوں کی کاشت سے زمین کی زرخیزی کم ہوتی ہے اس لئے کوشش اس امر کی جارہی ہے کہ کاشتکار سہ سالہ دورِ فصل کے طریقہ پر عمل پیرا ہوجائیں اور اس میں مونگ پھلی کی کاشت بھی شامل ہوجائے یعنی ایک ہی رقبہ پر اگر ایک مرتبہ جوار کی کاشت ہو تو دوسری بار مونگ پھلی کی اور پھر کپاس کی چونکہ جیسا کپاس کے بیان میں ظاہر کیا جاچکا ہے مونگ پھلی نہ صرف ایک ہلکی فصل ہے بلکہ اس کی کاشت سے زمین میں نائٹروجن کی کافی مقدار مہیا ہوجاتی ہے:

مرہٹواڑے کے علاوہ تلنگانہ کے اضلاع میں بھی جوار کی کاشت ہوتی ہے جن میں اضلاع محبوب نگر، نلگنڈہ، ورنگل، عادل آباد اور کریم نگر کے بڑے بڑے رقبہ جات شامل ہیں۔ ۱۳۴۰ف میں کل رقبہ زیر کاشت جوار ۹۵۸۷۸۹۶، ایکڑ تھا اور کل پیداوار جو اس رقبہ سے حاصل ہوئی اس کی مقدار ۱۳۰۵۲۷۵ ٹن تھی۔

جوار کی کاشت کی ضلع واری تفصیل

نام ضلع	سنہ ۱۳۴۱ف		سنہ ۱۳۴۲ف	
	رقبہ زیر کاشت ایکڑ	پیداوار ٹن	رقبہ زیر کاشت ایکڑ	پیداوار ٹن
اورنگ آباد	۸۳۹۶۷۴	۱۰۵۴۲۸	۸۰۱۵۱۵	۱۳۴۱۷۸
بیڑ	۵۳۸۷۶۷	۶۲۶۲۴	۵۸۳۹۳۳	۹۷۷۵۶
پربھنی	۷۵۶۵۸۴	۷۳۸۸۴	۸۱۲۱۵۰	۱۲۴۶۳۱
ناندیڑ	۵۷۲۳۱۲	۵۵۸۹۰	۵۳۷۶۲۸	۹۰۰۳۲
گلبرگہ	۱۵۴۶۱۶۶	۱۷۲۵۶۲	۱۴۳۲۴۶۲	۲۱۹۸۲۵
رائچور	۹۱۸۰۶۷	۱۲۸۰۵۰	۸۹۱۰۸۰	۱۲۴۳۱۴
عثمان آباد	۱۰۸۹۸۷۳	۱۰۶۴۳۳	۱۰۷۲۰۴۴	۱۱۹۶۸۴
بیدر	۶۸۴۷۶۲	۹۰۵۰۵	۶۵۵۶۲۰	۸۲۳۱۸
اطراف بلدہ	۱۲۷۶۹۸	۷۱۲۶	۱۳۲۵۴۱	۱۴۷۸۹
میدک	۱۵۱۰۹۹	۱۷۳۳۰	۱۴۲۶۱	۲۴۴۰۷
محبوب نگر	۴۰۳۲۵۵	۳۹۲۵۳	۴۲۹۸۵۳	۴۲۰۲۶
نظام آباد	۱۵۲۸۲۳	۱۰۶۰۳	۱۴۵۴۲۴	۱۴۲۰۲
نلگنڈہ	۳۰۱۳۹۴	۲۵۹۸۲	۲۰۳۱۹۴	۳۸۰۶۵
ورنگل	۴۴۲۶۴۰	۳۷۰۵۱	۵۱۳۴۴۹	۶۴۶۶۷
عادل آباد	۶۰۷۷۲۹	۵۹۳۴۸	۵۲۷۱۴۳	۵۸۸۳۳
کریم نگر	۳۵۷۴۹۴	۲۴۹۳۲	۳۷۰۹۰۴	۲۵۸۷۲
کل	۹۴۶۴۰۳۷	۱۰۱۷۰۶۶	۹۳۵۶۲۰۱	۱۲۷۵۳۶۳

سنہ ۱۳۴۱ف میں رقبۂ زیر کاشت ۷،۳۰۳۴۶۴۹ ایکڑ تھا اور پیداوار ۱۰۱۷۰۶۶ ٹن ہوئی تھی اور سنہ ۱۳۴۲ف میں رقبۂ زیر کاشت ۹۳۵۶۲۰۱ ایکڑ اور پیداوار ۱۲۵۳۶۳ ٹن ہوئی۔ اگر سنہ ۱۳۴۰ف سے سنہ ۱۳۴۲ف تک رقبۂ زیر کاشت کا مقابلہ کیا جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ ہر سال رقبۂ زیر کاشت گھٹتا جا رہا ہے اس کی صرف یہی وجہ ہے کہ رقبۂ جوار میں کپاس کی کاشت زیادہ کی جا رہی ہے۔

جوار کے رقبۂ زیر کاشت اور پیداوار کی حالت سب سے اچھی گلبرگہ پھر عثمان آباد۔ اس کے بعد علی الترتیب رائچور اورنگ آباد پربھنی، بیدر، عادل آباد اور ناندیڑ میں ہے۔

سنہ ۱۳۴۱ف اور سنہ ۱۳۴۲ف کی پیداوار میں ۲۵ر۳۹٪ کا اضافہ ہوا ہے جو کچھ تو موسمی حالات کا نتیجہ ہے اور کچھ محکمۂ زراعت کی تبلیغ اور اچھے تخم استعمال کرنے کا نتیجہ ہے۔

اب ہم کو دیکھنا ہے کہ ہمارے ملک کی جوار کی حالت درآمد و برآمد کے لحاظ سے کیا ہے اور ملک میں کل پیداوار میں سے کیا صرف ہوتا ہے۔

سنہ		
سنہ ۱۳۴۰ف	کل پیداوار	۱۳۰۵۲۷۵ ٹن یا ۳۶۵۴۷۷۰۰ من
	پیداوار میں سے اندرون ملک صرف	۵۷۸۵۹۱۹ من
	درآمد	۱۶۷۵۹۸ "
	برآمد	۷۶۱۷۸۱ "
سنہ ۱۳۴۱ف	کل پیداوار	۱۰۱۷۰۶۶ ٹن یا ۲۸۴۷۷۸۴۸ من
	پیداوار میں سے اندرون ملک صرف	۲۷۹۷۹۷۱۱ من
	درآمد	۴۲۹۵۱۴ "
	برآمد	۴۹۸۱۳۷ "
سنہ ۱۳۴۲ف	کل پیداوار	۱۲۷۵۳۶۳ ٹن یا ۳۵۷۱۰۱۶۴ من
	پیداوار میں سے اندرون ملک صرف	۳۴۸۸۵۱۰۷ من
	درآمد	۰
	برآمد	۸۲۵۰۵۷ من

سنہ ۱۳۴۳ف کل پیداوار	۲۳۸۰۶۶۷۶ من	تخمیناً
اندرون ملک صرف	۲۲۸۶۹۸۰۷ من	
درآمد	•	
برآمد	۹۳۶۹۶۹ من	

درآمد و برآمد کے ان اعداد و شمار سے معلوم ہوتا ہے کہ یہاں جوار کا صرف بہت زیادہ ہے اور غریب طبقہ زیادہ تر جوار پر گذر کرتا ہے لیکن اس کے ساتھ ہماری جوار کافی مقدار میں بیرون ملک برآمد ہوتی ہے اور اُمید کی جاتی ہے کہ مستقبل میں جب کاشتکار محکمہ زراعت کی سفارش کردہ جواروں کی کاشت کرنے لگیں گے تو اور زیادہ ہمارے ملک کے جوار کی طلب بڑھ جائے گی۔

نیشکر

ہندوستان میں سالانہ شکر کا خرچ بہت بڑھا ہوا ہے اور اس کی تیاری کے لئے نیشکر کی کاشت نہایت ضروری ہے جب تک ہندوستان میں شکرسازی کے کارخانے نہیں قایم ہوئے تھے اس وقت تک یہاں کی شکر کا صرف جاوا ہیا کرتا تھا رپورٹ تحقیقات ٹیرف بورڈ میں ہندوستان میں کارخانہ جات سفید شکر کے قیام کی سفارش کی گئی اور اس کے بعد ہی سے ہندوستان میں اس صنعت کو فروغ ہونا شروع ہوا سب سے زیادہ سرگرمی بہار نے دکھائی اور سنہ ۱۹۳۳-۳۴ء مطابق سنہ ۱۳۴۲ف میں شمالی بہار میں (۱۲) گرنیوں نے تقریباً اسی ہزار ایکڑ زمین کے نیشکر کی پیداوار کا رس نکالا، اور اس کے بعد برابر اضافہ ہوتا رہا۔ رپورٹ زراعت صوبہ بہار و اڑیسہ سنہ ۱۹۳۱-۳۲ء میں درج ہے کہ صنعت سفید شکرسازی کی فلاح و بہبود عمدہ قسم کے خام پیداوار اور نیشکر کی کاشت پر منحصر ہے اور چنانچہ وہاں کا محکمہ زراعت برابر عمدہ اقسام نیشکر کی کاشت کا تجربہ کر رہا ہے۔ امپریل شوگرکس اکسپرٹس نے مختلف تجربات کے بعد ایسے نیشکر کے اقسام معلوم کئے جو صوبہ بہار کے لئے موزوں تھے گذشتہ چھ سال کے تجربہ کے بعد کوئمبٹور قسم کے نیشکر کی کاشت سب سے زیادہ موزوں ثابت ہوئی اس نیشکر کی خاص خصوصیت یہ ہوتی ہے کہ سخت ہونے کی وجہ سے مکڑیاں اس پر حملہ نہیں کرتیں اور رس بہت کافی نکلتا ہے۔ محکمہ زراعت ممالک محروسہ سرکارعالی بھی کوئمبٹور نمبر ۲۱۳ کی ترویج کر رہا ہے اور اضلاع نظام آباد، میدک، محبوب نگر، نلگنڈہ، ورنگل اور عادل آباد و بیدر میں اس کے مظاہرے کئے جاچکے ہیں۔ یہ قسم اضلاع نظام آباد اور میدک میں بہت مقبول ہوچکی ہے اور نہایت سرعت کے ساتھ پھیل رہی ہے۔ ناظم صاحب زراعت ممالک محروسہ سرکارعالی اپنی رپورٹ سنہ ۱۳۴۱ف میں لکھتے ہیں کہ:-

کوئمبٹور نمبر ۲۱۳ نیشکر عمدہ اقسام فصول میں سب سے زیادہ کامیاب رہی ہے۔ گذشتہ چند سال سے ممالک محروسہ

سرکار عالی میں بالعموم اور تلنگانہ میں بالخصوص نیشکر کا زیر کاشت رقبہ انحطاط پر تھا۔ کاشتکار جس قسم
کی نیشکر کی کاشت کر رہے تھے وہ نرم اور موٹی قسم کا تھا اور اس کی خصوصیت یہ ہوتی ہے کہ چاروں
طرف پھیلتا ہے اور مصنوعی طور پر سہارا نہ دینے کی صورت میں گر جاتا ہے۔ کاشتکار کو سہارا دینے کے
لئے کم قیمت پر لکڑیاں دستیاب نہ ہوتی تھیں اور بہت سی مشکلات پیش آتی تھیں ۱۳۳۹ف میں نیشکر
کی قسم نمبر ۲۱۳ کو جاوا کے طریقہ پر نالیوں میں کاشت کرنے کا مظاہرہ کیا گیا۔ نالیوں میں عمیق بونے سے
فصل کو استادہ رہنے میں مدد ملتی ہے"۔

۱۳۴۰ف میں تلنگانہ میں صرف ۱۵، ایکڑ پر اس قسم کی کاشت کی گئی تھی لیکن ۱۳۴۱ف میں اس کا رقبہ زیر کاشت ۶۲۵، ایکڑ
تک بڑھ گیا۔

مسٹر ایم۔ ایس لکشمن راؤ وکیل عدالت العالیہ سرکار عالی اپنے تجربات اور تحقیق کا ذکر کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ:-
ممالک محروسہ سرکار عالی کو قدرت نے بعض سہولتیں ایسی بہم پہنچائی ہیں جن سے نیشکر کی کاشت بہت
آسان ہے۔ فصول آبی و تابی کے لئے بڑے بڑے تالابوں سے بہت سا پانی فضول صرف ہو جاتا ہے
اس کو نیشکر کی کاشت کے لئے زیادہ فائدہ بخش صورت میں صرف کیا جا سکتا ہے۔ دوسری سہولت یہ
ہے کہ ملک محروسہ سرکار عالی اوکھہ کی کاشت کے لئے صرف دس ماہ کی مدت درکار ہے حالانکہ ملک میسور
میں اس کی کاشت کے لئے ۱۴ سے ۱۸ ماہ تک درکار ہوتے ہیں۔ ملک میسور میں (۴۰،۰۰۰) ایکڑ رقبہ
اراضی میں نیشکر کی کاشت ہوتی ہے اور ملک سرکار عالی میں ۳۵۳۹۳، ایکڑ رقبہ اراضی زیر کاشت
نیشکر ہے ۱۳۴۱ف (۱۳۴۲ف میں یہ رقبہ بڑھ کر ۴۰،۲۱۲، ایکڑ تک پہونچ گیا ہے) نظام ساگر و تنگ بھدرا کے
تالابوں کے بعد ممالک محروسہ سرکار عالی کی حالت کم از کم میسور کے مساوی ہو جائے گی مگر ضرورت اس امر کی
ہے کہ ہم اعلیٰ قسم کا گنا مثلاً کوئمبٹور نمبر ۲۱۳ کاشت کریں اور اس سیرابی سے فائدہ اٹھائیں۔

کوئمبٹور نمبر ۲۱۳ کے بعد ہیبل (Hebbal) نمبر ۵۴۵ ہے یہ نیشکر بھی مقامی نیشکر سے زیادہ سخت ہوتا ہے اور مرناگیوں کا
حملہ اس پر بھی کم ہوتا ہے۔

نیشکر کی کاشت کی ضلع واری تفصیل

نام ضلع	سنہ ۱۳۴۱ف رقبۂ زیر کاشت ایکڑ	سنہ ۱۳۴۱ف پیداوار بصورت گرامٹن	سنہ ۱۳۴۲ف رقبۂ زیر کاشت ایکڑ	سنہ ۱۳۴۲ف پیداوار بصورت گرامٹن
اورنگ آباد	۱۶۰۷	۲۴۲۳	۱۹۴۷	۳۱۷۸
بیڑ	۹۱۴	۱۳۷۷	۳۱۷۰	۴۷۷۶
پربھنی	۱۳۶۰	۲۰۴۹	۹۶۵	۱۴۵۴
ناندیڑ	۳۵۰	۵۷۱	۴۳۳	۷۹۱
گلبرگہ	۳۰۲	۴۲۰	۵۲۱	۵۸۹
رائچور	۲۶۶۷	۲۳۴۴	۲۶۳۵	۳۶۳۹
عثمان آباد	۵۹۸۲	۸۲۹۲	۶۶۹۸	۶۷۲۸
بیدر	۲۰۷۶۳	۴۴۶۰۸	۲۱۶۹۹	۵۰۸۵۷
اطراف بلدہ	۱۷۵	۲۳۴	۳۷۱	۴۹۷
میدک	۱۷۱	۳۴۴	۲۰۲	۳۰۴
محبوب نگر	۵۴	۵۴	۶۴	۶۴
نلگنڈہ	۰	۰	۳	۲
نظام آباد	۹۰۵	۱۸۱۸	۱۳۹۶	۲۸۰۵
ورنگل	۳	۳	۲۹	۲۹
عادل آباد	۶۴	۵۲	۷۶	۸۶
کریم نگر	۵	۵	۳	۵
کل	۳۵۳۹۳	۶۴۵۶۴	۴۰۲۱۲	۷۵۷۷۴

سنہ ۱۳۴۰ف میں کل رقبہ زیر کاشت نیشکر ۳۴۴۷۵ ایکڑ تھا اور کل پیداوار جو اس رقبہ سے حاصل ہوئی ۴۹۴۴۳ تن بصورت گڑ تھی۔

سنہ ۱۳۴۱ف میں کل رقبہ زیر کاشت نیشکر ۳۵۳۹۲ ایکڑ تھا اور کل پیداوار جو اس رقبہ سے حاصل ہوئی گڑ کی صورت میں ۶۴۵۶۴ ٹن تھی۔

سنہ ۱۳۴۲ف کل رقبہ زیر کاشت نیشکر ۴۰۲۱۲ ایکڑ تھا اور کل پیداوار گڑ کی صورت میں ۷۵۷۷۴ ٹن تھی۔ ان اعداد سے معلوم ہوتا ہے کہ ہر سال رقبہ زیر کاشت نیشکر اور پیداوار بڑھ رہے ہیں اور کاشتکاروں میں محکمۂ زراعت کی کوششوں سے کافی دلچسپی ہوگئی ہے۔

رقبۂ زیر کاشت اور پیداوار معلوم ہونیکے بعد اب ہمکو دیکھنا یہ ہے کہ اس پیداوار میں سے اندرون ملک کیا صرف ہوتا ہے اور بیرونجات کو کیا برآمد ہوتا ہے۔ ذیل کی تفصیل سے اس کا بخوبی اندازہ کیا جاسکتا ہے۔

سنہ ۱۳۴۰ف	کل پیداوار	۴۹۴۴۳ ٹن یا ۱۳۸۴۴۰۴ ٹن
	درآمد بصورت گڑ	۵۲۵۵ ٹن
	بصورت شکر	۵۲۴۴۲۵ ٹن
	بصورت راب	۶۳۷۳۲۶ ٹن
پیداوار میں سے	اندرون ملک صرف	۱۳۸۱۰۹۵ ٹن
	کل برآمد	۳۳۰۹ ٹن قیمتی ۲۱۰۳۸ روپیہ (Trade Statics)
سنہ ۱۳۴۱ف	کل پیداوار	۶۴۵۶۴ ٹن یا ۱۸۰۷۷۹۲ ٹن
	اندرون ملک صرف	۱۸۰۳۰۷۰ ٹن
	کل برآمد	۴۷۲۲ ٹن قیمتی ۳۱۶۷۰ روپیہ (Trade Statics)
	درآمد بصورت گڑ	۱۰۰۴ ٹن
	درآمد بصورت شکر	۴۷۷۹۰۳ ٹن
	درآمد بصورت راب	۶۵۲۲۰۶ ٹن

سنہ ۱۳۴۲ ف	کل پیداوار	۴۵۷۷۴ تن یا ۲۱۲۱۶۷۲ تن
	اندرون ملک صرف	لاکھ ۲۱۱۳۵۶۹ تن
	کل برآمد	۸۱۰۳ من قیمتی ۵۴۰۰۰ روپیہ (Customs-Report)
	درآمد بشکل گڑ	۶۱۸۰۵۷ من
	درآمد بشکل شکر	۴۹۴۹۲۲ من
سنہ ۱۳۴۳ ف	کل پیداوار	
	اندرون ملک صرف	
	کل برآمد	۱۱۸۷۴ من قیمتی ۸۹۰۰۰ روپیہ (Report Customs P.28)
	درآمد بشکل گڑ	۴۲۷۶۷۱ من
	بشکل شکر	۸۷۰۲۶۴ من

ان اعداد کے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ پیداوار کے مقابلہ میں برآمد بہت کم ہے اور ابھی ہمارے نیشکر نے ایک بڑے ذریعہ آمدنی کی صورت اختیار نہیں کیا ہے وجہ ظاہر ہے کہ ملک کا صرف بہت بڑھا ہوا ہے۔ اور پیداوار صرف کا ساتھ نہیں دے سکتی یہی وجہ ہے کہ ہر سال گڑ و شکر اور راب کی شکل میں بہت بڑی مقدار درآمد کرنا پڑتی ہے۔ امید کی جاسکتی ہے کہ اگر ترقی کی یہی رفتار رہی اور خود اندرون ملک شکر سازی کے کارخانے قائم ہوگئے تو آیندہ اس قدر مقدار درآمد نہ کرنا پڑیگی اس صنعت کے قیام کی سخت ضرورت ہے اور تعجب ہے کہ اب تک اندرون ملک شکر سازی کے کارخانہ جات کیوں نہیں قائم ہوئے۔

روغنی بیج Oil Seeds.

روغنی بیج بھی ہمارے ملک کی اہم پیداوار ہیں۔ ان میں تل، السی، رائی، ارنڈی، مونگ پھلی اور دوسرے متفرق تخم شامل ہیں لیکن ان سب میں تل، السی، ارنڈی، اور مونگ پھلی کو خاص اہمیت حاصل ہے۔

ہر ملک میں روغنی بیج ملک کی قیمتی پیداواروں میں شمار ہوتے ہیں۔ لیکن افسوس ہے کہ محکمۂ زراعت نے صرف ارنڈی اور مونگ پھلی تک اپنے تجربات کو محدود کردیا ہے۔ گو اس معاملہ میں اُن کے تجربات ضرور مفید ثابت ہوئے ہیں لیکن کیا اچھا ہوتا جو

وہ تل اور السی کو بھی اپنے تجربات میں شامل کر لیتے تاکہ کاشتکار جس طرح دوسری چیزوں سے فائدہ اٹھانے کے قابل ہوئے ہیں اُن سے بھی خاطرخواہ طور پر مستفید ہوتے۔ بہرحال چونکہ اسوقت تک ارنڈی اور مونگ پھلی کو ایک خاص اہمیت حاصل ہوچکی ہے اس لئے میں بھی یہاں اُنہی پر روشنی ڈالوں گا۔

سنہ ۱۳۴۰ف	میں ارنڈی کی برآمد	۲۴۱۴۶۷۳ من تھی
سنہ ۱۳۴۱ف	″ ″ ″	۱۸۹۸۶۵۲ ″
سنہ ۱۳۴۲ف	″ ″ ″	۲۲۳۰۲۵۰ ″
سنہ ۱۳۴۳ف	″ ″ ″	۱۹۴۷۶۶۶ ″

ہندوستان ہی زمانہ قدیم سے ایک ایسا ملک رہا ہے جو تخم ارنڈی اور اسکے تیل کی سربراہی میں دنیا میں سب سے بڑا حصہ لے رہا ہے۔ ہندوستان میں پندرہ لاکھ ایکڑ رقبہ زیر کاشت ارنڈی ہے اور اس کا تقریباً ۵۰ فیصد حصہ ممالک محروسہ سرکار عالی میں واقع ہے۔ ۲۱ فیصد حصہ مدراس میں اور بقیہ کل ہندوستان میں واقع ہے۔ تخم ارنڈی جو کل ہندوستان سے سالانہ دستیاب ہوتا ہے ۱۳۵۰۰۰ ٹن تخمیناً ہے جس میں سے ۳۲ فیصد ممالک محروسہ سرکار عالی سے ۲۵ فیصد مدراس سے ۱۸ فیصد بمبئی سے اور بقیہ دوسرے حصص ہند سے حاصل ہوتا ہے۔ ان اعداد کو دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ بلحاظ رقبہ اور بہ لحاظ پیداوار دونوں طرح سے ہمارا ملک ہندوستان کے دوسرے حصوں میں سب سے پیش پیش ہے۔ ممالک محروسہ سرکار عالی میں اور بالخصوص تلنگانہ کی چلکا زمینات میں جو نہایت ریتلی اور موری ہوتی ہیں اس کی کاشت کیجاتی ہے اس کاشت کی ایک سب سے بڑی وجہ یہ بھی ہے کہ ایسی زمینات رطوبت کو بہت قلیل مقدار میں جذب کرتی ہیں اور جونہی رطوبت ختم ہوجاتی ہے یہ زمین سخت ہوجاتی ہیں۔ اسلئے ان میں کسی دوسری چیز کی کاشت نہیں ہوسکتی۔ لیکن فصول دوری کے طور پر ایسی زمینوں میں اکثر اوقات سیاہ تل، گھانسی تل، کلسی اُڑد اگر زمین قدرے اچھی ہو تو باجرا، جوار، اور مونگ پھلی کی بھی کاشت ہوتی ہے۔ گو کاشتکار ارنڈی کی کاشت کرتے ہیں لیکن وہ ابھی تک اس سے لاعلم ہیں کہ کونسے پودے زیادہ پھل دیتے ہیں۔ چنانچہ محکمۂ زراعت اس خصوص میں خاطرخواہ دلچسپی لے رہا ہے اور تجربے کرکے تبلیغ بھی کررہا ہے۔ تجربوں سے ثابت ہوگیا ہے کہ جس درخت میں مادہ پھول جتنے کثیر مقدار میں ہوں گے اتنے ہی کثیر مقدار میں تخم حاصل ہونگے۔ موجودہ صورت میں فی ایکڑ ڈھائی سو پونڈ تخم کا اوسط ہے جو ظاہر ہے کہ بہت ہی کم ہے۔ امید ہے کہ جب کاشتکار محکمۂ زراعت کی ہدایتوں پر عمل کرنے لگیں گے تو کم از کم موجودہ صورت سے دوگنی پیداوار حاصل ہونے

لگے گی۔ ہندوستان کے محکمہ Imperial council of Agricaltural research نے اس فصل پر توجہ دینے کا وعدہ کرلیا ہے اور امید ہے کہ اس سے خاطرخواہ فائدہ ہوگا۔

مونگ پھلی کی بھی بہت بڑی مقدار کاشت کی جاتی ہے یہ خاص طور پر تلنگانہ میں کاشت کی جارہی ہے لیکن وہاں کے لوگ مخلوط کاشت کرتے ہیں جس سے پیداوار کم اور کم تر درجہ کی ہوتی ہے۔ ہمارا محکمۂ زراعت اسطرف بھی کافی توجہ دے رہا ہے اور مختلف تجربات کرکے دو اقسام کو علحدہ کرلیا گیا ہے۔ ایک کانکے Kanke نمبر ۱۲ جو نہایت کامیاب ثابت ہوئی ہے۔ اور اضلاع میں نہایت سرعت کے ساتھ پھیل رہی ہے دوسری قسم Spanish peanut جو نہایت امید افزا معلوم ہوتی ہے۔ مونگ پھلی ایک پھلی دار فصل ہے اور کپاس اور جوار کے درمیان اسکو کاشت کرنے سے یہ کھاد کا کام دیتی ہے کیونکہ مذکورۂ صدر دونوں فصلیں اگانے میں زمین کی طاقت بہت صرف ہوجاتی ہے اسلئے ضرورت اس امر کی ہوتی ہے کہ درمیان میں کوئی ایسی فصل بوئی جائے جس سے زمین کی زیادہ طاقت بھی نہ صرف ہو اور کھاد کا کام بھی پورا ہوجائے۔ اسکی اہمیت کا اندازہ اس سے ہوسکتا ہے۔ کہ سنہ ۱۳۴۲ف میں ۵۱۰۰۶۱۲ من اور سنہ ۱۳۴۳ف میں ۴۵۳۱۱۶ من مونگ پھلی بیرون ملک برآمد ہوئی۔

السی linseed:۔ روغنی بیجوں میں السی بھی کافی اہمیت رکھتی ہے۔ ارضیات سے تعاون شروع ہونے سے پہلے تک ہندوستان انگلستان کے لئے سب سے زیادہ السی مہیا کرتا ہے۔ (Indian Trade Journal) ریاست حیدرآباد میں السی کے زیر کاشت رقبہ کل ہندوستان کے رقبہ کا ۸ فیصد رہا ہے۔ گذشتہ ۱۳ سالوں میں کافی اتار چڑھاؤ ہوتے رہے ہیں۔ اور رقبہ 250000 ایکڑ تک پہنچ گیا تھا۔ مرہٹواڑہ اس فصل کے لئے سب سے زیادہ اہمیت رکھتا ہے اور اس کا حصہ اس کاشت میں ۸۰ سے ۹۰ فیصد تک رہا ہے۔ السی کے بازار حسب ذیل مقامات پر ہیں۔

گلبرگہ۔ تنکرپلی۔ رفتارآباد (ظہیرآباد) (بیدر) سٹیرم۔ شاہ آباد۔ چتاپور۔ یادگیر۔ تانڈور۔ آصف آباد۔ رائچور۔ نواندگی۔ جالنہ نظام آباد۔ دھرم آباد۔ سیلو۔ پورنا۔ پربھنی۔ اورنگ آباد۔ ناندیڑ۔ باسر۔ عمدہ نگر۔ پرلی اور لاسور۔

سنہ ۱۳۴۰ف میں ۵۱۰۷۶۷ من السی برآمد ہوئی

سنہ ۱۳۴۱ف میں ۹۲۱۶۲۱ " "

سنہ ۱۳۴۲ف میں ۱۵۰۵۷۲۱ " "

سنہ ۳۴ف میں ۱۲۹۷۱۴۳ من السی برآمد ہوئی

روغنی بیجوں میں جس قدر اس کا بازار وسیع ہے اور کسی کا نہیں اور ہر سال لاکھوں من السی برآمد ہوتی ہے جو ظاہر ہے کہ ایک بہت بڑا ذریعہ آمدنی کا ہے انگلستان اس کا اب بھی سب سے بڑا خریدار ہے اگر محکمۂ زراعت کچھ توجہ اس طرف بھی صرف کرے تو امید ہو سکتی ہے کہ اس کا بازار اور زیادہ وسیع ہو جائے۔ اور زیادہ پیداوار حاصل ہونے لگے۔

ریاض الحسن ہاشمی
متعلم سال چہارم

حیدرآباد سول سروس

(از لفٹننٹ کرنل سر رچرڈ شنوکس ٹرینچ سابق صدر المہام مال و پولس)

سر رچرڈ ٹرینچ کا یہ مضمون ایشیاٹک ریویو میں چھپا تھا ہم یہاں اسکا ترجمہ شائع کر رہے ہیں۔ حیدرآباد سول سروس کا قیام بھی دورِ عثمانی کا ایک زرین کارنامہ ہے۔ ہمارے یہاں کے سیولینس کی کارکردگی دیانت کردار کی خوبی اور سب سے بڑھ کر اپنے آقائے ولی نعمت سے وفاداری ہی کی وجہ ہے کہ وہ اب ریاست کے ممتاز عہدوں پر ترقی پاتے جارہے ہیں۔ سر رچرڈ ٹرینچ نے انہیں جن الفاظ میں سراہا ہے وہ ان کے لئے باعث فخر ہے۔ ادارہ

دنیا کے ہر متمدن ملک کا حکومتی نظام چاہے وہ شخصی ہو یا جمہوری تمام تر وہاں کے عہدہ داروں کی کارکردگی وفاداری اور دیانتداری پر منحصر ہے خاص طور پر وہ عہدہ دار جن کے فرائض اُن کو عوام سے قریب تر کر دیتے ہیں اور یہ سب کچھ انہیں ممالک میں زیادہ ممکن اور صحیح ہوسکتا ہے جہاں تعلیم کا عام معیار گھٹا ہوا نہیں ہے۔ سول سروس اور پولس کی ملازمت کو ہندوستان کے آئندہ قانونی دستور میں جو اہمیت دی گئی وہ اسی امر کے مدنظر ہے۔ برٹش انڈیا کی ملازمت کو تو حال ہی میں یہ اہمیت حاصل ہوئی ہے۔ لیکن انڈین سول سروس کے سخت ترین نقاد بھی ایک صدی سے یہ تسلیم کرتے آئے ہیں کہ تاریخ اس سے زیادہ بہتر طریقہ حکومت پیش نہیں کرسکتی اسی سلسلے میں یہ کوئی تعجب خیز امر نہیں کہ ہندوستان کی بعض دولت مند اور بڑی ریاستوں نے برٹش گورنمنٹ

کی مثال کو پیش نظر رکھتے ہوئے اپنے پاس بھی سول سروس کا طریقہ ایک منظم اور دستوری بنیادوں پر رائج کیا لیکن عام طور پر یہ معلوم نہیں کیا جا سکتا کہ اس بارے میں کہاں تک انکی کوشش بارآور ہوئیں یہ مضمون صرف حیدرآباد سول سروس سے متعلق ہے۔

ملازمت کا معیار، ریاست کی وسعت اور زر مالگذاری پر منحصر ہے کیونکہ بہترین کارگذار اور محنتی عہدہ داروں کو صرف دولتمند ریاست ہی بڑی تنخواہیں دیکر حاصل کر سکتی ہے جتنی بڑی ریاست ہوگی ویسے ہی ایک وسیع عملہ کی ضرورت ہوگی جس کے بغیر ریاست کی روز افزوں ترقی کی نگہداشت ناممکن ہے ان دونوں مذکورہ حالات کا خیال کرتے ہوئے حیدرآباد ایک خوش قسمت ریاست ہے۔ کیونکہ اس کی آمدنی، رقبہ اور آبادی ایک صوبہ کے برابر ہے، حیدرآباد اس پر بجا طور پر فخر کر سکتا ہے کہ وہ بہ نسبت دوسری ہندوستانی ریاستوں کے اپنے پاس ایک اعلیٰ تعلیمیافتہ طبقہ رکھتا ہے جو حکومت کرنیکی صلاحیت مغلوں سے اپنے ورثہ میں پاچکا ہے اور اس جوہر کو موجودہ روشن دماغ فرمانروا کے عہد حکومت میں حیدرآباد سول سروس کے قیام سے زیادہ روشن اور تابناک ہونے کا موقع ملا۔

یہاں یہ غیر ضروری معلوم ہوتا ہے کہ سول سروس کی گذشتہ بیس سالہ زندگی کے واقعات کو از سر نو دھرایا جائے، سفارش اور سرپرستی کا دور دورہ ایک نہ ایک دن ختم ہونے والا ہے۔ حیدرآباد سول سروس کی حد تک تو اسکا بالکل خاتمہ ہوچکا اور اسکی ابتداء اس وقت ہوئی۔ جب اعلیٰ حضرت سلطان العلوم نے یہ احکام جاری کئے کہ غیر فنی محکمہ جات کے پچاس فیصد گزیٹیڈ خالی عہدے سویلینوں سے پُر کئے جائیں۔ جس کا معیار صرف ذاتی قابلیت قرار دیا گیا! اسطرح "رشوت جنگ" اور "سفارش جنگ" جیسے خوفناک ذرائع اُن حیدرآبادی نوجوانوں کے جذبات کے مانع نہیں ہوتے جو اپنے وطن کی خدمت کرنا چاہتے ہیں اب تو یہ رجحان ہوتا جارہا ہے کہ پوری گزیٹیڈ جائدادیں صرف سویلینوں ہی کے تفویض کردی جائیں۔

سول سروس میں امیدواروں کو لینے کے لئے پہلے اُن کا انتخاب کیا جانا ضروری ہے چنانچہ ہر سال مختلف محکموں سے دریافت کیا جاتا ہے کہ کتنے سویلینوں کی ضرورت ہے، محکمہ مالگذاری میں کروڑگیری اور آبکاری کے محکمے شامل ہونے کی وجہ سے تین، عدالت کو دو اور محکمہ پولس و فینانس کو ایک ایک سویلین کی ضرورت ہوتی ہے اور ضرورتاً محکمہ بلدیہ، صنعت و حرفت تجارت اور دارالطبع بھی ایک ایک سویلین کے لئے تحریک کرسکتے ہیں۔

انتخاب کے سلسلے میں قابل امیدواروں کو ایک اعلان کے ذریعے مقررہ تاریخ پر ایک انتخابی کمیٹی کے روبرو پیش ہونے کے لئے مطلع کردیا جاتا ہے۔ کمیٹی وزیر مالیات، کونسل کے اور دو اراکین، میر مجلس عدالت العالیہ اور ناظم

تعلیمات پر مشتمل ہوتی ہے، امیدواروں کا صحت مند اور بیس و تئیس برس کی عمر کے درمیان ہونا ضروری ہے۔ لیکن یورپی ڈگری یافتہ کے لیے پچیس برس تک کی رعایت ہے، امیدواروں کا حیدرآبادی ہونا ضروری ہے اور ساتھ ہی نیک چلنی کا صداقت نامہ بھی داخل کرنا پڑتا ہے، جہاں تک تعلیمی معیار کا تعلق ہے یونیورسٹی ڈگری لازمی ہے۔ امیدوار جو مذکورہ بالا کمیٹی کے روبرو پیش ہوتے ہیں اُن میں سے اکثر ایل ایل بی ہوتے ہیں یا عثمانیہ، علیگڈھ، بمبئی، مدراس یونیورسٹیوں کے وہ طیلسانین ہوتے ہیں جو اعلیٰ نمبرات لے کر کامیابی حاصل کرتے ہیں، یہ تمام نوجوان حیدرآباد کے بہترین دل و دماغ کی نمایندگی کرتے ہیں، اُن میں سے ہر ایک کو کمیٹی کے روبرو الگ الگ پیش کیا جاتا ہے، جس قدر جائدادوں کے خالی رہنے کی توقع کی جاتی ہے اس سے پانچ گنا زیادہ امیدوار منتخب کیے جاتے ہیں لیکن ایسا کرنے سے قبل امیدواروں کی علمی لیاقت، خاندانی حالات، اور شخصی وجاہت کی اچھی طرح جانچ کر لی جاتی ہے لیکن زیادہ تر اُن کے ذاتی جوہر ہی کو دیکھا جاتا ہے، بہترین کھلاڑی یا ایسا متعلم جس نے اپنے کالج کی طرف سے فٹ بال، کرکٹ، وغیرہ میں نام پیدا کیا ہو یا وہ جو خاص طور پر اپنی جماعت کا نمایندہ یا اسکوٹ لیڈر رہ چکا ہو، ان خصوصیات کے تحت انتخاب کے وقت اُس کو اتنا ہی اچھا موقع ملتا ہے جتنا کہ ایک اعلیٰ کامیاب ہونے والے گریجویٹ کو، چاہے وہ کھلاڑی امتحان میں درجہ سوم ہی سے کیوں نہ پاس ہوا ہو، پھر منتخبہ امیدواروں کو اردو انگریزی اور حالات حاضرہ میں امتحان دینا پڑتا ہے، اُن میں زیادہ نمبرات پانے والے امیدوار کو سول سروس کے لیے منتخب کر لیتے ہیں۔

منتخب شدہ سیولین کا ایک سال تک سول سروس ہوز میں رہنا ضروری ہے جہاں وہ ایک ایسے عہدہ دار کی نگرانی میں رہتے ہیں جس میں خاص طور پر نوجوانوں کو اچھی طرح سنبھالنے کی صلاحیت ہوتی ہے۔ اس ایک سالہ قیام میں اُن کو نظم و نسق کے عام اصولوں سے واقف کرایا جاتا ہے، گھوڑے کی سواری سکھائی جاتی ہے اور اُن کی معمولی معمولی خامیوں کو دور کرنے کی سعی کی جاتی ہے، مہتمم سول سروس ہوز کو گورنمنٹ میں سیولینوں کی ترقی کی رپورٹ پیش کرنی پڑتی ہے۔ اور ختم سال پر معاشیات، اصول قانون، تعزیرات ہند، قانون شہادت، قانون معاہدہ اور تین مقامی زبانوں یعنی تلنگی، مرہٹی اور کنڑی میں سے کسی ایک زبان میں امتحان دینا ہوتا ہے، جو سیولین کامیابی کے نمبرات حاصل کرتے ہیں وہ کمیٹی کے روبرو پیش ہوتے ہیں جو اُن سے دریافت کرتی ہے کہ اُن کا رجحان کن محکمہ جات کی طرف ہے، مخلوط جائدادوں کو پُر کرنے کے لیے کمیٹی اس امر کا لحاظ رکھتی ہے کہ ایک امیدوار جو سررشتہ مال کے لیے موزوں ہو سررشتہ عدالت میں

نہ لیا جائے ان کے میلان طبع کے ساتھ ساتھ موزونیت کا بھی خیال رکھا جاتا ہے۔

جب یہ مراحل طے ہو جاتے ہیں تو امیدوار کو سول سروس ہوز چھوڑنا پڑتا ہے اور مزید ایک سال کی ٹرینگ کو لئے برطانوی ہند بھیجا جاتا ہے جہاں وہ اپنے متعلقہ محکمہ جات میں امیدواران انڈین سول سروس کے مماثل ٹرینگ حاصل کرتا ہے، یہ چیز اُن کے لئے بہت مفید اور کارآمد ثابت ہوتی ہے کیونکہ اُن کو اپنے آیندہ فرائض کے انجام دہی کے لئے بہترین طریقہ سے تیار کیا جاتا ہے، اس ٹرینگ کی اہمیت بہ نسبت دوسروں کے خود برٹش انڈیا سے واپس ہونے والے حیدرآبادی سیولینوں کی نظروں میں بہت زیادہ ہوتی ہے جو نہ صرف گزیٹڈ عہدہ داری کی ذمہ داریوں کا احساس کرنے کے قابل بنتے ہیں بلکہ اُن تخیلات کو اپنے میں جذب کر لیتے ہیں جو اُن کو ملازمت کے سلسلے میں عملی طور پر انجام دینے پڑتے ہیں، یہ تمام تجربے اُن کو زندگی بھر کام آتے ہیں اور بے حد مفید ثابت ہوتے ہیں، ٹرینگ کے ختم پر اُن کو برٹش انڈیا کا وہی محکمہ داری امتحان کامیاب کرنا ہوتا ہے جو اُن کی ہم حیثیت برطانوی سیولینوں کے لئے مقرر ہوتا ہے اور وہ اکثر اس امتحان میں اعزاز کے ساتھ کامیابی حاصل کرتے ہیں اس کے علاوہ وہ معاشرتی زندگی میں بھی بہت کامیاب ہوتے ہیں اور وہاں کی سوسائٹی پر بڑے اچھے نقوش چھوڑ آتے ہیں۔

یہ کہنا مبالغہ نہ ہوگا کہ نوجوان حیدرآبادیوں کے لئے حیدرآباد سول سروس سے زیادہ منفعت بخش ملازمت دستیاب نہیں ہو سکتی حیدرآباد میں تنخواہوں کا معیار برطانوی ہند سے کسی طرح کم نہیں ہر سیولین کو چاہئے وہ کسی محکمہ سے تعلق رکھتا ہو ابتدائی مشاہرہ تین سو روپیہ ملتا ہے جس کی ادائی حالی سکہ میں ہوتی ہے۔ جہاں تک اُن کی آئندہ ترقی کا تعلق ہے۔ انہیں وظیفہ یابی سے پہلے پندرہ سو روپیہ ماہانہ پر صوبہ دار، اور دو ہزار روپیہ مشاہرہ پر ہائی کورٹ کا جج اور معتمد وغیرہ ہونے کا بہترین موقع حاصل رہتا ہے، سروس کے سلسلے میں رخصت، وظیفہ، ترقی اور سفر خرچ وغیرہ سے جو باتیں متعلق ہیں وہ تمام حیدرآباد سول سروس ریگولیشن میں درج اور ہر طرح برطانوی ہند کے مماثل ہیں، مزید برآں ریاست میں ملازمت کے لئے ایک وسیع میدان موجود ہے، ریاست کا رقبہ اٹھائیس ہزار مربع میل، آبادی تقریباً پونے دو کروڑ اور پورا ملک چودہ اضلاع میں منقسم ہے، کاروبار کی وسعت و دلچسپیاں اتنی ہیں کہ ہر شخص اپنے اپنے حوصلے کے مطابق مطمئن ہو کر کام کر سکتا ہے۔

برطانوی ہند اور حیدرآبادی سیولین کے کام کی نوعیت میں علی حد تک بہت قریبی تعلق ہے البتہ اس وقت جبکہ سیولین کا تعلق محکمہ مالگذاری سے ہوتا ہے تو خاص طور پر زیادہ وقت مالگذاری ہی کے فرائض ادا کرنے میں صرف کرنا پڑتا ہے۔ کیونکہ یہاں

